باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ

عبقری

لاہور

163

جنوری 2020ء جمادی الاول 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

بگڑے ٹائیفائیڈ کا آزمودہ علاج

چھوٹی ذہنی کیفیت اور جھاڑ آئیٹم پیشہ افراد سے تجربے کا انوکھا آزمودہ

یادداشت تیز نہیں تیز ترین بنانے کے آزمودہ گُر

ملازمت برطرف! یہ اسم پڑھیے اور دوبارہ ملازمت کیجئے

3 خوراک کھلائیں! یقینی بیٹا پیدا ہوگا!

پیرومرشد کا عطا کردہ نسخہ

بچوں کے اعلیٰ نصیب اور اچھے مقدر کیلئے میرا آزمودہ عمل

یونیورسٹی کی فیس کا غیبی نظام!

غریب طالبعلموں کیلئے انوکھا پیکیج

کھجور، لسی، گندم اور سونف کی چائے کے کمالات

یہ تعویذ گھول کر پلائیے!

شوہر ہمیشہ شفیق اور منس مکھ رہے گا

ٹھنڈ کی بیماریاں اور لازوال ٹوٹکے

دلہن بننے والی لڑکیوں کیلئے چند مفید مشورے

خوبصورتی اور سدا بہار جوانی کی تمنا ہے تو یہ ٹوٹکے ضرور پڑھیے!



اسم اعظم کا دم اور شفائیہ دعا: 26 جنوری بروز اتوار نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک شیخ الوظائف کا درس ہوگا ... 6 بجے صبح

دن میں 15 منٹ ...

عبقری تیسری روحانی جنتری 2020ء آج ہی حاصل کیجئے!

تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 65 ملاحظہ فرمائیں

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے، روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

خاندانی حالات (میرا خاندانی پس منظر): اگر آپ شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خاندان کا شجرہ، اُن کی خدمات، مقامات، کمالات، کرامات کامل مضبوط حوالہ جات کیساتھ پڑھنا چاہتے ہیں تو اس کتاب کو پڑھنا ہرگز نہ بھولیں! (قیمت 150 علاوہ ڈاک خرچ)

تریاق

پیٹ کے کیڑوں کی کامیاب دوا

قیمت: 120 روپے

معدہ کو طاقت دیتی ہے
قبض کو دور کرتی ہے۔
موٹاپے کیلئے پیام شفاء

پیٹ کے کیڑوں کا آزمودہ شافی علاج۔ ہاضمہ درست کرتی ہے نیز دردوں میں مفید ہے معدہ تندرست کرتی اور پیٹ کے کیڑے پیشاب کے راستے نکال دیتی ہے مریض دن بدن صحت منداور چہرے پر شادابی لوٹ آتی ہے۔

عبقری عرق گلاب

چہرے کو شگفتہ، تروتازہ کرنے کیلئے روزانہ استعمال کریں

قبض کشاء ہے

مفرح اور مقوی قلب خصوصیات کا حامل ہے۔

نومولود بچوں کے پیٹ کو صاف کرنے کیلئے استعمال کروائیں۔

قیمت: صرف 70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

طب نبوی ہیئر آئل

خشکی سکری ختم اور لمبے گھنے و چمکدار بال

دوشاخہ پن سے نجات

بال ٹوٹنا بند سیاہی برقرار

Rs: 300

جڑیں کریں مضبوط

روکھے بالوں سے نجات

خالص ترین جڑی بوٹیاں مصنوعی رنگ اور خوشبو کے بغیر

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

سکھر: 28 فروری 2020 بروز جمعہ بعد نماز عشاء

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

الرجی کورس

دائمی نزلہ الرجی ناک کی ہڈی کا بڑھنا، ناک کا بند رہنا، جلدی مسائل، حتیٰ کہ الرجی کا دمہ ان تمام کیلئے انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

Rs: 600

قوّتی

اعصابی کمزوری، قوت خاص کی کمی، شوگر کی وجہ سے ہونے والی کمزوری، جوڑوں کے درد پٹھوں کی کمزوری دماغی کمزوری پسلیوں کا درد اور ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ جیسے امراض میں مبتلا مریض چاہے خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔

Rs: 500

معجون مراد

مردوں کی بے پناہ قوت خاص کیلئے اکسیر
بے اولادی کے مرض کا مکمل خاتمہ

Rs: 1100

70 شفائیں

بدہضمی، فوڈ الرجی، سر درد، نظر کی کمزوری، جوڑوں کا درد

- گلے کی خرابی، جگر کے امراض اور جوڑوں کے درد کا علاج
- دل کے والو کھولنے میں بارہا کی آزمودہ۔
- جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے انوکھا تریاق

Rs: 250

ستر سے زائد لاعلاج پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیرسرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 7 | جلد نمبر 14 | جنوری 2020 جمادی الاول 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصّبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

جنوری 2020ء

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حمید اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان
3	رشتہ داروں کی ملاقات نے ستر کروڑ کا قرض ختم کرا دیا
4	درس میں آنے سے مشکلات ٹلیں! وجہ کیا ہے؟
5	ایک جانور آیا اور سونے کی اشرفیاں دے گیا
6	ماں ہوگی منظم تو بچے ہوں گے اسمارٹ
7	چوری ڈکیتی اور جرائم پیشہ افراد سے بچنے کا انوکھا فارمولہ
8	یادداشت تیز نہیں تیز ترین بنانے کے آزمودہ گر
9	موسم سرما کی بیماریوں کو بھرپور طریقے سے شکست دیجئے!
10	جمادی الاولیٰ! آسان اعمال' بے مثال فوائد
11	خواجہ سفیان ثوریؒ کے مستند روحانی وظائف
13	جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج
14	روحانی امراض اور ان کا علاج
15	میری زندگی کیسے بدلی؟
16	ہاں میں مجرم ہوں میرا اقبال جرم پڑھ لیجئے!
17	دن میں 15 گھڑیاں ایسی جب ہر دعا قبول ہوتی ہے
18	دلہن بننے والی لڑکیوں کیلئے چند مفید مشورے
20	ملازمت سے برطرف! یہ اسم پڑھیے! دوبارہ ملازمت لیجئے
23	قہوہ پیا! ڈاکٹرز نے بائی پاس کرنے سے انکار کر دیا
24	ٹھنڈ کی بیماریاں اور لازوال ٹوٹکہ
26	یہ تعویذ گھول کر پلائیے! شوہر ہمیشہ شفیق اور نفس مکھو رہے گا
29	کوڑھ زدہ بچہ! ہر طرف سے لاعلاج! کتے پر رحم نے بچا لیا
34	**ھلدی** ! صحت مند زندگی کا آزمودہ فارمولہ
35	قارئین کی آزمودہ تحریریں
37	کھجور' لسی' گندم اور سونف کی چائے کے کمالات
38	حرم میں جان نکلی! جنازہ میں 5 لاکھ کا مجمع
39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
41	یونیورسٹی کی فیس کا غیبی نظام! غریب طالبعلموں کیلئے انوکھا پیکیج
44	کمرے کا رنگ آپ کی سوچ کے برعکس تو نہیں؟
45	قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے
49	ماہنامہ عبقری اور رسالہ آپ کے شہر میں
50	روحانی عطر لگانے سے زخم فوراً ٹھیک! ڈاکٹرز حیران
52	بچوں کے اعلیٰ نصیب اور اچھے مقدر کیلئے میرا آزمودہ عمل
53	دفن ہونے کے چند گھنٹوں بعد کیا حشر ہوتا ہے؟ پڑھیے!
54	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
55	کمر درد اور لاٹھی سے چھٹکارا! اب صحت مند ہوں!
56	ایک سال سے بستر پر پڑے سسر صحت یاب
57	عبقری قارئین کیلئے خاندانی آزمودہ نسخہ جات
58	سردیوں میں گاجر کی میٹھی اور تیکھی ڈشز کا لطف اٹھائیں
59	بقیہ جات
60	شوہر کیسے صحت یاب ہوئے؟ آپ بھی جانیے!
61	پورے سال کی مبارک گھڑیاں
62	فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ
63	ہجویری محل' گوشہ درود وسلام اور عبقری حویلی کے اعمال
64	عبقری حویلی روحانی چلہ اور دعا

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: آپ تعلیم پر پورا دھیان دیں' اپنے آپ کو عمل کیلئے تیار کریں۔ یہ آپ کا پہلا فریضہ ہے۔ آپ کی تعلیم کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ آپ دور حاضر کی سیاست کا مطالعہ کریں۔ یہ دیکھیں کہ آپ کے گرد دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ ہماری قوم کیلئے تعلیم موت اور زندگی کا مسئلہ ہے۔

یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز	نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستان وجود	ہوتی ہے بندہ مومن کی اذان سے پیدا

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

کون ہے جو ”ہجویری محل“ میں درخت لگانے کی سعادت حاصل کرے اور پھر کمال دیکھیں!

☆حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان درخت لگاتا ہے پھر اس میں سے جتنا حصہ کھالیا جائے وہ درخت لگانے والے کے لیے صدقہ ہوجاتا ہے اور جو اس میں سے چرالیا جائے وہ بھی صدقہ ہوجاتا ہے۔ یعنی اس پر بھی مالک کو صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور جتنا حصہ اس میں سے پرندے کھالیتے ہیں وہ بھی اس کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے۔ (غرض یہ کہ) جو کوئی اس درخت میں سے کچھ (بھی پھل وغیرہ) لے کر کم کردیتا ہے تو وہ اس (درخت لگانے والے) کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے۔ (مسلم)

قارئین! آپ کے علم میں ہے کہ صدقہ بلاؤں کو رد' مصائب کو دور' ناکامیاں کو ختم اور پریشانیوں کا آخری حل ہے۔ آئیے! ہم ہجویری محل میں اپنے' اپنے عزیزوں اور پیاروں کے نام کے سینکڑوں ہزاروں درخت لگائیں اور اس صدقہ جاریہ کے ذریعے اپنی اور اپنی نسلوں کو دولت' عزت' رزق' صحت' خوشیاں' خوشحالیاں' کامیابیاں اللہ کے خزانوں سے دلوائیں۔

درخت لگانے کے خواہشمند صرف اس نمبر پر میسج یا واٹس ایپ کریں: 0343-8710009

رشتہ داروں کی ملاقات نے حالِ دل
70 کروڑ کا قرض ختم کرادیا

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

ایک وقت تھا کروڑوں کا مالک اور بڑا بزنس مین تھا

آج سے کوئی ساڑھے تین سال کم و بیش ایک صاحب میرے پاس آئے پریشان حال' لباس چہرہ اجڑا' بکھرے بال اور جسم کا پل پل' جسم کا حال حال اور جسم کا تنکا تنکا بکھرا ہوا اور زبوں حالی' پریشانی' دکھ' تکلیف' مسائل' مشکلات کی انوکھی کہانی سنا رہا تھا۔ موصوف کہنے لگے: ایک وقت تھا کہ میرے پاس گاڑیاں' فیکٹریاں' آئل ملز' رقبے' زمینیں' ٹریکٹر' موٹر سائیکل' ڈیرے' حویلیاں' مال' سونا' ڈائمنڈ اور نامعلوم کیا کچھ تھا' بڑے بڑے لوگوں سے میرا تعلق تھا' میرے ایک فون پر نظام حرکت پر آجاتا تھا اور ناممکن ممکن ہوجاتا تھا' خوشیاں تھیں' خوشحالیاں تھیں' راحت' دولت' عزت' اقتدار' حکومت' کوئی تھوڑی سی بیماری ہوتی' ڈاکٹر میرے گھر چل کر آتے' اپنی مشینیں بھی ساتھ لاتے' مجھے ہر ناممکن ممکن نظر آئے' ہر ناممکن چیز دولت' تعلقات' مال اور چیزوں سے بہتر ہوتی دیکھی اور ممکن ہوتے دیکھی' حالات نے مجھے کبھی پریشان نہ کیا' کبھی کبھار اگر مشکلات' پریشانیاں' دکھ' تکالیف' مسائل اور مشکلات آ بھی جاتے تو میں فوراً اپنے یار دوستوں کو آواز دیتا' چھاؤں ہوجاتی' میرے ہر محکمے میں تعلقات تھے' بڑے سے بڑا افسر میرا دوست تھا کیونکہ دعوتیں' کھانے' گفٹ اور مال اکثر ان کو ملتے رہتے تھے۔

میری زندگی کا سب سے خطرناک فیصلہ

دوسرے لفظوں میں ”منہ کھائے آنکھ شرمائے“ بس یہی حال تھا۔ مجھے قریبی دوست نے مشورہ دیا کہ فلاں ایک بہت بڑی مل فروخت ہورہی' تم لے لو' ایک کراچی کا میمن اپنا سرمایہ بیرون ملک منتقل کررہا تھا' وہ مل بیچنا چاہ رہا تھا' میرے پاس اتنا سرمایہ نہیں تھا۔ کہنے لگا: میں بینک کا بہت بڑا قرض آپ کو دلوا دیتا ہوں آپ کا سرکل ہے آپ اتار لیں گے' پہلے میں نے پس و پیش کیا لیکن اس کے کہنے پر لے لیا۔ بس وہی میری زندگی کا سب سے خطرناک دن اور خطرناک فیصلہ تھا اور میں نے وہ فیصلہ کیسے کیا؟ اور کس طرح ہوا؟ بس زوال شروع ہوا اور چیز ہٹتی چلی گئی' چیزیں بکتی چلی گئیں' جیسے کوئی چیز آرہی تھی پتہ نہیں چل رہا تھا' ایسے چیزیں جارہی تھیں پتہ نہیں چل رہی تھا' چیزیں آئیں کیسے پتہ نہ چلا' چیزیں گئیں کیسے مجھے پتہ نہ چلا۔ دوستیاں' تعلقات' محبت سب چھوڑ گئے۔ بعض نے میرا نمبر بلاک کردیا۔ حالات نے مجھے خودکشی پر سوچنے پر مجبور کردیا اور میں تنگدستیوں میں گھرتا چلا گیا' میرے اوپر مصائب کے پہاڑ ٹوٹ گئے' مجھے اچانک شوگر ہوگئی اور بلڈ پریشر بڑھنا شروع ہوگیا۔ میری راتوں کی نیند ختم' دن کا سکون ختم' راحت اور چین ختم ہوگیا اور میری زندگی میں بے برکتی' پریشانی' دکھ اور تکالیف نے ڈیرے ڈال لیے۔ کسی نے جادو بتایا' کسی نے جنات بتائے' اس کا بھی حل کرکے دیکھا لیکن اصل جو بھی تھا' میرے گناہوں اور سود کی نحوست تھی' مال ذولت نے مجھے اللہ اور رسول ﷺ سے دور کردیا' میں نے مال و دولت' دنیا' چیزیں اور اقتدار کو سب کچھ سمجھا تھا اور اسی چیز میں کھوگیا تھا۔ بس یہ میری سب سے بڑی غلطی اور یہ میرا سب سے بڑا گھاٹا تھا' اس غلطی اور گھاٹے نے مجھے کہیں اور کسی کا نہ چھوڑا حتیٰ کہ میں غرباء کے محلے میں ایک گھر کے چوبارے پر کمرہ کرائے پر لے کر وہاں منتقل ہوگیا۔ وہاں گمنامی کی زندگی گزار رہا تھا' چھپتا پھر رہا تھا' لینے والے میرے پیچھے تھے' کچھ چیزیں میری بک نہیں رہی تھیں اور کچھ چیزوں پر لوگوں نے قبضہ کرلیا تھا۔

تیری میری ملاقات اکیس سال کے بعد ہورہی ہے

میں نے بہت جتن کوشش کی لیکن میرے حالات بہتر نہ ہوئے۔ ایک مرتبہ اچانک میرا ایک قریبی دوست جس کو میں سالہا سال سے جان بوجھ کر چھوڑ چکا تھا کیونکہ وہ میرا ابتدائی کلاس فیلو تھا' وہ درمیانے درجے کا تھا' میں مال دار ہوچکا تھا' میری مال داری کی وجہ سے اس کا میرا معاملہ برابر نہیں ہورہا تھا کیونکہ میں بہت اونچا اور آگے نکل گیا تھا' وہ میرا قریبی دوست میرے پاس آیا' کچھ تحائف' ہدیے لایا' میں شرمندہ بھی ہوا لیکن مجھے اس نے شرمندہ نہ ہونے دیا پھر اس نے اپنا واقعہ سنایا۔ کہنے لگا: تیری میری ملاقات اکیس سال کے بعد ہورہی ہے تم نے مجھ سے پوچھا نہیں میرے اوپر کیا حال گزرا' جو تیرا حال ہے وہی میرا' شاید اس سے بڑھ کر میرا حال تھا' میں نے بھی کوشش کی لیکن کچھ نہ بنا' ایک درویش نے ایک ٹوٹکہ بتایا کہ اپنے غریب رشتہ داروں سے میل ملاپ' آنا جانا شروع کردیں' ضروری نہیں کہ بہت زیادہ مال سرمایہ خرچ کریں اگر جیب اجازت دے تو کوئی چھوٹا سا ہدیہ لے جائیں' نہ اجازت دے تو میٹھے بول ہی لے جائیں آپ جا نہیں سکتے فون پر حال احوال لے لیں اور ان کی خیر خیریت پوچھنا شروع کردیں' پھر میرے اس دوست نے مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا اور کہا تم نے اللہ کے نبی ﷺ کی وہ حدیث سنی ہے کہ جس میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ صلہ رحمی سے عمر بڑھتی ہے' مال میں اضافہ ہوتا ہے اور انسان بُری موت سے بچتا ہے' قرض بیماریاں' لین دین کا وبال اس سے بری موت کیا ہوگی کہ اگر انسان انہی مسائل میں الجھتا الجھتا مرجائے اس سے بُری موت اور کیا ہوسکتی ہے؟ بس میں نے اس حدیث پر عمل کرنا شروع کیا وہ رشتہ دار جن کو آج تک میں نے پوچھا نہیں تھا ان کی خیر خیریت پوچھنا شروع کردی۔ پہلے انہوں نے سمجھا کہ مال چندہ یا ضرورت چاہتا ہے کیونکہ آج تک اس نے ہمیں پوچھا نہیں' (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت: -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس میں آنے سے مشکلات ٹلیں! وجہ کیا ہے؟

رزق کی مشکل یا کوئی پریشانی یہ عمل کیجئے!

میرے حضرت سید خواجہ عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ایک عمل دیا تھا کہ یہ کپڑے کی پیسے رکھنے والی تھیلی پر پڑھ کے تو کسی کو دے دیا کر' میرے پاس جو احباب آتے ہیں، جن کو رزق کی مشکل ہے، کوئی پریشانی ہے تو ان سے کہا جائے کہ یہ تھیلی لے لو اور پیسے اس میں ڈالا کرو اور تھیلی سنت سمجھ کے لو۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک تھیلی تھی اس میں گٹھلیاں رکھتے تھے اور تسبیح بھی تھی اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں میں یہ بات ملتی ہے کہ ان کے پاس ایسی تھیلی ہوتی تھی اور اس میں درہم اور دینار رکھتے تھے، رقم رکھتے تھے۔ آپ بھی ایسی تھیلی سلوا لیں اس میں اپنے پیسے رکھیں اور زیادہ تاثیر چاہیے تو صبح و شام ورنہ دن میں ایک دفعہ اس میں 129 مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ لیا کریں۔

دل و دماغ میں اللہ کو بسائیں

آج کے بعد خود سے یہ وعدہ کرلیں کہ دل اور دماغ میں اللہ کریم کو بسانا ہے۔ اندر سے اٹھنے والے جذبات، اندر سے اٹھنے والی سوچیں، اندر سے اٹھنے والی چاہتیں اور اندر سے اٹھنے والی خواہشات، اللہ تعالیٰ کے تابع کردیں تو سمجھ لیں کہ یہ ''دو برتن'' اللہ کو دے دیئے اگر اللہ اور اس کے حبیب سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع کردیں تو یہ ''دو برتن'' پھر اُسی کے ہیں اور اگر تابع نہیں کیے تو کچھ کمی ہے۔ سچی بات ہے تو پھر اگر وہ کہہ دیتے ہیں جیسے میں نے پہلے واقعہ سنایا کہ ایک صاحب ان پڑھ تھے۔ وہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آتے تھے، باباجی کو شیخ غصے میں خنزیر کہہ دیتے تھے۔ وہ باباجی مجھ سے فرمانے لگے کہ پہلے پہل تو سمجھ نہیں آیا کہ خنزیر کیوں کہتے ہیں، پھر سمجھ آیا کہ سچ کہتے تھے، کسی کو اندھا کہا تو سچ کہتے تھے۔ کسی کو پاگل کہا تو سچ کہتے تھے، جو اللہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہ مانے وہ پاگل ہی ہے۔ اصل میں کوئی اپنے جسم کو بیمار سمجھے اور اس کو اس کا مرض بتادیں تو خوش ہوتا ہے کہ آسانی سے تشخیص ہوگئی لیکن روحانی مرض کا خود کو شکار ہی نہ سمجھا' کسی نے یا شیخ نے مرض بتلایا تو ناراض ہو گئے، نہیں نہیں! اگر کوئی روحانی بیماری کی نشاندہی کردے تو پھر غصہ میں نہیں آنا چاہیے بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ اوہو! اگر یہ بیماری میری قبر میں میرے ساتھ گئی تو کیا بنے گا! یہ وہ سوچے گا، جس کے اندر موت کا یقین ہوگا، اللہ کا دھیان ہوگا اور اللہ کی ذات عالی سے جڑنے کا تعلق اور تعارف ہوگا۔

دل کو اللہ کی محبت کا عادی بنائیں

اللہ کے نام کی برکت حاصل کریں اللہ کے نام کے اندر اپنے آپ کو ڈوبنا سکھائیں، اپنے دل کو اللہ کی محبت کا عادی بنائیں۔ اپنی سوچوں کو اللہ کے تعارف اور تعلق کا عادی بنائیں' جب بنائیں گے پھر اپنی اولاد پہ بھی نظر جم جائے گی تو ترس آئے گا' پھر آخرت پہ بھی نظر جائے گی تو ترس آئے گا۔ آج نہ کافر پر ترس ہے نہ اولاد پر ترس ہے، اولاد کی روٹی کا ترس ہے، اس کے فاقوں کا ترس ہے، قیامت کے دن کی جہنم کی پکار جہاں پر 70 ہزار سال جہنمی پکارتا رہے گا خود فرشتوں کو ترس نہیں آئے گا۔ جہنم کے فرشتے اللہ کریم بہرے بنادے گا، ان کو آواز ہی نہیں آئے گی۔ بعض کتابوں میں آتا ہے: اللہ تعالیٰ جہنم کے فرشتوں کو بہرہ بنادے گا ان کو آواز ہی نہیں آئے گی اور انہیں بے ترس بنادے گا ان کو ترس ہی نہیں آئے گا۔ اگر اولاد کے لیے غم ہمارے دل میں آجائے اور پورے عالم کا غم ہمارے دل میں آجائے تو پھر ہمارے دل کی دنیا سمجھ لو کچھ بدلی ہے' اس کے دل کے اندر کوئی غم آیا ہے کوئی فکر آئی ہے اگر یہ نہیں آیا تو اس کا دل نہیں بدلا ہے۔

زمین بدلی، زماں بدلے، مکیں بدلا، مکاں بدلے
نہ تو بدلا، نہ میں بدلا، تو پھر بدلا تو کیا بدلا؟

تو اعمال کا نفع، اللہ کی ذات عالی کا تعارف، دل کو سنائیں، دل کو سمجھائیں۔ ہماری باتوں کا یہی نچوڑ ہے۔ ہم اللہ سے دعا کریں کہ اللہ یہ جو اعمال کا نفع ہے اور دل کا تعلق ہے، دل کا تعارف ہے تیری ذات تک پہنچنے کیلئے کونسا راستہ اختیار کروں؟ اللہ کریم سے یہ دعا کریں، آپ حضرات میں سے بے شمار لوگ کہتے ہیں کہ ہم جمعرات کے درس میں آتے ہیں اور دعا میں شامل ہوتے ہیں۔ درس میں آنے سے ہماری مشکلات ٹل جاتی ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ اللہ جل شانہ کا لیا جانے والا نام ہے۔ اس کی وجہ اللہ پاک کی ذات عالی کا تعارف ہے۔ جو ابھی زبانوں پر آیا ہے، غور سے سمجھیں اللہ کا ذکر صرف ہماری زبانوں پر آیا ہے؟ اور زبانوں کے بول ہی ہمیشہ دل میں اترا کرتے ہیں۔ کوئی شخص اگر کسی اخبار یا میڈیا کی خبر کو سچا نہ سمجھے تو ہم اسے کہتے ہیں کہ یہ بی بی سی لندن کی خبر ہے۔ لفظ بی بی سی سن کر ہی وہ مان لیتے ہیں حالانکہ ہم نے بی بی سی دیکھا ہی نہیں لیکن بولتے بولتے سنتے سنتے ہمارے من کے اندر یہ یقین آگیا ہے کہ یہ خبر اگر بی بی سی لندن نے نشر کی ہے تو سچی ہوگی۔ ہمیں یقین سننے سے آیا ہے ناں؟ ہم نے کبھی دیکھا ہی نہیں ان کا دفتر کہاں ہے۔ ان کا سارا نظام کیا ہے، ہم نے کچھ نہیں دیکھا۔ تو اس لیے یہ بولنے، دیکھنے، سننے کی جو مجالس اللہ پاک نے ہمیں دی ہیں ان سے محروم نہ رہا کریں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

625 مرتبہ بسم اللہ لکھی اور مالک مکان بن گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ تین سال پڑھ رہی ہوں' درس ہر جمعرات سنتی ہوں' دو سال پہلے میں کرائے کے مکان میں رہتی تھی' ہر چھ ماہ بعد گھر بدلنے کا درد کیا ہوتا ہے اور ٹوٹتا سامان دیکھ کر دل کیسے ٹوٹتا ہے' میرا درد کوئی کرائے دار ہی سمجھ سکتا ہے۔ تسبیح خانہ میں جمادی الاول کی تیسری جمعرات 625 مرتبہ بسم اللہ کا تعویذ لکھنے کا اعلان ہوا' میں اور میرے شوہر نے اپنے گھر کی نیت کر کے تعویذ گھر میں ہی لکھا' اس کو خوشبو لگائی اور درس میں شامل ہوگئی' درس کے بعد شیخ الوظائف نے اسم اعظم کے ذکر کے بعد دعا کروائی تو اس تعویذ کو ہاتھ میں رکھ کر رو رو کر اللہ سے مانگا اور اس تعویذ کو اپنے پرس میں رکھ لیا' روزانہ نکالتی چومتی رب سے ہر نماز کے بعد دعا مانگتی تو اس تعویذ کو ہاتھ میں رکھتی' الحمدللہ صرف 18 ماہ کی مشقت کے بعد ہمیں اپنا گھر نصیب ہوگیا' رب نے ایسے غیبی اسباب پیدا فرمائے کہ سوچ کر آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شیخ الوظائف کو جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتے ہیں۔ (اہلیہ شہزاد' لاہور)

625 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک صفحے پر کالے پین سے لکھیں' 16 جنوری 2019ء بروز جمعرات تسبیح خانہ لاہور خاص عمل ہوگا۔ تعویذ گھر سے لکھ کر بھی لاسکتے ہیں۔

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
''شفائے حیرت'' چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ایک جانور آیا اور سونے کی اشرفیاں دے گیا

انتخاب: ابولبیب شاذلی

گوشت میں برکت ہونا

مسعود بن خالدؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے ایک بکری بھیجی پھر میں اپنی حاجت کے بارے میں حضور ﷺ کے پاس گیا تو آپ ﷺ نے اس بکری کا کچھ گوشت واپس کیا اس کے بعد میں اپنی بیوی ام خناسؓ کے پاس آیا اس کے پاس گوشت تھا میں نے پوچھا اے ام خناسؓ! یہ کیا گوشت ہے؟ کہا ہماری طرف تمہارے دوست ﷺ نے اس بکری میں سے جو تم نے حضور ﷺ کے لیے بھیجی تھی واپس کیا ہے۔ حضرت مسعودؓ نے کہا تجھے کیا ہوا تو اسے اپنے بال بچوں کو کیوں نہیں کھلاتی؟ ام خناسؓ نے کہا یہ ان سے بچ رہا ہے اور سب کھا چکے ہیں (راوی کہتے ہیں) یہ گھر والے دو یا تین بکری ذبح کرتے تھے اور ان کے لیے یہ ناکافی ہوتی تھی۔ خالد بن عبدالعزیٰؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بکری ذبح کی۔ حضور ﷺ نے اور آپ ﷺ کے بعض اصحابؓ نے اسے کھایا اور جو کچھ بچ رہا تھا خالدؓ کے بال بچے بہت تھے ان کو دیا ان کے سب گھر والوں نے اسے کھایا اور بچ بھی رہا۔ (بحوالہ: کتاب: حیاۃ الصحابہؓ، حصہ دہم، صفحہ ۲۴۷)

بے موسم کا پھل آسمان سے اتر آیا

ماویہ بنت حجیر بن ابی اہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور یہ اسلام لا چکی تھیں، بیان کرتی ہیں کہ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ میرے گھر میں قید کیے گئے، میں نے ان کی طرف دروازہ کی درز سے جھانکا اور ان کے ہاتھ میں انگور کا اتنا بڑا خوشہ تھا جتنا بڑا آدمی کا سر ہوتا ہے۔ یہ اس سے کھا رہے تھے اور یہ وہ موسم تھا کہ جہاں تک مجھے علم ہے اس موسم میں کبھی انگور نہیں ہوتا تھا۔

مال کا بے گمان جگہ سے آنا

ضباء بنت زبیر رضی اللہ عنہ، جو حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کی بیوی ہیں، انہوں نے بیان کیا ہے کہ لوگ اپنی قضائے حاجت کیلئے دو یا تین دن کے بعد جایا کرتے تھے اور اونٹ کی مینگنی کی طرح سے پاخانہ کیا کرتے تھے ایک دن کی بات ہے کہ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ اپنی حاجت کے لیے نکلے یہاں تک کہ جحبہ میں پہنچ گئے اور یہ بقیع غرقد میں ہے ایک ویران جگہ میں رفع حاجت کے لیے داخل ہوئے اچانک اس درمیان میں کہ وہ بیٹھے ہوئے تھے ایک بڑے چوہے نے اپنے منہ سے اشرفی نکالی اور وہ اسی طرح برابر ایک ایک اشرفی کر کے نکالتا رہا یہاں تک کہ سترہ اشرفیاں نکالیں۔ یہ انہیں لیکر حضور ﷺ کی خدمت میں آئے اور آپ ﷺ سے اس چوہے کی خبر بیان کی آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کیا تو نے سوراخ میں ہاتھ داخل کیا تھا؟ عرض کیا نہیں قسم اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے اس مال میں کچھ صدقہ کرنا نہیں ہے اللہ تجھے اس میں برکت دے۔ ضباء رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں ان میں آخری دینار بھی ختم نہیں ہوا تھا کہ میں نے چاندی کے ڈھیر حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کے گھر میں دیکھ لئے۔ (حیاۃ الصحابہ صفحہ 733)

معجزات نبوی ﷺ اور صحابہ کرامؓ کا یقین

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ مکہ معظمہ سے نکلا ہم قبائل عرب میں سے ایک قبیلہ میں پہنچے حضور ﷺ نے ایک گھر علیحدہ دیکھا آپ ﷺ نے اسی گھر کا ارادہ فرمایا تو جب ہم وہاں اترے، تو وہاں صرف ایک عورت تھی اس نے کہا اے اللہ کے بندے! میں عورت ہوں اور میرے ساتھ کوئی نہیں ہے تمہیں چاہیے کہ قبیلہ کے بڑے آدمی کے پاس چلے جاؤ، اگر تمہارا ارادہ ضیافت کا ہو، آپ ﷺ نے اس عورت کو کوئی جواب نہ دیا اور یہ شام کے وقت کا واقعہ ہے اتنے میں اس عورت کا لڑکا اپنی بکریاں ہنکاتا ہوا لایا تو اس نے اپنے بیٹے سے کہا! اے میرے بیٹے! ایک بکری اور چھری کو ان دو آدمیوں کی طرف لے جا اور ان دونوں سے کہہ کہ میری ماں تم سے کہتی ہے کہ اسے ذبح کرو اور کھاؤ اور ہمیں کھلاؤ جب وہ لڑکا آیا تو اس سے حضور ﷺ نے فرمایا چھری لے جا اور میرے پاس بڑا برتن لے آ، لڑکے نے کہا یہ دودھ سے سوکھ گئی ہے اور اس میں دودھ نہیں ہے، آپ ﷺ نے فرمایا جا، وہ لڑکا گیا اور بڑا برتن لے آیا۔ حضور ﷺ نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا پھر دوہا، یہاں تک کہ وہ برتن دودھ سے بھر گیا اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے اپنی ماں کے پاس لے جا۔ چنانچہ اس کی ماں نے پیا یہاں تک کہ وہ سیراب ہوگئی پھر اس برتن کو آپ ﷺ کے پاس لایا۔

آپ ﷺ نے فرمایا اس بکری کو لے جا اور دوسری لے آ۔ آپ ﷺ نے دوسری بکری کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ کو پلایا پھر ایک اور بکری طلب کی اور اس کے ساتھ ایسا ہی کیا۔ پھر آپ ﷺ نے پیا، اس کے بعد ہم نے وہ رات گزاری پھر ہم چلے، اور اس عورت نے آپ ﷺ کا نام 'مبارک' رکھ دیا اور اس عورت کی بکریاں بہت ہوگئیں یہاں تک کہ اسکا ریوڑ ایک دفعہ مدینہ لایا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کا ادھر سے گزر ہوا ان کو اس عورت کے بیٹے نے دیکھا اور پہچان لیا اور کہا اے میری ماں! یہ وہی شخص ہے جو مبارک (حضور نبی کریم ﷺ) کے ساتھ تھا تو وہ عورت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے کھڑی ہوئی اور اس نے کہا اے اللہ کے بندے! وہ آدمی جو تمہارے ساتھ تھے کہاں ہیں؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کیا تو جانتی ہے وہ کون ہیں؟ اس نے کہا: نہیں، فرمایا: وہ نبی اکرم ﷺ ہیں۔ اس عورت نے کہا تو مجھے ان کے پاس لے چلو، حضرت ابوبکرؓ اس عورت کو آپ ﷺ کے پاس لائے آپ ﷺ نے اسے کھانا کھلایا، اسے لباس دیا اور عطیہ دیا اور وہ مسلمان ہوگئی۔ اس نے بھی آپ ﷺ کو ہدیہ میں کچھ پنیر اور دیہاتیوں کے سامان دیئے۔ (بحوالہ: کتاب: حیاۃ الصحابہؓ، حصہ دہم، صفحہ ۲۷۹)

احتلام کیلئے کامیاب ترین نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے کہ رب کریم آپ کو سرسبز و شاداب رکھے اور ہر آفت و مصیبت سے اپنی پناہ میں رکھے۔ احتلام کیلئے کامیاب نسخہ: ھوالشافی: تخم بھنگ 50 گرام، تخم جوز ماثل، تخم کونار اور پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک 50،50 گرام، تمام اشیاء کو باریک پیس کر 2 رتی دن میں 3 بار کھانے کے بعد کسی مغلظ یا سفوف مفرح میں ملا کر کھائیں اگر مریض کا بلڈ پریشر کم ہوتا ہو یا مریض کمزور ہو تو نمکین پانی کے ساتھ یہ دوا کھلائیں جو احتلام کسی بھی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو اس سے شرطیہ ٹھیک ہو جاتا ہے، اس سے زیادہ مقدار نہ دیں۔ (شاہد علی، منچن آباد)

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟ مشکلات جتنی بھی ہوں، الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں، فری بالکل فری، بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے، حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے، کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ماں ہو گی منظم تو بچے ہوں گے اسمارٹ

درخشاں فاروقی، لاہور

یوں تو مشرقی خواتین نظم وضبط کی قائل ہوتی ہیں اور ان میں سے اکثریت وقت کی مناسب حد تک تقسیم کرنا جانتی ہیں اس کے باوجود کچھ کو رہنمائی درکار ہو سکتی ہے لہٰذا درج ذیل سطور پڑھیے اور خود کو منظم کر لیجئے تا کہ پوری فیملی کی صبح کام کے دنوں میں بھی اتنی ہی خوشگوار ہو جائے جتنی چھٹی کے دن ہوا کرتی ہے۔

سستی بھگایئے اور اگلے دن کا کھانا تیار کیجئے

آج کے دور میں فریج، فریزر ہر گھر میں موجود ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی دو چار روز کا کچھ نہ کچھ کھانا فریج یا فریزر میں اسٹور کرنا ہی پڑتا ہے۔ آپ چار روز کا نہ سہی اگلے ایک روز کا سالن قبل از وقت تیار کر کے رکھ سکتی ہیں تا کہ سکول سے واپسی پر بچوں اور آپ کو کھانے کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ اگر وقت کم ہو تو کم از کم گوشت گلا کر رکھا جا سکتا ہے۔ بعد ازاں اسے بھوننے اور سبزی ڈالنے کا مرحلہ باقی رہ جاتا ہے۔ اگر گھر پر کوئی بزرگ ہستی مثلاً ساس، سسر یا کوئی نند موجود ہو تو رات کا سالن یا چاول اور روٹی کا مسئلہ اتنا گھمبیر نہیں ہوتا۔ آپ نے ہنڈیا تیار رکھی ہو تو چاول ابالنے میں زیادہ محنت صرف نہیں ہوتی اور اگر چاول بھی فریج میں موجود ہوں تو پھر صرف گرم کرنا باقی رہ جاتا ہے مگر ظاہر ہے کہ پرائمری درجے کے بچے بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔ ان بچوں کی مائیں ملازمت نہ ہی کریں تو بہتر ہے اگر انتہائی مجبوری ہے تو پھر وہ لنچ بریک میں گھر آ کر بچوں کو کھانا کھلائیں خود بھی کھائیں اور پھر واپس دفتر روانہ ہوں' اگر ایسا ممکن نہیں تو بہتر ہے کہ آپ جز وقتی ملازمت کر لیں یا آمدنی کے ذرائع میں اضافے کے لیے کوئی اور تدبیر سوچیں۔ اس وقت آپ کے بچوں کو آپ کے شخصی تعاون، جذباتی تربیت اور توجہ کی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔

رات ہی کو یونیفارم، بیگ، جوتے تیار رکھئے

کچھ گھروں میں بچوں کے پاس دو سے تین جوڑے یونیفارم کے ہوتے ہیں ان ماؤں کے لیے اس قدر دردسری نہیں ہوتی وہ میلا یونیفارم ایک روز بعد بھی دھو کر رکھ سکتی ہیں مگر جن گھروں میں ایک ہی جوڑا ہفتے بھر پہنا جا رہا ہو وہاں سکول سے لوٹتے ہی کپڑوں کی دھلائی ہو جانی چاہیے۔ یہ کپڑے شام تک خشک ہوں گے اور پھر رات کے کھانے کے بعد انہیں استری کر کے ہینگرز میں لگا کر رکھ لینا چاہئے۔ جوتے بھی رات ہی کو پالش ہو جائیں تو اچھا ہے۔ یہ کام بچوں اور ان کے والد صاحب کے اشتراک سے مکمل کروایئے۔ ہمیشہ عادت بنا لیجئے کہ بچے اپنا کوئی نہ کوئی کام خود ضرور کر لیں۔ بڑے بچے اپنے کپڑے پریس کر سکتے ہیں انہیں استری کا استعمال آ جائے تب تو بہت اچھی بات ہے۔ کام تقسیم ہو جائیں گے۔

ہوم ورک پر ضرور توجہ دیں

یوں تو سہ پہر سے شام تک بچوں کا ہوم ورک اور نیند پوری ہو جانی چاہیے۔ چھوٹے بچے قاعدہ اور قرآن شریف بھی پڑھتے ہیں انہیں مولوی صاحب پڑھانے آئیں تو تھوڑی دیر بریک دیں تا کہ وہ سپارہ پڑھ سکیں۔ شام کی چائے پر غذائیت بھرے پکوان ضرور تیار کریں۔ ٹیوشن پڑھنے والے بچے بھی اپنی سرگرمی جاری رکھ سکیں گے۔ مائیں اس دوران رات یا اگلے روز کا کھانا تیار کر سکتی ہیں۔ صفائی ستھرائی، جھاڑ پونچھ، سلائی یا گھر سمیٹنے جیسے اہم کام مکمل کر سکتی ہیں۔

بچوں کے قریب آئیں دوست بنیں اور پریشانیاں ختم

وقت ملے تو گھومنے پھرنے جائیں

اگر آپ ذاتی سواری اور اتنے وسائل رکھتی ہیں تو بچوں کو ہفتہ وار تعطیل کے علاوہ بھی کہیں سیر کرنے باہر لے جائیں۔ اکثر گھر سودا سلف، لانڈری شاپ، ناشتے کا سامان لینے یا اسٹیشنری کی ضرورت آن پڑے تو گھر سے باہر جانا ہی پڑتا ہے۔ بہتر ہے کہ ہوم ورک مکمل کر لینے والے بچوں کو اپنے ہمراہ لے جایا جائے۔ بچے اس طرح سوشل ہوتے ہیں۔ کچھ بڑے بچے گھر کے قریبی پارک میں کھیلنے جاتے ہیں ان پر پابندی نہ لگائیں مگر وقت کی پابندی ضرور ملحوظ خاطر رہے۔ رات ہی کو بچوں سے ناشتے کا مینیو طے کر لینا اچھا ہے تا کہ آپ اپنی تیاری مکمل کر سکیں۔ پراٹھا کھانا ہو تو رات ہی کو آٹا گوندھ کے رکھا جائے۔ ابلے ہوئے انڈے کھانے ہوں تو رات ہی کو انہیں ابال کر رکھ لیا جائے۔ آملیٹ کے اجزاء کی تیاری بھی رات ہی کو کی جا سکتی ہے۔ (اگر علی الصبح آنکھ نہ کھلے یا طبیعت کی خرابی کے باعث جسم نڈھال ہو)۔

لنچ باکسز، پانی کی بوتل اور پنسل باکس پر نام لکھا جائے

جب ہوم ورک مکمل ہو جائے تو بچے کو سکول بیگ کی صفائی کا ٹاسک دے دیں۔ قطار سے کتابیں اور کاپیاں رکھی جائیں۔ اس طرح گم ہو جانے والی یا سکول میں رہ جانے والی کاپی کا پتا چلے گا۔ پھر اگلے روز کے ٹائم ٹیبل کے مطابق بیگ سیٹ کر لیا جائے۔ پنسل باکس کی صفائی کر کے پنسل Sharp کر کے رکھی جائے۔ پین زیر استعمال ہوں تو ان میں سیاہی بھر کے رکھی جائے، بچوں کی ہر چیز پر لیبل چسپاں کر دیا جائے جس میں نام اور کلاس کا سیکشن لکھا ہو۔ لنچ باکس روزانہ دھلتے ہیں۔ اگر بازار کی کوئی چیز سکول لے جانے کے لیے دی جا رہی ہو تو اس کی تازگی اور غذائیت بھی نظر میں رکھئے۔ عموماً بچے پیسٹریز پسند کرتے ہیں جس پر رنگین جیلی یا چاکلیٹ لگی ہوتی ہے۔ لنچ باکس بچوں کی غذائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا جائے۔ اکثر بچے سہ پہر تک نہا لیتے ہیں۔ کچھ گھرانوں میں رات کو سونے سے قبل نہانے کا تصور موجود ہے۔ وقت کوئی بھی ہو مگر کھانا کھانے سے قبل نہا لینا درست عمل ہے یا پھر کھانے کے دو اڑھائی گھنٹے بعد نہانا چاہیے۔ اسی طرح سکول جانے والے بچے جوؤں سے بچ نہیں پاتے۔ آپ اپنی بچیوں کے بال لمبے رکھنے کے شوق کو ضرور پورا کریں مگر سر اور بالوں کی دیکھ بھال بھی ضرور کریں۔ کنگھی بار بار کریں۔ چیک کریں کہ کتنی جوئیں نکلیں؟ یا سر میں لیکھیں بن رہی ہوں تو ان کی صفائی کریں۔

بچوں کے قریب آئیں، دوست بنیں اور پریشانیاں ختم

بچے اور بڑے دونوں ہی اسٹریس میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ دونوں ہی پر سماجی، تعلیمی یا معاشی دباؤ ہو سکتا ہے چنانچہ بہتر یہی ہے کہ بچے کا دوست بنا جائے وہ کسی قسم کے دباؤ کا شکار ہے؟ اسے کون ڈرا دھمکا کر اپنے کام کرواتا ہے یا کون ہے جو ان کی رہنمائی نہیں کر رہا؟ بچے دوست بنیں گے تو ضرور سب کچھ بتا دیں گے۔ ان مسائل کا حل یقیناً والدین ہی کے پاس ہوتا ہے۔ بچوں کے بیگ میں اضافی موزے، انڈر گارمنٹس اور ہینڈ سینی ٹائزر بھی رکھ دیں۔ ممکن ہے کہ انتہائی ذاتی مسائل کے سبب آپ کا بچہ شدید دباؤ کا شکار ہو جائے۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

چوری ڈکیتی اور جرائم پیشہ افراد سے بچنے کا انوکھا فارمولہ

فرح عبید، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سورۂ نمل آیت نمبر 62 ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھیں اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ يَكْشِفُ السُّوْٓءَ پھر اس کے فائدے دیکھیں۔(۱)اس کے پڑھنے والے کی ہر دعا قبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ اس کی دعا کی قبولیت کا وقت آیا ہے کہ نہیں۔ یعنی کوئی دعا رد نہیں ہوتی۔(۲)اس کی اولاد کو بہترین رشتے ملیں گے (اپنے لیے، اولاد کے لیے، بہن بھائی کی نیت سے پڑھیں)(۳)اس کا دل نور سے بھر جائے گا۔(۴)چور کی نظروں سے غائب ہو جائے گا۔اگر کوئی چور سامنے آجائے۔لوٹ مار کی کوشش کرے صرف ایک بار یہ دعا پڑھیں آپ اس کی نظروں سے غائب ہو جائیں گے چور اندھا ہو جائے گا۔(۵)غم و پریشانی میں پڑھنے سے غم دور ہو جاتے ہیں کسی عزیز کی موت پر کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ صبر عطا کرتے ہیں۔

ذاتی تجربہ: گزشتہ پچھلے رمضان میں ہم سحری کرکے اپنی بہن کے گھر سے آرہے تھے ہمارے پیچھے ایک کار لگ گئی جب ہمیں احساس ہوا تو ہم نے مندرجہ بالا دعا پڑھنی شروع کردی اس گاڑی نے ہمارا گھر تک پیچھا کیا تھا مگر جیسے ہی ہم گھر کے قریب پہنچے اس میں سے ایک آدمی باہر آیا۔اب تو ہم نے زور زور سے یہ دعا پڑھنی شروع کردی اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں جانے کیا ڈالا وہ لوگ دوبارہ گاڑی میں بیٹھے اور واپس چلے گئے حالانکہ انہوں نے آدھے گھنٹے سے ہمارا پیچھا کیا تھا۔گاڑی کی ہیڈ لائٹیں بند کرکے ایک مخصوص فاصلہ رکھ کر وہ گاڑی ہمارے پیچھے تھی بس اس دعا کی برکت سے ہم لٹنے سے بچ گئے۔اس وقت ہمارے پاس کافی سارا سامان، موبائل، لیپ ٹاپ، پیسے، چوڑیاں وغیرہ تھیں مگر بس اللہ کا بے حساب شکر احسان ہے کہ اس نے ہمیں بچالیا۔الحمدللہ۔ایک بزرگ نے اس کی فضیلت بیان کی کہ اگر کوئی آپ کو لوٹنے کی کوشش کررہا ہے یہ دعا پڑھیں اس کی آنکھوں پر پردہ پڑ جائے گا۔انہوں نے اتنی بڑی بات کی کہ اگر ایسا نہ ہو تو قیامت کے دن میرا گریبان آکر پکڑ لینا۔سال 2014ء دوران سفر ملتان اور مانسہرہ میں آپ نے اپنے درس میں درود پاک کی ایسی فضیلت بیان کی۔دل اس کو پڑھنے کے لیے بیتاب ہوگیا اب تک 43 ہزار مرتبہ پڑھ چکی ہوں۔حکیم صاحب آپ کے درس بہت زبردست ہوتے ہیں ہماری زندگیوں میں انقلاب آچکا ہے۔

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 141

پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک سفر کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ رات میں ہم نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا۔صبح سب کی آنکھ لگ گئی۔نماز قضا ہوگئی۔فوراً بعد میں ادا کی گئی۔ ہمارے پاس پانی ختم ہو چکا تھا۔شدید پیاس لگی ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ سواروں کے ساتھ مجھے پانی کی تلاش میں بھیجا۔جب ہم نکلے تو دیکھا کہ ایک غیر مسلم عورت پانی سے بھرے ہوئے دو مشک اپنی اونٹنی پر لیے جارہی ہے۔ہم نے اس سے دریافت کیا کہ پانی کہاں مل سکتا ہے؟ اس نے کہا قریب میں پانی نہیں ہے۔میں اپنے قبیلہ سے ایک دن اور ایک رات کا فاصلہ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" "امن اور عبقری" انسانیت اور رواداری" کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

والد بھائی یا شوہر کے غصہ کا علاج مجھ سے لیجئے

ش، ٹبہ سلطان پور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً تین سال سے عبقری رسالہ کی قاریہ ہوں اور اڑھائی سال کے عرصہ سے آپ کے درس آپ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے سنتی ہوں' جس سے مجھے بے پناہ فائدہ ہوتا ہے۔آپ کے درس' مردہ دل میں زندگی کا احساس پیدا کرتے ہیں اور جینے کی امنگ پیدا کرتے ہیں۔رسالہ عبقری کیلئے تو دکھی دلوں سے بے شمار دعائیں نکلتی ہیں' اللہ پاک آپ کو' آپ کی نسلوں کو اور آپ کے معاون لوگوں کو قیامت تک شاد و آباد رکھے اور آخرت کی دائمی اور ابداً ابداً خوشیاں آپ کا اور پوری امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نصیب بنادے۔آمین!

ایک عمل عبقری شمارے میں پڑھا آزمایا بہت لاجواب پایا' پیش خدمت ہے۔اول و آخر تین بار درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص ہر دفعہ تسمیہ کے ساتھ' اس عمل کے ان گنت فوائد ہیں جو شمار نہیں کرسکتی اور یہ عمل ایک ایسے تیر کی مانند ہے جو نشانے پر جا کر لگتا ہے اس کے کچھ فوائد لکھوں گی۔میرے بھائی غصے کے بہت تیز ہیں اور غصے میں انہیں کچھ سجھائی نہیں دیتا' بعض اوقات گھر والوں سے ناراض ہوکر بولنا تک چھوڑ دیتے ہیں' ایک دفعہ ایسا ہی ہوا میں نے کچھ دن یہی عمل پڑھ کر ان کی روح کو ہدیہ کردیا اور دعا کی کہ اے اللہ پاک ان کے دل کو ٹھنڈا کردے اور وہ ایسے ٹھنڈے ہوئے کہ اب ان کو غصہ آتا ہی نہیں' بہت خوشگوار موڈ میں سب سے بات کرتے ہیں' حالانکہ پہلے ہم ان سے بات کرتے ہوئے بھی ڈرتے تھے لیکن اب وہ ڈر ختم ہوگیا ہے۔میرے والد اور چچا کے درمیان سخت کشیدگی تھی' وہ اکٹھے بھی بیٹھتے تو ایک کا چہرہ ایک طرف اور دوسرے کا دوسری طرف ہوتا۔ پڑھ کر ان دونوں کو ہدیہ کرتی رہی' اب ان کے حالات بہت بہتری کی طرف آرہے ہیں' ایک دوسرے سے بات چیت شروع کردی ہے۔اگر کوئی آپ سے سخت ناراض ہو اور کسی طور راضی نہ ہوتا ہو تو ایک تو یہ وظیفہ پڑھ کر اسے ہدیہ کرتے رہیں اور دوسرا اس کے حق میں دعائیں کرتے رہیں اس کا دل آپ کیلئے انتہائی نرم ہوجائے گا۔امتحان یا انٹرویو کیلئے جاتے وقت یہ وظیفہ پڑھ کر اس کا ثواب اللہ پاک کی تمام مخلوقات کو کردیں' پھر اللہ سے دعا کریں کہ اللہ پاک ان تمام مخلوقات کو مجھ سمیت پوری امت کی کامیابی و کامرانی کیلئے دعا میں لگادے' اور نہ صرف دنیا کے بلکہ آخرت کے امتحان میں بھی کامیابی عطا فرمائے۔قارئین سے گزارش ہے کہ دل میں صرف ایک مرتبہ یہ وظیفہ کرکے اس کا ثواب پوری امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کردیں اور دعا کریں اللہ پاک اس کی بدولت بھائی چارے کی فضا پیدا کرے' دلوں میں بغض' کینہ' حسد' منافقت' نفرت اور دیگر اخلاق رذائل کو نکال کر ان کے دلوں کو امن کا گہوارہ بنائے۔

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔1۔بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3 یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382

یادداشت تیز نہیں تیز ترین بنانے کے آزمودہ گر

ارسلان عباسی، راولپنڈی

عمر کے ساتھ حافظہ میں کمی

حافظہ بڑی نعمت ہے۔ تحریر و رسم الخط سے محروم دنیا کی کئی اقوام اور برادریوں کی تاریخ اور واقعات ان کے بڑوں کے حافظوں میں محفوظ رہتے ہیں جو نسلوں میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ یہ حافظے کی وجہ سے ہی ممکن ہوتا ہے۔ حافظے میں عمر میں اضافے کے ساتھ کمی ہونے لگتی ہے خاص طور پر 50 سال کے بعد لوگ خود رکھی ہوئی چیزوں کی جگہ بھولنے لگتے ہیں مثلاً انہیں یہ یاد نہیں رہتا کہ گاڑی کہاں پارک کی تھی، چابیاں کہاں رکھی تھیں، دوائیں مقررہ وقت پر کھائیں یا نہیں۔ علاج و تدبیر نہ کرنے کی صورت میں یہ شکایات مزید بڑھتی جاتی ہیں۔ اصل بات بھول جاتی ہے اور واقعات کے بیان میں غلطی کے امکانات بڑھتے جاتے ہیں۔ ایک حد تک تو ماہرین اس بھلکڑ پن کو وقتی اور معمولی قرار دیتے ہیں، لیکن جب یہ شکایت بہت بڑھ جاتی ہے تو کئی مسائل پیدا ہونے لگتے ہیں مثلاً اپنے گھر کے بجائے کسی اور گھر میں جا گھسنے جیسے واقعات پیش آنے لگتے ہیں۔ یہ گویا حافظے میں مسلسل کمی کی علامات ہوتی ہیں۔ ایسی صورت میں معالج سے مشورہ ضروری ہو جاتا ہے۔ ماہرین معمولی شکایت کو تھکن اور محض توجہ کی کمی کا نتیجہ قرار دیتے ہیں اور یہ شکایات وقتی قرار دی جاتی ہیں۔

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ اپنے کسی دوست کے ساتھ سرِراہ یا کسی محفل میں اپنے کسی پرانے واقف کار کو دیکھ کر کھل اٹھتے ہیں اور بڑے شوق و تپاک سے اس کا تعارف اپنے ساتھی دوست سے کرانے لگتے ہیں تو اس کا نام آپ کے حافظے سے غائب ہو جاتا ہے اور اسے کبھی محمود، مسعود، مختار کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اسی طرح کئی بار پڑھی ہوئی پسندیدہ کتاب کا نام آپ کی یادداشت سے نکل جاتا ہے جس سے ذہنی الجھن ہوتی ہے اور آپ بار بار کہتے ہیں بھئی نام یاد ہے بس زبان پر نہیں آ رہا۔ اس قسم کے واقعات تقریباً ہر شخص کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ ایک ماہر کے مطابق غلطیوں کا تعلق لفظ کا معنی یاد کرنے سے نہیں ہوتا بلکہ اس کی صورت یا آواز سے ہوتا ہے۔ اکثر اوقات کسی لفظ کی آواز یا صورت بے معنی اور مہمل لگتی ہے۔ اسے یاد کرنے کی کوشش ایک چیلنج بن جاتی ہے۔ اس کا علاج یہی ہے کہ ایسے نام یا اشیاء کو دہراتے اور یاد کرتے رہنا چاہیے۔ تجربہ کر کے دیکھیے! ہوٹل میں بیرا کھانوں کے نام یکساں تسلسل اور ترتیب سے سنا سکتا ہے اسی طرح سیلز مین اپنے گاہکوں کے نام بالکل ٹھیک بتا سکتے ہیں۔ یہ دہرانے کا کرشمہ ہے۔ دراصل گڑبڑ اس وقت ہوتی ہے کہ جب ایک جیسی آواز والے لفظ یادداشت میں دہراتے ہیں مسعود، محمود اور اسی کشمکش میں غلط نام زبان پر آ بھی جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک ماہر نفسیات کا مشورہ یہ ہے کہ ایسی صورت میں ذہن کو کسی اور طرف موڑ دینا چاہیے کیونکہ اس طرح ذہن کو ڈھیل دینے یا دوسری طرف متوجہ کرنے سے بسا اوقات صحیح لفظ یا نام یاد آ جاتا ہے۔

چیزیں رکھ کر بھول جانا! ایسا کیوں؟

توجہ کی کمی: چیزیں رکھ کر بھول جانا ایک عام شکایت ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ ایک ماہر نفسیات کے مطابق اس کا بنیادی سبب توجہ کی کمی ہوتا ہے۔ یہی بات ایک مشہور مصنف نے کہی تھی کہ آپ اس لیے بھولتے ہیں کہ بھولنا چاہتے ہیں۔ آپ سے توقع ہوتی ہے کہ آپ کوئی بات یا چیز یاد رکھیں گے، لیکن چونکہ آپ نے اسے توجہ اور ترتیب سے یاد نہیں رکھا، اس لیے وہ آپ کے حافظے سے غائب ہو گئی۔ چیزوں اور بات کے سلسلے میں ان کی ترتیب اور تعلق کو قائم اور برقرار رکھنے سے ان کا یاد کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات اس قسم کی بھول سے بڑے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً اگر آپ نے دوران گفتگو اپنا موبائل فون جیب میں تو رکھ لیا، لیکن یہ یاد نہیں رکھا کہ آپ نے کیا رکھا ہے تو ایسی صورت میں آپ یہ بھول جائیں گے کہ فون الماری میں لٹکی ہوئی آپ کی جیکٹ کی جیب میں ہے۔ اب اسے حافظے کی کمزوری قرار نہیں دیا جا سکتا۔ غلطی صرف یہ ہے کہ آپ نے اپنے نظام حافظہ کو درکار معلومات فراہم نہیں کی۔

خواتین کی یادداشت مردوں سے بہتر! مگر کیسے؟

اسی طرح عدم دلچسپی بھی غائب دماغی کا سبب بن سکتی ہے۔ بقول ایک شخص کے وہ ایک ایسے صاحب سے واقف ہیں جو پچھلے 30 سال سے کھیلوں کے اعداد و شمار پوری صحت کے ساتھ بتا سکتے ہیں، لیکن انہیں لیٹر بکس میں خط ڈالنا یاد نہیں رہتا۔ تجربہ اور مشاہدہ یہ ہے کہ خواتین کی یادداشت مردوں سے بہتر ہوتی ہے اور اس کی وجہ غالباً یہی ہے کہ وہ اپنے ماحول پر زیادہ توجہ دیتی ہیں اور یادداشت اسی کے سہارے تازہ اور قائم رہتی ہے۔ نظر آنے والے اشاروں کی بھی اس سلسلے میں بڑی اہمیت ہوتی ہے مثلاً اگر آپ کو کوئی دوا دوپہر کے کھانے کے ساتھ کھانی ہے تو دوا کی بوتل کو کھانے کی میز پر رکھیے تاکہ کھاتے وقت اس پر آپ کی نظر پڑے اور آپ دوا وقت پر کھا لیں۔ اسی طرح یادداشت کی پرچی لکھ کر بھی جیب میں رکھی جا سکتی ہے۔ بھول کا ایک انداز یہ بھی ہوتا ہے کہ آپ کسی کمرے میں جا کر یہ بھول جاتے ہیں کہ وہاں کیوں آئے تھے۔ عین ممکن ہے کہ اس وقت آپ کسی اور خیال میں مگن تھے۔ اس کا بہترین علاج یہ ہے کہ آپ جس جگہ سے چلے تھے دوبارہ وہیں پہنچ جائیں۔ یوں آپ کو یاد آ جائے گا کہ کمرے میں کیا کام تھا۔ **غلط نسبت یا تعلق:** کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہمیں ایک بات یا واقعہ اچھی طرح یاد ہوتا ہے، لیکن ہم جب اسے یاد کرتے ہیں تو اسے غلط جگہ یا شخص سے جوڑتے یا منسوب کرتے ہیں مثلاً آپ نے سخت بھوک کی حالت میں بڑا لذیذ کھانا اپنے دوست احسان کے گھر کھایا تھا، لیکن بعد میں آپ نے بتایا کہ وہ کھانا آپ نے اپنے کسی اور واقف کار کے گھر کھایا تھا گویا آپ نے اس واقعے کا تعلق غلط شخص سے جوڑ دیا۔

اسی طرح بہت سے لوگ دوسروں کے تصورات اور خیالات کو خود سے منسوب کر دیتے ہیں۔ اسے غیر ارادی سرقہ یا چوری کہتے ہیں۔ اسی طرح اپنے ساتھ پیش آنے والے کسی واقعے کو دوسروں سے منسوب کر دیا جاتا ہے۔ غلط یادداشت بھی بعض اوقات مسئلہ بن جاتی ہے اور یہ بھی غلط تعلق جوڑنے ہی کا نتیجہ ہوتی ہے مثلاً آپ کو یاد آتا ہے کہ لڑکپن میں آپ اپنے والد کے ساتھ دریا کے کنارے مچھلی کے شکار کے دوران پانی میں گر گئے تھے حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں ہوا تھا بلکہ آپ نے یہ سین ایک فلم میں دیکھا تھا۔

یادداشت تیز کرنے کے لیے

(1) ان دنوں مغربی ملکوں میں چینی دوائی بوٹی جنگو بائی لوبا (Ginkgo Biloba) کی دھوم ہے۔ ماہرین اب متفق ہیں کہ اس سے واقعی حافظہ بہتر ہوتا ہے۔ دراصل اس سے آدمی خود کو بہتر محسوس کرتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

تندرستی ٹانک شاہی ٹانک جسم و جان کیلئے
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

موسم سرما کی بیماریوں کو بھرپور طریقے سے شکست دیجئے!

ایمان علی، لاہور

کمرے اور باہر کا درجہ حرارت! بیماریوں کا حملہ

موسم سرما اپنے جوبن پر ہے اللہ تعالیٰ نے انسان کی بہترین نشوونما اور صحت کے لیے پورے سال میں موسموں کا ایک نظام ترتیب دیا ہے اور اگر انسان ان تمام موسموں میں صحت مند رہنے کے اصولوں پر عمل کرتا رہے تو کبھی بیمار نہ ہو۔ موسم سرما میں اگر احتیاط نہ برتی جائے تو شدید سردی کی لہریں صحت کو متاثر کرسکتی ہیں۔ سردیوں میں کمروں اور باہر کے درجہ حرارت میں خاصا فرق ہوتا ہے جس کی وجہ سے مختلف بیماریاں حملہ آور ہونے کو تیار رہتی ہیں۔ پھیپھڑے اس فوری تبدیلی سے سب سے پہلے متاثر ہوتے ہیں جس سے نمونیہ اور سانس کی دیگر تکالیف پیدا ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ بچوں کے لیے سردیوں میں گرم بستر سے نکل کر سکول کے لیے تیاری کا وقت بے حد اہم ہوتا ہے۔ گرم بستر چھوڑ کر ایک دم سرد ہوا میں جانے اور خصوصاً بغیر گرم کپڑے پہنے ہوئے اکثر بچے ٹھنڈ لگنے کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ بڑے اور بچے اپنے آپ کو ڈھانپ کر ٹھنڈی ہوا میں باہر نکلیں۔ سردی جسم کی قوت مدافعت کم کردیتی ہے اور بیماری کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ بعض لوگ ضرورت سے زیادہ کپڑے پہن لیتے ہیں، مائیں چھوٹے بچوں کو سر سے پاؤں تک کپڑوں سے ڈھانپ کر رکھتی ہیں۔ اس کا نقصان یہ ہے کہ جسم کی قوت برداشت ختم ہوجاتی ہے اور ہلکی ہوا بھی انہیں بیمار کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے۔ ہمیشہ سر، سینہ اور گردن ڈھانپ کر رکھیں کیونکہ سرد ہوائیں اگر مسلسل انہیں چھوتی رہیں تو سر میں شدید درد کے ساتھ نزلہ، زکام، انفلوانزا، سانس اور کھانسی کی شکایت بھی ہوسکتی ہے جس سے پسلیوں اور جسمانی عضلات میں درد ہونے لگتا ہے۔ اگر مناسب احتیاطی تدابیر نہ کی جائیں تو انفیکشن بڑھنے لگتا ہے جس سے گلا، سانس کی نالی اور پھیپھڑے بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔

سردیوں میں حلق کی سوزش بھی ایک عام مسئلہ ہے اس مرض میں حلق میں سخت درد ہوتا ہے کچھ کھانے کو جی نہیں چاہتا۔ پانی تک پینے میں بھی دقت ہوتی ہے۔ اگر منہ کھول کر دیکھا جائے تو نرم تالو ختم ہوتا ہے اس کے دونوں جانب محرابوں میں نرم مخملیں بھی ہوتی ہے ان محرابوں میں ٹانسلز نامی غدود ہوتے ہیں جو ہوا کے ذریعے جسم میں داخل ہونے والے جراثیموں کو روکنے کا کام کرتے ہیں۔ یوں بعض اوقات یہ جراثیم ان غدودوں میں سوزش کا باعث بن جاتے ہیں۔ ٹھنڈے پانی، کولڈ ڈرنک اور ٹھنڈے جوس وغیرہ کا استعمال بند کردیں، سوپ، قہوہ، جوشاندہ اور چائے پئیں تاکہ جسم کو مناسب حرارت فراہم ہو۔

قوت مدافعت بڑھانے کی غذا

بیماریوں سے بچاؤ اور ان کا مقابلہ کرنے کے لیے مناسب غذا کا استعمال کریں، یہ قوت مدافعت بڑھانے کا باعث بنتی ہیں۔ سردیوں میں ایسی غذاؤں کی ضرورت ہوتی ہے جو وٹامن اور معدنیات کی مناسب مقدار فراہم کرسکیں۔ خصوصاً فولاد، زنک، سلینیم، وٹامن اے، وٹامن سی اور Omega-3 سے بھرپور غذاؤں کو اپنی روزانہ کی غذا کا حصہ بنائیں۔ تلے ہوئے اور گھی والے پکوان کھانے کے بعد فوراً ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ کھٹی غذاؤں اور اچار سے پرہیز کریں۔ کیونکہ ان سے گلا خراب ہوسکتا ہے۔ اس موسم میں ویسے بھی گلے کو خراب ہونے کا بہانہ چاہئے ہوتا ہے۔

موسم سرما! ذرا سی احتیاط کیجئے! خوش رہیں گے!

جب بھی کھانسی یا چھینک آئے فوراً ہاتھ دھوئیں

جب بھی کھانسی یا چھینک آئے تو فوراً ہاتھوں کو اچھی طرح دھولیں اس سے بھی بیماری کے امکانات کم ہوتے ہیں جن لوگوں کو فلو ہوتا ہے وہ بہت آسانی سے دوسروں کو بھی اس میں مبتلا کرسکتے ہیں۔ اس لیے فلو میں مبتلا افراد کو چاہیے کہ وہ چھینکتے ہوئے رومال یا ٹشو پیپر کا استعمال کریں۔ کھانستے ہوئے منہ پر ہاتھ رکھیں اور بلغم جگہ جگہ تھوکنے سے پرہیز کریں۔ دن میں ایک مرتبہ گرم پانی سے غسل کریں، غسل ایسی جگہ کریں جہاں سے ٹھنڈی ہوا کا گزر نہ ہو۔ غسل سے دوران خون تیز ہوتا ہے اور غسل نہ کرنے سے جسم کی نشوونما متاثر ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مسام بند رہنے سے جلدی مسائل بھی پیدا ہوسکتے ہیں مگر نہا کر فوراً نہ سوئیں اور نہ ہی فوراً باہر جائیں۔

بھاپ لیں! بہترین ٹوٹکہ ہے

سردیوں میں ناک بند رہنے اور گلے کا درد شدید اذیت کا باعث بنتا ہے۔ اس لئے نزلے، زکام میں مبتلا افراد اگر رات کو سونے سے پہلے بھاپ لیں تو یہ ان کے لیے بہترین علاج ہے۔ گرم پانی میں وکس ڈال کر بھاپ کے فوائد کو دو چند کیا جاسکتا ہے۔ گرم بھاپ تقریباً پندرہ بیس بار ناک سے اندر کھینچ کر منہ سے باہر نکالیں اس طرح دن بھر کا گرد وغبار اور مضر جراثیم ناک سے باہر نکل جاتے ہیں۔ ناک کے بند مسام کھل جاتے ہیں اور سانس لینا آسان ہوجاتا ہے۔ بھاپ کا باقاعدہ استعمال گلے اور سینے کے امراض اور سردرد سے بچاؤ کے ساتھ ساتھ ان سے نجات بھی دیتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک گلاس گرم پانی میں 1/4 چمچ نمک ڈال کر صبح شام غرارے کرنے کا معمول بنالیں۔ یہ بچاؤ بھی ہے اور علاج بھی۔ سردیوں میں پانی کا استعمال کم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے قوت مدافعت میں کمی ہونے لگتی ہے اور ساتھ ہی خون کی نالیاں تنگ ہوجاتی ہیں ایسے میں دل کو جسم تک خون پہنچانے کے لیے زیادہ محنت کرنا پڑتی ہے۔ اس ایسے میں مناسب مقدار میں پانی ضرور پیتے رہیں تاکہ آپ کی توانائی بحال رہے۔

بند ناک کھولنے کیلئے نیزل ڈراپ

سرد اور خشک ہوا سانس کی نالی میں سوزش پیدا کرسکتی ہے اس لیے کمرے کی ہوا کو نم دار رکھیں اس مقصد کے لیے آپ بازار میں دستیاب ویپورائزر کا استعمال بھی کرسکتی ہیں یا ایک پیالے میں صاف پانی بھر کر بھی کمرے میں رکھا جاسکتا ہے۔ بند ناک کو کھولنے کے لیے نیزل ڈراپ اور نیزل اسپرے کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔ یہ دوا کی نسبت بہتر ہیں کیونکہ ان کے منفی اثرات ادویات سے کم ہوتے ہیں۔ بے جا دواؤں کے استعمال سے پرہیز کریں، معالج کے مشورے کے بغیر کوئی دوا نہ لیں۔ خصوصاً اینٹی بائیوٹک لینے سے گریز کریں۔ ماہر معالجین جو ادویات تجویز کرتے ہیں جو سوزش کو کم کرتی ہے مگر یہ خواب آور ہوتی ہیں اس لیے ان کے زیادہ استعمال سے بھی گریز کریں۔ مندرجہ بالا احتیاطی تدابیر پر عمل کرکے موسم سرما کی بیماریوں کو بھرپور طریقے سے شکست دی جاسکتی ہے۔ احتیاط برتیں کہ زندگی صرف ایک بار ملتی ہے اور موسم تو ہر سال آتے جاتے رہتے ہیں۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

جلدی خرابی، پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

خون صفاء

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بےضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جمادی الاولیٰ! یہ اسم پڑھیے! باوضو سو جائیے کمال دیکھیے

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

اسلامی سال کے پانچویں مہینہ کا نام جمادی الاولیٰ ہے۔اس مہینہ میں قرآن پاک کی پاک وصاف لباس پہن کر صاف اور آہستہ آہستہ سمجھ کر تلاوت کرنا بہت زیادہ ثواب اور فائدہ کا باعث ہے۔اس ماہ میں نوافل پڑھنا اور دیگر عبادات کرنا بہت سی فیوض وبرکات کے حصول کا باعث ہے۔**پہلی شب:**۔ جوکوئی اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس کو بے شمار ثواب سے نوازے گا اور اس کو گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔**دو نفل:**۔ جمادی الاولیٰ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ جمعہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے۔**چار نوافل:**۔ اس ماہ کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد چار رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھے۔**تیسری شب:**۔ جمادی الاولیٰ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کے ساتھ اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ قدر پڑھے اور سلام پھیرتے ہی یعنی تمام نوافل کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ہی قبلہ رخ بیٹھ کر فجر کی اذان تک یہ کلمات بکثرت پڑھتا رہے۔

یَاعَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَۃِ وَالْعَظَمَۃُ
فِیْ عَظَمَۃِ عَظَمَتِكَ یَاعَظِیْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور جو بھی نیک حاجت ہوگی پروردگار عالم وہ ضرور پوری فرمائے گا۔

نفلی روزے:۔ اس ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو نفلی روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔**اکیسویں شب:**۔ اس مہینہ کی اکیسویں شب کو نماز عشاء کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ نوافل کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

ستائیسویں شب: اس شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔اس کے بعد بکثرت سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ کا ورد کرتا ہوا باوضو حالت میں سو جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت سی برکات حاصل ہوں گی۔**عظمت والی دعا:** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ذوالقرنین علیہ السلام سے ملے اور ان سے پوچھا کہ سارے زمانہ کو تو نے کس طرح سے دیکھا اور شرق سے لیکر غرب تک کا کیسے مالک ہوگیا انہوں نے جواب دیا قُلْ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ سے اور ان چند کلمات سے کہ جو انہیں پڑھے گا اللہ پاک اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیگا اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کریگا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا مجھے بتلاؤ وہ کیا ہیں انہوں نے چند کلمات بتلائے۔ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ بَاقٍ لَا یَفْنٰی سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ عَالِمٌ لَا یَنْسٰی سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ قَیُّوْمٌ لَا یَنَامُ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ دَائِمٌ لَا یَسْھُوْ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ وَاسِعٌ لَا یَتَکَلَّفُ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ قَائِمٌ لَا یَلْھُوْ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ عَزِیْزٌ لَا یَظْلِمُ۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جنوری بروز جمعۃ المبارک صبح 11 بجے سے لیکر 12 بج کر 17 منٹ تک۔21 جنوری بروز منگل عصر تا مغرب۔29 جنوری بروز بدھ رات 8 بجے سے لیکر 9 بجکر 21 منٹ تک اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

دفتر یا فیکٹری میں ڈانٹ سے بچنے کیلئے میرا آزمودہ طریقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں، میں مقامی تعلیمی ادارہ میں جاب کرتا ہوں، ہمارے پرنسپل تبدیل ہوئے ہیں، نئے پرنسپل آئے جو کہ بہت سخت مزاج کے ہیں تو ایک دن میرا ساتھی چھٹی پر تھا تو وہ دو دن بڑے غصے سے پیش آئے۔ میں نے سوچا وجہ کیا ہے؟ پہلے ایسا نہیں ہوتا تو اچانک بات یاد آئی کہ ایک دن پہلے میری مسواک گر گئی تھی اور ان دو دنوں میں میرے پاس مسواک نہیں تھی جس کی وجہ سے ڈانٹ پڑی۔ اس کے بعد میں نے دو مسواکیں بنالیں اور ایڈوانس میں ایک مسواک رکھتا ہوں اس کے بعد مجھے کبھی ڈانٹ نہیں پڑی۔ یعنی سنت پر عمل کرنے سے پرنسپل صاحب کا دل نرم ہو گیا۔ درس پابندی سے سنتا ہوں تو بہت فائدہ ہوتا ہے جب شیطان اور نفس کی جنگ چھڑتی ہے تو وساوس بڑھ جاتے ہیں جب ذکر کرتا ہوں تو اور زیادہ وساوس آتے ہیں پھر آہستہ آہستہ کم ہو جاتے ہیں۔ اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں میں برکت عطا فرمائے۔ آمین! (کامران، اوکاڑہ)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

خواجہ سفیان ثوریؒ کے مستند روحانی وظائف

جو کوئی چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو‘ تنگی دور ہو‘ وہ جس مقصد‘ جس کاروبار یا جس نوکری کیلئے گھر سے نکلے گا اسے کامیابی نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ وَ مَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا

غربت‘ تنگدستی اور فاقہ ختم کرنے کا نبوی عمل

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے گھر سے غربت‘ تنگدستی‘ افلاس اور فاقے ختم ہوجائیں اسے چاہیے کہ نبی کریم ﷺ کا بتایا لاجواب عمل کرے۔ درج ذیل عمل کرنے سے کچھ ہی عرصہ میں گھر سے تنگدستی اور غربت کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اگر یہی عمل زندگی بھر کا معمول بنالے تو نسلوں میں بھی کبھی فاقے نہیں آئیں گے۔ حدیث مبارکہ میں ہے کہ جو شخص ”سورۂ واقعہ“ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

وقت بے وقت کے سر درد سے نجات

جس شخص کے سر میں ہر وقت درد ہوتا رہے یا دن میں کسی بھی وقت اچانک سر درد شروع ہوجائے اسے چاہیے کہ درج ذیل آیت صرف تین مرتبہ پڑھ کر سر پر خود ہی دم کرے۔ انشاء اللہ سر درد ختم ہوجائیگا۔ آیت یہ ہے:۔ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ (واقعہ 19)

بروز قیامت چہرہ چمکے گا

جو کوئی اِنَّہٗ ھُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ (الطور 28) اس آیت کریمہ کو بعد نماز کے گیارہ بار پڑھ کر انگلی پر دم کرکے پیشانی پر مل لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کا منہ چمکے گا۔ اس کے علاوہ اس کو دنیاوی مسائل سے چھٹکارا ملے گا۔ جادو جنات‘ گھریلو الجھنیں اور مسائل اس کے قریب بھی نہ پھٹکیں گے۔

صبح سے شام تک ہر مشکل سے نجات کا عمل

جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (الحشر 22) پڑھے تو شام تک اس کے واسطے فرشتے دعائے مغفرت کریں اور اگر اس دن مرے تو شہید کا درجہ پائے گا اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لیے فرشتے دعائے مغفرت کریں گے اور جو اس شب کو مرجائے تو درجہ شہادت کا پائے گا۔ اس کے علاوہ دن بھر کی مشکلات سے نجات ملے گی۔ ان شاء اللہ

ترقی کاروبار کیلئے آسان ترین عمل

جو کوئی چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو‘ تنگی دور ہو‘ وہ جس مقصد‘ جس کاروبار یا جس نوکری کیلئے گھر سے نکلے گا اسے کامیابی نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ ”وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا“ (الطلاق 3)

حاجات پوری کرنے کیلئے انگوٹھی کا عمل

نٓ اور جتنے مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر و خوبی سے بسر ہوگی۔ اس انگوٹھی کو بیت الخلاء میں جانے سے پہلے اتار لیا جائے۔

حاجت لکھیں‘ پانی میں بہائیں اور حاجت پوری

ایک دعا مجرب حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے جس شخص کو کچھ حاجت ہو اس کو چاہیے کہ ایک کاغذ پر کالی سیاہی سے یہ عبارت لکھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَی الرَّبِّ الْجَلِیْلِ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ پھر اس کاغذ کو بہتے پاک پانی میں بہادے اور یوں دعا مانگے اَللّٰھُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَصَحْبِہِ الْمُوْصِیِّیْنَ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ اور اپنی حاجت کا نام لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوجائیگی۔

جس گھر میں آسیب ہوں وہ یہ پڑھیں

جس مکان میں آسیب یا جن کا احتمال ہو اس کے ہر گوشہ یا ہر قطعہ میں ”سورۂ بقرہ“ چند حفاظ سے پڑھوادیں (یا اس کی ایم پی تھری آڈیو میں ریکارڈنگ کروا کر گھر کے مختلف حصوں میں 24 گھنٹے بالکل ہلکی آواز میں چلائیں) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

استخارہ کا کامیاب اور فوری اثر طریقہ

اگر کسی کار خیر میں استخارہ منظور ہو تو بعد نماز عشاء خیالات فاسدہ سے دل کو پاک کرکے یکسو کرکے 101 بار اس آیت شریف سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ (البقرہ 32) پڑھے اور مطلب کا خیال کرکے سو جائے جو بہتر ہوگا انشاء اللہ خواب میں معلوم ہوجائیگا۔

حاملہ اور حمل کی حفاظت کیلئے مرجان کا عمل

اصلی مونگے یعنی مرجان کے ایک دانہ پر درمیان مغرب و عشاء ایک سو ایک بار چاروں قل مع اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر دم کریں اور حاملہ کی ران پر باندھ دیں تو وہ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا اگر مونگا کبھی سفیدی مائل ہوجائے تو دوسرا دانہ اسی طریقہ سے پڑھ کر بندھوانا چاہیے۔ ڈلیوری قریب آئے تو اس مونگے (مرجان) کو کھول دینا ضروری ہے۔

بڑا بکرا دو! جان چھڑاؤ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے کچھ ذاتی تجربات قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ پہلے ایک طبی تجربہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ میرے پیٹ میں کافی درد ہورہا تھا تو میں نے تھوڑی سی کالی مرچ‘ تھوڑا سا انار دانہ اور نمک تینوں چیزوں کو تھوڑے سے پانی میں پیس کر پی لیا‘ درد دو سے تین منٹ میں غائب ہوگیا۔ **دانت اور کان درد کیلئے:** میرا ذاتی تجربہ دانت درد اور کان درد کیلئے ہے۔ عرصہ چار پانچ سال سے رات وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ نصر‘ دوسری میں تبت یدا‘ تیسری میں سورۂ اخلاص پڑھتا ہوں۔ دوسرا عمل جب چھینک آئے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ پڑھتا ہوں‘ چار پانچ سال سے دانت اور کان درد سے جان چھوٹ گئی ہے‘ پہلے دانت درد ہوتا رہتا تھا دانتوں میں سوراخ ابھی بھی ہیں لیکن درد نہیں ہوتا۔ **صدقہ:** میری امی کی ایکسیڈنٹ سے ٹانگ ٹوٹ گئی‘ بہت علاج کرائے‘ کوئی فائدہ نہیں ہورہا تھا‘ ایک چھوٹا بکرا صدقہ کیا اس کے علاوہ کچھ نقدی بھی دی لیکن فائدہ نہیں ہوا‘ ایک ماہ سے امی ایک منٹ کیلئے بھی نہ سو پائیں۔ نیند آتی ہی نہ تھی۔ گھر میں بڑا بکرا تھا‘ رات کو والدہ کو نیم خوابی میں آواز آئی کہ یہ بڑا بکرا دے کر جان چھڑاؤ‘ صبح فوراً بڑا بکرا ذبح کروا کر مستحقین غرباء میں تقسیم کیا تو اسی رات والدہ کو نیند آنا شروع ہوگئی اب بالکل ٹھیک ہیں ٹانگ بھی بہت جلد ٹھیک ہوگئی۔ (سیف اللہ‘ بہاولنگر)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو‘ جنات‘ نظر بد‘ سفلی عمل‘ بدروحوں کے بُرے اثرات‘ لاعلاج بیماریاں‘ گھریلو جھگڑے‘ اولاد کی نافرمانی‘ مسلسل ناکامیاں‘ دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہمیشہ خوبصورتی اور سدا بہار جوانی کی تمنا ہے تو زیتون کھائیے!

حکیم محمد فاروق احمد، مظفر گڑھ

زیتون نہایت بابرکت پھل ہے۔ زیتون کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں چھ مقامات پر اچھے الفاظ سے کیا ہے۔ پروردگار نے قسم کھا کر اس کی اہمیت آشکار کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: (ترجمہ) ''قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینا کی اور امن والے شہر کی''۔

حضور نبی کریم حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''زیتون کا تیل کھاؤ اور لگاؤ یہ ایک مبارک درخت ہے۔ اس میں ستر (70) بیماریوں سے شفاء ہے'' (ترمذی، ابن ماجہ)

کتاب الطب میں لکھا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہٗ سے فرمایا: ''اے علی! (رضی اللہ عنہ) ''زیتون کھایا کرو اور اس کے تیل کی بدن پر مالش کیا کرو، جس نے ایسا کیا، اس کے پاس چالیس روز شیطان نہیں آتا یعنی وہ جن وشیاطین کے شر سے محفوظ رہتا ہے''۔ (کتاب الطب، ابونعیم)۔ ماہرین طب کے مطابق فالج، تپ دق، عرق النساء، پٹھوں اور جوڑوں کے درد اور کمزوری سے پیدا ہونے والے دوسرے امراض میں زیتون کا تیل بے حد مفید ہے۔ دائمی قبض کیلئے روغن زیتون کا دودھ کے ساتھ استعمال انتہائی فائدہ مند ہے۔ اس کو روٹی کے ساتھ سالن کی جگہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے پھل کو کھایا بھی جاتا ہے۔

روغن زیتون کے مجرب نسخے درج ذیل ہیں

چھوٹے قد والے ضرور پڑھیں: جدید تحقیق کے مطابق زیتون کے درخت میں انسانی قد بڑھانے والے اجزاء پائے جاتے ہیں۔ چھوٹے قد والے افراد روزانہ روغن زیتون سے پورے جسم کی مالش کریں اور روزانہ صبح وشام آدھی چمچ روغن زیتون ایک کپ نیم گرم دودھ (گرمیوں میں تازہ دودھ) میں ڈال کر نوش کریں۔ اس کے استعمال کرنے سے جسم میں قوت آئے گی۔ جسم کی ہڈیاں مضبوط ہوجائیں گی۔ آہستہ آہستہ قد بھی بڑھنے لگے گا۔ **بالوں کو کالے اور چمکدار بنانے کیلئے:** روغن زیتون ایک چمچ، شہد ایک چمچ اور آدھا چمچ سفوف دار چینی لے کر پیسٹ بنائیں۔ نہانے سے پندرہ منٹ پہلے سر پر لگائیں اور اس کے بعد سر دھولیں۔ **خوبصورت گھنے، مضبوط اور لمبے بالوں کا قدرتی ذریعہ:** ہیئر آئل کا نسخہ: روغن زیتون 100 گرام، روغن بادام 50 گرام، روغن کدو 50 گرام، روغن خشخاش 50 گرام، روغن سرسوں 100 گرام، روغن کنجد خالص 100 گرام، چقندر کا پانی ایک کلو، آملہ تازہ کا پانی ایک کلو، آکاس بیل ایک کلو، بالچھڑ 50 گرام، برہمی بوٹی 50 گرام، ہلیلہ زرد 50 گرام، سکاکائی 50 گرام، چھڑیلا 50 گرام۔

آئل بنانے کا طریقہ: جڑی بوٹیوں کو ایک دن پانی میں بھگو دیں۔ اگلے دن بوٹیوں کو کچھ دیر پکائیں اور پانی چھان لیں۔ اب اس پانی میں روغنیات ملا کر دوبارہ پکائیں جب تمام پانی جل جائے تو تیل تیار ہے۔ **طریقہ استعمال:** کسی بھی وقت یہ روغن بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ **پرہیز و احتیاط:** روغن لگانے کے بعد کم از کم ایک گھنٹے تک سر نہ دھوئیں۔ **آئل کے فوائد:** اگر آپ کے بال تیزی سے گر رہے ہیں سر کے کسی حصے پر گنج چمک رہا ہے۔ بال روکھے پھیکے یا بھربھرے سے ہوتے جارہے ہیں۔ بالوں کے سرے دوشاخوں سے میں تقسیم ہوگئے ہیں یا پھر بالوں کی نرمی، چمک اور سلکی پن ختم ہوگیا ہے تو آپ کو غفلت ہرگز نہیں کرنی چاہیے بلکہ یہی تیل بنا کر استعمال کریں۔ یہ آزمودہ طبی نسخہ ہے جو آپ کو انشاء اللہ تمام کیمیاوی ادویات، شیمپوز، ہیئر ٹانک اور سوپ وغیرہ سے نجات دلا دے گا۔ اس کے علاوہ ذہنی ٹینشن اور حافظہ کی کمزوری کیلئے لاجواب تیل ہے۔

زیتون کے مجرب نسخہ جات! پڑھیے اور چونک جائیے

بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا: شہد اور روغن زیتون ملا کر ہر روز بالوں کی جڑوں میں لیپ کریں۔ بعد میں ریٹھے کے پانی سے سر دھولیں۔ انشاء اللہ وقت سے پہلے بالوں کا سفید ہونا بند ہوجائے گا۔ بال کالے چمکدار اور ملائم ہوجائیں گے۔

بالوں کی مضبوطی اور قدرتی چمک کیلئے: روغن زیتون 10 گرام، شہد خالص 5 گرام دونوں اشیاء کو خوب حل کرکے سر پر مساج کریں پھر کھولتے ہوئے پانی میں تولیہ بھگو کر سر پر رکھیں۔ تیل میں سر میں خوب جذب ہونے دیں۔ آدھا گھنٹے بعد شیمپو سے سر دھولیں ہر روز ایسا کرنے سے بال مضبوط، گھنے اور سیاہ ہوجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ نسخہ فیشل ماسک اور ہیڈ لوشن کے طور پر بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ اس سے جلد صاف اور ملائم ہوجاتی ہے۔

چہرے کا رنگ گلابی اور جسم خوبصورت

نہار منہ ایک چمچ روغن زیتون میں چٹکی بھر کلونجی ملا کر کھانے سے چہرے کا رنگ گلابی ہوجاتا ہے۔ اگر یہ نسخہ ایک کپ دودھ میں مکس کرکے استعمال کریں تو زیادہ مفید ہے۔

چہرے کے جھریوں کیلئے روغن زیتون میں عرق گلاب شامل کرکے خوب پھینٹیں اور اس سے چہرے پر مالش کریں۔

کان اور ناک کی بیماریوں کیلئے: روغن زیتون 100 گرام، کلونجی 10 گرام دونوں اشیاء کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب کلونجی تیل میں جل جائے تو تیل کو اتار کر چھان لیں۔ کسی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ اس تیل کے چند قطرے کان میں ڈالنے سے کان کی تمام بیماریاں رفع ہوجاتی ہیں۔ اس مرکب کا ناک میں ڈالنا پرانے زکام میں مفید ہے۔ **بہرہ پن کا علاج:** روغن زیتون ایک تولہ میں دو رتی ہینگ ملا کر دو قطرے روزانہ کان میں ٹپکائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ **ناسور، بواسیر کیلئے:** روغن زیتون 100 گرام، برگ مہندی 20 گرام، کلونجی 20 گرام تینوں اجزاء کو ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام چیزیں جل جائیں تو اتار کر چھان لیں۔ یہی تیل ایک چمچ صبح وشام گرم دودھ کے ہمراہ پئیں اور یہ تیل متاثرہ حصے پر لگائیں۔ یہ تیل کیل مہاسے، پھوڑے پھنسی، جلے ہوئے زخم وغیرہ کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔ **سردی کیلئے:** جن لوگوں کو سردی زیادہ لگتی ہو وہ رات کو سوتے وقت زیتون کے تیل کا ایک چمچ ایک کپ دودھ میں مکس کرکے پی لیں۔

دماغی بیماریوں کیلئے مجرب نسخہ: روغن زیتون 20 گرام، روغن بادام 20 گرام، روغن کاہو 20 گرام، روغن کدو شیریں 20 گرام، سرسوں کا تیل 50 گرام پانچوں تیل لے کر باہم ملالیں۔ پھر ان روغنیات پر سورۃ فاتحہ گیارہ بار اوّل وآخر تین بار درود شریف پڑھ کر دم کرلیں۔ اس کے بعد رات کو سوتے وقت مریض کے سر پر نرم ہاتھوں سے مالش کریں۔ کچھ عرصہ علاج جاری رکھیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ (باقی صفحہ نمبر 59)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوتی قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مرداں سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کالے جادو سے تڑپتے سسکتے آنسو بھرے خط اور شافی علاج | **روحانی بیماریوں کا روحانی علاج** | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن و سنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

تین بیٹیاں! کرایہ کا مکان، پریشان ہوں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! دنیا جہاں کے دھکے کھانے کے بعد آج کو اپنے مسائل کا حل جاننے کیلئے قلم اٹھایا ہے۔ گزارش ہے کہ میرا اپنا گھر نہیں ہے، کرایہ کے مکان میں رہتی ہوں، تین بیٹیاں ہیں اور یہ جوان ہو رہی ہیں، جگہ جگہ مکان تبدیل کرتے ہیں، کرائے کے مکان میں بیٹیوں کی عزت محفوظ نہیں ہوتی، یہ بات مجھے کھائے جارہی ہے۔ میں اپنا گھر چاہتی ہوں، اس کے علاوہ میری ایک چھوٹی بہن کا رشتہ کہیں نہیں ہوتا۔ (ش، اوکاڑہ)

جواب: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار، اول و آخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر "ک" پر 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح و شام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں، جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کر سکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں، تو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9، 9 دن کا عمل کرتے رہیں۔

زندگی کو چمکتا ستارہ بنانا چاہتی ہوں!

عمر 19 سال ہے، میری خواہش ہے کہ میں بیرون ملک جاؤں اور وہاں پر مجھے اچھی سی نوکری ملے، میں اپنی زندگی کو ایک چمکتا ہوا ستارہ بنانا چاہتی ہوں، میں اپنی زندگی میں بے پناہ دولت، شہرت اور عزت دیکھنا چاہتی ہوں، میں بہت زیادہ غریب ہوں، میں اپنی زندگی میں اپنا ذاتی گھر، گاڑی بنانا چاہتی ہوں، کوئی اسم یا آیت بتادیں۔ (م، دیپالپور)

جواب: آپ شریعت کے مطابق باپردہ زندگی گزارنے کی ترتیب بنائیں، ساری کامیابی اسی میں ہے۔ کامیاب زندگی کیلئے روزانہ صبح نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور اپنے حق میں بہتری کی دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ جو آپ کے حق میں بہتر ہوگا رب کریم آپ کو عطا فرمادیں گے۔

امی مشکلات میں گھری ہیں! وظیفہ بتادیں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! شادی شدہ اپنے گھر میں خوش ہوں، مگر میری والدہ کے گھر مشکلات کا ڈیرہ ہے، میرے بعد میرے کسی بھائی اور بہن کی شادی نہیں ہوئی، بھائی سال پہلے گھر سے بھاگ گیا، ابھی تک اس کا کچھ علم نہیں کہاں ہے؟ چھ ماہ پہلے والد فوت ہوئے مگر اسے علم نہیں۔ ایک بھائی کی زندگی بھی میں مشکلات کا دور ہے، اپنا گھر نہیں، امی کی صحت دن بدن خراب، بہن کیلئے کوئی رشتہ نہیں آتا، براہ کرم کوئی ایسا وظیفہ عنایت فرمائیں کہ میری امی کی ساری مشکلات، پریشانیاں دور ہوجائیں اور سب بھائیوں کی شادیاں ہوجائیں اور ان کا اپنا گھر بن جائے۔ (ش۔ک، راولپنڈی)

جواب: آپ روزانہ صبح نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 800 مرتبہ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا کَرِیْمُ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھا کریں۔ گھریلو الجھنوں، تنگدستی، شوہر کی بے رخی کیلئے انتہائی کامیاب عمل ہے، اجازت عام۔

چھوٹا قد بڑا کرنے کیلئے وظیفہ

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سر پر سلامت رکھے اور اللہ تعالیٰ آپ کو دین اور دنیا کی تمام خیریں اور بھلائیاں عطا فرمائے۔ آمین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا قد بہت چھوٹا ہے، میری سب کزنز کے قد بڑے ہیں جس کی وجہ سے میں احساس کمتری کا شکار ہوں، کہیں آنا جانا مشکل ہے، ہر کوئی مجھ پر باتیں کرتا ہے اور چھوٹے قد کی وجہ سے میرا رشتہ بھی نہیں ہو رہا۔ برائے مہربانی کچھ ایسا بتائیں کہ میرا قد کچھ تو بڑا ہوجائے۔ میری عمر 29 سال ہے۔ (ع، میانوالی)

جواب: اللہ تعالیٰ نے جیسا بنایا اسی میں خوش رہنا چاہیے، اگر قد چھوٹا ہے تو کیا ہوا؟ اپنے اردگرد نگاہ دوڑائیں آپ کو بے شمار ایک ٹانگ، ہاتھ اور بعض آنکھ سے محروم نظر آئیں گے، اللہ تعالیٰ نے آپ تندرست اور خوبصورت پیدا کیا ہے۔ لہٰذا احساس کمتری کا شکار نہ ہوں بلکہ ہر حال میں رب کریم کا شکر ادا کریں۔ چھوٹے قد کو بڑا کرنے کیلئے ایک آزمودہ عمل آپ کو دے رہا ہوں، بے شمار نے آزمایا، چند دن کرکے چھوڑ نہ دیجئے بلکہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کیجئے۔ عمل یہ ہے:۔ صبح و شام ایک مرتبہ ایک گلاس پانی لیکر اس پر سورۂ یوسف کی پہلی آیت الٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ تین مرتبہ اور ایک مرتبہ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ پڑھ کر پھونک مار کر پانی بیٹھ کر تین سانسوں میں اس تصور سے پئیں کہ جیسے جیسے پانی اندر جارہا ہے آپ کا قد بڑھ رہا ہے۔ چند ماہ یقین سے عمل کریں۔ گناہوں سے بچیں۔ نماز پنج وقتہ پڑھیں۔ صبح و شام کھجور کا ملک شیک پئیں۔

دو بیٹیوں کو عجیب بیماری لاحق! بہو گھر چھوڑ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کچھ مسائل ہیں جن کے حل کیلئے وظیفہ چاہتا ہوں۔ میری دو بیٹیوں کو کچھ عجیب قسم کی بیماری لاحق ہوئی ہے، ایک بیٹی سوزک جبکہ دوسری بیٹی ہمیشہ سر میں درد اور پاؤں میں خارش ہوتی ہے۔ علاج تو بہت کروائے مگر کچھ افاقہ نہ ہوسکا۔ بہت ٹیسٹ مگر ہر چیز کلیئر آتی ہے، دوسری طرف میری بہو کو ایک سال دو مہینے ہوگئے گھر چھوڑ گئی ہے، گھر واپس نہیں آتی۔ کوئی ایسا وظیفہ بتادیں کہ گھر کی تمام پریشانی ختم ہوجائے اور میری بہو عزت کے ساتھ خود ہی گھر واپس آجائے۔ آپ کا زندگی بھر یہ احسان نہ بھولوں گا۔ (پیاؤ نور خان، بنوں)

جواب: آپ تمام گھر والے صبح و شام اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ تسبیح اسم الٰہی یَاقَھَّارُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا زیادہ سے زیادہ باوضو رہیں۔ اس کے ساتھ ہر جمعرات حسب توفیق ایک بکرا اچھا صحت مند یا ایک مرغی یا تھوڑا سا بڑا گوشت غرباء مساکین میں تقسیم کردیں یا گوشت پرندوں کو ڈال دیں۔ اس کے علاوہ دونوں بیٹیوں کو عبقری دواخانہ کی "ٹھنڈی مراد جو ہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی"، لیکر ایک جار میں تینوں سفوف مکس کرکے دن میں پانچ سے سات مرتبہ چائے کا چمچ سفوف پانی کے ساتھ دیں۔ چند ہفتے، چند مہینے۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج (خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار)

معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج۔ معدے کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام‘ موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

یادداشت کمزور، سستی اور کاہلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ 13 سال سے سر درد میں مبتلا ہوں جس کی وجہ سے بہت پریشان ہوں میری یادداشت بہت کمزور ہوگئی ہے سستی اور کاہلی رہتی ہے سر درد آدھے سر سے شروع ہو کر پورے سر میں ہوتا ہے۔ گھٹنے سمیت پوری ٹانگوں میں درد ہوتا ہے نزلہ زکام بھی رہتا ہے۔ حکیم صاحب بہت پریشان رہتا ہوں پرہیز وغیرہ بھی بتادیں۔ میری عمر 31 برس ہے آپ کا مشکور رہوں گا۔ (محمد مصدق عباسی، کراچی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ’’روشن دماغ‘ نیوطاقتی اور معجون مراد‘‘ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ موسمی پھل کھائیں‘ صبح سیر کی ترتیب بنائیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی آپ کی صحت بحال ہوجائے گی۔ بازاری‘ تلی ہوئی اور مرچ مصالحہ والی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

بچہ پڑھائی نہیں کرتا‘ مار کھاتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹے کا پڑھائی میں دماغ نہیں جو پڑھتا ہے بھول جاتا ہے اس لیے ٹیوشن اور سکول سے ڈانٹ اور مار بھی کھاتا ہے۔ اس کی عمر 10 سال ہے۔ بستر میں پیشاب بھی نکل جاتا ہے۔ دماغ کے حافظہ اور پیشاب کی دوا بتادے۔ (محمد حسین، لاہور)

مشورہ: آپ دماغی کمزوری کیلئے اگر رات سوتے وقت سات دانے بادام چھیلے ہوئے ہمراہ ایک تولہ مصری کے کھالیے جائیں تو دماغی کمزوری بھی دور ہوتی ہے اور کمزوری نظر کے شکار افراد کیلئے بھی بہت لاجواب ہے۔ اپنے بچے کو کچھ عرصہ دودھ کے ساتھ یہ ٹوٹکہ کھلائیے اس کے ساتھ آپ نے بستر پر پیشاب کا پوچھا اس کیلئے ایک آزمودہ نسخہ ہے۔ ھوالشافی: رات سوتے وقت تل کے لڈو شکر ملا کر بنالیں۔ ایک چھوٹا لڈو بچے کو کھلادیں۔ لڈو کھلانے کے بعد پانی ہرگز نہ پلائیں۔ صرف چند دن اس ترتیب سے بچے کو کھلائیں بچہ بستر پر پیشاب نہیں کرے گا۔ آزمودہ ہے۔ بچے کی عمر ابھی صرف دس سال ہے لہٰذا اس پر زیادہ بوجھ نہ ڈالیں۔

اتنی ادویات کھاتا ہوں مگر صحت نہیں ملتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے 6 سال سے آواز والی ڈکاریں آتی رہتی ہیں۔ متلی کھانے کے بعد پانی کے ڈیکار‘ پانی کبھی ناک میں چلا جاتا ہے۔ آنکھوں میں پانی لیکن ایسا کبھی کبھی ہوتا ہے۔ گھٹنوں میں درد، سر میں درد آنکھوں میں کھنچاؤ۔ پڑھنے میں بھی دل نہیں لگتا پھر عجیب سی بے چینی ہونے لگ جاتی ہے۔ اتنی دوائیاں کھائیں ہیں لیکن مجھے فرق نہیں پڑتا اور قبض تین دن تک رہتی ہے‘ ادویات سے وقتی طور پر فرق پڑتا ہے۔ پیٹ میں ہلکا ہلکا درد ہونا شروع ہوجاتا ہے بعد میں پھر وہی حالات۔ میری عمر 20 سال ہے۔ اللہ کریم کے صدقے کوئی دوائی کوئی ٹوٹکہ بھیج دیں میں آپ کی مشکور ہوں گی۔ (حسنہ صدیق، لاہور)

مشورہ: آپ بازار سے ایک پاؤ الائچی اور ایک پاؤ میتھرے (جو اچار میں ڈالے جاتے ہیں) لے کر دونوں باریک پیس لیں اور ایک چمچ چائے والا صبح و شام استعمال کریں۔ آپ چاہیں تو تین دفعہ بھی لے سکتی ہیں‘ بہت لاجواب چیز ہے اور اس کے بہت صحت مند اثرات ظاہر ہوتے ہیں‘ تندرستی میں‘ صحت میں خواہ اس کا تعلق معدہ ہو‘ گیس ہو‘ تبخیر ہو‘ بھوک کا نہ لگنا ہو یا کھانا کھاتے ہی کھٹی ڈکاریں‘ جلن‘ پیٹ کا بڑھنا ان تمام بیماریوں کیلئے یہ بہت مفید ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ اس کے علاوہ خواتین کی اندرونی نسوانی بیماریاں ایام کی خرابی‘ رسولیاں سسٹ‘ اندرونی ورم‘ اندرونی انفیکشن‘ پرانے سے پرانا لیکوریا‘ پاؤں کے بل بیٹھنے سے بوجھ بنتا ہو اس میں بھی لاتعداد خواتین کی تجربہ شدہ ہے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ اعتماد سے چند ہفتے‘ چند مہینے اس نسخہ کو استعمال کریں۔

شرمندگی اور احساس کمتری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جو مسئلہ میں آپ کے سامنے پیش کرنے جارہا ہوں یہ تھوڑا سا معیوب محسوس ہوتا ہے اور اگر میں آپ کے سامنے یہ پیش کرنا چاہوں تو پیش نہیں کرسکتا۔ میں نے جوانی میں کوئی غلط سوسائٹی اختیار نہیں کی‘ میری پہلی شادی ختم ہوچکی ہے‘ دوسری شادی کی ہے‘ مگر ازدواجی حقوق ادا کرنے میں شدید مشکلات درپیش ہیں‘ بیوی کی عمر 12 سال کم ہے‘ شرمندگی اور احساس کمتری کا شکار ہوں‘ خدارا کوئی کارآمد نسخہ یا دوائی تجویز کردیجئے جس سے میری کمزوری دور ہو۔ (پوشیدہ‘ چکوال)

مشورہ: نماز پنج وقتہ لازمی پڑھیں۔ نماز فجر ادا کرنے کے بعد کم از کم تین کلومیٹر تیز قدموں سے روزانہ ضرور چلیں۔ پہلے دن جب تک تھکاوٹ نہ ہو چلیں‘ اس کے بعد چند دنوں تک تین کلومیٹر تک چلنے کی ترتیب بنالیں۔ بعد میں اس سے زیادہ چل سکتے ہیں چلیں‘ تازہ پھل خوب کھائیں‘ خشک میوہ جات کا استعمال اپنی خوراک میں ضرور رکھیں۔ بکرے کے شوربہ میں روٹی کے ٹکڑے ڈال کر کچھ دیر بعد کھائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی گولیاں ’’قوتی اور معجون مراد‘‘ چند ہفتے مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

پیشاب کی زیادتی! علاج

میری بیوی جس کی عمر تقریباً ساٹھ سال ہونے کو آج سے کچھ عرصہ قبل پیشاب کی زیادتی بیماری میں مبتلا ہوگئی‘ ہر وقت پیشاب کی حاجت رہتی ہے‘ پیشاب کبھی تکلیف اور کبھی جلن کے ساتھ زیادہ کبھی تھوڑا آتا‘ اس کے علاوہ رات کو تین گولی نیند کی کھا کر سوتی ہے‘ اگر گولی نہ کھائے تو نیند نہیں آتی۔ ایسی دوا بتائیں کہ اس تکلیف سے نجات مل سکے۔ (سعد اللہ‘ کراچی)

مشورہ: آپ اپنی اہلیہ کو عبقری دواخانہ کا ’’بستر پیشاب شفاء‘‘ کچھ عرصہ مستقل مزاجی استعمال کروائیں۔ نیند کیلئے یہ نسخہ بنالیں اور انہیں استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ انہیں بھرپور نیند آئے گی۔ ھوالشافی: گیارہ دانے عناب، کیڑا لگا ہوا نہ ہو۔ گیارہ دانے سپستان اور ایک بڑا چمچ بہی دانہ، ہلکا سا کوٹ کر ایک کلو یا ایک لیٹر ابلتے گرم پانی میں رات کو بھگو کر رکھ لیں‘ صبح اچھی طرح مل چھان کر شہد یا شکر جو بھی میٹھا مناسب ہو اگر میٹھا نہ بھی ملائیں تو کوئی حرج نہیں۔ سردی ہو تو نیم گرم ایک ایک کپ سارے دن میں ایک کلو پانی ختم کریں اس طرح روزانہ نئی دوائی اور نیا پانی۔ بھرپور نیند کا ٹوٹکہ ہے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے‘ کیل مہاسے‘ چھائیاں‘ داغ‘ گڑھے‘ پیپ دار الرجی‘ رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟ م ل۔ا، لاہور

ہاں میں مجرم ہوں میرا اقبال جرم پڑھ لیجئے!

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں، روز سنیں، آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

زندگی کے اتنے سال برباد کیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بچپن سے ہی کسی سچی، کھری اور بزرگ ہستی کی تلاش میں تھا کہ کوئی اللہ والے مل جائیں جن کا ہاتھ تھام لوں۔ زمانہ طالب علمی میں سال 2000ء میں کسی نے آپ کے بارے میں ذکر کیا لیکن تب بدقسمتی سے آپ کی طرف رجوع نہ کرسکا، یہ سوچ کر دل بہت افسردہ ہوتا ہے کہ اسی وقت آپ کی غلامی میں کیوں نہ آیا، زندگی کے اتنے سال برباد کرکے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا لیکن پھر بھی اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ زندگی میں اللہ نے آپ کی غلامی کا شرف بخشا، عرصہ تقریباً 2½ سال قبل اللہ تعالیٰ کی ذات نے تسبیح خانہ کا راستہ دکھایا اور آپ سے بیعت ہونے کی سعادت نصیب ہوئی، تسبیح خانہ کے ساتھ وابستہ ہونے کے بعد زندگی کے اصل مقصد کا پتہ چلا کہ زندگی کا اصل مقصد کیا ہے دل اور روح کی بھی کوئی دنیا ہوتی ہے۔ تسبیح خانہ کے فیض اور آپ کی وابستگی سے دل اور ضمیر کے اندر گناہوں کی گونج پیدا ہوئی۔ آپ کی نسبت نے دل کو نماز اور تسبیح کی طرف راغب کیا۔

آپ کے سامنے اپنے گناہوں کا اعتراف کررہا ہوں

قارئین آج میں آپ کے سامنے اپنے تمام تر گناہوں کا اعتراف بڑے ہی دکھی اور شکستہ دل کے ساتھ کررہا ہوں عرصہ تقریباً 5 سال قبل (ش) نامی خاتون سے میری ملاقات ہوئی بس میں بدقسمتی سے شیطان کے بہکاوے میں آگیا اور اس کے ساتھ بات چیت شروع کردی۔ اس خاتون کو پہلے خاوند نے طلاق دے دی تھی تو بعدازاں اس نے دوسری شادی کی، جس شخص کے ساتھ اس نے دوسری شادی کی وہ لڑکا ذہنی طور پر پوری طرح نارمل نہیں ہے اور اس کا ذریعہ معاش بھی کوئی خاص نہیں تھا۔ اس خاتون کی دوسری شادی کے ایک سال بعد اس کے ساتھ میری فون پر بات چیت شروع ہوگئی، ہم کبھی کبھار باہر بھی گھومنے چلے جاتے۔ اس خاتون سے تعلق بننے کے عرصہ 2 سال بعد اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی لیکن ہمارے تعلق کی ابتداء سے لے کر اس کی بیٹی کی پیدائش کے بعد عرصہ 6 ماہ تک بھی ہمارے مابین کسی قسم کے ناجائز تعلقات نہیں تھے لیکن اس کے بعد بدنصیبی سے ہم غلط راہوں پر چل پڑے اور اسی دوران میں نے شراب نوشی بھی شروع کردی۔ جب سے ہمارا تعلق قائم ہوا تب سے لے کر یعنی عرصہ پانچ سال سے میں نے اس کے تمام اخراجات اٹھانا شروع کردیئے۔ لیکن عبقری رسالہ ملا اور تسبیح خانہ کے ساتھ نسبت بنی اور آپ سے بیعت ہوا تو دل بہت پریشان رہنے لگا کہ اتنی بڑی ہستی کے ہاتھ پر بیعت ہونے کے باوجود بھی میں اتنے سنگین گناہ کیوں کررہا ہوں۔

یااللہ مجھے گناہوں والی زندگی سے بچالے

میں نے اللہ سے مانگنا شروع کیا کہ اللہ مجھے اس گناہ کی زندگی سے بچالے، کئی بار میں اس گناہ سے نکلنے اور اس خاتون سے کنارہ کش ہونے کی کوشش کرتا رہا لیکن بدقسمتی سے کامیاب نہ ہوسکا اسی دوران میری بیوی اور ماں باپ کو میرے تعلقات کا پتہ چل گیا جس کی وجہ سے گھر میں شدید لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے۔ میں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ بہت ظلم کئے اور ماں باپ کے ساتھ بہت زیادہ بدتمیزیاں کیں لیکن یہ سب کرنے کے باوجود میں اندر ہی اندر بہت زیادہ دکھی اور پریشان رہنا شروع ہوگیا کہ میرے والدین بہت نیک ہیں، پانچ وقت کے نمازی اور تہجد گزار ہیں اور انہوں نے مجھے حلال روزی کھلائی اور میں کیا کررہا ہوں؟ والدین نے اپنی محنت مزدوری اور حلال کی کمائی سے بنائی گئی زمین بیچ کر مجھے کاروبار کی خاطر پیسے دیئے لیکن حقیقت یہ تھی کہ میں کاروبار اور گھر پر توجہ دینے کی بجائے اس خاتون میں گم سم رہا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بجائے کاروبار بڑھنے کے کاروبار کم ہوتا گیا اور میں جمع پونجی کھاتا رہا حتیٰ کہ مقروض ہوگیا ہوں، کرایہ کے گھر میں رہتا ہوں، اتنی رقم آنے کے باوجود اپنا گھر بھی نہیں بنا سکا۔

بیوی، بچوں اور والدین کے ساتھ ظلم کرتا رہا

والدین، بہن بھائیوں کا حق کھاتا رہا، والدین، بیوی، بچوں، بہن بھائیوں کے ساتھ ظلم کرتا رہا لیکن اس خاتون کے ساتھ اس نیت سے چلتا رہا کہ اس کا کوئی کمانے والا نہیں۔ شروع میں میری نیت میں یہ تھا کہ وہ بے آسرا ہے اس کی مدد کروں گا تو اللہ مجھے اجر دے گا مگر میں بھٹکتا ہی چلا گیا لیکن دوسری طرف اپنے حقیقی رشتوں کو ان کے حقوق سے محروم رکھتا گیا سب کچھ برباد کرتا رہا۔

ماں کی آخری خواہش! میں ٹھیک ہوجاؤں

میری اہلیہ بہت نیک سیرت خاتون ہے وہ مجھے سمجھاتی رہی کہ آپ ٹھیک ہوجائیں لیکن بدقسمتی سے عمل نہیں کرپایا اور میرے والدین اور بہنیں بھی اس وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ والدہ فرماتی ہیں کہ بیٹا میری خواہش ہے تم میری زندگی میں ٹھیک ہوجاؤ اور میری زندگی میں اپنا گھر بنالو تاکہ میں بھی اپنی زندگی میں تمہارا اپنا گھر دیکھ لوں اور قبر میں سکون سے جاسکوں، والدہ کو تسلیاں دیتا ہوں کہ آپ دعا کریں گی تو بہت جلد اللہ اپنی چھت دے دے گا۔ جب سے عبقری رسالہ ملا اور تسبیح خانہ سے نسبت جڑی ہے میں نے شراب نوشی چھوڑ دی ہے اور اس خاتون کو متعدد بار چھوڑنے کی بھرپور کوشش کررہا ہوں، ملاقاتیں ختم کردی ہیں اب میری بس ہوچکی ہے پنج وقتہ نماز شروع کردی ہے، دل کو سکون تو ملتا ہے مگر جب اپنے گناہوں پر نظر پڑتی ہے تو تڑپ جاتا ہوں، یہ تمام کیفیت کی وجہ صرف تسبیح خانہ ہی تو ہے۔ کیا میرے ان سنگین گناہوں کا کوئی مداوا ہوسکتا ہے؟

کیا میرے گناہوں کی بھی بخشش ہوسکتی ہے؟

کیا میرے گناہوں کی بھی بخشش ہوسکتی ہے؟ کیا میں بھی ان گناہوں کی دلدل سے نکل کر ایمان، اعمال کی زندگی گزار سکتا ہوں؟ پہلے خود سے یہ سوال پوچھتا ہوں، کیا یہ ممکن ہے کہ میں جب اس دنیا سے جاؤں تو میرا اللہ، میرے مرشد، میرے والدین اور بیوی بچے مجھ سے راضی ہوں۔ میرے کردہ گناہوں کے اندھیروں میں اگر کوئی امید کی کرن باقی بچی ہے تو وہ صرف تسبیح خانہ ہے اور اللہ پاک کی رحمت ہے کہ میں اس گناہ کی زندگی سے تسبیح خانہ کی نسبت سے بہت حد تک نکل چکا ہوں۔ ان شاء اللہ باقی بھی یہاں آنے، درس سننے اور عبقری رسالہ پڑھنے کی برکت سے نکل جاؤں گا۔

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

دن میں 15 گھڑیاں ایسی جب ہر دعا قبول ہوتی ہے!

محمد ابوبکر، لاہور

☆ تلاوت قرآن کے بعد (ترمذی، عن عمران بن حصینؓ)۔☆ زم زم پیتے وقت (حاکم عن ابن عباسؓ)۔☆ ختم قرآن کے بعد (طبرانی عن ابن عمرؓ)۔☆ مرغ کی آواز کے وقت (بخاری، مسلم، ترمذی عن ابی ہریرہؓ)۔

کن اوقات وحالات میں قبولیت دعا

جن اوقات وحالات میں قبولیت دعا کی زیادہ امید ہے وہ یہ ہیں: (1) شب قدر (ترمذی، حاکم عن عائشہؓ)۔(2) عرفہ کا دن (ترمذی، عن عمرو بن شعیبؓ)۔(3) رمضان المبارک کا مہینہ (بزار عن عبادۃ بن الصامتؓ)۔(4) شب جمعۃ المبارک (ترمذی، حاکم عن ابن عباسؓ)۔(5) جمعہ کا دن (ابو داؤد، حاکم عن ابی ہریرہؓ)۔(6) آدھی رات (طبرانی) اور بعض روایات میں رات کا نصف آخر مذکور ہے (احمد ابو یعلی)۔(7) سحر کا وقت (صحاح ستہ عن ابی ہریرہؓ)

(8) جمعہ کے دن خطبہ جمعہ کیلئے امام کے منبر پر بیٹھنے سے لیکر نماز ختم ہونے تک (مسلم، ابوداؤد عن ابی موسیٰؓ)

(9) اذان کے وقت (ابوداؤد، حاکم عن سہل بن سعدؓ)

(10) اذان اور اقامت کے درمیان کی دعا (ابوداؤد، نسائی، ابن حیان عن انسؓ)

(11) مصیبت زدہ شخص کی حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح کے بعد کی دعا (حاکم عن ابی امامہؓ)

(12) میدان جہاد میں صف قتال باندھتے وقت (طبرانی، ابن حیان عن سہل بن سعدؓ)۔(13) جب کفار سے جنگ شروع ہوجائے (حصن حصین)۔(14) فرض نمازوں کے بعد (ترمذی، نسائی عن ابی امامہؓ)۔(15) حالت سجدہ میں (مسلم، ابوداؤد عن ابی ہریرہؓ)۔(16) تلاوت قرآن کے بعد (ترمذی، عن عمران بن حصینؓ)۔(17) زم زم پیتے وقت (حاکم عن ابن عباسؓ)۔(18) ختم قرآن کے بعد (طبرانی عن ابن عمرؓ)۔(19) میت کے پاس حاضر ہونے کے وقت (مسلم، سنن اربعہ عن ام سلمہؓ)۔(20) مرغ کی آواز کے وقت (بخاری، مسلم، ترمذی عن ابی ہریرہؓ)۔(21) مسلمانوں کے اجتماع کے وقت (صحاح ستہ عن ام عطیہ الانصاریہؓ)۔(22) مجالس ذکر میں (بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی ابی ہریرہؓ)۔(23) امام کے ولا الضالین کہنے کے وقت (آمین کہنا چاہیے جو خود دعا ہے)، (مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ عن ابی ہریرہؓ)۔(24) میت کی آنکھ بند کرتے وقت (مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ عن ام سلمہؓ)۔(25) نماز کی اقامت کے وقت (طبرانی، ابن مردویہ عن سہلؓ)۔(26) بارش ہوتے وقت (طبرانی، ابن مردویہ عن سہلؓ)۔(27) کعبہ شریف پر نظر پڑتے وقت (ترمذی، طبرانی عن ابی ہریرہؓ)۔(28) افطار کے وقت (ترمذی، ابن حیان، بحوالہ حصن حصین)

دعا قبول ہونے کے مقامات

جن مقامات پر دعا قبول ہونے کی امید کی جاتی ہے ان میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

(1) طواف کرتے ہوئے۔(2) ملتزم پر چمٹ کر۔

(3) میزاب رحمت کے نیچے۔(4) کعبہ شریف کے اندر

(5) زم زم کے کنوئیں کے قریب۔(6) صفا پر

(7) مروہ پر۔ (8) مقام ابراہیم کے پیچھے

(9) عرفات میں۔ (10) مزدلفہ میں

(11) منیٰ میں۔(12) تینوں جمرات کے قریب

(13) روضہ اقدس ﷺ کے سامنے

(14) دارارقم میں۔ (15) غار ثور میں

(16) غار حرا میں۔ (17) رکن یمانی کے پاس

(18) رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان۔(19) تمام متبرک مقامات پر۔ (20) میدان قتال میں

روئیں اور غیر ضروری بالوں کے خاتمے کیلئے

چہرے پر روئیں یا بالوں کی وجہ سے پریشان مت ہوں اس کے لیے (۱) گندم کا آٹا آدھا پاؤ، (۲) ہلدی 12 گرام، (۳) سنگترے کے چھلکے 50 گرام، (۴) صندل سفید 12 گرام۔ سب اشیاء کو باریک پیس کر آٹے میں ملا دیں اور کھلے منہ کی شیشی میں بھر کر رکھ دیں۔ ہر روز تھوڑا سا ابٹن دودھ یا پانی میں ملالیں اور چکنائی کیلئے سرسوں کا تیل یا بالائی بھی ڈال دیں۔ پندرہ منٹ تک خوب چہرے پر ملیں۔ چند ہفتے کے استعمال سے روئیں میں قدرے کمی واقع ہوگی اور رنگت بھی نکھر جائے گی۔(ف، لاہور)

ٹاپ کی جگہ خالی ہے!

مولانا وحید الدین خاں

کچھ نوجوان بیٹھے ہوئے آپس میں باتیں کررہے تھے' ہر ایک ماحول کی شکایت کررہا تھا' داخلے نہیں ہوتے' ملازمت نہیں ملتی' کام نہیں ملتا وغیرہ۔ ایک زیادہ عمر کا تجربہ کار آدمی بھی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا۔ وہ خاموشی سے سب کی باتیں سن رہا تھا' آخر میں اس نے کہا: آپ لوگوں کی شکایات بالکل بے جا ہیں' آپ وہاں جگہ ڈھونڈ رہے ہیں جہاں جگہیں بھری ہوئی ہیں اور جہاں جگہ خالی ہے وہاں پہنچنے کی کوشش نہیں کرتے۔ آپ لوگ اونچی لیاقت پیدا کیجئے پھر آپ کیلئے مایوسی کا کوئی سوال نہ ہوگا' کیونکہ عام جگہیں اگرچہ بھری ہوئی ہیں مگر ٹاپ کی جگہ ہر طرف خالی ہے۔ امتیاز کامیابی کا راز ہے آپ طالب علم ہوں یا تاجر' آپ وکیل ہوں یا ڈاکٹر' آپ خواہ جس میدان میں بھی ہوں' اپنے اندر امتیاز پیدا کرنے کی کوشش کیجئے اور یقیناً آپ کامیاب رہیں گے۔ اگر آپ چوہا پکڑنے کا اچھا پنجرہ ہی بنانا جانتے ہوں تو لوگ خود آکر آپ کا دروازہ کھٹکھٹانا شروع کردیں گے۔ لوگوں کی غلطی یہ ہے کہ جس قسم کے ''پنجرے'' بازار میں بھرے ہوئے ہیں اسی قسم کا ایک اور ''پنجرہ'' بنا کر بازار میں بیٹھ جاتے ہیں اور پھر شکایت کرتے ہیں کہ ہمارا پنجرہ فروخت نہیں ہوتا۔ اگر آپ محنت کریں اور اپنے دماغ کو استعمال کرکے امتیازی پنجرہ بنائیں تو یقیناً لوگ اس کو خریدنے کیلئے ٹوٹ پڑیں گے۔ ہر ماحول میں ہمیشہ تعصب اور تنگ نظری موجود ہوتی ہے۔ یہ بالکل فطری ہے مگر تعصب اور تنگ نظری کے عمل کی ایک حد ہے اگر آپ اس حد کو پار کر جائیں تو تعصب اور تنگ نظری ہوکر بھی آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ آپ کے نمبر 45 فیصد ہیں اور آپ کے حریف کے 40 فیصد تو عین ممکن ہے کہ تعصب آپ کی راہ میں حائل ہوجائے اور آپ کو نہ لیا جائے لیکن اگر ایسا ہو کہ حریف کے نمبر 40 فیصد ہیں اور آپ کے نمبر 80 فیصد تو تعصب اور تنگ نظری کی تمام دیواریں گرجائیں گی اور یقینی طور پر آپ اپنے حریف کے مقابلہ میں کامیاب رہیں گے۔ معمولی جگہیں بھری ہوئی ہیں مگر ٹاپ کی جگہ خالی ہے پھر آپ کیوں نہ اس خالی جگہ پر پہنچنے کی کوشش کریں جواب بھی آپ کا انتظار کررہی ہے۔ اگر آپ دوسروں سے زیادہ محنت کریں۔ اگر آپ عام معیار سے اونچا معیار پیش کریں اگر آپ زیادہ بڑھی ہوئی صلاحیت کے ساتھ زندگی کے میدان میں داخل ہوں تو آپ کیلئے بے جگہ یا بے روزگار ہونے کا کوئی سوال نہیں۔ ہر جگہ آپ کی جگہ ہے کیونکہ وہ اب تک کسی آنے والے کے انتظار میں خالی پڑی ہوئی ہے۔

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے۔☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت: -/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

3 خوراک کھلائیں! یقینی بیٹا پیدا ہوگا! پیرومرشد کا عطا کردہ نسخہ

محمد ارشد، پھول نگر

تین خوراک بنا کر گائے کے دودھ کے ساتھ (جو کہ اس گائے کا ہو جس نے بچھڑا جنا ہو یعنی وہ بچھڑے کی ماں ہو' بچھڑی کی نہ ہو) ایک خوراک روزانہ دیں۔ تین دن انشاء اللہ آئندہ بیٹا پیدا ہوگا۔ جس کو بنا کر دی کبھی خطا نہیں ہوئی جب عورت کو 2 ماہ ہو جائیں اس دن سے شروع کرنی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ آپ کو اور آپ کی ٹیم کو اللہ تعالیٰ صحت اور تندرستی عطا فرمائے اور دکھی لوگوں کی خدمت کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے اور آپ لوگوں کی دعائیں یوں ہی لیتے رہیں۔ میں نومبر 2017 میں تسبیح خانہ لاہور آیا' خوب عبادات کرنے کا موقع ملا' اس کے بعد جنوری اور فروری کے دوران اسم اعظم کا روحانی دم کرانے آیا' وہاں سے مجھے ''دم والا تیل'' ملا۔ میں نے وہ تیل اپنے کان کے نیچے گلٹی پر چند دن لگایا' میری گلٹی ختم ہوگئی۔ سر میں خشکی اور سر کے درمیان میں ایک کیل جیسا نکلتا تھا وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ میرے والد حکیم غلام محمد چشتی (مرحوم) صاحب کے نسخہ جات بہت ہیں اس میں سے چند آپ کو نذرانہ کے طور پر اللہ کی رضا کے لیے پیش کر رہا ہوں۔ تاکہ لوگ ان سے فائدہ اٹھاتے رہیں۔

نرینہ اولاد 99 فیصد کامیاب نسخہ

مور کے پر کی ٹکی کا اندر والا چمک دار حصہ ایک عدد، منقیٰ 6 ماشہ، طباشر 3 ماشہ۔ ٹکی کو باریک کاٹ کر طباشر ڈال کر خوب کھرل کریں جب دونوں یک جان ہو جائیں تو منقیٰ ملا کر کھرل کرکے گولی بنالیں۔ یہ تین خوراک بنا کر گائے کے دودھ کے ساتھ (جو کہ اس گائے کا ہو جس نے بچھڑا جنا ہو یعنی وہ بچھڑے کی ماں ہو' بچھڑی کی نہ ہو) ایک خوراک روزانہ دیں۔ تین دن انشاء اللہ آئندہ بیٹا پیدا ہوگا۔ جس کو بنا کر دی کبھی خطا نہیں ہوئی جب عورت کو 2 ماہ ہو جائیں اس دن سے شروع کرنی ہے یہ ہمارے پیرومرشد کی عنایت ہے یہ نسخہ پہلے ہمارے پیرومرشد دیا کرتے تھے اس کے بعد میرے والد صاحب دیتے رہے پھر انہوں نے مجھے بتایا اور بہت سے لوگوں کو دیا جا چکا ہے جس سے نرینہ اولاد ہوئی ہے 99% گارنٹی شدہ ہے۔ وقت کی پابندی اور گائے بچھڑے والی ہونی چاہیے۔

چھوٹے پیشاب کا جلاب

میرا دوست کراچی میں مالی کا کام کرتا تھا اس کو یہ مسئلہ تھا اور ساتھ پتھری بھی تھی اس نسخہ کے استعمال سے اس کی پتھری بھی نکل گئی۔ نسخہ یہ ہے کہ جوکھار، نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ ہموزن لے کر باریک کریں ایک ٹکی مشک کافور ملالیں اور استعمال کریں۔

درد ریح کا نسخہ

چنے ایک کلو، چھوہارے ½ پاؤ، مغز بادام ½ پاؤ، چاروں مغز ½ پاؤ، گری ½ پاؤ، پستہ ½ پاؤ ان سب کو کوٹ کر حلوہ تیار کرکے کھانے سے درد ریح جاتا رہتا ہے۔ (چینی یا مصری ضرورت کے مطابق ملا کر پنجیری بنالیں)۔ یہ نسخہ مجھے حکیم محبوب بھائی پھیرو پھولنگر والے نے دیا تھا جس سے مجھے درد ریح سے نجات ملی۔ میں نے جگہ جگہ سے دم اور دوائی لے کر کھائی کوئی فائدہ نہیں ہوتا تھا جب یہ نسخہ بنا کر کھایا تو ایک ہفتے میں فائدہ ہوا اور اب میں ٹھیک ہوں۔

امراض سینہ اور جسمانی کمزوریوں کیلئے مفید

قسط شیریں، زیتون کا تیل، شہد ہموزن ملالیں یہ معجون جسمانی کمزوریوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ معجون بلڈ پریشر کے لیے انشاء اللہ سو فیصد گارنٹی شدہ۔

بواسیر اور شوگر کا خاتمہ! ذائقہ دار نسخہ

صبح نہار منہ سات دانے انجیر، سہ پہر کو سات دانے کھجور کھائیں۔ کم از کم تین کھائیں۔ شوگر والے دو دو دانے سے شروع کریں۔ فائدہ ہوگا۔

درد سر ہو یا جوڑوں کا! مالش کیجئے

کافور اور کلورل ہائیڈریٹ ہموزن شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں چند گھنٹوں کے بعد کافور تیل ہوگا۔ سر درد، جوڑوں کا درد ہو تو مالش کریں۔

غدود پیشاب

چھلکا ریٹھ 20 گرام، کشتہ حجرالیہود 10 گرام زیرو کیپسول لسی نمکین یا میٹھی لسی سے لیں۔ فائدہ ہوگا۔

بے انتہا طاقتور چائے

آٹے والی بھوسی توے پر بھون لیں، سبز الائچی 10 گرام، جائفل 10 گرام، سونٹھ 10 گرام باریک پیس لیں آدھا کلو دودھ میں ایک گلاس پانی ملالیں۔ تین بڑے چمچ بھنی ہوئی بھوسی ملائیں، 3 گرام ہر چیز ملا کر اچھی طرح ابالیں۔ خوشگوار ذائقہ دار چائے تیار ہے۔

چقندر کا سوپ پیئں صحت پائیں

چقندر کا ڈنٹھل کاٹ لیں تھوڑا پانی ڈال کر برتن میں ڈھک دیں اور دھیمی آنچ پر پکائیں جب یہ گل جائے تو حسب ذائقہ نمک مرچ، ہرا دھنیا، سفید زیرہ اور دوسرے مصالحے چھڑک لیں روٹی سے کھائیں۔ چقندر آدھا پاؤ، بند گوبھی، سفید ایک ایک گوشت کی یخنی دس پیالی۔ مکھن ایک چمچ، سرکہ بقدر ضرورت، کالی مرچ بقدر ضرورت، دہی چھ کھانے کے چمچ، ہرا دھنیا ایک گڈی، چقندر چھیل لیں اب باقی گوبھی کے ٹکڑے ڈال کر دھیمی آنچ پر پکائیں ڈیڑھ دو گھنٹے پکائیں جب دونوں گل جائیں تو چھان لیں۔ باقی گوبھی اور چقندر کدوکش کرلیں پتیلی میں مکھن گرم کرکے گوبھی اور چقندر کے ٹکڑے بارہ منٹ تک پکنے دیں پھر اس میں شوربا شامل کرلیں گھر کے سب افراد مل کر کھائیں۔

سردی! پرانی چوٹ اور درد! مگر اب نہیں

محترم قارئین! چار سال پہلے میں سیڑھیوں سے گر گئی تھی' میرے پاؤں پر چوٹ لگی تھی' اس وقت ٹھیک ہوگئی مگر ہر سردی کے موسم میں چوٹ کی جگہ درد شروع ہو جاتا تھا۔ اب کے گرمی میں بھی درد ہوتا رہا۔ میں ایسی جگہ رہتی ہوں جہاں دوائیاں آسانی سے دستیاب نہیں ہوسکتیں' پھر مجھے کسی نے یہ ٹوٹکہ بتایا۔ ھوالشافی: پرانا کھوپرا (ناریل) پرانے کا مطلب رنگ تبدیل ہوگیا ہو' بعض مرتبہ گھر میں بھی کھوپرا پڑے پڑے خراب ہو جاتا ہے۔ اب آپ کھوپرے کو لے کر ہاون دستہ میں باریک کوٹ لیں جتنا کھوپرا ہو اس کا چوتھائی حصہ ہلدی ملالیں۔ اب ململ کے پرانے کپڑے میں دونوں چیزوں کی پوٹلی بنالیں۔ توے پر پوٹلی ہلکی گرم کرکے سکائی کریں۔ پھر پانچ منٹ بعد اسی کو قابل برداشت گرم کرکے چوٹ پر باندھ دیں۔ رات کو باندھیں تو صبح کھول لیں۔ کھولنے کے بعد نمک ملے پانی سے چوٹ پر ٹکور کریں۔ ان شاء اللہ چند دن ایسا کرنے سے درد بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے یہ نسخہ چند دن آزمایا' الحمد للہ میرا درد بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ قارئین! آپ بھی آزمائیے اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (ام حفصہ' لاہور)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

دلہن بننے والی لڑکیوں کیلئے چند مفید مشورے

شانزے کامران، لاہور

شادی کے دن شہزادی بننے کا خواب

لڑکی جس دن کا سب سے زیادہ انتظار کرتی ہے وہ اس کی شادی کا دن ہوتا ہے۔ اس اہم ترین دن کے لیے اس نے انگنت خواب اپنی آنکھوں میں سجا کر رکھے ہوتے ہیں، شدید ترین بے چینی اور بے تابی اس وقت بڑھ جاتی ہے جب اس خاص دن کیلئے تیاریوں کا سلسلہ شاپنگ سے شروع ہوتا ہے۔ مگر جہیز، کپڑوں اور دیگر لوازمات جمع کرتے ہوئے اس اہم پہلو کو فراموش نہ کریں کہ آپ کی جلد اور بالوں کو بھی مناسب توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ بہرحال آپ کو دلہن ایک مرتبہ ہی بننا ہے اور اس خاص دن کیلئے ہر لڑکی کے ذہن میں یہ تصور ہوتا ہے کہ وہ کسی ملکہ یا شہزادی کی مانند محسوس ہو۔ اس اہم پہلو کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہم نے دلہن بننے والی لڑکیوں کیلئے کچھ خاص ٹپس یہاں جمع کی ہیں:

خوبصورتی میں اضافے کی کوششیں

☆ اس بات کا فیصلہ بہت پہلے ہی کرلیں کہ آپ کو میک اپ کیلئے کس کا انتخاب کرنا ہے جو کہ مقررہ وقت سے پہلے ہی آپ کی خوبصورتی میں اضافے کی کوششیں شروع کردے، جسے خود کو آرگنائز کرنے میں اچھی مدد مل جائے گی اور وہ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرسکے گی۔ یہ چیز اس لحاظ سے بڑی اہمیت کی حامل ہے کہ وہ نہ صرف آپ کے بالوں کی آرائش، میک اپ اور لباس کی ترجیحات سے واقف ہوجائے گی بلکہ آپ کو ایک شخصیت کے طور پر جاننے کی کوشش بھی کرے گی۔

بیوٹی پارلر جانے سے پہلے جلدی امراض سے نپٹیں

☆ اگر آپ کو شدید نوعیت کی مہاسوں یا جلدی امراض کی کوئی دوسری مشکل لاحق ہے تو بیوٹیشن کے پاس جانے سے پہلے کسی ماہر ڈاکٹر کا رخ کریں کیونکہ عام طور پر مہاسوں کی اہم ترین وجہ نظام ہضم کی خرابی ہوتی ہے۔ **جلد کی حفاظت کا آغاز! قدرتی مصنوعات سے کیجئے:** ☆ اپنی جلد کی حفاظت کا آغاز معمول کے مطابق کلینزنگ سے کریں اور چہرے پر قدرتی مصنوعات سے تیار کردہ کوئی آمیزہ لگائیں جیسے کہ دہی، بیسن، ہلدی، شہد، دودھ اور لیموں کا رس وغیرہ البتہ اس سے پہلے کسی ہلکے فیس واش سے چہرے کو اچھی طرح صاف کرلیں۔ **صندل! دوبارہ جوان کردینے والا فیس ماسک:** ☆ جب آپ شاپنگ کی مصروفیات سے چھٹکارے کے بعد گھر واپس لوٹیں تو چہرہ صاف کرکے اس پر صندل کی لکڑی کا پیسٹ لگائیں جو کہ آپ کو دوبارہ جوان کردینے والا فیس ماسک ثابت ہوگا۔ **شادی سے تین ماہ پہلے یہ چیزیں نہ کھائیں:** ☆ شادی سے کم وبیش تین ماہ قبل جنک فوڈز اور تلی ہوئی چیزوں کا استعمال ترک کردیں۔

ٹوٹکا آزمائیے! بالوں کی چمک دمک بڑھ جائیگی

☆ باہر نکلتے وقت بالوں کی حفاظت کیلئے اسکارف یا کیپ پہننا نہ بھولیں جبکہ ہفتے میں تین مرتبہ اچھے شیمپو اور کنڈیشنر کا استعمال بھی لازمی ہے۔ اس کے ساتھ ہی نیم گرم کئے ہوئے تیل کی مالش ہر چند روز کے بعد کی جائے تو اس سے بالوں کی چمک دمک اور رونق قائم رہے گی۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط اور خشکی سے پاک رکھنے کیلئے انڈے کی زردی سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے جسے سر پر اچھی رگڑ کر لگائیں تو بال چمکدار بھی رہیں گے اور یہ انتہائی مفید کنڈیشنر بھی ہے۔

دلہن کیلئے ماہر آرائش حسن کا مشورہ اور گھریلو ٹوٹکے

قبض ہرگز نہ ہونے دیں

☆ اس بات کو ہر حال میں یقینی بنائیں کہ اس عرصے میں قبض قطعی نہ ہو کیونکہ یہ چیز آپ کے چہرے پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔ قبض سے بچاؤ کیلئے معمول سے بڑھ کر پانی کا استعمال کریں اور ساتھ ہی خوراک پر گہری نظر رکھیں۔

لباس پہننے کا فن سیکھ لیں!

☆ اگر آپ اس خاص موقع پر ساڑھی، لہنگا یا کوئی اور مشرقی لباس پہننے کی منصوبہ بندی کررہی ہیں تو سب سے پہلے پہننے کا فن سیکھ لیں، جیولری اور سینڈل کی ہیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مشق کریں اس طرح آپ بہت جلد ان کی عادی ہوجائینگی عام طور پر شادی کے موقع پر خاصا بھاری لباس پہنا جاتا ہے جسے آخری لمحات میں پہننے کے بعد دلہن کیلئے آسانی سے اٹھنا اور بیٹھنا بھی محال ہوجاتا ہے۔

کاسمیٹک لینز کا استعمال اور شادی کا دن

☆ اگر آپ کا ارادہ ہے کہ شادی کے موقع پر کاسمیٹک لینز کا استعمال کریں تو وقت مقررہ سے بہت پہلے انہیں بھی پہننے کی مشق کرلیں کیونکہ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ لینز کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہوجاتی ہیں یا پھر ان سے پانی بہنے لگتا ہے۔

جہاں درستگی کی ضرورت ہو، درستگی کرلیں

☆ کئی ماہ قبل ہی مکمل ہیئر اسٹائل، میک اپ اور ڈریس ٹرائل دے کر ان پہلوؤں کو درست کرلیں جہاں درستگی کی ضرورت ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آخر میں آپ کچھ تبدیلیوں کی خواہاں ہوں گی تو آپ کیلئے اس وقت یہ ممکن نہیں ہوگا۔

دلہن کیلئے ماہر آرائش حسن کا مشورہ

ایک معروف ماہر آرائش حسن کے مطابق دلہن کیلئے اسکن کیئر کا آغاز تاریخ طے ہوتے ہی ضروری ہے یا شادی سے دو تین ماہ قبل اس جانب توجہ دینا شروع کردیں تاکہ اس بات کا علم ہوسکے کہ آپ کی جلد کسی قسم کی ہے اور اسے اچھی حالت میں لانے کیلئے کتنا وقت لگ سکتا ہے۔ شخصیت میں اعتماد اور خوبصورتی میں اضافے کیلئے انتہائی ضروری ہے کہ آپ اپنی عام صحت کا بھی پوری طرح خیال رکھیں۔

☆ اسٹریس لیول کو ہرگز بلند مت ہونے دیں۔

☆ کھانے سے جان ہرگز نہ چھڑائیں بلکہ متوازن غذا کا استعمال معمول بنالیں۔

☆ ہر رات کم از کم 8 گھنٹے کی نیند ضرور لیں۔

☆ بالوں کو ممکنہ حد تک صاف رکھیں جو خشکی اور جوؤں یا لیکھوں سے بھی پاک ہوں۔

☆ جلد کی صفائی کیلئے ضروری ہے کہ دن میں کم از کم تین سے چار مرتبہ چہرہ اچھی طرح دھوئیں۔

☆ ممکن ہو تو ہر روز ایک گھنٹے تک ورزش کریں۔

☆ یومیہ آٹھ سے دس گلاس پانی پینے کی کوشش کریں۔

☆ پھلوں اور جوس کا استعمال ضرور کریں۔

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

شوہر محترم کو منانے کا گر! سیدہ عائشہ رضؓ سے سیکھئے

انتخاب: محمد ساجد‘ لاہور

مثالی میاں بیوی تعلیمات نبوی ﷺ کی رہنمائی میں: اللہ کے رسول حضور نبی کریم محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا ”اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنی ازواج سے محبت کروں، انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھوں۔ اللہ تعالیٰ نے جو رحمتیں مجھ پر نازل کی ہیں ان میں سے ایک رحمت یہ ہے کہ اس نے میرے دل میں اپنی ازواج کے لیے محبت پیدا کردی ہے“۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم ہے کہ بیوی سے محبت کرو اس کو قابل عزت و تعظیم سمجھو بات بے بات طعنے مت دو اسے قابل نفرت یا ذلیل خیال مت کرو، دوسروں کے سامنے اس کی حوصلہ افزائی کرو، اسے سب وشتم کا نشانہ مت بناؤ۔

یہ ہے بیوی کی تعظیم و تکریم کی روشن مثال

ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور آپ ﷺ کو اپنے گھر دعوت پر بلاتا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کی عادت مبارکہ یہ ہے کہ دعوت دینے والے سے پہلے ہی کنفرم کرلیتے ہیں کہ اس نے کتنے آدمیوں کا انتظام کیا ہے۔ اس روز حضور پاک ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ”عائشہ بھی میرے ساتھ ہوں گی کیا آپ کو منظور ہے؟“ اس شخص نے عرض کیا ”میں نے صرف آپ ﷺ کے لیے انتظام کیا ہے“۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں ”تو پھر ہمیں دعوت قبول نہیں“ وہ شخص چلا گیا دوبارہ آیا اور یہی سوال و جواب ہوئے وہ پھر چلا گیا۔ تیسری مرتبہ انتظامات کر کے آیا اور حضرت عائشہؓ کے لیے بھی دعوت دی بالآخر رسول اللہ ﷺ نے دعوت قبول فرمالی۔ یہ ہے بیوی کی تعظیم و تکریم کی روشن مثال۔ دوسروں کے سامنے بھی اپنی شریک حیات کا مورال بلند کیا جائے۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ بیوی کے سسرالیوں اور اپنے احباب میں اپنی بیوی کی خامیاں بیان کرتے ہیں۔ دراصل یہ رویہ بیوی کی نہیں خود شوہر کی تذلیل کے زُمرے میں آتا ہے کیونکہ قرآن مجید نے میاں بیوی کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ بھلا اپنے ہی لباس کو داغدار کر کے نوچ کر یا میلا کر کے آدمی بذات خود بھی کہیں باوضع نظر آسکتا ہے؟ یقیناً نہیں!

عورت اپنے شوہر کے گھر پر حاکم ہے

ایک مرتبہ ام المومنین حضرت عائشہؓ نے آٹا گوندھ کر رکھا۔ رسول اکرم ﷺ باہر سے تشریف لائے اور آتے ہی نماز میں مشغول ہوگئے۔ حضرت عائشہ نے روٹیاں ڈالنے سے قبل سوچا کہ حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوجائیں یہ سوچ کر لیٹ گئیں۔ اسی اثناء میں انہیں نیند آگئی کچھ ہی دیر گزری تھی کہ دروازہ کھلا دیکھ کر ایک بکری گھر میں آگئی اور گوندھا ہوا آٹا کھا گئی۔ حضرت عائشہؓ کی آنکھ کھل گئی اور فوراً بکری کو مارنے کے لیے دوڑیں۔ حضور پاک ﷺ نے دیکھ کر مسکراتے ہوئے فرمایا ”اے عائشہ! ہمسائے کو تکلیف مت دو“۔ سسرال کسی جیل خانے کا نام نہیں اور نہ ہی شادی کے بعد لڑکی کی قدر و قیمت کم یا ختم ہوجاتی ہے۔ اسلام میں بیوی کنیز نہیں بلکہ اپنے شوہر کے گھر کی مالکہ ہے۔ یہ بات حضور پاک ﷺ نے اس طرح بیان فرمائی ہے ”عورت اپنے شوہر کے گھر پر حاکم ہے“۔ بیوی کو یہ حق حاصل ہے بلکہ یہ اس کی ذمہ داری ہے کہ اپنے آشیانے کی بہتری کے لیے، اپنے شوہر اور بچوں کی بہتر دیکھ بھال اور اس آشیانے کو مزید ترقی کی جانب گامزن کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرے۔ اگر اس کی سوچ و فکر اور ایک ایک عمل پر ماتحت کی طرح روک ٹوک کی جائے گی تو کیونکر ممکن ہے کہ بیوی اپنی خود اعتمادی برقرار رکھ سکے۔ خود اعتمادی نہ ہوگی تو وہ بچوں کی کیا تربیت کر پائے گی؟ حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے ”مومن کے لیے تقویٰ کے بعد کوئی نعمت، نیک سیرت بیوی سے بڑھ کر نہیں“ ایک روز حضرت ابوبکر صدیقؓ اپنی صاحبزادی حضرت عائشہؓ سے ملنے آئے تو دیکھا کہ حضرت عائشہؓ رسول اکرم ﷺ سے بہت تیز آواز میں برہمی کے انداز میں باتیں کررہی ہیں۔ یہ دیکھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ غصے کے سے انداز میں بولے ”تو رسول اللہ ﷺ کے سامنے چلا کر بولتی ہے“ اور مارنے کے لیے دوڑے مگر رسول اللہ ﷺ آڑے آگئے اور انہیں بچالیا۔ جب حضرت ابوبکرؓ چلے گئے تو رسول اللہ ﷺ نے ہنستے ہوئے حضرت عائشہؓ سے فرمایا ”دیکھا کس طرح تم کو بچالیا“۔

مجھے دیکھو! میں اپنے گھر والوں میں بہترین ہوں

حضور نبی کریم ﷺ ازواج مطہرات کے ساتھ نہایت خوش مزاجی اور خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ کئی مرتبہ تو اس میں مزاح اور ظرافت کی چاشنی بھی شامل ہو جاتی۔ ایک مرتبہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حریرہ پکا کر رسول اکرم ﷺ کے سامنے رکھا۔ اس وقت حضرت عائشہؓ نے حضرت سودہؓ سے کہا ”آپؓ بھی کھائیں“ وہ انکار کرنے لگیں تو حضرت عائشہؓ نے کہا ”اگر آپ نہیں کھائیں گی تو یہ حریرہ میں آپ کے منہ پر مل دوں گی“۔ انہوں نے پھر بھی نہ کھایا تو حضرت عائشہؓ اٹھیں اور دیکھتے ہی دیکھتے حریرہ حضرت سودہؓ کے چہرے پر مل دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ دیکھا تو ہنسنے لگے۔ پھر آپ ﷺ نے حضرت سودہؓ سے فرمایا ”اب تم بھی یہ حریرہ عائشہ کے منہ پر ملو“۔ یہ کہہ کر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عائشہؓ کو پکڑ لیا اور حضرت سودہؓ نے اٹھ کر حریرہ کا لیپ حضرت عائشہؓ کے منہ پر کردیا۔ حضور پاک ﷺ فرماتے ہیں ”تم میں بہترین انسان وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے حق میں بہترین ہو۔ مجھے دیکھو میں اپنے گھر والوں میں بہترین ہوں“۔ دیکھیے جناب! رسول اللہ ﷺ کے بیوی سے حسن سلوک کے جتنے بھی گزشتہ واقعات تحریر کئے ہیں اسی کے مطابق شوہروں کو چلنے کا حکم ہے۔ شوہروں کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہے کہ وہ بھی اسی اسوہ کے مطابق بیوی کے ساتھ رہیں۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں ”صالح بیوی وہ ہے کہ جب تم اسے دیکھو تو تمہیں خوشی محسوس ہو، اسے کوئی حکم دو تو وہ مان لے اور جب گھر سے دور ہو تو گھر بار اور ناموس کی حفاظت کرے“۔

شوہر کو منانے کا گر! حضرت عائشہؓ سے سیکھئے

ایک غزوہ میں ایک قیدی گرفتار ہو کر آیا جسے حضرت عائشہ کے حجرے میں عارضی طور پر بند کردیا گیا‘ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا عورتوں سے باتوں میں مصروف تھیں کہ وہ قیدی وہاں سے فرار ہوگیا‘ حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لائے تو گھر میں قیدی نہ پاکر آپ ﷺ نے جلال کے انداز میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ”تمہارا ہاتھ کٹ جائے“ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھاگ دوڑ کر کے اس قیدی کو دوبارہ گرفتار کرلیا‘ حضور نبی کریم ﷺ جب گھر میں دوبارہ تشریف لائے تو دیکھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے ہاتھوں کو الٹ پلٹ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
فٹنس فولاد ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک
بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری‘ ملازم پیشہ مردوں‘ عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ملازمت سے برطرف! یہ اسم پڑھیے! دوبارہ ملازمت کیجئے

اس اسم کا ورد ایسے حاکم کے لیے بہت مفید ہے جو اپنے اقتدار کو دیر تک قائم رکھنا چاہے تو اسے چاہیے کہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس کے ورد کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ ماتحت لوگ اس کے سامنے آواز بلند نہ کریں گے اور نہ اس کے خلاف کوئی باغیانہ قدم اٹھائیں گے

ماجد کا مطلب انتہائی عزت و شرف والا ہے۔ سب سے زیادہ بزرگی اور عزت والا اللہ تعالیٰ ہی ہے اور تمام انسانوں کی عزت اور بزرگی اس کی ذات سے وابستگی کی بنا پر ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس نام سے پکارتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ کے لیے باعزت کر دیتا ہے یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۴۸ ہیں۔ اس کے فوائد حسب ذیل ہیں: عملیات اسم ماجد یَامَاجِدُ (بزرگی اور عزت والے)

ذلت سے چھٹکارا

اگر کوئی شخص اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے ذلت میں گر گیا ہو یا اسے یہ یقین ہو کر وہ ذلیل و رسوا ہوگا۔ مثلاً پہلے مالدار تھا مگر بری حرکتوں میں دولت ضائع کرنے سے غریب ہو چکا ہو اور اس نے لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنی ہو، جس میں اس کی عزت نہ رہنے کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں اسم یَامَاجِدُ کو ۲۱ دن تک روزانہ 7 ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسکے کام کا بہتر ذریعہ بنا دیگا اور ذلت سے بچ جائیگا۔

بحالی ملازمت

اگر کوئی شخص اپنی ملازمت سے کسی غلطی کی بنا پر معطل ہو گیا ہو یا اسے خواہ مخواہ زبردستی برطرف کر دیا گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اسم یَامَاجِدُ کو روزانہ چالیس یوم تک ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ خطاؤں کو معاف کر کے ملازمت پر دوبارہ بحال کر دے گا۔ اس کے علاوہ اگر کسی شخص کو ملازمت چھوٹ جانے کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیے کہ نماز جمعہ کے بعد چند آدمی اکٹھے کرے اور اس اسم کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھائے اور ان میں شامل ہو کر خود بھی پڑھے۔ ان شاء اللہ ملازمت سے معزول نہ ہوگا اور سات جمعہ تک یہ عمل کرے۔

صاحب اقتدار کا وظیفہ

اس اسم کا ورد ایسے حاکم کے لیے بہت مفید ہے جو اپنے اقتدار کو دیر تک قائم رکھنا چاہے تو اسے چاہیے کہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس کے ورد کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ ماتحت لوگ اس کے سامنے آواز بلند نہ کریں گے اور نہ اس کے خلاف کوئی باغیانہ قدم اٹھائیں گے بلکہ اسے ہمیشہ عزت اور وقار کی نظروں سے دیکھیں گے۔

مریدوں میں اضافے کا عمل

ایسے پیرانِ طریقت جن کی خواہش ہو کہ ان کے مریدوں میں اضافہ ہوتا چلا جائے تو انہیں چاہیے کہ اس اسم کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے اعتکاف میں اکتالیس ہزار مرتبہ دن رات میں پڑھیں اور اس کے علاوہ اور کوئی وظیفہ نہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ان کے ارادت مندوں میں بے پناہ اضافہ ہوگا اور ہر مرید محبت سے پیش آئے گا۔

روشن ضمیر بننے کا وظیفہ

یہ وظیفہ روشن ضمیر بننے کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ جو شخص اسے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ 111 دن تک پڑھے گا اس کا دل اللہ کے نور سے معمور ہو جائے گا اور وہ روشن ضمیر بن جائے گا۔ اس اسم کے چلہ کے دوران سگریٹ، حقہ پینا منع ہے اور بدبودار اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

اسم مَاجِدُ کا عمل و تعویذ

جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک اسے رات کے وقت خلوت میں یَامَاجِدُ روزانہ 9200 مرتبہ پڑھے۔ پھر چالیس دن تک 9100 مرتبہ پڑھے۔ پھر چالیس دن تک 9200 مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اس اسم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے جس مریض کو پلائے گا اسے شفا ہوگی اور اس کا تعویذ بخار کے مریضوں کو دے گا تو بھی اللہ رحم کرے گا۔ اس کے علاوہ اس کا تعویذ بحالی ملازمت، اور عزت قائم رکھنے کے لیے جسے چاہے دے۔ انشاء اللہ بہتر نتیجہ پیدا کرے گا۔

جد	ما		
۹	۱	۲۴	۱۴
۱۰	۲	۲۱	۱۵
۲۲	۴	۳	۱۹

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد مسلسل آمین آمین پڑھیں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

پیٹ درد ایسے ختم جیسے کبھی ہوا ہی نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک بار میرے پیٹ میں بہت شدید درد ہو رہا تھا اور میں گھر سے دور کسی گاؤں میں تھا' جہاں نہ ہی کوئی ڈاکٹر تھا اور نہ ہی کوئی ڈسپنسری' درد کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ میں پریشان ہو گیا کہ کہیں یہ اپنڈکس کا درد نہ ہو۔ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس میں موجود بہت زیادہ نسخہ جات اور ٹوٹکے بنا کر اکثر استعمال کرتا رہتا ہوں۔ اچانک عبقری کے سابقہ شمارہ میں چھپا ایک ٹوٹکہ یاد آ گیا جو بنایا اور بہترین پایا۔ ھوالشافی: چٹکی بھر ہلدی اور چٹکی بھر نمک لے کر کھایا' یقین کریں میں تقریباً 20 منٹ کے بعد ایسا تندرست ہو گیا جیسے کچھ ہوا ہی نہیں میرے پیٹ کا درد ختم ہو گیا۔ (ع۔ت، مظفر آباد)

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو، جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں ''جادو شکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
جادو شکن پانی
قیمت صرف 60 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آپ کا سوال۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔**2**۔وظیفے کے دوران' اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔**3**۔جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔**4**۔مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔**5**۔تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔**6**۔بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔**7**۔عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔**8**۔اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

خالدہ پروین' گجرات۔راحیل احمد' سرگودھا۔امان اللہ' ڈیرہ غازیخان۔ عرفان ظفر' ملتان۔ منیزہ اسلم' سیالکوٹ۔ علیم حسین' ساہیوال۔ شاہد رمضان' کچاکھوہ۔ حافظ محمد شریف' رکھلہ منڈی۔ شمیم اختر' حاصل پور۔ عائشہ علی' نور پور۔ زاہد علی' شیخوپورہ۔حمیرا سحر' بھوانہ۔ شرفہ مریم' بھوانہ۔ثوبیہ سہیل' لاہور۔ مریم سہیل' لاہور۔ شہباز احمد' فیصل آباد۔ نزہت الماس' فیصل آباد۔ ناہید اختر' جھنگ۔ سدرۃ شافیہ' جھنگ۔ فاطمہ' لاہور۔ ہارون رشید' لاہور۔ انزل جاوید' ملتان۔امبرناز' فرح ناز' کراچی۔فوزیہ شاہد' کراچی۔فرزانہ کوثر' سوہاوہ۔ افتخار احمد' لاہور۔ ریاض عرفان احمد' میاں چنوں۔ مسلم بی بی' ڈیرہ اسماعیل خان۔فوزیہ راحیل' پیرمحل۔ ساجدہ پروین' مریدکے۔ صائمہ غفور' ساہیوال۔ نادر علی مہر' گھوٹکی۔ غلام یاسین' سہاگ دادو سندھ۔ محمد امجد اعوان' لاہور۔انعم بشیر' لاہور۔رضوان' جہلم۔شاہین پروین' جہلم۔ شیریں گل' لاہور۔ طاہرہ' سم بڑیال۔ فرح ناز' ٹنڈوآدم۔ضمیر اختر' گوجرخان۔ عمر' گوجرانوالہ۔ محمد' راولپنڈی۔احمد شہباز' سیالکوٹ۔محمد صدیق اکبر' لیاقت پور۔ سبرینہ ارشد' شیخوپورہ۔ جہان رعنا' تخت بھائی۔ فاطمہ' لاہور۔ محمد نسیم، جہلم۔ نثار احمد صدیقی، کراچی، صائمہ، کراچی۔حمزہ احسن، جہانیاں، شکیل احمد، کراچی، محمد اعظم مغل، فیصل آباد۔محمد عمران، حیدر آباد، حمیرا امیرا، بھکر۔محمد شفیق، کرنانہ۔محمد اقبال خان، اسلام آباد۔ سیف الرحمن، پنڈی۔ عالیہ ،نواب شاہ۔ شبانہ قیوم، کوٹلی۔ صائمہ کرن، اٹک، محمد ریاض، چکوال۔محمد عارف، آدم زئی۔ یار خان سومرو، جیک آباد۔ تنویر اشرف، حجرہ ۔ نسرین اعوان، مانسہرہ۔ طارق محمود، ہری پور۔ مولانا مفتی شہادت علی، چنیوٹ۔شمائلہ، حافظ آباد۔شبیر حسین، لاہور۔محمد صدیق، لاہور۔ فائزہ، عائشہ، سرگودھا۔ حاجی عبدالحمید خان، میانوالی۔نزہیت الماس، فیصل آباد۔حمیرا، لاہور۔ عائشہ اقبال، سرگودھا۔محمد طٰہٰ جنید، لاہور۔محمد انوار، لاہور۔ زاہدہ آفتاب، لاہور۔ محمد افضال، لاہور۔ عظمیٰ رانی، سکھیکی ۔فیضہ، ماموں کانجن۔ غنچہ ہما، گوجرانوالہ۔ تبسم جاوید، گوجرانوالہ۔محمد اکرم وکی، ماموں کانجن۔ خلیل الرحمن، کوہاٹ۔ راشد مستفیض چشتی، کراچی۔ شازیہ، سمندری۔ ضیاء الرحمان صدیقی، کراچی۔ارم عتیق، شیخوپورہ۔دلبر حسین، گوجرہ۔محمد ریاض، چکوال۔ چوہدری فرحان علی، کوٹ ادو۔ پروین رفیق، سیالکوٹ۔ آمنہ طاہر، لاہور۔ عبدالہادی، میانوالی۔ امجد روشناہ، ملتان۔حافظ اقراء مظہر، پشاور۔ عامر شہزاد، ترنول اسلام آباد۔نادیہ، اسلام آباد۔سعیدہ علی حسن، لاہور۔ سیدہ عذرا شاہین، لاہور۔ عارف چغتائی، اسلام آباد۔صنوبر، ملتان۔محمد اکرم نیازی، کراچی۔ رابعہ، یاسمین مختار، لاہور۔محمد حبیب شیخ، حیدر آباد۔قمر گل، کوئٹہ۔ احسان اللہ خان، سوات۔کوثر پروین، ملتان۔

آپ تمام درج ذیل عمل کریں۔

ایک وقت مقرر کرلیں چاہے آپ پہلے تھوڑا تھوڑا وقت دینا شروع کردیں تو پھر بیٹھ کر اس کو بغیر تسبیح اٹھائے وجدان کے ساتھ دل ہی دل میں یَااَلطِیْفُ یَاعَلِیْمُ' یَاخَبِیْرُ اس کو پڑھنا شروع کردیں۔ روزانہ پڑھتے رہیں' باوضو بیٹھیں قبلہ رخ بیٹھیں اس کو پڑھنا شروع کردیں۔اگر کبھی وقت جو مقرر ہے اور جو جگہ مقرر ہے اس میں کمی بیشی ہوجائے تو بھی کوئی حرج نہیں وقت بدل بھی سکتا ہے جگہ بدل بھی سکتی ہے لیکن اس کو پڑھنا نہ چھوڑیں اور پڑھتے رہیں پڑھتے رہیں۔ **چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

صائمہ اشرف، لاہور۔ عبدالرحیم، لاہور۔ سلمیٰ، سندھ ۔ سمایا، نیو خانپور۔محمد عرفان، رحیم یار خان۔محمد اشرف، فیصل آباد۔سعدیہ بشیر، بوریوالا۔ثوبیہ مقبول، لاہور۔فوزیہ اسلم، چشتیاں۔ خالد حسین، راولپنڈی۔ سید فراز کاشف، قصبہ گجرات، فیض الیاس، سرگودھا۔ آشمہ بیگم، ملتان۔ حمیرہ، کوہاٹ۔ ارشادہ، کوہاٹ۔ شعبان علی، راولپنڈی۔ عائشہ، اسلام آباد۔نسیم انور، سرگودھا۔ رخسانہ، کراچی۔محمد عارف قادری، بھمبر آزاد کشمیر۔ پرویز اختر، گوجرخان۔ ماہم ارشد، اوکاڑہ۔ عارضہ صدیق، لیہ۔ روبینہ، لاہور۔ طاہرہ صدیق، رحیم یار خان۔ نورین ناظر، گوجرانوالہ۔ راشدہ، گوجرانوالہ۔نگینہ، برج اٹاری۔خدیجہ، لاہور۔رفیقہ عباسی، کراچی۔ تنویر اختر، ایبٹ آباد۔ انیتا، ہری پور۔ فیصل الہدیٰ، کراچی۔ نازیہ ذاکر، کراچی۔ کامران علی، لاڑکانہ۔ طارق جاوید، ڈنگہ۔محمد شعیب، گوجرانوالہ۔روبینہ طاہر مغل، لاہور۔حمزہ فیاض، لاہور۔ خالدہ نسیم، نارووال۔ منزہ نعیم، لاہور۔ وحیدہ نسیم، دینہ۔ واصل خان، چارسدہ۔ صبیحہ نذیر، گوجرانوالہ۔ حفصہ مریم، پشاور۔ارسلہ مجید، عاصمہ مجید، شیخوپورہ۔عمر حیات، دنیاپور۔سعدیہ یعقوب، کوٹلی۔علی انور، گوجرانوالہ۔ڈاکٹر مائدہ، لاہور۔مہرین، لاہور۔شہناز اختر، فیصل آباد۔ رابعہ، لاہور۔ عروسہ، ٹنڈوجام۔ عذرا، اوکاڑہ۔ طاہرہ کشور، اوکاڑہ۔ سعدیہ امیرین، فیصل آباد۔ جاوید اقبال، خوشاب۔احسان علی، قصور۔فرزانہ رحیم، راجن پور۔ محمد فیاض، گجرات۔آسیہ یعقوب، کاموکی۔ہما گلناز، ملتان۔ محمد صغیر، کوٹلی، خورشید، کراچی۔ شفاقت علی، کوٹلی۔ شمائلہ دانش، لاہور۔شاہینہ پروین، کراچی۔مبشرہ وسیم، سرگودھا۔ سپرد علی، فیصل آباد۔ ہما فردوس، لاہور۔ شکیلہ تبسم، فیصل آباد۔ صبیحہ یٰسین، سانگلہ ہل۔ شمیم اختر، تلہ گنگ۔ جلیل خان، بنوں۔محمد مشتاق، گوجرانوالہ۔ عروج ظفر، کراچی۔ ذیشا علی، ہری پور۔جنید محمد، میرپور خاص۔ جویریہ، کراچی۔ محمد ناصر، کراچی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ' جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہورہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص' خارش' چنبل' ایگزیما' کوڑھ' جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382

فصل کو سنڈی اور ٹڈی دل سے بچانے کا آزمودہ گر

محمد ماجد، رحیم یار خان

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ضلع رحیم یار خان کا رہائشی ہوں، میرے والد محترم زمیندار ہیں، عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تین سال ہوگئے ہیں ہمارا گھرانہ کیا ہمارا پورا گاؤں عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہے۔ اس میں موجود ٹوٹکے اور نسخہ جات سے تمام گاؤں ہی مستفید ہوتا ہے۔ ہر چھوٹے سے چھوٹے دکاندار نے بھی ماہنامہ عبقری اپنے دروازے کے ساتھ لٹکا رکھا ہے۔ عبقری رسالہ میں ''کسان دوست'' سلسلہ سب شوق سے پڑھتے ہیں اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات سے ہمارے جانوروں اور فصلوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ میرے پاس بھی ایک آزمودہ عمل ہے جو میرے والد نے اپنی کپاس کی فصل پر آزمایا تھا اور الحمدللہ تین سال ہوگئے ہیں کہ ہماری کپاس کی فصل بہترین ہورہی ہے، اس پر کسی قسم کے زہریلے حشرات، سنڈی یا ٹڈی دل نے حملہ نہیں کیا۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ چند سال پہلے کی بات ہے کہ ہماری کپاس کی فصل کو زبردست کیڑا لگا اور پوری فصل برباد ہوگئی، میرے والد نے لاکھ جتن کیے مگر ستر فیصد فصل برباد ہوگئی۔ بڑی پریشانی ہوئی کہ اتنی محنت اور سرمایہ لگانے کے بعد جو لگایا وہ بھی بمشکل پورا ہوسکا اور بچت کچھ بھی نہ ہوئی۔ اگلے سال پھر کپاس لگائی، مہنگی ترین سپرے کروائی مگر پھر بھی سنڈی کا حملہ ہوگیا اور ٹھیک ٹھاک نقصان اٹھانا پڑا۔ میرے والد بہت زیادہ پریشان ہوئے کیونکہ مسلسل دو سال سے فصل نقصان دے رہی تھی۔ چند ماہ بعد میرے والد کسی کام سے ملتان گئے، وہاں ان کے دوست نے حال احوال پوچھا تو میرے والد نے اپنی پریشانی اپنے دوست سے بیان کی، میرے والد کے دوست جن کا نام چاچا ظفر ہے، انہوں نے کہا کہ میرے پاس ایک عمل ہے جب بھی فصل کو پانی دو، سپرے کرو یا ویسے ہی روزانہ صرف 313 مرتبہ پڑھ کر یہ آیت دم کردیا کرو۔ روزانہ یا ہفتے بعد ہی فصل کے پاس کھڑے ہوکر درج ذیل آیت پڑھ کر وہیں کھڑے کھڑے تصور کرکے فصل کے چاروں طرف پھونک مار دیا کرو۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی ٹڈی، سنڈی اور زہریلے حشرات سے فصل محفوظ رہے گی۔ میرے والد نے وہ سورۃ اور آیت نمبر ایک صفحہ پر لکھ لی، گھر آکر مجھے دی، اس بار پھر ہم نے کپاس کی فصل لگائی، سپرے کی اس پر بھی اس آیت کو 313 مرتبہ پڑھ کر دم کیا، لگاتے تب بھی 313 مرتبہ یہ آیت پڑھتے، اور ویسے بھی کبھی سات دن، کبھی گیارہ دن یا کبھی 21 دن بعد یہ آیت 313 مرتبہ پڑھ کر فصل کو دم کرتے رہے۔ میرے والد حیران رہ گئے اردگرد کی فصلوں پر سنڈی اور ٹڈی نے حملہ کیا مگر ہماری فصل بالکل محفوظ تھی اور فصل اتنی شاندار ہوئی کہ گزشتہ نقصان کی بھی تمام کسر نکل گئی اور فصل کا منافع بھی ٹھیک ٹھاک ہوا۔ اب تو میرے والد نے دیگر کسان بھائیوں کو بھی یہی وظیفہ بتایا ہوا ہے جو بھی یقین، توجہ اور دھیان سے کرتا ہے اس کی فصل پر کوئی کیڑا، سنڈی یا زہریلے حشرات جیسے چوہے وغیرہ حملہ نہیں کرتے۔ یقیناً عبقری کسان بھائی بڑے شوق سے پڑھتے ہیں میرا ان کو بھی مخلصانہ مشورہ ہے کہ ہمارا یہ آزمودہ عمل یقین کے ساتھ ضرور آزمائیے، اپنی زکوٰۃ اور عشر پورا تول کر دیجئے پھر دیکھئے آپ کی فصل ہمیشہ بڑھے گی کبھی بھی کوئی مسئلہ آپ کی فصل کو ہرگز نہ ہوگا اور ہاں عبقری خود بھی پڑھیے اور اپنے گاؤں میں لوگوں کو بھی اس کی ترغیب دیجئے کیونکہ کسی ایک کا مسئلہ بھی حل ہوگیا تو جب تک وہ عبقری سے فائدہ اٹھاتا رہا آپ کو اس کا ثواب پہنچتا رہے گا اور آپ کے مسائل خود بخود حل ہوتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔ عمل یہ ہے: مندرجہ ذیل آیت کو 313 بار پڑھ کر 3 دن، 7 دن، 11 دن یا اکیس دن بعد فصل کے اوپر پھونک ماردے۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ جتنا یقین اور توجہ ہوگی اتنا جلد فائدہ ہوگا۔

قَالُوْا يٰذَاالْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَ مَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ' (کہف ۹۴)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند، سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری حویلی میں آسان عمل کیا اور پھر سے خوشحال ہوگیا!

کچھ عرصہ پہلے کاروباری مشکلات بڑھیں اور کوئی حل نظر نہ آیا تو میں نے اپنا بستر اٹھایا اور عبقری حویلی پہنچ گیا۔ وہاں جا کر میں نے کرنے والے اعمال کی تفصیلات معلوم کیں، بتائے گئے طریقے سے عمل کیے۔ میرے کاروباری مسائل جو کہ لاکھ تدبیروں سے بھی حل نہ ہورہے تھے خودبخود راستے نکلنا شروع ہوگئے اور میں دوبارہ خوشحال ہوگیا۔ (حاکم شاہ، خانیوال)

عبقری حویلی سے ملے نمک، پانی سے بیماری ختم: عبقری حویلی میں اپنے والد کے ہمراہ گیا، میرے والد کو ہیپاٹائٹس تھا، وہاں دیئے گئے آسان عمل کیے، اللہ سے خوب رو رو کر فریادیں کیں اور واپسی پر ہمیں دم شدہ نمک اور پانی دیا گیا، میرے والد گزشتہ ایک ماہ سے یہی پانی اور نمک استعمال کررہے ہیں الحمدللہ! اس مرتبہ ان کی رپورٹس دیکھ کر ڈاکٹر بھی حیران رہ گئے ہیں کہ کہاں سے علاج کروایا۔ دن بدن صحت مند ہورہے ہیں، کھایا پیا اب ہضم ہورہا ہے۔ (کامران ملک، ڈیرہ نواب)

پیپرز کا مسئلہ حل: میرے یونیورسٹی کے ایگزامز ہوئے جو کہ بالکل ٹھیک نہ ہوئے، عبقری حویلی میں بتائے اعمال کیے، رزلٹ آیا تو میں حیران رہ گیا۔ اللہ شیخ الوظائف کو لمبی زندگی اور مزید خوشیاں دے۔ (زاہد شریف، بہاولپور)

نور اور روحانیت ملی: میں نے عبقری حویلی میں جاکر چند دن اعمال کیے مجھے انوکھا نور روحانیت اور اللہ والوں کے دیدار ہوئے۔ مجھے ذکر، اعمال اور نماز میں عجب مزہ آنا شروع ہوگیا۔ یہاں واقعی ولایت کے راز چھپے ہیں۔ (ابوبشیر، لاہور)

شادی کا مسئلہ حل: میری بہن کی شادی گزشتہ چار سال سے باوجود لاکھ کوشش کے نہ ہورہی تھی، کہیں رشتہ ہی طے نہ ہو پا رہا تھا، میں نے عبقری حویلی میں آکر اعمال کیے الحمدللہ! ابھی کل ہی میری بہن کی منگنی بہترین جگہ پر طے پا گئی ہے۔ (علی، رحیم یار خان)

(عبقری حویلی میں کرنے والے اعمال کی تفصیل صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ فرمائیں!)

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک
جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ
زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج
شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید
شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روسا، اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

قہوہ پیا! ڈاکٹرز نے بائی پاس کرنے سے انکار کر دیا

ملک محمد ایوب ریحان' سرگودھا

اس قہوہ سے دل کی بیماریاں، گردوں کی پتھری معدہ کے مسائل، آنتوں کے مسائل، جگر کی خرابی، پھیپھڑوں اور دمہ، جلد پر اگر اس چھلکے کا پاؤڈر بنا کر لگایا جائے تو اپنی مثال آپ ہے۔ بلڈ پریشر کم یا زیادہ دونوں کے لیے مفید ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم مرشد پاک آپ اور آپ کی اور عبقری کا سایہ مجھ پر میرے تمام گھر والوں پر اور تمام اہل ایمان جن وانس کے سروں پر سلامت رکھے اور آپ کو نبی کریم ﷺ کے قدموں میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں بالخصوص سرور کونین ﷺ کا پڑوس عطا فرمائے (آمین)۔ عبقری رسالہ کے قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ پیش کر رہا ہوں۔ واقعہ کچھ یوں کہ میرے چچا کو چند سال پہلے ہارٹ اٹیک ہوا' اللہ کریم نے ان کو شفاء دی۔ کارڈیالوجی ہسپتال والوں نے انہیں ادویات دے دیں کہ ادویات کا ناغہ ہرگز نہیں کرنا' ہر مہینے بعد تفصیلی چیک اپ کا بھی کہا۔ قارئین! یہ پڑھ کر حیران ہوں گے کہ میرے چچا جان نے کارڈیالوجی ہسپتال کی تمام ادویات صرف چند ہفتے استعمال کیں' تقریباً چار ماہ ہو گئے ہیں انہوں نے ادویات کا استعمال بالکل چھوڑ دیا ہے' ٹیسٹ کرواتے رہتے ہیں بالکل تندرست ہیں کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ یہ سب کیسے ہوا اب آپ کو بتاتا ہوں:۔ جب میرے چچا کو اٹیک ہوا تو ہمیں ایک جاننے والے نے بتایا کہ مجھے بھی اٹیک ہوا تھا اور ڈاکٹروں نے مجھے کہا کہ تین ماہ کے اندر اندر بائی پاس کروالو ورنہ موت واقع ہو جائے گی۔ میں بہت زیادہ پریشان تھا' پھر مجھے کسی جاننے والے نے ''ارجن'' کے درخت کا چھلکا 10 سے 12 گرام کی مقدار میں صبح و شام چائے بنا کر تین ماہ تک استعمال کرنے کا کہا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایسا ہی کیا' تین ماہ بعد جب ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹروں نے کہا کہ تم تو بالکل ٹھیک ہو اب تمہیں بائی پاس کی کوئی ضرورت نہیں۔ اب وہ کھانے پینے میں بھی کوئی پرہیز نہیں کرتے۔ الحمدللہ بالکل ٹھیک ہیں' اسی طرح ہم نے بھی چچا کو تین ماہ یہ ارجن درخت کی چھال کی چائے استعمال کروائی۔ دوران استعمال میرے چچا نے خود کو بہت بہتر محسوس کیا اور کچھ عرصہ کے بعد آہستہ آہستہ کارڈیالوجی ہسپتال کی تمام ادویات استعمال کرنا چھوڑ دیں۔ آج میرے چچا بالکل صحت یاب ہیں۔ نسخہ یہ ہے:۔ **ھوالشافی:** ارجن کا چھلکا تقریباً 10 یا 12 گرام 1½ کپ پانی میں چھوٹے ٹکڑے کر کے ابال لیں اتنا کہ ½ کپ پانی رہ جائے اس کے بعد ½ کپ دودھ اور حسب ذائقہ چینی ملا لیں اور ہلکا سا ابال دے کر اتار لیں یہ ایک کپ چائے تیار ہے اس کو چھان لیں۔ اس چائے کو صبح ناشتہ کے بعد اور رات کھانا کھانے کے بعد تین ماہ بلاناغہ استعمال کریں۔ اس چائے سے دل کی بیماریاں، گردوں کی پتھری معدہ کے مسائل، آنتوں کے مسائل، جگر کی خرابی، پھیپھڑوں اور دمہ، جلد پر اگر اس چھلکے کا پاؤڈر بنا کر لگایا جائے تو اپنی مثال آپ ہے۔ بلڈ پریشر کم یا زیادہ دونوں کے لیے مفید ہے۔ ارجن کے درخت کا تنا سفیدہ کی شکل اور پتا امرود کے پتے کی شکل کا ہوتا ہے۔

عورت نے چھوٹا سا ٹوٹکہ بتایا اور معجزہ ہو گیا

مسرت پروین' میاں چنوں

ران پر بھی زخم پھوڑے بن گئے ساری ٹانگ پر زخم تھے اور پٹیاں بندھی ہوئی تھیں زخموں سے ہڈیوں کا چورا بھی صاف کرنے سے نکلتا تھا زخم گہرائی میں تھے' دوائی کے ساتھ اندر روئی یا کپڑے کا ٹکڑا رکھنا پڑتا تھا' میری امی نماز روزے کی پابند تھیں' اللہ تعالیٰ پر بھروسہ تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو تندرستی اور عزت والی زندگی عطا فرمائے' اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائے' آپ کی نسلوں کو دین اور دنیا میں عافیت والی زندگی دے کامیاب کرے۔ آمین! ماہنامہ عبقری پڑھا دل کو سکون ملا۔ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جس سے میرے بھائی کے پھوڑے ٹھیک ہو گئے وہ پھوڑے عام سے نہیں تھے میرا چھوٹا بھائی کوئی چار یا پانچ سال کا ہو گا کسی نے اس کی ٹانگ پر کچھ مارا جس سے اس کی ہڈی ٹوٹ گئی جب جراح کے پاس لے کر گئے تو اس نے ہڈی جوڑ کر پٹی کر دی جس طرح پلستر چڑھاتے ہیں جب پٹی کھولی تو وہاں زخم تھا زخم پر دوائیاں لگاتے لگاتے کچھ عرصہ گزر گیا' جب زخم صاف کرتے تھے اس زخم سے باریک باریک ہڈیاں بھی نکلتی تھیں کچھ عرصہ کے بعد تھوڑی پنڈلی کی جگہ چھوڑ کر دوسرا زخم بن گیا وہاں بھی پٹیاں رکھنے لگے اسی طرح تھوڑی تھوڑی جگہ چھوڑ کر پھوڑے بننے لگے۔ ڈاکٹر کو دکھاتے تو انہوں نے کہا ٹانگ کاٹنی پڑے گی' ران پر بھی زخم پھوڑے بن گئے ساری ٹانگ پر زخم تھے اور پٹیاں بندھی ہوئی تھیں زخموں سے ہڈیوں کا چورا بھی صاف کرنے سے نکلتا تھا زخم گہرائی میں تھے' دوائی کے ساتھ اندر روئی یا کپڑے کا ٹکڑا رکھنا پڑتا تھا' میری امی نماز روزے کی پابند تھیں' اللہ تعالیٰ پر بھروسہ تھا دعائیں مانگتی کہ اے اللہ کریم میرے بچے کی ٹانگ نہ کٹے' دو سال علاج کیا' زخم ٹھیک نہیں ہوتے تھے مزید بن جاتے تھے۔ پھر ایک دن کسی عورت نے میرے بھائی کی ٹانگ دیکھی تو مسکراتے ہوئے بولی یہ تو مسئلہ ہی کوئی نہیں' آپ کو میں ایک چھوٹا سا ٹوٹکہ بتاتی ہوں یہ کچھ عرصہ میں ٹانگ بالکل ٹھیک ہو جائے گی' ہم نے بھی اس کی بات کو سنجیدگی سے نہ لیا کیونکہ بہت سے لوگوں نے پہلے بھی ٹوٹکے بتائے' بڑی دلجمعی سے آزمائے مگر نتیجہ صفر نکلا۔ میری والدہ نے سوچا چلو اس ٹوٹکے کو بھی آزما لیتے ہیں' اس عورت کا بتایا چھوٹا سا ٹوٹکہ آزمایا اور معجزہ ہو گیا۔ ٹوٹکہ یہ تھا ھوالشافی: خالی پلاٹوں میں ایک بوٹی اُگی ہوتی ہے جسے ہماری سرائیکی زبان میں ''کنڈیاری'' کہتے ہیں اس پر گول گول بیر لگے ہوتے ہیں سبز اور پیلے رنگ کے وہ 'کنڈیار' لیں اس میں ڈوڈے جو بیروں کی شکل میں پیلے اور سبز رنگ کے ہونگے انہیں لے کر سرسوں کے تیل میں جلانا ہے جب ڈوڈے کالے سیاہ ہو جائیں گے پھر انہیں کسی لکڑی کے ڈنڈے سے مکس کریں' گاڑھا تیل بن جائے گا' اسے زخموں پر لگانے سے وہ زخم جو جگہ جگہ بن گئے تھے ٹھیک ہو گئے' زخم پر یہ گاڑھا سا تیل وہ لگائے جو پنج وقتہ نمازی ہے' ان شاء اللہ بہت جلد زخم ٹھیک ہو جائے گا۔ اب میرے یہی بھائی کاروبار کرتے ہیں' ان کی دکان ہے اور اپنی ایک بیٹی کی دسمبر میں شادی کی ہے' یہ چھوٹا سا نسخہ بہت کارآمد ہے' اللہ تعالیٰ چاہے تو سب کچھ ہو جاتا ہے' حضرت آپ کے درس سنتی ہوں بہت فیض ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دین و دنیا میں کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین!

ناک شفاء دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ٹھنڈ کی بیماریاں اور لازوال ٹوٹکہ

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

رت بدلی اور بیماریوں کا حملہ شروع

رُت بدلتے ہی اور موسم کی انگڑائی لینے کے بعد بچوں‘ بوڑھوں اور بڑوں میں بیماریاں آتی چلی جاتی ہیں خاص طور پر ریشہ‘ بلغم‘ الرجی‘ چھینکیں‘ کھانسی‘ سانس کا پھولنا‘ سانس کا بند ہونا‘ نمونیہ‘ پولن الرجی‘ بچوں میں شدید کھانسی‘ گلے کا بیٹھ جانا‘ ٹھنڈ کا لگ جانا یا ساری ساری رات کھانستے رہنا‘ یہ تمام بیماریاں جسم کو لپیٹ میں لے لیتی ہیں اور پھر انوکھی دوائیں‘ انوکھے علاج وجود میں آتے ہیں۔ مجھے ایک ذمہ دار فرد نے یہ بات بتائی کہ سردی کے موسم میں اور خاص طور پر جب سردی کی آمد آمد ہو تو بڑی بڑی کمپنیاں کروڑوں کی صرف کھانسی‘ ریشہ‘ بلغم اور الرجی کی ادویات بیچتی ہیں اور ان کی بکتی بھی ہیں لوگ لینے پر مجبور ہوتے ہیں کیونکہ لوگوں کو اس سے وقتی شفاء اور صحت وتندرستی ملتی ہے۔

تمام مسائل میں میرا آزمودہ ٹوٹکہ

گزشتہ دنوں دوران کلینک مجھے ایک مخلص نے ایک ٹوٹکہ دیا کہنے لگے: الرجی کسی بھی قسم کی ہو‘ سانس کی تکلیف‘ بچوں کو ٹھنڈ لگے‘ سردیوں میں پریشان لوگ موسم بدل رہا ہو‘ حتیٰ کہ آکسیجن کے سلنڈر لوگ لگاتے ہیں یا انہیلر لیتے ہیں ایسے تمام مسائل میں میرا ایک ٹوٹکہ ہے جو بہت زیادہ آزمودہ ہے‘ آج تک میں نے جس کو دیا اس کو بہت نفع ملا اور چند خوراکوں سے پریشان سے پریشان حال مریض تندرست اور صحت یاب ہوا اور اس کی تندرستی اور صحت یابی پر لوگ خود حیران ہوئے۔

مزید کہنے لگے اسلام آباد میں پولن الرجی‘ پھولوں کی الرجی ہوتی ہے جو انسان کو نڈھال کر دیتی ہے اور کسی قابل نہیں چھوڑتی پھر اس کے لیے الرجی کی ادویات‘ ویکسی نیشن لیکن اس سے وقتی فائدہ ہوتا ہے‘ اس کے بعد پھر حالات ویسے کے ویسے‘ بس ایسے تمام حالات میں‘ میں نے ایک ٹوٹکہ بہت پرانا استعمال میں لاتا ہوں‘ سانس کا کیسا ہی مسئلہ ہو‘ ریشہ ہو‘ بلغم ہو‘ کھانسی ہو‘ الرجی ہو‘ گھٹن ہو‘ رات کو اٹھ کر بیٹھ جانا ہو‘ انسان پریشان حال ہو‘ ایسے تمام مسائل میں یہ نسخہ بہت آزمودہ ہے۔ مجھے تو میرے بچے کے لیے کسی نے دیا تھا لیکن جب میں نے بچے کو استعمال کروایا تو بہت فائدہ ہوا‘ حالانکہ اس سے پہلے میں اپنے بچے کے لیے کئی بیماریاں اور کئی دوائیاں استعمال کروا چکا تھا بس یہ دوا استعمال کرواتے ہی ایسا حیرت انگیز نتیجہ اور رزلٹ ملا کہ میرے گمان خیال اور احساس سے بھی بالاتر‘ پھر میں نے یہی کچھ اور لوگوں کو دینا شروع کر دیا جس جس نے بھی لیا‘ اس کو بہت فائدہ ہوا اور بہت رزلٹ ملا۔

بیرون ملک ہزاروں ڈالر خرچ کیے مگر۔۔۔!!!

مزید کہنے لگے: ایک صاحب ایسے تھے جو بیرون ملک علاج کروا کر تھک ہار کر آئے تھے لیکن ان کو فائدہ نہ ہوا‘ جب میں نے انہیں یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے کے لیے دیا‘ تو استعمال کے بعد حیرانگی سے کہنے لگے میں نے تو اس الرجی کے بہت علاج کیے‘ ہزاروں ڈالر خرچ کر دیے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا جب سے یہ استعمال کیا سانس کھل گیا‘ ریشہ بلغم نکل گیا‘ سانس کی نالیوں میں آکسیجن رواں دواں ہوگئی‘ جو رات کو میں اٹھ کر بیٹھ جاتا تھا مجھے گھٹن محسوس ہوتی تھی‘ وہ ساری ختم ہوگئی۔ طبیعت میں شادابی‘ خوشحالی اور صحت وتندرستی ملی اور مجھے ایسا صحت وخوشی کا احساس ہوا کہ مجھے اپنے سابقہ خرچہ پر غصہ آنا شروع ہوگیا کہ میں نے اتنا زیادہ خرچہ کیوں کیا اور اتنا زیادہ اپنا مال کیوں ضائع کیا۔ بس پھر افسوس کے سوا کچھ بھی نہیں تھا کہ میں نے اتنا نقصان کیا۔ پھر اس کے بعد مجھے صحت و تندرستی ملنا شروع ہوگئی اور میں حیرت انگیز طور پر ٹھیک ہوگیا۔ قارئین! یہ ٹوٹکہ بظاہر چھوٹا سا لیکن صحت اور تندرستی کے حساب سے بہت کامل اور طاقتور ہے آپ اپنے محلے‘ علاقہ‘ گلی یا خاندان میں کوئی بھی ایسا فرد دیکھیں جو ریشہ‘ بلغم‘ کھانسی‘ الرجی‘ زکام سے عاجز آ گیا ہو اور اس کا پل پل ایسا ہو کہ انسان پریشان ہو رہا ہو بس ایسے ہر فرد کیلئے آپ تسلی سے یہ دوا دے دیں اور پھر اس کا کمال دیکھیں۔ آپ جب ہر طرف سے مایوس ہو جائیں اور سیڑھی کا ایک قدم اٹھانا آپ کیلئے دوبھر ہو جائے‘ چند قدم چلنا ناممکن ہو جائے‘ حالات مسلسل بیماریوں‘ تکالیف اور ادویات کی طرف جا رہے ہوں لیکن پہلے تھک جانا ضروری ہے کیونکہ انسان کا مزاج ہے کہ اگر وہ حالات سے تھکا ہوا نہ ہو پھر اس کا علاج سو فیصد ذہن میں نہیں آتا جب ہر علاج‘ ہر ڈاکٹر‘ ہر ٹیسٹ سے اور ہر ویکسی نیشن سے تھک گیا ہو پھر علاج فائدہ بھی دیتا ہے‘ نفع بھی دیتا ہے اور صحت مند بھی ہوتا ہے۔

آئیے آپ کو وہ ٹوٹکہ بتاتے ہیں

آیئے آپ کو وہ ٹوٹکہ بتاتے ہیں جو ٹوٹکہ آپ کی نسلوں کے کام آئے گا‘ اسے بنا کر محفوظ رکھیں ایک دفعہ بنا ہوا ٹوٹکہ پانچ‘ دس سال خراب نہیں ہوتا اگر رنگ خراب ہو جائے تو پریشان نہ ہوں ہاں اجزا خالص ہوں۔ یہ ایسا ٹوٹکہ ہے جس کے لیے خالص اجزا ملنا ناممکن نہیں مشکل نہیں آپ ان خالص اجزا کو بس تھوڑی سی توجہ دے دیں۔ ھوالشافی: دس گرام کالی مرچ‘ دس گرام دیسی اجوائن‘ بیس گرام ملٹھی پسی ہوئی (پاوڈر)، دس گرام جڑ پان، بالکل باریک پیس لیں اور آدھا کلو خالص شہد میں یہ تمام چیزیں مکس کر لیں‘ مکس کر کے کسی شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت بڑوں کیلئے کھانے کے ایک چمچ یا چائے کے دو چمچ اور چھوٹے بچوں کیلئے چائے کا ایک چمچ یا اس سے چھوٹے کیلئے آدھا یا چوتھائی چمچ بس کھا کر سو جائیں اس کے بعد نہ کچھ کھانا ہے نہ کچھ پینا ہے۔ آپ حیرت انگیز کمال دیکھیں اور حیرت انگیز صحت مندی دیکھیں۔ آپ کو بیماری تکلیف زیادہ ہے آپ یہ صبح‘ دوپہر‘ شام بھی لے سکتے ہیں لیکن رات کا لینا کبھی نہ بھولیں اور رات کا استعمال کبھی نہ بھولیں۔ یہ چھوٹا سا ٹوٹکہ جہاں ریشہ‘ بلغم‘ کھانسی‘ الرجی کے لیے مفید ہے وہاں ایسے لوگوں کیلئے جن کے جوڑوں کا درد‘ کمر کا درد‘ پٹھوں کا درد اور اعصابی کھچاؤ ہو ان کے لیے بہت زیادہ صحت اور تندرستی کی دلیل ہے۔ آیئے! فطری ادویات اور فطری ٹوٹکوں پر اعتماد کریں اور اپنے اس اعتماد کو بڑھاتے چلے جائیں۔ کیونکہ یہی فطری اعتماد ہی آپ کو فطری زندگی کی طرف مائل کرے گا۔

(بقیہ: گوشہ درود وسلام میں فیض کا سمندر جاری)

دی تو گھر میں ایک نحوست چھائی وہ چھٹ گئی‘ روزانہ کہف کا دم شدہ جھاڑو گھر میں دیتی ہوں‘ جیسے جیسے گھر میں جھاڑو دیتی ہوں‘ واقعی محسوس ہوتا ہے کہ گھر میں سکون آتا جا رہا ہے‘ گھر میں بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے‘ چڑچڑاپن ختم ہوگیا ہے‘ شیطانی چیزیں رات کو تنگ کرتی تھیں وہ بھاگ گئیں۔ میں جوڑوں کے درد اور شوگر کی مریضہ ہوں جب سے دم شدہ پانی پینے اور نمک آٹے سالن میں استعمال کرنا شروع کیا ہے۔ میں دن بدن صحت مند ہو رہی ہوں۔ (ام قیصر امتیاز‘ بفرزون کراچی)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت منداور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو‘ معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

سیدھے پاؤں کا وزن الٹے پاؤں سے زیادہ

مجھے اپنے نفسیاتی مسائل میں الجھے ہوئے تقریباً ایک سال ہوگیا ہے مثلاً مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میرے سیدھے پاؤں کا وزن الٹے پاؤں سے زیادہ ہے اور یہ کہ دونوں پاؤں میں فرق ہے جب یہ خیال میرے دماغ میں نہیں ہوتا تو میں ایسا کچھ بھی محسوس نہیں کرتی۔ مگر جب یہ سوچتی ہوں تو پڑھائی متاثر ہوتی ہے، مجھے معلوم ہے کہ میں اپنے نصاب میں کافی پیچھے رہ گئی ہوں۔ اس مسئلے سے چھٹکارا چاہتی ہوں۔ جانتی ہوں میری بات بہت عجیب ہے۔ ایف ایس سی کی طالبہ ہوں۔ (رعنا۔ گوجرانوالہ)

مشورہ: فرق کو نظر انداز کر کے توازن کو دیکھیں۔ قدرت نے آپ کے دونوں پاؤں میں خوبصورت توازن رکھا ہے۔ اسی وجہ سے چلنے میں، بیٹھنے میں اور لباس میں، جوتوں میں کوئی فرق نہیں ہوگا۔ اس سے ثابت ہوا کہ پاؤں میں فرق محض خیالی ہے۔ دراصل آپ کی عمر کی لڑکیاں اپنے بارے میں زیادہ سوچتی ہیں۔ کوئی چہرے کے خدوخال کے بارے میں فکرمند ہے تو کوئی قد کے حوالے سے پریشان۔ کسی کو رنگ کے بارے میں شکایت ہے۔ یہ سب منفی خیالات ہیں جو انسان کو سکون سے کام نہیں کرنے دیتے۔ ان کو دماغ میں ٹھہرنے نہ دیں، پریشانی دور ہو جائے گی۔

پسند کی شادی، خوشیاں بھی ملیں مگر

میں نے اپنی پسند سے شادی کرلی۔ خوشیاں بھی ملیں لیکن مالی مشکلات نے پیچھا نہ چھوڑا۔ اب ایک بیٹی ہے۔ اس کو اچھی تعلیم دلوانے کے خواب دیکھتی ہوں اور ڈر جاتی ہوں کہ کہیں اس کی زندگی بھی میری طرح والدین کو ناراض کر کے نہ گزرے، یہ اکیلی نہ رہ جائے۔ اس کے مستقبل کے اندیشے میرے آج کا سکون چھین رہے ہیں۔ کتنی ہی دیر خاموش بیٹھی اردگرد گم ہو جاتی ہوں۔ بچی روتے روتے کندھا ہلاتی ہے تو چونک کر اسے گود میں لے لیتی ہوں۔ عجیب قسم کا خوف مجھے گھیرے رکھتا ہے۔ اب محسوس ہوتا ہے کہ میں نے بہت بڑی غلطی کی ہے۔ (شازیہ، چکوال)

مشورہ: اکثر لوگ مستقبل کے حوالے سے خوف کا شکار ہوتے ہیں لیکن ان کو معلوم نہیں ہوتا کہ اس طرح وہ آج کی خوشیوں یا سکون سے محروم ہو رہے ہیں۔ آپ کو اس بات کا احساس ہے لہٰذا اپنی اس کیفیت سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اردگرد سے گم ہو جانا، خاموشی اور بچی سے بے خبری ذہنی صحت کیلئے بھی ٹھیک نہیں۔ مستقبل کے حوالے سے کسی کو کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ بہت سی پریشانیاں وقت کے ساتھ ختم ہو جاتی ہیں۔ جو لوگ آج میں زندہ رہتے ہیں اور آج محنت کرتے ہیں، علم حاصل کر کے خود کو کسی لائق بناتے ہیں ان کا آنے والا کل بھی اچھا ہو جاتا ہے۔ جو غلطی آپ سے ہو چکی اسے بھول جائیں۔

لوگ رشتہ دیکھنے آتے ہیں تو لرز جاتی ہوں!

میری عمر 30 سال ہوگئی ہے۔ 20 سال کی عمر میں کزن سے منگنی ہوئی جو چھ ماہ میں ختم ہوگئی۔ پتہ ہی نہیں چلا دس سال کس طرح گزر گئے، صرف اتنا احساس ہے کہ لوگ مجھے دیکھنے آتے رہے اور میں کپکپاتا ہوا دل لے کر ان کے سامنے جاتی رہی، اب لوگوں نے آنا کم کر دیا ہے لیکن میرے دل کا لرزنا بڑھ گیا۔ کبھی تو لگتا ہے مجھے دل کی بیماری ہے ایک روز میرے کہنے پر ابو مجھے ہسپتال بھی لے گئے لیکن دل کی کوئی تکلیف ہی نہ تھی۔ پل بھر کو میں نے محسوس کیا ہسپتال میں صحیح معائنہ نہیں ہوا مگر یہ بات کہی نہیں کیونکہ سب ہی میری صحت کی طرف سے مطمئن تھے اور اب بھی ہیں جبکہ میں خود مطمئن نہیں ساری ساری رات نیند نہیں آتی۔ (میمونہ، راولپنڈی)

مشورہ: پرسکون نیند انسانی ذہن اور جسم کے لیے بے حد ضروری ہے۔ نیند پوری نہ ہو تو بغیر مشقت کئے انسان خود کو تھکا تھکا محسوس کرتا ہے بلکہ ایک قسم کا تناؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ نیند لانے کیلئے مثبت کوشش کیجئے۔ لمبی سیر کریں۔ ورزش بھی اچھی ہے۔ من پسند کھانا کھائیں لیکن سونے سے کئی گھنٹے پہلے، سونے سے پہلے اچھی کتابوں کا مطالعہ کرسکتی ہیں۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ جن لوگوں کا دن اچھا گزرتا ہے ان کو رات میں اچھی نیند آتی ہے۔ جہاں تک دل لرزنے کی بات ہے تو یہ گھبراہٹ کے سبب ہو رہا ہے۔ یہ خالصتاً نفسیاتی مسئلہ ہے۔ کوئی ملنے آئے تو مل لیا کریں اس طرح جیسے کہ اور بہت سے لوگوں سے ملا جاتا ہے۔ ہوسکتا لاشعور میں یہ خوف ہو کہ جو لوگ آئے ہیں وہ ناپسند نہ کر دیں۔

چھوٹے بہن بھائیوں کا خیال! شادی نہ کرونگی

میں نے اپنا گھر بنانے اور بچوں کو تعلیم دلوانے میں بہت محنت کی۔ لڑکے اور لڑکیوں سے شفقت اور ہمدردی کے تعلقات ہیں۔ بیٹی کی عمر چوبیس سال ہو رہی ہے میں اس کی شادی کرنا چاہتا ہوں لیکن وہ کہتی ہے کہ میں آپ کی بیٹی نہیں بیٹا ہوں شادی نہیں کرنی چھوٹے بہن بھائیوں کا خیال رکھوں گی۔ میں اس کے ان خیالات پر فکرمند ہوں۔ (ج، لاہور)

مشورہ: آپ نے محنت سے بچوں کو اچھی زندگی گزارنے کا موقع دیا اس کے باوجود بیٹی کو کسی نہ کسی طرح یہ احساس ہوا ہے کہ اگر وہ بیٹا ہوتی تو والدین کا اچھا سہارا بنتی لہٰذا شادی سے انکار اور خود کو بیٹا کہلوانے کی خواہش پیدا ہوئی۔ آپ اسے احساس دلائیں کہ تم بیٹوں سے بڑھ کر بیٹی ہو۔ رہی شادی کی بات تو بیٹوں کی بھی تو شادی ہوتی ہے۔ محبت کرنے والے شادی کے بعد بھی چھوٹے بہن بھائیوں کا خیال رکھ سکتے ہیں۔

میری مرضی کے خلاف میری شادی گاؤں میں کردی

والدہ کی مرضی سے میری شادی گاؤں میں کردی گئی اس وقت میں پڑھ رہی تھی اب میرا مسئلہ گاؤں کا ماحول اور اپنے سسرال والوں کی سوچ ہے۔ میں وہاں اپنی مرضی سے اپنے کمرے میں نہیں بیٹھ سکتی، نہ کوئی کتاب پڑھ سکتی ہوں کیونکہ اس کا وہ لوگ برا مانتے ہیں کہ میں الگ ہونا چاہتی ہوں اس لیے علیحدہ بیٹھی ہوں یہاں کی عورتیں سارا دن کام کرتی ہیں مرد پانی کا گلاس بھی خود نہیں اٹھاتے۔ میرے شوہر کمرے میں بسکٹ لا کر بھی نہیں رکھ سکتے۔ میں اپنی مرضی سے چائے بنا کر نہیں پی سکتی۔ والدہ کہتی ہیں گزارا کرو۔ آج کل اپنی خالہ کے گھر ہوں یہاں ہر سہولت ہے، سسرال میں بہت سے مسائل ہیں اور ان کا کوئی حل سمجھ میں نہیں آتا، خالہ کہتی ہیں طلاق لے لو۔ (خ۔ا، شیخوپورہ)

مشورہ: شادی کے بعد لڑکیوں کی زندگی میں بہت سی تبدیلیاں آتی ہیں، ان میں سسرال کے ماحول کے حوالے سے پیش آنے والے مسائل یقیناً اہم ہیں لیکن ان کی وجہ سے طلاق نہیں لینی چاہیے کیونکہ وقت کے ساتھ اچھی تبدیلی بھی آتی ہے۔ شوہر اچھے، آپ کے ہم خیال اور محبت کرنے والے ہیں تو ماحول پر ابھی صبر کریں جو کام درست ہیں انہیں کرنے کی ہمت بھی ضرور کرتی رہیں۔ مثلاً کتاب پڑھنا ہے تو نہ یہ کہ خود پڑھیں بلکہ گھر والوں اور اردگرد کے بچوں کو بھی ابتدائی تعلیم دینے کا آغاز کریں۔ آج کل ان پڑھ والدین بھی چاہتے ہیں کہ ان کے بچے تعلیم حاصل کرسکیں، بسکٹ وغیرہ منگوا کر گھر کے بچوں کو دیں، کسی سے خیال رکھوانے اور ہمدردی حاصل کرنے کے لیے دلوں میں جگہ بنانی ہوتی ہے۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی

دائمی نزلہ، الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا

قیمت صرف -/600 روپے

یہ تعویذ گھول کر پلائیے! شوہر ہمیشہ شفیق اور ہنس مکھ رہے گا

والدہ حارث، لاہور

ان کی آنکھوں میں دیکھتے ہی ٹانگیں کانپنا شروع ہوجاتی تھیں، ہر وقت غصہ، غرانا، چلانا ان کی عادت بن چکی تھی اور بعض اوقات تو یہ کیفیت خوفناک حد تک بڑھ جاتی تھی کہ ان کے کمرے میں بھی کوئی نہ جاتا تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! روحانی کلاس میں آپ نے اصحاب کہف کے نام گول دائرے میں اور درمیان میں قطمیر لکھنے کا تعویذ بتایا تھا، عمل کیا اور بہت فائدہ ہوا۔ پانی میں گھول کر بھی استعمال کیا اور بازو پر بھی باندھا، میرے شوہر جو جنونی کیفیت میں مبتلا رہتے تھے، ان کی آنکھوں میں دیکھتے ہی ٹانگیں کانپنا شروع ہوجاتی تھیں، ہر وقت غصہ، غرانا، چلانا ان کی عادت بن چکی تھی اور بعض اوقات تو یہ کیفیت خوفناک حد تک بڑھ جاتی تھی کہ ان کے کمرے میں بھی کوئی نہ جاتا تھا۔ مگر اس تعویذ کی بدولت میرے شوہر کی حالت اب ویسی بالکل بھی نہیں ہے، انتہائی شفیق لہجے سے بولتے ہیں، اور ہنستے کھیلتے مذاق کرتے ہیں۔ یہ تعویذ سب گھر والے استعمال کر رہے ہیں، گھر میں سکون کی فضا ہے، لڑائی جھگڑے ختم ہوگئے ہیں۔ اس تعویذ کو گھول کر پی بھی سکتے ہیں، بازو یا گلے میں باندھ بھی سکتے ہیں۔ مزید اس کے فوائد چاہتے ہیں تو 313 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اس تعویذ پر دم کریں اور اس کا ایصال ثواب اصحاب کہف کی ارواح طیبات کو ہدیہ کیں۔

اصحاب کہف کے نام اور تعویذ کا طریقہ

ایک کاغذ پر گول دائرے میں درج ذیل نام لکھیں۔

یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ۔ اٰذَرَافَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْبُوْس وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْر ط"

یہ تمام نام گول دائرے میں لکھ کر ان کے درمیان لفظ "قِطْمِیْر" لکھنا ہے۔ یہ آپ کا تعویذ تیار ہوجائے گا۔

ڈیلیوری میں آسانی کیلئے اس سے آسان عمل نہیں

ڈیلیوری سے پہلے سورۂ تغابن گھر کے سارے افراد پڑھیں یا جس نے پڑھنی ہو بالکل دھیان اور توجہ کے ساتھ پڑھیں۔ معاملہ کتنا ہی پیچیدہ ہو یا ڈاکٹر کہیں کہ آپریشن ہی ہوگا۔ اس عمل کی بدولت ان شاء اللہ نارمل ڈیلیوری ہوجاتی ہے۔ میری بہن کا بچہ الٹا بھی تھا اور آڑھا بھی تھا، ڈاکٹر نے آپریشن کہا تھا، میرے بہنوئی نے پیپرز پر دستخط بھی کردیئے تھے میں نے بہن کے سسرال میں فون کرکے کہا آپ تمام سورۂ تغابن پڑھیں، بہن کی نند اور جیٹھانی پڑھنے کیلئے بیٹھ گئیں اور الحمدللہ جیسے ہی بہن کو آپریشن تھیٹر میں لے کر گئے، آناً فاناً بچے کی پیدائش ہوگئی، میں نے یہ عمل آج تک جس کو بھی بتایا الحمدللہ بہت آسانی سے ڈیلیوری ہوئی۔

میری اسی بہن کا ایک اور واقعہ ہے۔ جس رات میری چھوٹی بہن کی بارات تھی اس بہن کو دردیں شروع ہوگئیں، ہم شادی ہال میں جانے سے پہلے سخت پریشان تھے کہ یہ تکلیف میں ہے اور ادھر بارات آرہی ہے، پھر مجھے اچانک آپ کا بتایا ہوا "زم زم" والا عمل یاد آیا، میں نے اپنی بہن کو ایک تسبیح بتائی کہ یاسمیع اول وآخر درود شریف کے ساتھ کسی سے بات کیے بغیر دل میں پڑھیں اور پھر اول وآخر درود شریف کے ساتھ سانس روک کر گیارہ مرتبہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کر زم زم پڑھے۔ اس نے یہ عمل کیا، شادی کا سارا فنکشن ہم نے آرام سے گزارا اور پھر اگلے دن سورۂ تغابن کے عمل سے ڈیلیوری آسانی سے ہوگئی۔ الحمدللہ! شادی بھی ہوگئی اور دوسری بہن کی ڈیلیوری بھی ہوگئی۔ اللہ کریم آپ کا اور آپ کی نسلوں کا سایہ ہم پر ہی کیا پوری امت پر تاقیامت قائم رکھیں۔ آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے خودبخود دعائیں نکلتی ہیں، اللہ پاک آپ سے ہمیشہ ہمیشہ راضی رہے، اور آپ اسی طرح امت کو اللہ کریم سے مانگنے اور قریب کرنے کے اعمال بتاتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی نسلوں کی ہر فتنے اور ہر طرح کی ذلت، قلت اور علت سے تاقیامت بے حد حفاظت فرمائے۔ آمین!

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

بچوں کے سوکھے پن کیلئے

اگر بچہ سوکھ کر ڈھانچہ ہوجائے تو انڈے کی زردی لے کر بچے کے مقعد پر رکھیں وہ حیرت انگیز طور پر کھینچ لے گا اور یہ سوکڑے پن کی علامت بھی ہوگی، روزانہ عمل دہرائیں آخر میں بچہ کی طاقت زردی اٹھانے میں کمزور ہوجائے گی اور بچہ دن بدن تندرستی کی طرف گامزن ہوگا انشاء اللہ۔

شوگر کیلئے آسان گھریلو نسخہ

کیکر پھلی، برگ جامن، برگ آم، اسگندنا گوری تمام اشیاء 300 گرام لیکر کوٹ چھان کر ایک چمچ صبح پانی کے ساتھ استعمال کریں اور رات کو سوتے وقت ایک چمچ پانی کیساتھ استعمال کریں۔ مکمل پرہیز کیساتھ ایک ماہ استعمال کریں، پھر ایک ماہ بغیر پرہیز کیساتھ استعمال کریں، پھر ایک ماہ اور استعمال کریں۔ اس طرح کل تین ماہ استعمال کریں۔ فائدہ پہلے ماہ سے ہی شروع ہوجائے گا۔

جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کا درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے:۔ زیتون کے تیل پر ایک سو پچیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور جسم کے جس جس حصے میں درد ہوتا ہو اس اس جگہ میں روزانہ رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے درد ختم ہوجائے گا۔

پرہیز: پرہیز یہ ہے کہ جس رات جسم ناپاک ہو یا بیوی سے قربت کرنی ہو اس رات اس تیل کی مالش نہ کریں۔ دوسری بات یہ کہ ایک بوتل پانی پر ایک سو پچیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرلیں (ایک ہی نشست) میں پڑھیں (تھوڑا تھوڑا پڑھ کر دم نہ کریں) اور اس پانی کو سوتے وقت چند گھونٹ پی لیا کریں۔ (بحوالہ عبقری جلد 9)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی، جسمانی، نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

گھریلو ناچاقیوں، رزق کی تنگی، پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بچوں کا صفحہ

اس بچے نے بڑوں کی بات نہ مانی اور لومڑ نے پکڑ لیا!

عائشہ بنت اقبال، لاہور

دوڑتے دوڑتے وہ ایک کھیت میں جا پہنچا وہاں ایک کسان بھی تھا۔ اس نے جب ادرک کی خمیری روٹی سے بنے چھوٹے لڑکے کو دیکھا تو تیزی سے اسے پکڑنے کو لپکا: ''اے چھوٹے لڑکے! رک جاؤ میں تمہیں اپنی چائے کے ساتھ نوش کروں گا''

بے اولاد بوڑھے بونے میاں بیوی

پرانے وقتوں کا قصہ ہے۔ ایک دور دراز قصبے میں ایک بوڑھا آدمی اور اس کی بیوی رہا کرتے تھے۔ بوڑھا اور بوڑھیا دونوں بونے تھے۔ ان دونوں کی کوئی اولاد نہ تھی۔ ایک روز بوڑھی عورت نے کہا کہ ''میں اپنے طور پر ادرک کی خمیری روٹی سے ایک چھوٹا سا لڑکا بناؤں گی'' یہ کہہ کر وہ کام میں جت گئی۔ سب سے پہلے تو اس نے آٹے کو خمیر کیا۔ پھر اسے اچھی طرح سے گوندھا اور کاٹ کر ایک چھوٹے سے لڑکے کا جسم بنایا۔ اس کے بعد اس نے دو کشمکش اس کی آنکھوں کی جگہ لگائے اور تین کشمکش سامنے کی طرف بٹنوں کے طور پر لگا دیئے۔ پھر چمچ کے نوک سے باریک سے مسکراتے ہوئے ہونٹ بنا ڈالے۔ جب چھوٹے سے لڑکے کا پورا جسم بن گیا تو بوڑھی عورت نے اسے بھٹی میں پکنے کے لیے رکھ دیا۔ کچھ دیر جب اس نے برقی بھٹی کا دروازہ کھولا تو اچانک ادرک کی خمیری روٹی سے بنے ہوئے چھوٹے لڑکے نے زور سے باہر چھلانگ لگا دی اور کچن کے فرش پر تیز تیز گھومنے لگا۔ ''افوہ!'' بوڑھی عورت حیران و پریشان اس کی طرف لپکی لیکن چھوٹا لڑکا تو تھا بہت ہی ہوشیار وہ کیسے اس کے ہاتھ آتا۔ اس نے ایک لمبی چھلانگ لگائی اور گھر کے دروازے سے نکل کر بھاگ کھڑا ہوا۔ بوڑھی عورت ہکا بکا اپنے شوہر کو بتانے کے لیے دوڑی۔ پھر میں وہ دونوں لڑکے کی طرف دوڑ پڑے۔ اب آگے آگے لڑکا اور اس کے پیچھے پیچھے دونوں بوڑھے بھاگ رہتے تھے۔ ''رک جاؤ، رک جاؤ! اے چھوٹے ادرک کی خمیری روٹی سے بنے لڑکے! رک جاؤ'' لیکن بھلا چھوٹا لڑکا کیسے ان کی بات پر کان دھرتا۔ وہ تو بس دوڑتا ہی چلا گیا۔ تھا تو وہ چھوٹا سا لیکن آواز اس کی بڑی ہی تیز تھی۔ دوڑتے دوڑتے وہ اپنی باریک اور تیز آواز میں گاتا جا رہا تھا:

''دوڑ وہاں دوڑو، تیزی سے دوڑو
دوڑتے ہی جاؤ تھک کے دوڑو
تم مجھے کیسے پکڑ سکتے ہو بھلا
کہ میں ہوں ادرک کی روٹی سے بنا

میں تو بوڑھے بوڑھی کو پیچھے چھوڑ آیا تم کیا چیز ہو؟

دوڑتے دوڑتے چھوٹا لڑکا تو کہیں کا کہیں جا پہنچا جبکہ بیچارا بوڑھا آدمی اور اس کی بیوی دونوں تھک ہار کر ناکام واپس لوٹ گئے۔ ادھر چھوٹا لڑکا دوڑتا ہی رہا، دوڑتا ہی رہا۔ یہاں تک کہ وہ ایک چراگاہ میں جا پہنچا۔ وہاں ایک گائے کی نظر اس پر پڑی تو وہ اپنی بھاری اور بیٹھی ہوئی آواز میں بولی: ''رک جاؤ، رک جاؤ اے لڑکے! کیونکہ تم مجھے کھانے کی نہایت مزیدار چٹنی لگتے ہو'' لیکن چھوٹے لڑکے پر کہاں اثر؟ وہ گائے کے پاس سے یہ کہتا ہوا بھاگ گیا کہ ''میں تو بوڑھے بوڑھی کو بھی پیچھے چھوڑ آیا ہوں۔ تم بھلا مجھے کیسے پکڑ سکتی ہو؟ تو تمہیں بھی پیچھے چھوڑ دوں گا۔ سمجھیں کچھ اے بی گائے!'' یہ کہہ کر وہ آگے سے آگے دوڑتا چلا گیا۔ ایک ندی کے کنارے ایک گھوڑا کھڑا پانی پی رہا تھا۔ جب چھوٹا لڑکا اس کے قریب پہنچا تو گھوڑا زور سے پکارا: ''اے لڑکے! رک جاؤ میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ آخر تمہارا ذائقہ کیسا ہے؟'' لیکن چھوٹے لڑکے سے بھی بھلا کوئی تیز دوڑ سکتا تھا۔ وہ تقریباً پھسلتا ہوا گھوڑے کے پاس سے نکل گیا۔ ساتھ ساتھ وہ چلاتا جا رہا تھا ''تم مجھے کیسے پکڑ سکتے ہو بیوقوف گھوڑے! میں تو بوڑھے آدمی اور اس کی بیوی اور بی گائے سبھی کو پیچھے چھوڑ آیا ہوں۔ گھوڑا بیچارا اپنا سا منہ لے کر رہ گیا اور سرکش چھوٹا لڑکا دوڑتا ہی چلا گیا۔

میں تجھے چائے کے ساتھ کھاؤں گا

دوڑتے دوڑتے وہ ایک کھیت میں جا پہنچا وہاں ایک کسان بھی تھا۔ اس نے جب ادرک کی خمیری روٹی سے بنے چھوٹے لڑکے کو دیکھا تو تیزی سے اسے پکڑنے کو لپکا: ''اے چھوٹے لڑکے! رک جاؤ میں تمہیں اپنی چائے کے ساتھ نوش کروں گا'' لیکن چھوٹا پھرتیلا لڑکا کسان کی ٹانگوں کے بیچ سے ہو کر نکل گیا اور چیخ کر کہنے لگا: ''میں تو چھوٹے بوڑھے مرد، چھوٹی بوڑھی عورت، بی گائے اور بیوقوف گھوڑے تک کو پیچھے چھوڑ آیا ہوں۔ تم بھلا کیا چیز ہو! میں تمہیں بھی ہرا دوں گا'' کسان اس کے پیچھے لپکا لیکن اسے پکڑنے میں ناکام ہوگیا۔ جب کسان بھی چھوٹے لڑکے کو نہ پکڑ سکا تو وہ جوش میں آگیا اور سرکش ہو کر اور تیز دوڑنے لگا۔ لیکن آخرکار اسے رکنا ہی پڑا کیونکہ اس کے سامنے بہت بڑا دریا آگیا تھا۔ جسے وہ عبور نہیں کر سکتا تھا۔ وہ مجبوراً ایک طرف ہو کر کھڑا ہوگیا اور سوچنے لگا کہ دریا کے پار کیسے جاؤں؟

میری دم پر بیٹھو! میں دریا پار کروا دیتا ہوں

اسی اثنا میں وہاں ایک لومڑ آگیا۔ اس نے جب ادرک کی خمیری روٹی سے بنے لڑکے کو دیکھا تو بہت خوش ہوا اور سوچنے لگا یہ تو بڑی مزیدار چٹ پٹی چیز لگتا ہے۔ میں اسے ضرور کھاؤں گا چونکہ لومڑ بہت مکار اور ہوشیار تھا۔ اس لیے اس نے ایک چال سوچی اور لڑکے سے کہنے لگا ''آؤ چھوٹے لڑکے! تم میری دم پر بیٹھ جاؤ۔ میں تمہیں بہت آسانی سے دریا کے پار پہنچا دوں گا۔ بس تم جلدی سے آجاؤ''۔ اب چھوٹا لڑکا تو تھا ہی بے وقوف۔ اپنے بڑوں کی بات تو اس نے نہ مانی تھی جبکہ مکار لومڑ کی چال میں آسانی سے آگیا۔ اور جلدی سے دم پر اچک کر بیٹھ گیا۔ لومڑ دریا میں اترا اور تیرنے لگا۔ کچھ دیر ہی گزری تھی کہ اس نے چھوٹے لڑکے کو آواز دے کر کہا: ''اے لڑکے! تم یقیناً گیلے ہو رہے ہوگئے۔ ایسا کیوں نہیں کرتے کہ میری گردن پر بیٹھ جاؤ تاکہ دریا کا پانی تمہیں گیلا نہ کر سکے'' لڑکے نے یہ بات سنی تو اچھل کر لومڑ کی گردن پر آگیا۔ پھر جب وہ آدھا راستہ طے کر چکے تو لومڑ نے دوبارہ لڑکے کو زور سے آواز دی ''چھوٹے لڑکے! تم بہت بھاری ہو میری گردن تو تھک گی ایسا کرو کہ میری ناک پر آکر بیٹھ جاؤ'' چھوٹا لڑکا آرام سے اس کی ناک پر آبیٹھا۔ لومڑ تیزی سے تیرتا رہا۔ آخر وہ دوسرے کنارے پر پہنچ ہی گئے لیکن بچو! پھر ایک عجیب بات ہوئی۔ پہلے تو لومڑ کا بڑا سا جبڑا کھلا پھر زور سے ''ہپ'' کی آواز آئی اور اس کے ساتھ ہی چھوٹے لڑکے نے چلانا شروع کر دیا۔ ''او پیارے لومڑ! یہ تم نے کیا کیا؟ میں تو آدھا ختم ہوگیا'' وہ شور مچاتا ہی رہ گیا اور لومڑ نے دوسری بار بھی زور سے ''ہپ'' کر ڈالا۔ چھوٹا لڑکا پھر چلایا ''اے پیارے لومڑ! مجھ پر رحم کرو میں تو تین چوتھائی ختم ہوگیا ہوں۔'' اب بھلا لومڑ کیسے چھوڑ دیتا۔ اتنا تو مزیدار تھا وہ اور وہ بھی تو تھوڑا ہی رہ گیا تھا۔ اس نے پھر اپنا بڑا سا منہ کھولا اور تیسری بار جب ''ہپ'' کی آواز آئی تو وہاں نہ کوئی ادرک کی خمیری روٹی سے بنا لڑکا تھا اور نہ اس کا شور و غل تھا۔ لومڑ مزے سے اپنا منہ چلاتا ایک طرف کو چل دیا۔ تو کہیے پیارے بچو! پسند آئی آپ کو کہانی۔ ہمارے سیکھنے کی بات اس میں یہ ہے کہ ہم ہمیشہ اپنے بڑوں کی بات مانیں۔ اگر ہم چھوٹے لڑکے کی طرح بدتمیزی کر کے بھاگ لیں گے تو آخر کب تک بھاگیں گے۔ آخر کار تو چالاک لومڑ جیسی کوئی نہ کوئی مصیبت آ ہی جائے گی نا۔۔!! پھر کیسے بچیں گے؟ اس لیے اچھی بات تو یہ ہے کہ آپ اپنے گھر میں سکون سے اپنے بڑوں کا احترام کرتے ہوئے رہیں۔ پھر انشاء اللہ کوئی چالاک لومڑ آپ کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جن کہتا ہے میں تمہارا عاشق! روتی ہوں تو تسلیاں دیتا ہے

فیض بتول، راولپنڈی

اپنی اس 14 سال زندگی سے جوگزار رہی ہے۔ میں نے حامی تو بھر لی ہے شادی کے لیے اس سے لیکن آگے جن ساتھ ہیں ایک اور ساتھ اگر انکار کرتی ہوں تو اس لڑکے کی زندگی جاتی ہے۔ میں جل رہی ہو آگ میں جو نہ بجھتی ہے نہ مجھے جلا کر راکھ کرتی ہے۔

جن گھر میں فساد ڈالتا ہے

یہ 2004 کا واقعہ ہے جب ابو کی محکمہ پولیس سے نوکری ختم ہوئی اور ہمارے پاس اتنے پیسے نہیں تھے کہ اپیل کرتے نہ ابو کو اپنے بھائی نے حصے کی زمین دی' نہ امی کو بھائیوں نے' نہ اتنی پہنچ تھی کہ حصہ لینے کے لیے جاسکیں۔ جب ہم خوشحال تھے سب رشتے دار آتے جاتے تھے اب کوئی عزت نہیں کرتا نہ پوچھتا ہے کوئی کس حال میں ہیں آپ لوگ۔ گھر میں میری وجہ سے بھی سکون نہیں ہوتا۔ مجھ پر سوار جن گھر میں بھی فساد ڈالتا ہے۔ بول بول کر میرا دماغ کھاجاتا ہے۔ میں کام نہیں کرسکتی جلدی تھک جاتی ہوں۔ نہ زیادہ دیر بیٹھ سکتی ہوں نہ زیادہ دیر لیٹ سکتی ہوں نہ زیادہ دیر چل سکتی ہوں جسم دکھنے لگتا ہے۔ پہلے جو جننی تھی وہ 10 سال ساتھ رہی اور پتھر کا بنا دیتی تھی اور جو کام کرتی الٹا کروا دیتی۔ میں اپنا وہم سمجھتی تھی حال برا ہوا جب تب پتا چلا کہ جنات ہیں۔ خاندان کے خاندان نکالے گئے ہیں مجھ پر سے۔ پھر آگئے تین جن اور اب کسی پیر سے نہیں نکل سکے۔ میں اس عمر میں بھی آکر 16,15 سال کی لگتی ہوں' یہ جن مسلمان نہیں، نماز نہیں پڑھنے دیتے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اصل میں غلطی امی اور نانی اماں کی تھی۔ میں نماز اور قرآن جب تک پڑھ نہ لیتی سکون نہ ملتا۔ رشتے دار جلتے کہ جب دیکھو مصلے پر بیٹھی ہوتی ہے۔

جن کے سر پر سینگ تھے

ایک دفعہ جن آگیا وہ وقت مغرب کا تھا میں ڈر گئی وہ بھاگ گیا کچھ روز بعد پھر آیا مغرب کے وقت اس وقت نانی اماں کافی دور کمرے میں تھیں۔ میں نماز پڑھ کے تسبیح پڑھ رہی تھی اس کے سر پر سینگ تھے جسم پر بال لمبے لمبے اور ہاتھوں پاؤں میں چاندی کی کڑیاں تھیں۔ میں نے ڈر سے آنکھیں بند کرلیں اور نانی اماں کو بلانے لگ گئی اس نے میرے آس پاس سات چکر لگائے اور چلا گیا۔ اللہ کے بہت قریب تھی میری ہر دعا بددعا ایسے قبول ہوتی جیسے گولی بندوق سے نکلتی ہو لیکن امی اور نانی اماں نے ماموں کو بتایا کہ ڈر گئی ہے۔ بس پھر مجھ پر ظلم شروع ہوگیا۔ وہ کالا جادو کرتا ہے سب کچھ ختم ہوگیا۔ روح میری قید کرلی ماموں زبان سے میٹھا اور اندر سے جڑیں کاٹتا رہا۔

اب ایک جن عاشق ہوگیا ہے

اب ایک جن بھی عاشق ہوگیا ہے لیکن وہ خود سامنے نہیں آسکتا۔ وہ کہتا ہے کہ تمہیں شادی کرنی ہوگی فلاں لڑکے سے اگر نہ کی تو میں اسے قتل کردوں گا۔ اگر وہ جن ہنسے تو تین دن میں بے ہوش رہوں۔ اگر وہ سامنے آجائے تو پانچ دن ہوش میں نہ آؤں۔ میں نہیں مانتی تھی شادی کے لیے اس لیے اس جن کو حاضر ہونا پڑا۔ جب میں دکھ کی وجہ سے روتی ہوں تو تسلی دیتا ہے' کہتا ہے جارہا ہوں اسے چھوڑ کر چپ ہو جاؤ نہیں تو اس کا جگر کھا کے جارہا ہوں۔ اس لڑکے کو بہت تکلیف دیتا ہے۔ جن صاحب کیا حال کریں آگے ہی گھر کی وجہ سے پریشان ہوں رشتے آتے ہی نہیں اس طرح کرنے سے کیا گزرے گی گھر والوں کے دل پر میں جانتی ہوں۔ دعا کردیں خدا اٹھالے اس دنیا سے مجھے نہیں جینا اس ذلت بھری دنیا میں تنگ آگئی ہوں اپنی اس 14 سال زندگی سے جو گزار رہی ہے۔ میں نے حامی تو بھر لی ہے شادی کے لیے اس سے لیکن آگے جن ساتھ ہیں ایک اور ساتھ اگر انکار کرتی ہوں تو اس لڑکے کی زندگی جاتی ہے۔ میں جل رہی ہو آگ میں جو نہ بجھتی ہے نہ مجھے جلا کر راکھ کرتی ہے۔ (ف۔ب، پشاور)

کوئی زہریلی چیز کاٹ لے تو ماچس منگوالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے چند سال ہوگئے ہیں' الحمدللہ بہت فیض پایا ہے۔ اگر کسی شخص کو بچھو یا کسی زہریلے حشرات نے کاٹ لیا ہو تو لال رنگ کی پانچ سات دیا سلایاں یعنی پانچ سات دیا سلایاں کی سیخیں لیکر ان کا مصالحہ اتار کر اور پھر اس مصالحہ کو کسی پتھر پر رگڑ کر جس جگہ بچھو نے ڈنگ مارا ہو وہاں پر چھڑک دیں فوراً آرام دے گا بارہا کا آزمودہ ہے چند منٹوں میں آرام دیتا ہے۔ (محمد حمزہ حنیف، کلاسن کچہ کھوہ)

گوشہ درود وسلام میں فیض کا سمندر جاری

بیماری اور گھر سے شیطانی چیزیں ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کراچی میں رہتی ہوں' گوشہ درود وسلام جاکر اعمال کرتی ہوں' یقین کیجئے! جیسے ہی میں وہاں اعمال کرکے گھر لوٹی چند دنوں میں ہی گھر میں ایک نحوست چھائی وہ چھٹ گئی' واقعی محسوس ہوتا ہے کہ گھر میں سکون آتا جارہا ہے' گھر میں بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے' چڑچڑاپن ختم ہوگیا ہے' شیطانی چیزیں رات کو تنگ کرتی تھیں وہ بھاگ گئیں۔ میں جوڑوں کے درد اور شوگر کی مریضہ ہوں مگر اب میں دن بدن صحت مند ہورہی ہوں۔ (ام قیصر امتیاز' بفرزون کراچی)

5 مرلے کے پلاٹ پر قبضہ: میرا ایک 5 مرلے کا پلاٹ تھا۔ چند ماہ قبل کچھ بااثر لوگوں نے اس پر قبضہ کرلیا، وہ قتل کی دھمکیاں دیتے اور کہتے کہ اگر تم نے پلاٹ نہ چھوڑا تو اس کا انجام تمہاری بیوی اور بیٹیاں بھگتیں گی۔ گوشہ درود وسلام کراچی میں جاکر اعمال کیے' اللہ سے مانگا' الحمدللہ! صرف ایک ماہ کے اندر اندر اس قبضہ مافیا سے جان چھوٹ گئی اور انہوں نے خود ہی قبضہ چھوڑ دیا۔ (لطیف' حیدرآباد)

چوری شدہ سرمایہ مل گیا: 13 جولائی 2019ء کو ہمارے گھر چوری ہوئی۔ بیوی کا 17 تولے سونا اور 4 لاکھ روپے نقدری لے گئے اور گھر والوں پر بہت تشدد بھی کیا۔ پولیس چوروں کا سراغ نہیں لگا پارہی تھی۔ ہم سب گھر والے باقاعدگی سے گوشہ درود وسلام میں ہونے والے اعمال میں شامل ہوتے رہے۔ چند ہی دنوں میں چور پکڑے گئے اور چوری شدہ سرمایا بھی واپس مل گیا۔ (آصف' کراچی)

مراقبہ کی کیفیات کھل گئی: مجھ سے ذکر نہ ہوتا تھا' مراقبہ کرنے کی لاکھ کوشش کرتا مگر کیفیات نہ کھلتی' مگر جب سے گوشہ درود وسلام میں جاکر اعمال کیے' کوئی خوشبودار چیز تہجد کے وقت اٹھادیتی ہے' خوب ذکر اذکار کرتا ہوں' مراقبہ مجھ پر کھل گیا ہے' بڑی بڑی ہستیوں کے دیدار ہوتے ہیں۔ روحانیت کی عجب دنیا مجھ پر کھلی۔ الحمدللہ! (حمید اللہ' ٹنڈو الہ یار)

فالج زدہ بہتر ہونا شروع: میرے والد محترم کو کچھ عرصہ پہلے فالج ہوا' بہت علاج کروائے مگر وقتی فائدہ' میں نے گوشہ درود وسلام میں کیے جانے والے اعمال اپنے والد کی نیت کرکے کیے' الحمدللہ! چند ماہ میں ہی والد پہلے سے بہت بہتر ہوگئے ہیں۔ (عمیر' نواب شاہ)

نوٹ: ''گوشہ درود وسلام'' میں کیے جانے والے اعمال کی تفصیل صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ فرمائیں۔

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)

کوڑھ زدہ بچہ! ہر طرف سے لاعلاج! کتے پر رحم نے بچالیا

محمد فاران ارشد بھٹی مظفرگڑھ

بچے کو روز نہلاتی' پاؤڈر لگاتی اس کے کپڑے پرفیوم سے بھر دیتی لیکن جب بھی اسے علاج کیلئے لے جانے کیلئے بس یا ویگن میں بیٹھتی لوگ ناک پر رومال رکھ لیتے۔ بعض دفعہ تو لوگ اسے کہتے تم نے کیا گند اور بدبو کی پوٹلی اٹھا رکھی ہے' اسے کوڑے دان میں پھینک دے

ارے یہ تو لاعلاج کوڑھ ہے!

قارئین! میں اس واقعہ کو مختصر بھی لکھ سکتا تھا' مگر مختصر لکھنے سے ماں کی ممتا کے جذبے کا پتہ نہ چلتا۔ ہمارے علاقہ میں صغریٰ نامی عورت کے گھر لڑکا پیدا ہوا' ابھی بچہ صرف پانچ دن کا تھا کہ اس عورت کی والدہ کا انتقال ہو گیا' ماں ادھر مصروف رہی' دو دن بعد جب ایک دن غور سے بچے کو دیکھا تو اس کے منہ پر گرمی دانوں کی طرح دانے تھے' حیران ہو گئی' موسم بھی اتنا گرم نہ تھا' شام تک وہ دانے تھوڑے موٹے اور سرخ رنگت اختیار کر گئے' معمولی تکلیف سمجھ کر توجہ نہ دی' تیسرے دن وہ دانے پیپ سے بھر گئے' دانے صرف کہنیوں سے اوپر اور تمام منہ پر تھے' کہنیوں سے نیچے بازو' ٹانگیں' پیٹ' کمر سب محفوظ تھے' چند دن کے بعد وہ دانے پھوڑے بن گئے اور انتہائی بدبودار مواد نکلنے لگا' سر پر بھی دانے پھیل گئے اور پیپ سے سر کے بال چپک گئے' ڈاکٹروں کے پاس بھاگے' ٹیکے ٹیوب اور مرہم وغیرہ لگانے کیلئے دی' وقتی طور پر آرام آجاتا دو دن ایسے محسوس ہوتا کہ دانے مٹتے جارہے ہیں بعض دفعہ جلد پھوڑوں سے بالکل صاف ہو جاتی ایسا محسوس ہوتا کہ مکمل شفاء ہو گئی ہے لیکن ہفتے پندرہ دن بعد پھر پھوڑے پھوٹ نکلتے' ڈاکٹر حیران تھے یہ کیسے پھوڑے ہیں' حکیم صاحبان نے کہا یہ کوڑھ ہے اس کو آرام آنا مشکل بلکہ ناممکن ہے اب تو صغریٰ کافی پریشان ہوئی اور بچے کو لے کر نشتر ہسپتال ملتان لے گئی۔ ڈاکٹروں نے بچہ ایڈمٹ کروانے کیلئے کہا' غریب عورت تھی' پیسے بھی تھوڑے تھے' مگر پھر بھی ایڈمٹ کروا دیا' پندرہ دن تک ڈاکٹر بچے کے تمام ٹیسٹ کرتے رہے' پھوڑوں کے مواد کا معائنہ کیا گیا' وقتی علاج سے سب معمول پر آگیا' ڈاکٹروں نے کہا بی بی دیکھ اب تیرے بچے کی جلد کیسے صاف ہو گئی ہے' اب یہ ٹھیک ہے' مگر صغریٰ بولی ڈاکٹر صاحب اس طرح تو کئی دفعہ آرام آچکا ہے' چند دنوں بعد پھر پھوٹ پڑیں گے' واقعی تین دن کے بعد پھر نمودار ہونا شروع ہو گئے' اب تو ڈاکٹر بھی حیران رہ گئے' اسی طرح ایک سیریس مریض کو بذریعہ ایمبولینس لاہور منتقل کرنا تھا' ڈاکٹروں نے صغریٰ کو کہا کہ تم بھی اپنے بچے کو لیکر انہی کے ساتھ لاہور چلی جاؤ اور اپنے بچے کا علاج ادھر سے کرواؤ' مرتی کیا نہ کرتی' بیچاری صغریٰ بھی شوہر کو اطلاع کر کے ایمبولینس میں سوار ہوئی اور لاہور روانہ ہو گئی۔ اس دن اس کے پاس صرف دس روپے تھے' جب لاہور پہنچی تو بھوک سے بُری حالت تھی' دس روپے لیکر ایک دال چاول والے پاس پہنچی' ریڑھی والے خدا ترس نے اسے پیٹ بھر چاول دیئے' اور پیسے بھی نہ لیے' صغریٰ نے اپنی بھوک مٹائی' اب بچہ بھوک سے بلک رہا تھا' ایک فیملی گزر رہی تھی' انہوں نے بچے کو بلکتے دیکھا تو صغریٰ سے کہا بہن تیرا بچہ بھوکا ہے اسے دودھ وغیرہ دو' صغریٰ کی آنکھ میں آنسو آگئے اور کہنے لگے میرے پاس صرف دس روپے ہیں۔

بدبودار پوٹلی کوڑے میں کیوں نہیں پھینکتی؟

فیملی کے سربراہ نے صغریٰ کے سر پر ہاتھ رکھا اور اسے سو روپے کا نوٹ پکڑایا' لو بہن بچے کیلئے دودھ لے آؤ' پندرہ دن لاہور میں بچے کا علاج ہوا' کچھ طبیعت بہتر ہوئی تو ایک ایمبولینس ملتان آرہی تھی' ان سے بات کر کے وہ بھی ان کے ساتھ واپس آگئی' اب صغریٰ بالکل مایوس ہو چکی تھی' بچے کے پھوڑوں سے اتنی شدید بدبو ہوتی کہ الامان' بچے کو روز نہلاتی' پاؤڈر لگاتی اس کے کپڑے پرفیوم سے بھر دیتی لیکن جب بھی اسے علاج کیلئے لے جانے کیلئے بس یا ویگن میں بیٹھتی لوگ ناک پر رومال رکھ لیتے۔ بعض دفعہ تو لوگ اسے کہتے تم نے کیا گند اور بدبو کی پوٹلی اٹھا رکھی ہے' اسے کوڑے دان میں پھینک دے' صغریٰ نے جھٹ بچے کو سینے سے لگا کر بھینچ لیا ہائے اپنے لال کو کیسے پھینک دوں؟ میرا اللہ کریم ہے اسے ضرور شفاء دے گا۔ اسی طرح صغریٰ بچے کو اٹھائے دیوانوں کی طرح سینکڑوں حکیموں' ڈاکٹروں' عاملوں کے پاس گھومی' مگر شفاء نہ ملی۔ اسی دوران صغریٰ کو معلوم ہوا ہے مزید کئی عورتیں ہیں جن کے بچوں کو اس قسم کے گندے ضدی پھوڑے ہیں اب جب بھی یہ کہیں جاتیں تو سب اکٹھی جاتیں۔ اسی طرح وقت گزرتا گیا اور چھ سال بیت گئے' نائی بھی اس کے بال نہ کاٹتے کہ کون بدبو اور چپکے ہوئے بالوں میں ہاتھ ڈالے۔ اب صورتحال یہ تھی کہ صغریٰ پکڑتی اور اس کا شوہر اس کے بال کاٹتا۔ یہی شکر تھا کہ پھوڑوں میں درد اور خارش نہ ہوتی تھی بچہ سکون سے سویا رہتا تھا۔

رب سے دعا کرو اللہ بچے کو پردہ پوش کردے

لوگ صغریٰ کو کہتے چھوڑ پرے اب اس کو آرام نہیں آئے گا' علاج کروا کروا کر کنگال ہو گئی ہو' ختم کرو اس سلسلے کو' اللہ سے دعا کرو' اللہ اسے پردہ پوش کردے۔ صغریٰ تڑپ اٹھتی' نہیں میں زندگی کی آخری سانس تک علاج کرواؤں گی' اسی دوران صغریٰ کو معلوم ہوا کہ دو خواتین جو اس کے ساتھ جاتی تھیں ان کے بچے مر گئے ہیں۔ اسی دوران کسی نے مخدوم رشید میں کسی حکیم کا بتایا وہ ہر قسم کے پھوڑوں کا علاج کرتا ہے' صغریٰ اپنی ساتھی خواتین کے ساتھ مخدوم رشید کے قریب ایک جگہ حکیم صاحب کے پاس گئی' حکیم صاحب نے نسخہ لکھوایا اور واپس بھیج دیا' کھیتوں اور ویرانے میں سخت گرمی سے گزرتے ہوئے ویرانے میں آئیں تو صغریٰ نے دیکھا کہ چھوٹا سا کتے کا بچہ دھوپ میں پیاس سے تڑپ رہا ہے' اسے بہت ترس آیا' وہ رک گئی' کیا بات ہے صغریٰ؟ دوسری عورتوں نے پوچھا۔

پیاس سے تڑپتے کتے پر ترس

صغریٰ بولی: دیکھو تو کتے کا بچہ گرمی میں تڑپ رہا ہے' اس سنسان جگہ پر کیسے پہنچا ہے یا کوئی اسے یہاں پھینک گیا ہے' عورتیں بولیں: اچھا تو کیا ہوا' رہنے دو' خود ہی مرجائے گا اور کیا۔ صغریٰ کے پاس پانی کی بوتل تھی جو اپنے بیٹے کو پلانے کیلئے لائی ہوئی تھی' اس پانی کو اپنے دوپٹے پر ڈالا اور دوپٹے کو ٹھنڈا کر کے کتے کو اٹھا لیا' سب عورتیں منع کرتی رہیں دفع کرو کیوں اٹھا رہی ہو' صغریٰ کے دل میں اللہ نے رحم ڈال دیا' بولی کوئی بات نہیں' یہ بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے' نجانے کیسے ویرانے میں بھٹک رہا ہے' تھوڑے فاصلے پر شہر نزدیک آگیا' سایہ تھا' نالیوں میں پانی بھی تھا' وہاں آکر کتے کو چھاؤں میں بٹھا دیا' کتا بھاگ کر نالی سے پانی پینے لگا اور تھوڑی دیر میں اچھل کود کرنے لگا اور ہشاش بشاش ہو گیا اور صغریٰ کو شکر بھری نظروں سے دیکھنے لگا' پھر صغریٰ کے پیچھے چلنے لگا' صغریٰ بس پر سوار ہوئی تو نیچے کھڑا دم ہلا کر اسے الوداع کر رہا تھا۔ صغریٰ گھر پہنچ گئی' شام ہو چکی کھانا کھا کر سو گئی۔ سوچا صبح نسخہ تیار کرینگے۔ نسخہ درج ذیل تھا:۔

تیزاب جس میں سونا دھویا گیا ہو وہ سناروں سے مل جاتا ہے' شہد کے چھتے کی موم' لائف بوائے (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

اکسیر البدن
کامیاب بچپن' لاجواب جوانی
بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

پیٹ باہر نکل رہا!	لاعلاج بیماری کا علاج	کالا یرقان کالا جادو
قرض دے کر پھنس گیا	سردی سے انگلیاں سوجھ جائیں تو	کان میں سیٹیاں بجتی ہوں تو

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

دسمبر کے جوابات

1۔س صاحبہ! آپ نے سوال پوچھا تھا کہ گھر سے بدبو آتی ہے اور تمام گھرانہ پریشانی میں لپٹا ہے' یہ کیفیات ہمارے گھر میں بھی تھی' ہم نے عبقری رسالہ میں ایک وظیفہ ''افحسبتم اور اذان'' پڑھا۔ سارا دن وقفہ وقفہ سے گھر میں یہی عمل کرنا شروع کر دیا' الحمدللہ! اکتالیس دن بلاناغہ یہی عمل کرنے کی وجہ سے ہمارے گھر سے بدبو آنا ختم ہوگئی ہے اور پریشانی بھی ختم ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ (خواتین مخصوص ایام میں صرف اذان پڑھیں) عمل کا طریقہ یہ ہے: سورۂ مؤمنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر دونوں کندھوں اور گھر کے چاروں کونوں میں دم کرنا ہے۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ سے افحسبتم اور اذان کے عمل کا میموری کارڈ لیکر گھر کے ہر کمرے میں ہر وقت چلاتے رہیں تو بہت جلد اثر ہوتا ہے۔ (عائشہ فرید' خانیوال)

2۔آپ عبقری دواخانہ کی ''ناک شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ اس کے علاوہ اپنے مرض کا سخت تصور کرتے ہوئے روزانہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں خم لَا یُنۡصَرُوۡنَ پڑھیں۔ چند ہفتے چند مہینے اس وظیفے کو کثرت سے لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ ان شاء اللہ، آپ کا مرض ختم ہوجائے گا۔ میں نے پڑھا ہے کہ اس وظیفہ کی برکت سے لوگوں کا کینسر تک ختم ہوگیا۔ (کاشف اشفاق' لاہور)

3۔آپ ایک ٹوٹکہ آزمالیں! کلونجی اور تل کا تیل ہموزن ملا کر ڈراپر میں ڈال کر' قابل برداشت حالت میں گرم کرکے روزانہ تین سے پانچ مرتبہ ایک ایک قطرہ کان میں ڈالیں۔ اگر اونچا بھی سنائی دیتا ہو تو پیاز کا رس قابل برداشت حالت میں گرم کرکے ایک سے دو بار کان میں ڈالیں۔ بہرہ پن بھی دور ہوجائے گا کان میں سیٹیاں بجنا بھی ختم ہوجائیں گی۔ (میمونہ شاہد' اسلام آباد)

4۔رات کو سوتے وقت شلجم ابالیں' اس پانی سے انگلیوں کو ٹکور کریں اور شلجم نیم گرم باندھ کر سو جائیں۔ انگلیاں ٹھیک ہوجائیں گی۔ (حافظ ابراہیم' جہلم)

جنوری کے سوالات

پیٹ باہر کو نکل رہا! بہت پریشان ہوں: محترم قارئین السلام علیکم! میرے آپ سے دو سوال ہیں' میری عمر 25 سال ہے' میرے سر کے بال تیزی سے سفید ہو رہے ہیں' ہر قسم کے تیل استعمال کیے لیکن فائدہ نہیں ہوا' بال گر بھی رہے ہیں۔ دوسرا مسئلہ: میرا پیٹ باہر کی طرف نکل رہا ہے جو بہت بدنما لگتا ہے' میرا زیادہ کام بیٹھنے کا ہے' اس لیے قبض بھی بہت رہتی ہے' روٹی کھانے کے بعد پیٹ باہر کی طرف نکل آتا ہے' براہ کرم اچھا سا گھریلو نسخہ تجویز فرمائیں۔ (شفیق الرحمٰن' پشاور کینٹ)

کالا یرقان' کالا جادو: قارئین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے گھر میں سب کو کالا یرقان ہے جس کی وجہ سے سب پریشان رہتے ہیں اور ہمارے گھر والوں کے پیچھے بہت سے دشمن لگے ہوئے ہیں' تعویذ اور جادو کرتے ہیں' امی کا ایکسیڈنٹ ہوا جس سے ٹانگ ٹوٹ گئی' بہت علاج کروایا کچھ ٹھیک ہوگئی پھر اچانک چارپائی سے نیچے گر گئیں' دم کروانے جائیں تو کہتے ہیں سخت کالا جادو ہے' تعویذ ہیں' جنات کی وجہ سے گری ہیں' ایک ہمسائی دھمکیاں دیتی ہے کہ کالا جادو کروا کر سب کچھ آپ کا برباد کردوں گی۔ میرے بڑے لمبے ہاتھ ہیں۔ کوئی وظیفہ اور علاج بتائیں' ہم زندگی سے مایوس ہوچکے ہیں۔ (مشتاق احمد' لودھراں)

قرض دے کر پھنس گیا: قارئین! زندگی سے تنگ آگیا ہوں' جس شخص کے ساتھ نیکی کروں وہی دھوکہ دیتا ہے' لوگوں کے مشکل وقت میں ان کی مالی مدد کرتا تھا مگر اب خود مالی مدد کا مستحق بن چکا ہوں' جن لوگوں کو پیسے دیئے تھے اب ان سے واپسی کا مطالبہ کرتا ہوں وہ آگے سے لڑائی کرتے ہیں' خود بھی کافی مقروض ہوچکا ہوں' تنخواہ بہت ہی کم ہے' پانچ بچوں کا باپ ہوں۔ گھر میں بندش اور جادو کا بھی اثر ہے۔ خدارا کچھ بتائیں میرا گھر تباہی سے بچ جائے۔ (مطلوب الرحمٰن' فتح جنگ)

پتے کا درد: میری بیٹی جس کی عمر 9 سال ہے' گزشتہ سات ماہ سے پتے کے درد میں مبتلا ہے' درد مسلسل نہیں ہوتا' جب ہوتا ہے بہت شدید ہوتا ہے' کوئی شافی علاج بتائیں' مہربانی ہوگی۔ (اسلام الحق' رحیم یار خان)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہ اترا تھا اس نے اپنے پروردگار سے اجازت مانگی کہ مجھے سلام کرنے حاضر ہو اور مجھے یہ خوشخبری دے کہ فاطمہ (رضی اللہ عنہا) اہل جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہیں اور حسن و حسین (رضی اللہ عنہم اجمعین) جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔ (ترمذی' نسائی' احمد)۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تو نہیں چاہتی کہ تو تمام جہانوں کی عورتوں' میری امت کی تمام عورتوں کی اور مؤمنین کی تمام عورتوں کی سردار ہو!'' (نسائی' حاکم)۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھا اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک نہ پڑھوں تو میں نہیں سمجھتا کہ میری نماز کامل ہوگی۔ (دارقطنی' بیہقی)

(بقیہ: کھجور' السی' گندم اور سونف کی چائے کے کمالات)

والی کافی کا نسخہ مہاتما گاندھی نے اپنی سوانح میں تحریر کیا اور اسے اپنا معمول بتایا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اچھی قسم کی گندم لے کر اسے آگ پر اس حد تک رکھیں کہ وہ سرخی مائل سیاہ ہوجائے۔ اسے اتار کر باریک پیس لیں اور بوقت ضرورت کھولتے ہوئے پانی میں کافی کی طرح ڈال کر کیتلی کو ذرا دیر دم دیں اور چینی ملا کر نوش فرمائیں۔ گندم کی چائے کے بارے میں طریقہ یہ ہے۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں نصف چھٹانک گندم کو جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ پانی رہ جائے تو اس میں ایک ماشہ نمک ملا کر چھان کر گرم گرم بطور چائے پئیں۔ چند روز کے استعمال سے کھانسی دور ہوجائے گی۔ نزلہ زکام دفع ہوجائے گا اور اعصاب مضبوط ہوجائیں گے۔

(بقیہ: یونیورسٹی کی فیس کا غیبی نظام! غریب طالبعلموں کیلئے انوکھا پیکیج)

کرتا ہوں کسی مجبور طالب علم کی چپکے سے مدد کرتا رہوں۔ میں آج بھی اس دکاندار کی اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھتا ہوں جس نے مجھے پہلی مرتبہ عبقری ہدیہ کیا۔ اکثر گزرتا ہوا اس کی دکان پر جاتا ہوں' وہ تو اب حیات نہیں ان کے بیٹے کو ان کے والد کا نیک عمل ضرور بتاتا ہوں کہ انہوں نے مجھے عبقری دیا اور آج میں خوشحال ہوں۔ میں جو بھی نیک عمل کرتا ہوں یقیناً اس کو اجر ضرور ملتا ہوگا۔

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

جوڑ، جوڑ درد کرتا تھا! آج رو بصحت ہوں!
کثرت حیض! بیٹی موت کے منہ سے واپس آئی
اصلاح معدہ وجگر کورس سے شفاء مل گئی
یوں میں نے کھانسی سے چھٹکارا پالیا
سکون افزاء سیرپ، فٹنس پیکیج سے سکون میں آگئی
نیوطاقتی چھوڑنے کا سوچ بھی نہیں سکتی!

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

جوڑ، جوڑ درد کرتا تھا! آج رو بصحت ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 42 سال ہے عرصہ دو سال سے میرے پٹھوں میں کھچاؤ اور شدید درد تھا جسم کے سارے پٹھوں میں بل پڑتے تھے اور پھر دکھتے بھی تھے درد دن بدن بڑھتا جارہا تھا یہ حال ہوگیا تھا کہ دائیں ٹانگ اور دائیں بازو کے کندھے کے جوڑ میں شدید درد ہوتا ہے کمر میں ڈسک پرابلم کی وجہ سے درد رہتا۔ رات کو درد پورے بدن میں شدت اختیار کرلیتا۔ نماز بڑی مشکل سے پڑھتی جب بستر پر سونے کیلئے لیٹتی تو اف میرے خدا درد کی شدت، نیند کا جھونکا آیا ایک دم سے گلا بند' چونک پڑتی تھی' بازو اور کندھے کے جوڑ اور کبھی کبھی پورا جسم سن ہوجاتا' تقریباً دو گھنٹے تک یہ عمل جاری رہتا' جسم کے ہر جوڑ میں درد رہنا شروع ہوگیا۔ کمزوری بہت زیادہ تھی' پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن شروع سے لکیر دار اور بیٹھے ہوئے تھے جوکہ پہلے ایسے نہ تھے' میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور اعمال کررہی ہوں۔ ادویات میں جوڑوں کا درد کورس، ٹھنڈی مراد، اکسیر البدن، کراماتی تیل، تندرستی ٹانک استعمال کررہی ہوں اب مجھے تھوڑا فرق پڑرہا ہے۔ (شازیہ بی بی، راولپنڈی)

سکون افزاء سیرپ، فٹنس پیکیج سے سکون میں آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے آپ کو ایمان و عافیت والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! میری عمر 22 سال ہے میرے سر میں شدید درد رہتا تھا' میں نے عبقری دواخانہ سے سکون افزاء سیرپ منگوا کر استعمال کیا' چند ہفتوں کے اندر اندر میں بالکل ٹھیک ہوگئی۔ ''سکون افزاء'' سے شفاء یابی ملنے کے بعد میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر عبقری دواخانہ کا ''فٹنس پیکیج''، ''اکسیر البدن اور ستر شفائیں'' بھی منگوا کر استعمال کیں۔ واقعی عبقری دواخانہ کی ادویات سو فیصد خالص اور ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک ہیں۔ ان خالص جڑی بوٹیوں سے بنی ادویات سے میری صحت لاجواب ہوگئی۔ عبقری دواخانہ کا ''روشن دماغ'' صرف تین سے چار ڈبیاں استعمال کیں' میری یادداشت زبردست ہوگئی ہے۔ دماغی کمزوری دور ہوگئی ہے۔ (عنبر امین' رحیم یار خان)

کثرت حیض! بیٹی موت کے منہ سے واپس آئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو زندگی دے (آمین) ہم آپ کا رسالہ عبقری گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہے ہیں' بہت اچھے اور کارآمد وظائف ہیں' عبقری دواخانہ کی ادویات کا تو جواب ہی نہیں بہت ہی فوری اثر اور شفاء بخش ہیں۔ میری بیٹی پچھلے تقریباً چھ سال سے کثرت حیض کی وجہ سے بہت پریشان تھی جس کی وجہ سے اسے اکثر خون کی کمی ہوجاتی ہے اور بعض اوقات حالت اتنی غیر ہوجاتی کہ نوبت خون لگوانے تک آجاتی۔ بہت پریشان رہتی' اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے مشورہ کیا' ادویات کا استعمال کروایا مگر صرف وقتی فرق پڑتا۔ پھر میں نے عبقری رسالہ سے ''خون روک شفاء'' دوائی کے بارے پڑھا اور منگوائی جس سے میری بیٹی کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ (و۔ف، کراچی)

نیوطاقتی چھوڑنے کا سوچ بھی نہیں سکتی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شدید جسمانی کمزوری اور بہت زیادہ ٹانگوں اور پٹھوں کے درد کی وجہ بہت عاجز آچکی تھی' شوہر بھی ادویات لالا کر تنگ آچکے تھے۔ ایک دن میرے شوہر نے عبقری دواخانہ لائی دوائی ''نیوطاقتی'' جوکہ وہ خود بھی استعمال کرتے ہیں مجھے کھانے کا مشورہ دیا۔ اس دن سے ایک گولی روزانہ صبح ناشتہ میں لیتی ہوں' تقریباً ایک مہینہ ہوگیا ہے اب اس دوائی کو چھوڑنے کا سوچ بھی نہیں سکتی جسم میں جان سی آگئی ہے۔ ٹانگوں' پٹھوں کا درد ختم ہوگیا ہے۔ (پوشیدہ' راولپنڈی)

اصلاح معدہ وجگر کورس سے شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس میرا رشتہ دار عبدالحمید آیا جو اسٹیٹ آفس میں کام کرتا ہے اس کا جگر کام کرنا چھوڑ چکا تھا شیخ زید ہسپتال میں بھی داخل رہا' ڈاکٹروں نے اس کو جگر تبدیل کرانے کے لیے کہہ دیا تھا مگر میں نے اس کو عبقری دواخانے کا ''اصلاح معدہ وجگر کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا اس نے باقاعدگی سے استعمال کیا اللہ کے فضل سے وہ صحت یاب ہوگیا اور آپریشن سے بھی بچ گیا اب وہ معمول کی زندگی گزار رہا ہے۔ ڈاکٹر بھی حیران ہوتے ہیں کہ اس نے کونسی دوائی استعمال کی ہے۔ (ناصر محمود، لاہور)

یوں میں نے کھانسی سے چھٹکارا پالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت تندرستی عطا فرمائے اور ادارہ عبقری اور اس عظیم کار خیر اور آپ کی نسلوں میں برکت اور عمل عطا فرمائے۔ آمین!

اللہ کریم کا کرم ہے کہ جس نے مجھ جیسے غافل کو عبقری سے متعارف کروایا۔ مجھے ایک ماہ پہلے شدید کھانسی شروع ہوئی جو بہت سخت تھی اور مجھے کھانسی سارا دن تو کوئی خاص نہ ہوتی لیکن رات کو 12 بجے سے شروع ہوکر صبح 5 بجے تک جاری رہتی۔ بہت سی ادویات استعمال کیں لیکن معاملہ اور خراب ہوتا گیا پھر میں نے عبقری دواخانہ کا ''شفائے حیرت سیرپ'' استعمال کرنا شروع کیا' اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''جوش جوشاندہ'' اور ''عبقری قہوہ'' کا استعمال بھی جاری رکھا۔ الحمدللہ اب مجھے کھانسی بالکل بھی نہیں آتی اور میں تندرست ہوں۔ کھانسی نے میرا حلیہ بگاڑ دیا تھا اور جو کچھ کھایا پیا ہوتا' سب قے کے ذریعے نکل جاتا تھا۔ (محمد عارف تبسم، مظفر آباد)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

دماغی مریض اور نیند کی گولیاں کھانے والے سکون پالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دراز سے عبقری کی ادویات خود بھی استعمال کرتا ہوں اور گھر والے بھی نہایت اعتماد کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد اور روحانی پھکی'' یہ تینوں لے کر ان کو کسی بڑے جار میں ڈال کر مکس کر لیتا ہوں اور دوبارہ ڈبیوں میں بھر کر رکھ لیتا ہوں۔ یقین جانیے یہ ادویات مکس ہو کر کوئی جادوئی شفائی اثر رکھتی ہیں۔ بخار اور خاص طور پر ٹائیفائیڈ بخار میں اگر دن میں ہر گھنٹے بعد چند دن کھائی جائے تو وہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ معدہ کے امراض جیسے بھی ہوں بھاری پن' متلی' کھانا ہضم نہ ہوتا ہو' سینے کی جلن' ڈکار' گیس یہ پھکی نہایت آزمودہ اور مجرب ہے۔ میری اہلیہ کے پیٹ میں بہت درد تھا میں نے یہ پھکی ان کو استعمال کروائی ایک دو خوراکوں سے درد بالکل ختم ہو گیا۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کے تیار کردہ ڈراپس ''آنکھ شفاء'' بھی لاجواب ہے' آنکھوں کی درد چبھن میں ہم تمام گھر والے استعمال کرتے ہیں' ہم سب کو عبقری کی ادویات پر اعتماد ہے۔ الرجی' نزلہ' زکام میں عبقری دواخانہ کے تیار کردہ ڈراپس ''ناک شفاء'' کا استعمال بھی کیا' فوری فائدہ مند ہے۔ اللہ پاک عبقری کی ٹیم کو خوش و خرم رکھے جو اتنی معیاری ادویات دکھی بیمار لوگوں کو مہیا کر رہے ہیں۔ آمین!۔ (بشیر احمد فیصل آباد)

حقیقی سکون چاہیے تو چلیے سکون افزاء پیتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کو خط لکھا تھا جس میں اپنی بیماری کے بارے میں بتایا تھا کہ میں دماغی مریض ہوں نیند کی دوائیاں کھاتی ہوں جس سے مجھے وسوسے آتے ہیں۔ آپ نے مجھے ''سکون افزاء'' کے استعمال کا مشورہ دیا' میں نے اس کا استعمال شروع کر دیا۔ اس سیرپ نے واقعی مجھے حقیقی سکون دیا ہے۔ اللہ پاک آپ کو ہمیشہ خوش رکھے۔ (پوشیدہ' کراچی)

ستر شفائیں کے استعمال سے گلے کی خرابی دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دنوں میرا چھوٹے بھائی کے ہاں سندیلیانوالی جانا ہوا میرے گلے میں کافی دنوں سے خرابی تھی ڈاکٹر سے دوائی بھی لی لیکن ٹھیک نہیں ہوا۔ جب بھائی کے ہاں گیا تو انہیں میرے گلے کی خرابی کا احساس ہوا' پوچھنے پر میں نے بتایا کہ کافی دنوں سے گلا خراب ہے' درد کرتا ہے' جس کی وجہ سے اکثر بخار بھی ہو جاتا ہے' دوائی لینے پر وقتی فائدہ ہوتا ہے' دوسرے یا تیسرے دن بھی وہی مسئلہ ہو جاتا ہے۔ میرے بھائی نے دراز کھولا اور اس میں سے ایک چھوٹی سی ڈبی جس پر ''ستر شفائیں'' لکھا ہوا تھا میرے سامنے رکھ دی اور کہنے لگا: ہمارے گھر میں کسی کو کچھ بھی مسئلہ ہو ہم یہی استعمال کرتے ہیں اور ٹھیک ہو جاتے ہیں' اس نے اس ڈبی میں موجود معجون سے ایک چنے کے برابر گولی بنائی اور مجھے کہا کہ جس طرح نسوار منہ میں رکھتے ہیں ایسے رکھ لیں اور اسے چوستے رہیں' جیسے جیسے اس کا رس تھوک میں شامل ہو کر آپ کے گلے میں جائے گا آپ کو سکون ملتا جائے گا۔ میں نے مسکراتے ہوئے چنے کے برابر گولی پکڑی اور منہ میں رکھ لی' منہ گولی رکھتے ہی خوشگوار احساس ہوا' اور واقعی کچھ دیر بعد میرے گلے کا درد کافی کم ہو گیا' دن میں چند بار میں نے وقفے وقفے سے یہی دوا استعمال کی میرے گلے کا درد بالکل ختم ہو گیا۔ اب اس کے مزید فوائد بھی سنیے' میں بھوک کی کمی کا شکار رہتا تھا' جی متلاتا تھا' کچھ بھی کھا پی نہ سکتا تھا' مگر جب سے یہ ڈبی میری جیب میں آئی ہے ان تمام مسائل سے چھٹکارا مل گیا ہے' جوڑوں میں اکثر درد رہتا' ذرا سا چل لیتا تو پنڈلیاں درد کرتیں مگر اب بالکل صحت مند ہوں۔ حتیٰ کہ مجھے یقین ہے کہ اگر فالج جیسے مرض میں بھی کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہی دوا استعمال کی جائے تو اس سے بھی چھٹکارا مل سکتا ہے۔ (ماسٹر محمد یوسف، پاکپتن)

72 سالہ نانی کی بواسیر ختم! انوکھی دوا جان لیجئے!

چھاتی کے انفیکشن میں مبتلا شفاء پالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اہلیہ گزشتہ ہفتہ ملیریا بخار اور چھاتی کے انفیکشن میں مبتلا ہو گئی تھی ڈاکٹر کو چیک اور ایکسرے کروایا جس سے چھاتی میں انفیکشن آیا۔ میں نے عبقری دواخانہ کا ''شفائے حیرت'' سیرپ لیا اور گھر چلا گیا۔ اہلیہ کو استعمال کروایا' ایک ہی بوتل کے استعمال سے چھاتی پر سے بلغم وغیرہ کا اخراج ہوا اب وہ بہت بہتر ہے۔ الحمدللہ! گھر میں کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہو میرا عبقری ادویات پر سو فیصد اعتماد ہے' شروع میں جب عبقری کی ادویات گھر لاتا تو اکثر مذاق کا شکار بھی بنتا کہ تم کیا ڈاکٹروں کو چھوڑ کر ہربل ادویات کے پیچھے پڑ گئے ہو مگر جب فوری بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے شفاء ملتی ہے تو اب مجھے تمام گھر والے عبقری رسالہ میں پڑھ کر عبقری ادویات منگواتے ہیں۔ (محمد عامر، لاہور)

الرجی کورس سے الرجی سے جان چھوٹ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی صحت عطا فرمائے۔ تسبیح خانہ ہمیشہ قائم آباد رہے' آمین۔ میں نے خط کے ذریعے آپ کو اپنی الرجی کی بیماری سے آگاہ کیا جس کے جواب میں آپ نے ''الرجی کورس'' تجویز کیا' میں نے اس کا استعمال باقاعدگی سے کیا جس کا مجھے بہت فائدہ ہوا اب میری الرجی سے جان چھوٹ گئی ہے۔ (پوشیدہ)

بازو میں سخت درد تھا ستر شفائیں سے آرام ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری دواخانے سے ''روحانی پھکی، ستر شفائیں، مرہم سکون اور شہد لیکر گئی۔ ایک رات میرے بازو میں شدید درد تھا اس قدر درد کی شدت تھی کہ میرے آنسو نکل گئے۔ میں نے ستر شفائیں کھائی اور تھوڑی سی منہ میں بھی رکھ لی مجھے نیند آگئی اور صبح تک میں ٹھیک تھی۔ اگر گلے میں درد ہو تو ستر شفائیں سے آرام آتا ہے میرے گھٹنے میں حالانکہ مسئلہ ہے ستر شفائیں اور روحانی پھکی کھاتی ہوں فوراً درد ختم ہو جاتا ہے۔ جلے ہوئے پر مرہم سکون لگانے فوری آرام آتا ہے آبلے وغیرہ نہیں پڑتے اور داغ بھی نہیں پڑتا۔ (بشریٰ خالد، لاہور)

بواسیر کورس سے بیماری ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری نانی کی عمر 75 سال کے قریب ہے ان کو بواسیر تھی کافی ڈاکٹرز اور حکیموں سے علاج کروایا پر فرق نہ پڑا۔ پھر میں عبقری سے ''بواسیر کورس'' منگوایا اور نانی کو استعمال کروانا شروع کیا تقریباً چار کورس کے استعمال سے میری نانی بالکل ٹھیک ہو گئی ہیں جیسے کوئی بیماری تھی ہی نہیں مجھے وہ دعائیں دیتی ہیں اور میں آپ کو اور عبقری ادارہ کو۔ (شاہ جہاں، ڈی.جی خان)

مشروب عبقری افزا
لذیذ۔ لذیذ خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ناک کی ٹیڑھی ہڈی

میری ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہے جو دیکھنے میں بدنما لگتی ہے۔ دوسرا مجھے بھوک نہیں لگتی اس لیے میرا وزن بھی نہیں بڑھتا۔ میں ناک کا آپریشن نہیں کرانا چاہتی، مجھے بتایئے کیا کروں؟ پریشان ہوں۔ (ر۔ش۔ بھکر)

بی بی! بھکر میں نیم کے درخت ضرور ہوں گے۔ آپ تھوڑے سے نیم کے پتے لیجیے۔ ایک ڈیڑھ گلاس پانی میں بیس پچیس پتے ڈال کر ابلنے رکھ دیں۔ جب پانی خوب ابل جائے تو اسے چھان لیں۔ چٹکی بھر نمک ملائیں۔ پھر نیم گرم پانی ہتھیلی پر لے کر ناک میں وضو کی طرح ڈالیں۔ صبح شام اسی طرح کیجیے۔ تین چار ہفتے کرکے بتایئے۔ صبح گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر اس میں ایک چمچہ شہد ملایئے اور کھایئے۔ دوپہر کو روزانہ تین کیلوں کا ملک شیک بنا کر پی لیجئے۔ بازار میں کئی کتابیں مل جاتی ہیں۔ اب مجھے یہ معلوم نہیں کہ آپ کیسی کتابیں پڑھتی ہیں۔ تبصرہ کتب میں بھی کتابوں کا حوالہ ہوتا ہے۔ آپ انہیں منگوا کر پڑھ لیجئے۔

اکثر گلا خراب

میں قرآن پاک حفظ کر رہی ہوں لیکن میرا گلا اکثر خراب رہتا ہے اب درد بھی رہنے لگا ہے۔ سر میں بھی درد ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں سن ہو جاتے ہیں۔ مجھے ایسا نسخہ بتایئے جس سے گلا ٹھیک ہو جائے۔ (بنت اشفاق، اوکاڑہ)

بی بی! آپ زور زور سے سبق یاد کرتی ہوں گی اسی لیے گلے میں خراش پڑ گئی۔ پنساری کی دکان سے قسط شیریں چھٹانک بھر منگوایئے۔ پرانی نہ ہو۔ ہلکے زرد رنگ کی لکڑی کی طرح ہوگی۔ اسے پیس کر رکھ لیں۔ شربت توت سیاہ ایک بڑا چمچہ لیں۔ اس میں آدھی چمچ قسط شیریں ملائیں اور چاٹ لیں۔ صبح شام لیں۔ صبح نہیں لے سکتیں تو شام کو ضرور لیں۔ نیم گرم پانی سے غرارے کیجئے۔ تھوڑا سا پودینہ پانی میں جوش دے کر اس سے غرارے کریں۔ چیخ کر سبق یاد نہ کیجئے۔ رات کو سات بادام اور پندرہ بیس دانے کشمش آدھی پیالی پانی میں بھگویئے۔ صبح بادام چھیل کر کھالیں اور کشمش کا ایک ایک دانہ کھایئے۔ آدھ گھنٹے بعد ناشتہ کیجیے۔

کچھ بتایئے ہچکی ختم نہیں ہوتی

میں آٹھویں جماعت کی طالبہ ہوں۔ مجھے ہچکی کی شدید تکلیف ہے جو علاج کے باوجود مستقل ختم نہیں ہوتی۔ اس بارے میں ضرور لکھیے۔ (سعیدہ، کراچی)

مشورہ: ہچکی مختلف وجوہ کی وجہ سے چمٹتی ہے۔ اگر کٹی پیاز نمک چھڑک کر کھائی جائے تو ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ لیموں کا رس ایک چمچہ، شہد ایک چمچہ اور تھوڑا سا پسا کالا نمک ملا کر پینے سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔ مولی کے نرم و نازک پتے چبانے سے بھی فرق پڑتا ہے۔ پودینے کی سلاد بھی کھائی جاتی ہے۔ آدھی پیالہ پودینہ کے پتے لے کر ان پر چینی چھڑک دیں پھر آہستہ آہستہ چبایئے۔ پرانا گڑ پیس کر اس میں پسی سونٹھ ملایئے۔ یہ مرکب سونگھنے سے فرق پڑتا ہے۔ اسی طرح سانس کی ورزش سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔ گہرا سانس لے کر پیٹ میں روکنے سے ہچکی ختم ہو جاتی ہے یا پھر کوئلہ جلایئے اور اس پر ہلدی موٹی موٹی کوٹ کر ڈال دیں اس کا دھواں لیں ہچکی بند ہو

دماغی کمزوری کا علاج

میرے والدین یادداشت کی کمی کے شکار ہیں۔ علاج کروانے کے باوجود افاقہ نہیں ہوا۔ ان کی عمر یں 70 سال سے تجاوز کر چکی ہے میں بہت ہی پریشان ہوں۔ (ج، حیدرآباد)

مشورہ: نسیان یعنی یادداشت کا کھو جانا عموماً بڑھاپے کا عام خلل ہے۔ اس خلل میں مریض اپنے اہل خانہ اور گھر بھول جاتا ہے۔ پرانی باتیں یاد نہیں رہتیں۔ اطباء برہمی بوٹی کو یادداشت کے لیے مفید بتاتے ہیں۔ اسی طرح بادام دماغ کی قوت بڑھانے کے لیے اکسیر ہے۔ گیارہ بادام رات کو پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح چھلکا اتار کر باریک پیس لیں۔ اس میں ایک چمچ مکھن ملا کر کھلایئے۔ اخروٹ بھی دماغ کی کمزوری میں مفید ہے۔ میں نے خود ایک بزرگ حکیم کو دیکھا جن کا حافظہ غضب کا تھا۔ جب میں نے ان سے زبردست حافظے کا راز پوچھا تو وہ کہنے لگے کبھی میں انجیر کے ساتھ دو تین اخروٹ کی گریاں کھاتا ہوں تو کبھی بادام لیتا ہوں۔ اسی لیے میرا حافظہ تیز ہے۔ یہی میرا ناشتہ ہے"۔ کچھ لوگ پانچ کالی مرچ پیس کر ایک چمچہ شہد ملاتے اور رات کو چاٹ لیتے ہیں یہ بھی مفید نسخہ ہے۔

دانت ٹوٹ گیا

میرے بارہ سالہ بھتیجے کا دانت تین سال پہلے ٹوٹ گیا تھا۔ سامنے کا دانت ہے اب بولتے ہوئے عجیب آواز نکلتی ہے۔ آپ بتایئے کہ یہ دانت کیسے نکلے گا؟ لوگ کہتے ہیں کہ اب دانت نہیں نکلے گا۔ (شرافت علی، کراچی)

مشورہ: آپ دانتوں کے اچھے ڈاکٹر کو دکھایئے میرے خیال میں یہ تو پکا دانت تھا اب اس کا نکلنا ناممکن ہے البتہ نقلی دانت لگوا سکتے ہیں۔ اس سے آواز ٹھیک ہو جائے گی اور بچہ دیکھنے میں بھی برا نہیں لگے گا۔

چلتا پھرتا مردہ

شادی سے پہلے بہت صحت مند تھی لیکن چہرے پر اکثر پھنسیاں نکلتی رہتیں۔ انہیں صاف کرنے کے لیے میں خون صاف کرنے والی دوا پینے لگی حتیٰ کہ دن میں کئی دفعہ پی لیتی۔ رات کو آنکھ کھلتی تو شیشی سے منہ لگا لیتی۔ ملتانی مٹی کا ماسک لگاتی تو مٹی کھا لیتی۔ پھر مٹی کھانے کی لت پڑ گی۔ کالج میں بھی یہی حال رہا۔ پھر شادی ہو گئی۔ اب دو بچے ہیں لیکن میری سرد مہری کی وجہ سے گھر میں جھگڑا رہتا ہے۔ میرے سارے ٹیسٹ ٹھیک آئے لیکن میری سہلیاں، گھر والے اور پڑوسنیں مجھے چلتا پھرتا مردہ کہتی ہیں۔ مجھے لگتا ہے میرا خون اندر ہی اندر سڑ گیا ہے۔ میں پہلے کی طرح صحتمند ہونا چاہتی ہوں۔ (س۔ جہلم)

مشورہ: بی بی! ہر چیز کی زیادتی نقصان دہ ہے۔ آپ نے چہرہ نکھارنے کے لیے صافی پی، تو اس طرح جیسے نشئی پیتے ہیں۔ پھر آپ ملتانی مٹی کھانے لگیں۔ پیٹ میں مٹی جا کر نقصان پہنچاتی ہے۔ آپ نے اپنی صحت خود تباہ کی ہے۔ اب شوہر کے ساتھ ایسا رویہ رکھتی ہیں جس سے آپ کی ازدواجی زندگی تباہ ہو سکتی ہے۔ آپ اپنا محاسبہ کیجئے اور گھر، بچوں اور خود پر توجہ دیجئے۔ سب سے پہلے اپنی خوراک پر توجہ دیجئے اور بھرپور غذا کھایئے تاکہ آپ کی صحت بہتر ہو سکے۔ پانچ کھجوریں ایک گلاس دودھ میں ڈال کر اس کا ملک شیک بنایئے اور پی لیں۔ دن میں تین کیلے کھایئے۔ اب آپ سب شوہر کے ساتھ اچھے طریقے سے پیش آیئے ورنہ پچھتائیں گی۔ ایک اچھی لڑکی بیوی بننے کے بعد ماں بنے تو اس کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔ میں نے اتنی کمزور خواتین بھی دیکھی ہیں جو پانچ پانچ بچے سنبھالتیں، گھر کا سارا کام کاج کرتیں اور شوہر پر بھی پوری توجہ دیتی ہیں۔ وہ تمام فرائض خوش اسلوبی سے نبھا رہی ہیں۔ اپنا، اپنے بچوں اور شوہر کا خیال رکھیے، سب ٹھیک ہو جائے گا۔

جوش جوشاندہ

ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

الرجی کھانسی، ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

کمر درد، جوڑ درد اور ڈسک پرابلم کا آخری علاج! ہلدی

ابوعبدالرحمن، چھانگا مانگا

انسانی صحت کا تقاضا ہے کہ اگر سالن میں مرچوں کا تناسب حسب روایت ہی قائم رکھنا ہے تو پھر ہلدی کا استعمال لازماً کیا جائے وگرنہ مرچ کے بکثرت استعمال کے باعث جو امراض لاحق ہوں گے وہ انسان کو اُبلی ہوئی سبزیوں، دالوں اور گوشت پر اکتفا کرنے پر مجبور کردینگے۔

ہلدی کے کثرت استعمال کی وجہ صرف قدامت پسندی یا سالن کے رنگ میں خوشنمائی پیدا کرنا ہی نہیں بلکہ اس کے بہت سے طبی پہلو بھی ہیں۔ ہلدی کے مصفی خون ہونے کی وجہ سے اسے خارش، داد، چنبل اور پھوڑے پھنسی میں بکثرت استعمال کرتے ہیں۔ نیز ہلدی زخموں کو مندمل کرتی ہے اسی وجہ سے کٹے پھٹے زخموں پر اس کا سفوف اور مرہم لگایا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ خراب اور غلیظ زخم بھی ہلدی کے استعمال سے درست ہوجاتے ہیں اور بارہا مرتبہ کا مجرب ہے اور بعض طبی دواء ساز ادارے خالص ہلدی سے مرہم تیار کرکے اس کے شفائی اثرات سے لوگوں کو حیران کردیتے ہیں۔

سالن میں ہلدی کا استعمال اور فوائد

سالن میں ہلدی کے مناسب مقدار میں استعمال کرنے سے خرابی خون کے امراض مثلاً پھوڑے، پھنسیاں اور خارش وغیرہ سے انسان محفوظ رہتا ہے بلکہ اس کے استعمال سے جلد پر چھیپ اور چہرہ پر چھائیاں اور جھریاں بھی نہیں بنتیں خصوصاً جوانی میں آنکھوں کے نیچے رخساروں پر سیاہ نشانات نہیں بنتے اگر نمودار ہوچکے ہوں تو بھی معدوم ہوجاتے ہیں۔

ہلدی کا استعمال لازمی رکھیے ورنہ پھر!!!

پاک و ہند کے باشندے غذا میں نمک اور مرچ کو تو کسی صورت بند نہیں کرسکتے۔ اس لیے ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہلدی کا استعمال لازمی طور پر رکھیں تاکہ معدہ وامعاء کو چھلنی ہونے سے بچایا جاسکے۔ ویسے بہتر تو یہی ہے کہ مرچ کے استعمال میں احتیاط برتی جائے اور زبان کے چٹخارے کو صحت جسمانی پر ترجیح نہ دی جائے۔ ماضی قریب میں برصغیر کے باشندے سبز یعنی تازہ ہلدی کو کئی طریقوں سے موسم بہار میں استعمال کرتے تھے مصالحہ و اچار میں ہلدی کی حیثیت جزو اعظم کی ہوتی تھی مگر آج کے پرتکلف معاشرے نے ہلدی کے ان دونوں طریقہ استعمال کو ترک کردیا ہے جبکہ دیگر تیز مصالحہ جات کو کثیر مقدار میں شامل کیا جاتا ہے۔ انسانی صحت کا تقاضا ہے کہ اگر سالن میں مرچوں کا تناسب حسب روایت ہی قائم رکھنا ہے تو پھر ہلدی کا استعمال لازماً کیا جائے وگرنہ مرچ کے بکثرت استعمال کے باعث جو امراض لاحق ہوں گے وہ انسان کو اُبلی ہوئی سبزیوں، دالوں اور گوشت پر اکتفا کرنے پر مجبور کردینگے۔

جوڑ اور ہڈی کے درد میں ہلدی کے کرشمات

سطور بالا میں ہلدی کی درج خصوصیات کے علاوہ اس میں کچھ اور بھی فوائد پنہاں ہیں جو اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں۔ ان میں ہلدی کا جوڑوں اور ہڈی کے درد کو دور کرنا ہے۔ اس کے علاوہ نافع نزلہ زکام اور کھانسی ہے۔ ہلدی ایسے افراد جن کو گرنے سے عضلات اور ہڈیوں پر چوٹیں آئی ہوں ان کی درد اور سوجن میں بے حد مفید ہے۔ خالص ہلدی ایک چوتھائی چائے کا چمچ ایک گلاس گرم دودھ میں مکس کرکے کھلانے سے درد کو آرام پہنچتا ہے۔ اس کے علاوہ بند چوٹوں پر اس کی ٹکور بہت مفید ہوتی ہے۔ ہلدی آنکھوں کی سرخی اور درد کو زائل کرتی ہے۔ زخموں میں اس کا سفوف بھرنے سے زخموں کی پیپ اور سڑاند دور ہوکر وہ بہت جلد مندمل ہوجاتے ہیں۔ ہلدی جوڑوں کا درد، کمر کا درد، ڈسک کے امراض کا لاجواب علاج ہے۔ حمل کے فوراً بعد اگر ماں کو ہلدی دودھ میں ڈال کر روزانہ دی جائے تو بہت جلد طاقت بحال ہوجاتی ہے۔ ایک مزدور سے پوچھا (جس کے بچے اور خواتین بھی ساتھ سڑک پر پتھر ڈال رہے تھے) کہ آپ کی خواتین سارا دن محنت مزدوری کرتی ہیں، یہ اتنی صحت مند کیسے رہتی ہیں، کہنے لگا: ہمارے ہاں ہلدی کا استعمال بہت زیادہ ہے، عورت جب ڈیلیوری سے فارغ ہوتی ہے تو اسے دودھ اور ہلدی مسلسل دیا جاتا ہے، پانچ سے دس دن کے اندر اندر ماں اپنے بچے کو دودھ بھی پلا رہی ہوتی ہے اور ہمارے ساتھ سڑک پر پتھر بھی ڈال رہی ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں ہلدی کو استعمال کیا جاتا ہے ہماری صحت مند زندگی کا یہی راز ہے۔ خالص ہلدی پسوا کر اگر اس کے زیرو کے کیپسول بھر لیے جائیں اور روزانہ ایک کیپسول کھالیا جائے تو اندرونی زخم مندمل، صحت وتندرستی کمال کو پہنچ جائے گی۔

اسم اعظم کا روحانی دم مسائل تو یوں حل ہوتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے چند سال ہوگئے ہیں، دو سال سے ٹائیفائیڈ اور شوگر کی وجہ سے بہت کمزور ہوگئی تھی اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا چھ ماہ پہلے اتوار کی صبح نماز فجر کے بعد شفائیہ دعا میں شامل ہوئی، شیخ الوظائف سے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا۔ اسی وقت طبیعت کافی سنبھل گئی، جسم ہلکا پھلکا ہوگیا۔ (م۔پ، میاں چنوں)

مکان کرائے پر چڑھ گیا: ایک سال سے میرا مکان کرائے پر نہ چڑھ رہا تھا، نامعلوم کیا وجہ تھی لوگ آتے دیکھ کر بات کرکے چلے جاتے مگر پلٹ نہ آتے، اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، گھر میں دم شدہ اگربتی جلائی، اسی ماہ مکان بہترین کرائے پر چڑھ گیا اور بہت اچھے کرائے دار نصیب ہوئے۔ (عالیہ، لاہور)

وزن پڑنا ختم ہوا: رات کو سوتے ہوئے اچانک میرے اوپر وزن پڑتا تھا، جس کی وجہ سے میں چیختی ہوئی اٹھ بیٹھتی، والدین بہت پریشان تھے، اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، میں اسی ماہ بالکل ٹھیک ہوگئی۔ الحمدللہ ہر ماہ دم کرواتی ہوں، بالکل ٹھیک رہتی ہوں۔ (ک، قصور)۔ **روحانیت کا سمندر:** شیخ الوظائف سے ہر ماہ اسم اعظم کا دم کرواتا ہوں، روحانیت کی انوکھی دنیا میں کھوجاتا ہوں، جاگتی آنکھوں سے ایسے ایسے مناظر دیکھتا ہوں کہ خود حیران رہ جاتا ہوں۔ اللہ شیخ الوظائف کو اسی طرح مخلوق میں فیض بانٹنے کی توفیق دے۔ آمین!

26 جنوری 2020ء بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، درس، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

نُورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی
چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

امتحان میں کامیابی کیلئے ایک وظیفہ
سر درد اور ناپاک خصلتوں سے چھٹکارا پانے کیلئے
غسل کے بعد جسم پر تیل لگانے کا کرشمہ
ماواں ٹھنڈیاں چھاواں
نسیان کے مرض کیلئے کارگر عمل
سیدھا راستہ پانا ہے تو وظیفہ پڑھ لیں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی تالیف ''ندامت کے آنسو'' ''مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات'' اور'' جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھی ہیں ایک روحانی سرور حاصل کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ اسم اعظم کی دم شدہ ''برکت والی تھیلی'' کی برکات حاصل کر رہا ہوں۔ ہر نماز کے بعد دو انمول خزانہ لازمی پڑھتا ہوں اور انمول خزانہ دوست احباب کو ہدیہ بھی کرتا ہوں۔ چند اعمال ہیں۔

سیدھا راستہ پانا ہے تو یہ وظیفہ پڑھ لیں!

اگر کسی کام میں باہم رائے مختلف ہوں اور کسی ایک رائے کو ترجیح نہ ہوتی ہو تو ضرورت مند شخص رات کو دو ہزار دفعہ صرف یہ آیت کریمہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ۔ صِرَاطَ الَّذِينَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّينَ پڑھ کر سو جائے ان شاء اللہ صبح کو بہتر رائے اور سیدھی اور سچی رائے خیال میں آئے گی اور سیدھا راستہ نظر آجائے گا اور کوئی اختلاف باقی نہ رہے گا۔

سر درد اور ناپاک خصلتوں سے چھٹکارا پانے کیلئے

جس شخص کے سر میں درد ہو اس کا ماتھا پکڑ کر ان آیات:۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (۱۲۸) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (۱۲۹) (سورۃ التوبہ)

نیز یہی آیات مبارکہ پیٹ کے درد کیلئے گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا مجرب ہے۔ اس کے علاوہ اگر فاسق، فاجر، شرابی، افیونی اور جواری وغیرہ ان آیات کو رات کو باوضو 100 مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھیں تو ان شاء اللہ سارے گناہ اور ناپاک خصلتیں چھوٹ جائیں گی ہر آفت مصیبت کے لیے ان آیات مقدسہ کا پڑھنا مفید ہے نیز سات دن تک 3000 مرتبہ روزانہ ان آیات مطہرہ کا پڑھنا نہایت مفید ہے اور اسم اعظم کی تاثیر پیدا کرتا ہے۔

اب میری عبقری کے قارئین سے التجا ہے کہ ہر عمل اور وظیفہ یقین کے ساتھ کریں' شک سے ورد و عمل قبول نہیں ہوتے۔ اللہ تعالیٰ بندے سے ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں جیسا' اللہ پاک سے بندہ گمان کرتا ہے اگر ورد وظیفہ سے مطلوبہ کام نہ ہو رہا ہو تو یہ پڑھنے میں ہماری اپنی بے یقینی یا بے توجہی ہے۔ اللہ کریم بڑی قدرت والا بھی اور ہم سے محبت کرنے والا بھی ہے جو کچھ کمی ہے وہ تو ہماری اپنی ہی طرف سے ہے بس آپ اپنے اندر جو گمان کریں گے اللہ تعالیٰ ویسا ہی معاملہ بندہ سے فرمائیں گے' ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بس اپنے اندر ایسا یقین پیدا کرلیں جو چیز آپ اللہ تعالیٰ کی ذات سے مانگ رہے ہیں وہ یقیناً ملے گی پھر اللہ پاک کی مدد کے نظارے اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے یہاں پر میں مرشد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی ایک بہت قیمتی بات بیان کرتا ہوں کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرمایا کرتے تھے ''جس شخص کو جو وظیفہ دے دیا جائے وہ اس کے لیے اسم اعظم ہے یقین اعظم پیدا کرلو تاثیر اعظم شروع ہوجائیگی'' (محمد کامران طور، تلہ گنگ)

ماواں ٹھنڈیاں چھاواں

ماں قدرت کا ایک ایسا انمول تحفہ ہے جس کی قیمت کا مکمل اندازہ اور اس کے قدموں تلے جنت ہونے کا انکشاف ماں کے چلے جانے کے بعد ہی ہوتا ہے خواہ اولاد بوڑھی ہی کیوں نہ ہوجائے جب ایک دن اچانک ماں دنیا چھوڑ جاتی ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم ٹھنڈی میٹھی چھاؤں سے سخت کڑی دھوپ میں دھکیل دیئے گئے ہیں جیسے سب سے قیمتی چیز کھو جائے جیسے سب کچھ چھن جائے۔ آج تک کوئی اولاد اس درد کو زباں نہیں دے سکی۔ اس لیے کہ یہ دکھ ناقابل بیان ہے۔ بعد میں پتہ چلتا ہے کہ ماں اور ماں کی دعاؤں کی ضرورت تو اب بھی اتنی ہی ہے جتنی اس وقت تھی جب میں ایک دن کا تھا، اب بھی زندگی کی دوڑ دھوپ اور نشیب و فراز میں ماں کی رہنمائی اور حوصلہ بخشی کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی اس وقت تھی جب میں نے ماں کی انگلی کے سہارے گرتے سنبھلتے چلنا سیکھا، جب وہ نہیں رہی تو میں نے دیکھا کہ میں جو خود بچوں کا باپ ہوں میرے جینے کا پورا انحصار تو ماں پر ہی تھا۔ جی ہاں اس کی دعاؤں، مسکراہٹوں اور باتوں میں ہی تو میری زندگی تھی، میرے رب کی ڈھیروں کرم نوازیاں ماں کے دم سے ہی تو تھیں۔ ہر بیٹے کی زندگی میں یہ جان لیوا دن آتا ہے جب اسے سمجھ ہی نہیں آتا کہ یہ ہوا کیا ہے؟ اس دن پہلی بار ایسا ہوتا ہے کہ وہ ماں کو پکارتا ہے اور ماں نہ جواب دیتی ہے اور نہ جھولی پھیلا کر دعائیں مانگتی ہے۔ اس غم سے صرف وہی آشنا ہے جس کی ماں نہیں رہی۔ خدارا میں ہاتھ جوڑ کر التجا کرتا ہوں جن جن کی مائیں حیات ہیں ان کی قدر کرلیجئے، ماں کے پیر دبایئے، اس سے باتیں کیجئے۔ ماں کے آرام اور دوا کا خیال کیجئے، اپنے چھوٹوں کو بھی ماں کی خدمت کا حکم دیجئے اور ہاں جتنا ہوسکے ماں سے دعاؤں کا کہتے رہیئے، نہ کہنے پر بھی حقیقتاً ماں کے لبوں سے سوائے دعا کے کچھ نہیں نکلتا۔ مگر کہتے رہنے سے اس کا دل خوش ہوتا ہے اب بھی وقت ہے ورنہ پچھتاوے کا ناگ ساری عمر ڈستا رہے گا۔ (عبدالصمد عثمان، کراچی)

غسل کے بعد جسم پر تیل لگانے کا کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر سال سردیوں میں مجھے ایک مشکل کا سامنا کرنا پڑتا تھا وہ یہ کہ غسل کے بعد میرے پورے جسم پر خاص کر ٹانگوں اور کمر پر مختصر یہ کہ جسم کے ہر حصے پر بہت زیادہ خشکی ہوجاتی تھی جس کی وجہ سے مجھے شدید قسم کی اذیت ناک خارش کا سامنا کرنا پڑتا تھا میں خارش کر کر کے برا حال کر لیتی تھی خاص کر ٹانگوں اور کمر پر بہت ہی زیادہ خارش ہوتی تھی بعض اوقات تو خارش کر کر کے

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن، ڈیپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

جسم پر زخم بن جاتے تھے۔ پھر تو اور بھی زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اللہ پاک بھلا کرے آپ کا‘ آپ نے میری اس مشکل کو حل کر دیا وہ ایسے کہ میں نے آپ کے ایک درس میں سنا تھا کہ غسل کے بعد پورے جسم پر تیل لگا لیا جائے تو اس کے بہت ہی نفع ہیں خاص کر انسان جلد کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ حضرت درس میں سننے کے بعد میں نے اس ٹوٹکے کو آزمایا اور سو فیصد نفع پایا وہ ایسے کہ حضرت مجھے دوسرا سال ہے اس ٹوٹکے کو آزماتے ہوئے یہ میری دوسری سردیاں ہیں جو کہ گزشتہ ساری سردیوں سے زیادہ اچھی گزر رہی ہیں کیونکہ مجھے دوسرا سال ہے اس خشکی اور خارش والی تکلیف سے مکمل نجات مل گئی ہے اب میں ہر غسل کے بعد اپنے پورے جسم پر آپ کا تیار کردہ طب نبوی ہیئر آئل کی مالش کرتی ہوں اچھے طریقے سے اپنے جسم پر خاص کر جن حصوں پر مجھے خشکی زیادہ ہوتی تھی اب حضرت اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے مجھے اس تکلیف سے مکمل طور پر نجات مل چکی ہے اب تو ہر غسل کے بعد تیل کی مالش سے ساری خشکی اور ضدی خارش سے مکمل نجات مل چکی ہے اب تو حضرت گھر میں اور بھی لوگ اس ٹوٹکے کو کرتے ہیں اور جلد کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ خارش اور خشکی کے علاوہ اس ٹوٹکے کا میں نے ایک اور نفع یہ پایا ہے کہ غسل کے بعد سردی نہیں لگتی جسم گرم گرم سا محسوس ہوتا ہے ورنہ پہلے تو سردیوں میں غسل کے بعد سردی لگتی تھی لیکن اب ایسا نہیں ہوتا نہ تو سردی لگتی ہے اور تو اور کافی سکون سا اور طاقت سی محسوس ہوتی ہے۔ حضرت اللہ پاک آپ کا‘ آپ کی نسلوں کا‘ عبقری کی پوری ٹیم کا بھلا کرے کہ آپ عبقری کے ذریعے اور درسوں کے ذریعے ایسے ایسے نایاب ٹوٹکے بالکل فری کھلے عام مخلوق خدا کو عطا کر رہے ہیں اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ نفع اٹھا رہے ہیں۔ (بختاور، بہاولپور)

امتحان میں کامیابی کیلئے ایک وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پڑھتی ہوں‘ بہت فیض پایا۔ میں نے جو کچھ پایا وہ قارئین کی نذر کرتی ہوں۔

امتحان میں کامیابی کیلئے

امتحان میں کامیابی کیلئے ایک وظیفہ جو میں خاص طور پر کرتی ہوں‘ بے حد آزمودہ اور مجرب ہے‘ پیش خدمت ہے۔ جب سوالیہ پرچہ آئے تو اس کو پڑھنا نہیں بلکہ الٹا کر کے رکھ دینا ہے‘ پھر اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے‘ پھر گیارہ بار یہ کلمات پڑھیں:۔ سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔ پھر گیارہ مرتبہ یَافَتَّاحُ پڑھیں اور پھر 7 مرتبہ یہ پڑھیں وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ (یوسف ۱۸) اب سوالیہ پرچہ حل کرنا شروع کریں‘ ان شاء اللہ غیبی مدد ہوگی۔ اگر پرچہ حل کرنے کے بعد سات مرتبہ یہ آیت فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (یٰسین 9) پڑھ کر پیپر پر پھونک ماردیں تو چیکر (پرچہ چیک کرنے والا) ان شاء اللہ زیادہ سختی سے چیک نہیں کرے گا۔ **فوراً جمائی روکنے کا عمل:** عبقری کے ایک شمارے میں پڑھا کہ اگر جمائی آئے تو فوراً یہ سوچیں کہ انبیاء کرام علیہم السلام کو کبھی جمائی نہیں آئی تو فوراً جمائی رک جاتی ہے۔ اس عمل کو پڑھا اور کیا‘ فوراً نفع پایا‘ حیرت انگیز طور پر جمائی فوراً رک جاتی ہے۔

نسیان کے مرض کیلئے یہ عمل بہت کارگر ہے

یہ عمل بہت کارگر ہے۔ سورۂ الم نشرح اکتالیس بار اول و آخر طاق اعداد میں درود شریف پڑھ کر تیل پر دم کر کے اسے سر میں لگائیں۔ میں نے یہ عمل مجالس مجذوبی میں سنا اور اسے کیا اور بے حد آزمودہ پایا۔ برسوں پرانی بھولی بسری باتیں یاد آنے لگیں ہیں‘ یادداشت کی کمی کیلئے بے حد مفید ہے اور پڑھائی سے دور بھاگنے والے‘ کند ذہن بچوں کیلئے بھی لاجواب ہے۔

ہر طرح کی سلامتی کیلئے

ہر نماز کے بعد پندرہ مرتبہ اَللّٰهُمَّ يَاسَلَامُ سَلِّمْ ۔ پڑھنا ہر طرح کی سلامتی کیلئے مفید ہے۔ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھنے والا مستجاب الدعوات بن جاتا ہے۔ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یَامُؤْمِنُ پڑھنا ہر خوف سے محفوظ کر دیتا ہے۔ دل کی نورانیت کیلئے عصر کی نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر سانس روک کر یہ پڑھیں۔ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ

نورانیت‘ روحانی ترقی پانے کے آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے‘ آپ پوری دنیا میں جو خیر پھیلا رہے ہیں ہم آپ کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے‘ بس دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے اور اپنی شان کے مطابق اجر عظیم عطا فرمائے۔ عبقری رسالہ پڑھنے سے بہت روحانی اور جسمانی فوائد ہوتے ہیں۔

وزن میں کمی: عبقری دواخانہ سے ملی اسم اعظم کی دم شدہ روحانی پھکی کھانے سے وزن میں کمی ہوئی ہے‘ میری عمر 24 سال اور وزن 62 کلو تھا‘ چند دن صرف 30 روپے کی پھکی استعمال کی میرا وزن اب 59 کلو ہو گیا ہے۔

یہ آزمایا تو ماموں کا وزن کم اور صحت بہترین ہوئی

اس کے علاوہ میں نے اپنے ماموں کو کلونجی‘ چھلکا اسپغول اور شہد والی دوا تیار کر کے دی‘ جو کہ عبقری کے سابقہ شمارے میں چھپا تھا‘ میرے ماموں نے چند دن استعمال کیا‘ ڈاکٹر نے ان کو وزن کم کرنے کی سختی سے ہدایت کی تھی‘ انہوں نے کسی قسم کی ڈاکٹری ادویات استعمال نہیں کیں‘ صرف یہی نسخہ استعمال کیا الحمدللہ! ان کو بہت فرق پڑا ہے اور ان کا وزن کم ہو رہا ہے مزید تسلی بخش بات یہ ہے کہ اس نسخہ کی وجہ سے ان کی صحت بھی دن بدن بہتر ہوتی جا رہی ہے۔ نسخہ یہ ہے: 50 گرام اسپغول چھلکا‘ 50 گرام کلونجی اور 100 گرام شہد لیکر تینوں چیزوں کو اچھی طرح مکس کر لیں‘ صبح دوپہر شام ایک ایک چمچ کھائیں۔ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے کھائیں‘ اعصابی دردیں‘ پیٹ کا بڑھنا‘ معدہ کے مسائل‘ جوڑوں کے درد اور ہر قسم کی کمزوری کا آزمودہ علاج ہے۔

گمشدہ چیز مل جاتی ہے: جب بھی میری کوئی چیز گم ہو جاتی ہے تو میں یَارَبِّ مُوْسٰى يَارَبِّ كَلِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتی ہوں وہ چیز مل جاتی ہے۔

روحانی ترقی: سورۂ توبہ کی آخری دو آیات اور سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 مستقل مزاجی سے پڑھنے سے روحانی ترقی ملتی ہے‘ دنیا کی محبت دل سے ختم ہو جاتی ہے‘ انسان کی سوچ بہت زیادہ مثبت ہو جاتی ہے‘ سوچ سے منفی باتیں ختم ہو جاتی ہیں‘ جو آپ کے ساتھ برا کرے اس کو معاف کرنا انتہائی آسان ہو جاتا ہے‘ رزق‘ جان مال میں برکت ملتی ہے‘ آخرت کی فکر ملتی ہے اور قبر کی فکر ملتی ہے‘ پرسکون نیند اور پرسکون صبح ملتی ہے۔ آپ کا بہت شکریہ کہ آپ کی وجہ سے عبقری ہمیں ملا اور یہ خیریں ہم تک پہنچی۔ عبقری دواخانہ کی ادویات روشن دماغ اور اکسیر البدن کھانے سے بالوں کا گرنا ختم ہو گیا۔ رات کو سونے سے پہلے ہاتھوں کے ناخنوں کو تیل لگانے سے بالوں کے گرنے میں زبردست کمی آتی ہے‘ مستقل مزاجی شرط ہے۔ ہاں یاد آیا عبقری دواخانہ کی دوا روشن دماغ کھانے سے میری نظر جو کہ کمزور ہونا شروع ہو گئی تھی وہ بہت بہتر ہو رہی ہے۔ (حرا شکیل، فیصل آباد)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کھجور، السی، گندم اور سونف کی چائے کے کمالات

حکیم عبدالوحید سلیمانی، مرحوم

یہ مضمون اس لیے لکھا جارہا ہے کہ اپنی قوم کو چائے اور اس کی آڑ میں دی جانے والی نشیلی چیزوں سے بچایا جائے اور ان چیزوں کی ترغیب دی جائے جو مفید بھی ہیں، صحت بخش بھی اور ملک کا سرمایہ بچانے والی بھی۔ چائے کے ایسے بے شمار نعم البدل آج کی مجلس میں پیش کررہا ہوں۔

سیب کے چھلکے کی چائے: سیب کے چھلکے جنہیں ہم ضائع کردیتے ہیں۔ ان میں بھی قدرت نے غذائیت، لذت اور بے شمار فوائد رکھے ہیں۔ ان کو تازہ یا خشک شدہ لے کر حسب دستور کھولتے ہوئے پانی میں ڈال کر چائے تیار کریں۔ اگر دودھ اور چینی کی بجائے شہد اور لیموں کا رس ملا کر نوش فرمائیں تو اور بھی مفید ہے۔ جسمانی طور پر کمزور افراد اور بوڑھوں کے لیے حد درجہ صحت بخش ہے۔ پیچش اور ٹائیفائیڈ کی کمزوری دور کرنے کے لیے اوولٹین سے بڑھ کر ہے۔ جوڑوں کا درد رفع کرنے کے لیے اس کا مسلسل استعمال نہایت مفید ہے۔

کھجور کی چائے اور کافی: کھجور ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کے پیارے وطن کا تحفہ ہے۔ اسے بطور چائے ناشتہ کے وقت استعمال کرکے دیکھیے۔ یہ تمام مضرات سے پاک اور غذائیت سے بھرپور ہے۔ موسم سرما میں معمول بنالیجئے۔ ماء اللحم اور وٹامنز کی کمی محسوس نہیں ہوگی۔ کھجور عمدہ قسم ۷ عدد لے کر اسے ٹکڑے ٹکڑے کریں اور پیالہ بھر پانی میں ڈال کر آگ پر پانچ منٹ تک کھولائیے۔ بعد ازاں اتار کر اچھی طرح پھینٹ لیجئے اور دوبارہ جوش دے کر مناسب مقدار میں دودھ شامل کرکے نوش جان فرمائیے۔ اس کی گٹھلیوں کو بھی ضائع نہ کریں۔ وہ کافی کے کام آسکتی ہیں۔ گٹھلیوں کو لوہے کے برتن میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور کسی کھرچنے وغیرہ سے اُلٹتے جائیں۔ جب یہ جلنے کے قریب ہو جائیں تو اتار کر باریک پیس لیں اور بطور کافی استعمال کریں۔

السی کی چائے: اگرچہ اس چائے کو روزانہ پینے والی چائے کا درجہ تو نہیں دیا جاسکتا، البتہ اطباء نے اسے بعض امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے تجویز کیا ہے اور وہ نزلہ زکام کھانسی کے مریضوں کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگی۔ اگر اسے نیم گرم حالت میں پلایا جائے تو پہلی ہی خوراک سے پیشاب کی جلن میں تخفیف ہوگی۔ نسخہ کی تیاری یہ ہے۔ ایک تولہ السی لے کر ہاتھوں میں مل کر پھونک سے اس کی مٹی دور کریں اور اسے چائے دانی میں ڈال کر اوپر سے آدھ کلو ابلتا ہوا پانی ڈال کر ڈھانپ دیں اور پندرہ منٹ تک پڑا رہنے دیں۔ بعض ازاں حسب ضرورت چینی ڈال کر ایک کپ پئیں۔

چائے کا مزہ بھی لیجئے اور جان بھی بنائیے

پودینہ کی خوشبودار چائے: یہ نسخہ مجھے مولانا عبدالقادر صاحب گجراتی نے ۱۹۳۰ء میں عطا فرمایا تھا۔ اس کے چند روز کے مسلسل استعمال سے خون کی اصلاح ہوجاتی ہے۔ پھوڑے پھنسی، خارش کو دور کرتی ہے اور چہرے کے رنگ وروپ کو نکھارتی ہے۔ ہیضہ اور پیٹ درد کے لیے بھی مفید ہے۔ پودینہ خشک پاؤ بھر۔ مجیٹھ عمدہ پانچ تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ تینوں کو کوٹ کر محفوظ کرلیں اور بوقت ضرورت ۳ ماشہ ایک کپ پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب رنگ حسب خواہش سرخ ہوجائے تو چینی اور دودھ ملا کر پی لیں۔

خصوصی چائے! دمہ کا شرطیہ علاج

دمہ کے لیے خصوصی چائے: اطباء کی ایک مجلس میں چائے کے نعم البدل کے طور پر اپنی تحقیقات کا ذکر کیا تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے مجھے بتایا کہ لاہور میں ایک صاحب دمہ کا شرطیہ علاج چائے سے کرتے ہیں مگر اس احتیاط سے کہ چائے کے اجزاء کو اخفاء میں رکھ کر اپنے ہاتھ سے چائے تیار کرتے ہیں اور مریض کو کہتے ہیں کہ ۴۰ روز تک روزانہ آکر چائے پیو۔ نہ وہ کسی کو نسخہ بتاتے ہیں اور نہ بنا کر دیتے ہیں۔ چنانچہ نسخہ موثر ہے اس لیے خود ان کے ہاں جاتے ہیں اور چائے کی چسکیاں لے کر آتے ہیں۔ کافی تگ ودو کے بعد بالآخر نسخہ ہاتھ آ گیا جو پیش خدمت ہے۔ برگد کی داڑھی سوا تولہ، سونف چھ ماشہ، عام چائے پانچ ماشہ، مرچ سیاہ چار عدد۔ برگد کی داڑھی کو کوٹ کر باقی چیزیں شامل کرکے چائے کی طرح پکائیں اور دو کپ چائے بنا کر آمیز کر کے سوا ماہ تک روزانہ استعمال کریں۔ ان شاءاللہ دمہ جڑ سے اکھڑ جائے گا۔

مقوی بدن چائے: اس چائے کا نسخہ ہمیں ایک بہت پرانے رسالے ماہنامہ ''تجارت'' شاہ جہان پور کے دسمبر ۱۹۱۹ء کے ایک خاص شمارہ سے حاصل ہوا۔ اس میں تجارت کے خاص خاص گر اور تجارتی نسخہ جات درج تھے۔ چائے کے ہم وزن دار چینی کا سفوف شامل کرلیں اور اس مقوی چائے کی تجارت کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ اس چائے کے استعمال سے پورے بدن کو طاقت حاصل ہوگی، خاص طور پر مردانہ قوت میں اچھا خاصا اضافہ ہوگا۔'' میری رائے میں یہ چائے مذکورہ بالا فوائد کے علاوہ مقوی معدہ ہے۔ آواز کو سریلا کرتی ہے اور نزلہ وزکام کے لیے مفید ہے۔ گرم مزاج والے افراد اس میں دودھ زیادہ مقدار میں شامل کریں۔

قبل از وقت بڑھاپے سے بچنے کے لیے ایک بہترین چائے

جن بچوں یا نوجوانوں کے عین عالم طفولیت یا عالم شباب میں بال سفید ہونے لگیں ان کے لیے اس چائے سے بہتر شاید ہی کوئی اور دوا ہو۔ ان شاءاللہ قبل از وقت ہونے والے سفید بال نکلنا بند ہوجائیں گے اور تین ماہ کے مسلسل استعمال سے سفید بال بھی پھر سے سیاہ ہونے لگیں گے۔ علاوہ ازیں قوت حافظہ میں روز بروز اضافہ ہوتا جائے گا۔ بھولی ہوئی باتیں یاد آنے لگیں گی۔ ہلی ہلکی کھانسی اور نزلہ سے نجات مل جائے گی۔ نظر کو تقویت ہوگی۔ بھنگرہ سفید عام ملنے والی بوٹی ہے۔ پانی کے کنارے چھوٹے چھوٹے سفید پھولوں کی شکل میں ہر جگہ مل جاتا ہے۔ اسے سایے میں خشک کریں اور روزانہ ایک ماشہ پتیاں ایک کپ چائے کے حساب سے حسب دستور چائے تیار کریں۔ اگر شہد میسر ہو تو چینی کی جگہ استعمال کریں۔

سونف کی چائے: نزلہ، زکام اور نظر کی کمزوری کے لیے سونف کی چائے بڑی عجیب چیز ہے۔ ایک تولہ سونف کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھا حصہ پانی باقی رہ جائے تو چھان کر چینی آمیز کرکے صبح شام ایک ایک کپ پئیں۔ اگر اس میں ۳، ۴ لونگ ڈال لیں تو اور بھی مفید ہے۔

گندم کی چائے: گندم اور اس کی بھوسی کی چائے سے کافی اور چائے کا اتنا اچھا کام لیا جاسکتا ہے کہ پھر ہمیں کسی چائے، کافی کو یا قہوہ کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سستی بھی، مفید بھی۔ خوش ذائقہ بھی اور چائے اور کافی کی مضرتوں سے سراسر پاک بھی۔ گندم کے چھلکے سے تیار ہونے والی چائے کے بارے میں مولانا محمد علی جوہرؒ نے فرمایا تھا اگر یہ نسخہ مجھے عالم جوانی میں میسر آ گیا ہوتا تو میں سرے سے بوڑھا ہی نہ ہوتا۔ گندم سے تیار ہونے (باقی صفحہ نمبر 30 پر)

دردی ہربل بام
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو فالج' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے' کسی عضو کا پھڑکنا' پنڈلیوں کا درد' نقرس' لاغری' ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا' موچ آجانا' بجلی کا شاک لگنا' کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا' جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں۔ قیمت: =/80 روپے
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت' کئی ہفتے چلے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

غریب رشتہ داروں کی مدد!

حرم میں جان نکلی! جنازہ میں 5 لاکھ کا مجمع

فاروق احمد، فیروزوالہ

میرے بھائی کے جنازے میں پانچ لاکھ سے زیادہ آدمی تھے پھر میدان عرفات کے قبرستان میں دفن کیا جہاں سرور کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور ایک لاکھ سے زائد صحابہ کرامؓ کے قدم مبارک پڑے ہیں یعنی میدان عرفات۔ وہ کونسی نیکیاں ہیں جسکی وجہ سے بھائی طارق کو عظیم رتبہ ملا۔

طارق کی قرآن سے محبت

میرا سگا بھائی مجھ سے چار سال چھوٹا تھا اس کا پیارا نام محمد علی طارق تھا ہم دونوں بھائیوں میں بہت محبت تھی وہ مجھ سے چھوٹا ہونے کے باوجود قد میں مجھ سے بڑا تھا اور مجھ سے بہت زیادہ خوبصورت تھا۔ اکٹھے سوتے اکٹھے شرارتیں کرتے تھے دہلی کے پڑھے ہوئے عالم سے اکٹھے قرآن پاک پڑھا مسجد میں اکٹھے جاتے لیکن ہمارے استاد جو اعلیٰ درجے کے عالم تھے حضرت مولانا امیر شہید وہ میرے بھائی طارق سے زیادہ محبت کرتے تھے اور طارق کو قرآن پاک زیادہ محنت سے پڑھاتے تھے۔ بھائی طارق کو اللہ تعالیٰ خوبصورتی ذہانت اور اعلیٰ شخصیت سے نوازا تھا۔ طارق بھائی واپڈا میں انجینئر بھرتی ہوگیا لیکن وہاں مذہبی ہونے کی وجہ سے فٹ نہ ہوسکا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو دبئی میں نوکری بطور ایگزیکٹو پوسٹ لاکھوں روپے ماہانہ کی نوکری دے دی۔ بھائی طارق نے خوبصورت داڑھی بھی رکھ لی۔ پہلی بار وہ عمرہ کرنے گیا حرم پاک میں والدہ کے ساتھ عمرہ کیا۔ ماں کو اپنے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر طواف کیے۔ جب پہلی بار عمرہ سے واپس آیا تو آکر مجھے کہنے لگا کہ وہاں خانہ کعبہ میں بھی آپ کو خواب میں پریشان دیکھا۔

اللہ سے رو رو کر بھائی کی زندگی کی دعا

بھائی فاروق کوئی پریشانی ہے؟ تو میں نے ہنس کر کہا کہ یار کوئی خاص مسئلہ نہیں ہے حقیقتاً جب وہ خانہ کعبہ میں عمرہ کررہا تھا اور میں یہاں سجدے میں اللہ تعالیٰ سے رو رو کر اسکی زندگی کی دعائیں مانگ رہا تھا۔ کیونکہ ڈاکٹروں نے کہا تھا کہ اس کو کالا یرقان ہے لیکن جب سعودی عرب سے واپس آیا ایسے تندرست تھا کہ میں خوش ہوگیا۔ یہ 2001 کی بات ہے۔ 2006 میں طارق بھائی دوبارہ عمرے کے لیے گیا اس بار وہ اپنے دوستوں کے ساتھ گیا۔ 2006ء کے بعد وہ سال میں دو تین بار پاکستان آتا پھر وہ اپنے بیوی بچوں کو اپنے ساتھ لے گیا۔ دبئی میں ماحول اچھا نہ ہونے کی وجہ سے شارجہ میں رہائش رکھ لی اس طرح جاب دبئی میں تھی اور رہائش شارجہ میں۔ 2014 میں پاکستان اپنے بچوں کے ساتھ آیا۔ خاندان کے ہر شخص بچے بوڑھے خواتین کو مل کر واپس چلا گیا۔ 2015ء میں رمضان المبارک جون کے آخری ہفتہ میں تھا۔ طارق بھائی کی بیوی نے کہا کہ طارق عید ہم نے پاکستان کرنی ہے۔ جانے سے پہلے ہمیں اللہ تعالیٰ کا گھر دکھلا دو۔ طارق بھائی نے فوراً تیاری شروع کردی۔ ہماری بھابھی دو بیٹیوں اور بڑے بیٹے کو ساتھ لیا۔ 10 جون 2015 کو مکہ پہنچ گئے۔ 12 جون 2015 بروز جمعۃ المبارک فجر کی نماز خانہ کعبہ میں ادا کی عمرہ کیا۔

عبقری سے وظیفہ خود بھی پڑھا بچوں کو بھی پڑھایا

طواف کے دوران دونوں بیٹیوں کو کاندھے پر بٹھایا اور بیٹے کو انگلی سے پکڑا بھابھی ساتھ تھیں طواف کرتے رہے پھر جمعہ مبارک پڑھا دوسرے دن پھر بھابھی بچوں کو لے کر صبح ہی خانہ کعبہ پہنچ گئے۔ سارا دن خانہ کعبہ میں رہے۔ اور اپنی بیٹیوں اور بیٹے کو عبقری رسالہ سے پڑھا وظیفہ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ پڑھاتے رہے بار بار خود بھی پڑھتے اور بچوں کو پڑھاتے رہے اس کی ریکارڈنگ بھی کی۔ شام کو نماز عشاء خانہ کعبہ میں ادا کی۔ حرم پاک میں بیٹھے رہے۔ پھر بچوں کے ساتھ اٹھے ان کو گاڑی میں بٹھایا کہ چلو آپ ہوٹل چلو میں آپکے لیے کھانا لے کر آتا ہوں۔ پھر وہاں سے کھانا لیا اور اب زم زم پینے دوبارہ خانہ کعبہ چلے گئے۔ باب العزیز سے نکلتے ہوئے زمین پر بیٹھ گئے پھر لیٹ گئے لیٹتے ہی خالق حقیقی سے جاملے وہاں پر موجود پولیس والا بتاتا ہے کہ ایک ہاتھ میں آب زم زم کے دو کین تھے اور دوسرے ہاتھ میں بچوں کا کھانا تھا۔ اور کان کے ساتھ فون تھا فون پر بھابھی سے آخری کال کررہے تھے کہ میری طبیعت خراب ہوگئی ہے۔ بھابھی بچے ہوٹل سے وہاں پہنچے تو روح پرواز کرچکی تھی۔ اس منظر کا اندازہ تو وہی عورت کرسکتی ہے کہ جس کا سہاگ اجڑ جائے۔ ساتھ سات سال کا بیٹا، پانچ اور تین سال کی بیٹیاں باپ سے لپٹ کر رو دئے یہ منظر دیکھ کر وہاں عربی بھی رو پڑے۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

حلقہ کشف المحجوب

تصوف کی بنیاد! قرآن وسنت

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

حلقہ کشف المحجوب کے اس باب میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ ہمیں تصوف کی آگاہی دے رہے ہیں' اس کا خلاصہ یہ ہے: یاد رکھو! اگر تجھ سے کوئی پوچھے تصوف کسے کہتے ہیں؟ آنکھیں بند کر اور آنکھیں بند کر کے کہہ دے، دائیں ہاتھ میں قرآن ہے اور بائیں ہاتھ میں حدیث ہے، اس کا نام تصوف ہے۔ تصوف گانے بجانے کا نام ہے نہ ہی رقص و سرور کا نام ہے۔ وہ تصوف نہیں ہے، وہ شیطانیت ہے۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کتاب (کشف المحجوب) میرے سامنے پڑی ہے۔ کشف المحجوب کے اندر سارا کا سارا تصوف ہے اور وہ تصوف ہے جو میرے اللہ اور اسکے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پسندیدہ تصوف ہے۔ یقین جانئے میں بعض اوقات حیران ہوتا ہوں، حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی پر قربان جاؤں کہ ایک ہزار بلکہ تقریباً پونے گیارہ سو سال پہلے آپ نے یہ کتاب لکھی۔ ہزاروں لاکھوں کتابیں اس دور میں لکھی گئیں۔ تاریخ نے کسی کتاب کو سلامت نہیں رکھا۔ میں نہیں کہتا لکھنے والوں میں خلوص نہیں تھا، لیکن حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المعروف داتا صاحب کی زندگی کا یہ باب، اس بات کا ثبوت ہے کہ انکی باتوں میں اتنا اخلاص اور اتنا اللہ کے ہاں سے قبولیت ہے، آج ہزار سال کے بعد تاریخیں مٹ گئیں۔ کئی تہذیبیں آئیں، ختم ہوگئیں۔ کئی بادشاہ آئے، جن کے تاج وتخت خاک میں مل گئے اور انکی قبروں کے نشان نہ رہے۔ انکے مقبرے بڑے بڑے پتھروں سے بنائے گئے تھے۔ گردشِ ایام نے انکو مٹا دیا۔ کئی لوگ آئے اور چلے گئے لیکن کشف المحجوب آج بھی میری، آپ کی آنکھوں کے سامنے پڑی ہے۔ اسکی بنیاد یہ ہے کہ کشف المحجوب میں اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے وفا کی گئی ہے۔ بے وفائی نہیں کی گئی۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

جوہر شفاء مدینہ
موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 121

جناتِ کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے‘ اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جنات ہمیشہ خطرناک وار کرتے ہیں

جنات ایک دوسرے پر جادو کرتے ہیں‘ میں پہلے بھی آپ سے عرض کرچکا ہوں اور اس کے واقعات‘ مشاہدات اور تجربات میں آپ کو بتاچکا ہوں‘ جتنا بڑا آدمی ہوگا اس کا وار بھی اتنا بڑا ہوگا‘ جتنا طاقتور ہوگا اس کا وار بھی اتنا طاقتور ہوگا اور بالکل یہی صورتحال جنات کی ہے جنات ہمیشہ بہت خطرناک وار کرتے ہیں اور ایسا خطرناک وار کہ نسلیں سسکتی ہیں اور نسلیں پریشان ہوجاتی ہیں میں آپ کو ایک چھوٹا سا واقعہ سناتا ہوں اس واقعہ پر آج ذرا توجہ کریں۔

جنات کی مخصوص سواری پر سفر اور رات کی تاریکی

ایک مرتبہ بہت لمبا سفر‘ جنات کی مخصوص سواری پر میں سفر کررہا تھا‘ میرے ساتھ کچھ اور جنات بھی بیٹھے تھے جن میں درویش‘ کامل‘ بڑے بزرگ جوان بوڑھے چھوٹے بڑے اور بہت بڑے جنات بیٹھے تھے‘ رات کی تاریکی‘ سواری اپنا سفر تیزی سے طے کررہی تھی‘ ایک خوشگوار محفل لگی ہوئی تھی اور جنات اپنے تجربات‘ مشاہدات اور اپنی گفتگو اور باتیں سنائے جارہے تھے۔ ایک جن نے اپنی درد بھری کہانی سنائی۔ کہنے لگا: میں اپنے ایک قریبی رشتہ دار جن کے ساتھ کپڑے کا کاروبار کرتا تھا‘ ہمارا کاروبار بہت وسیع تھا‘ ہم یہ کاروبار انسانوں کے ساتھ کرتے تھے لیکن آج تک ہم نے انسانوں کے ساتھ کاروبار کرتے ہوئے اپنے آپ کو جن ظاہر نہیں کیا تھا۔ ہمیشہ انسانوں سے بہتر سے بہتر ایمانداری کے ساتھ کاروبار کیا‘ نفع دیا اور نفع کمایا‘ سالہا سال سے یہ سلسلہ چل رہا تھا۔

اچانک میرے حصہ دار جن کی نیت بدل گئی!

اچانک میرے حصہ دار جو کہ میرے قریبی رشتہ دار بھی تھے‘ ان کی نیت بدل گئی‘ انہوں نے مال اور پیسے میں گڑبڑ کرنا شروع کردی‘ پہلے تو مجھے احساس ہوا میں نے سمجھا کہ میری غلطی اور غلط فہمی ہے لیکن کچھ ہی دنوں کے بعد وہ معاملہ بڑھتا چلا گیا اور ایسا بڑھا کہ میرا احساس بھی بڑھ گیا اور مجھے محسوس ہوا کہ کہیں سے کچھ گڑبڑ ہو ہی رہی ہے اور معاملہ میری سوچ سے بہت آگے نکل گیا‘ میں نے ایک بار اپنے اس رشتہ دار کو احساس دلایا تو وہ طیش میں آگیا اور غصہ سے کہا کیا تم مجھے بے ایمان‘ بددیانت سمجھتے ہو‘ اتنے سالوں سے میں نے تمہیں اعتماد کے ساتھ کما کر دیا ہے۔ کیا اب میں بے اعتماد اور بددیانت ہوگیا‘ میں اس کے اس سخت لہجے اور ڈانٹ سے سہم گیا‘ خاموش ہوگیا لیکن میرا اندر اور دل مطمئن نہ ہوا‘ میرے اندر کی جستجو بڑھتی چلی گئی۔ کچھ ہے سہی اور کہیں گڑبڑ بھی ہے‘ کہاں ہے؟ کیسے ہے مگر ہے ضرور! آخر ایک دن مجھے کچھ انوکھے شواہد ملے جس سے واضح ہوگیا کہ وہ میرے ساتھ بہت گڑبڑ کررہا ہے اور میں نے جب وہ شواہد اس کے سامنے پیش کیے تو اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی اب وہ انکار نہ کرسکتا تھا‘ مگر وہ بحث‘ تو تکرار اور مرنے مارنے پر آگیا۔

میں تجھے سکون سے نہیں جینے دوں گا

آخرکار کچھ بڑے تاجر جنات کو درمیان میں ڈال کر اس معاملے کو رفع دفع کیا اور فیصلہ یہ ہوا کہ ہماری آپس میں حصہ داری ختم ہوجائے اور ہم علیحدہ علیحدہ کام کریں گے‘ ہم علیحدہ ہوگئے‘ میرا سرمایہ زیادہ تھا مجھے حصہ زیادہ ملا جبکہ وہ اس بات پر اڑا ہوا تھا کہ حصہ برابر کیا جائے لیکن بڑوں نے انصاف کیا۔ چلتے ہوئے اس نے مجھے ایک بات کہی تو نے مجھے زیادہ مال نہیں دیا‘ میں تجھے سکون سے نہیں جینے دوں گا‘ میں نے اس بات کو زیادہ توجہ سے نہ لیا حالانکہ وہ بہت زیادہ مال اور سرمایہ دھوکے فریب کے ساتھ غبن بھی کرچکا تھا اس مال اور سرمایہ کا اسے ایک فیصد احساس نہ ہوا۔ میں نے اپنا کاروبار شروع کیا کیونکہ میرا معاملہ بالکل شفاف تھا اور میں لین دین کا کھرا تھا‘ میرا کاروبار بہترین چل نکلا لیکن کچھ ہی عرصہ کے بعد میرا سر پکڑا جانے لگا‘ اعصاب کھچے گئے‘ دماغ جکڑا گیا‘ بیٹھے بیٹھے دل ڈوب جاتا تھا‘ بدن پسینے سے شرابور‘ دل متلاتا تھا‘ ہاتھ پاؤں کی طاقت ختم ہوجاتی تھی اور جسم میں کپکپاہٹ اور جسم بے جان ایسا کہ جی چاہتا کہ بس ابھی یہی لیٹ جاؤں‘ تنہائی ہو‘ اندھیرا ہو‘ کوئی نہ ہو‘ بس اس طرح کی کیفیت‘ میں نے سمجھا شاید پہلے دو تھے‘ اب اکیلا ہوں‘ میرے اوپر کاروبار کا دباؤ تھا‘ اس کیلئے دوائی علاج معالجہ کیا‘ آرام کیا لیکن تکلیف بڑھتی چلی گئی‘ پھر کچھ عرصہ کے بعد بیماری میرے گھر میں آنا شروع ہوگئی اور میرے گھر کا ہر فرد بیمار اور پریشان ہوگیا اور تکالیف‘ مسائل‘ مشکلات بڑھتے چلے گئے اور میں ان حالات میں اور زیادہ جکڑا جانے لگا پھر کچھ کاروباری نقصان شروع ہوئے جن کی بالکل توقع اور احساس بھی نہیں تھا‘ میں اسی پریشانی میں اور زیادہ الجھ گیا۔

یہ درود پاک کا نور تھا یا میری نیک نیتی

ایک مرتبہ میں درود پاک پڑھتے پڑھتے سو گیا جو کہ میرا معمول تھا شاید وہ درود پاک کا نور تھا یا پھر میری نیک نیتی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ جن ایک قبرستان میں ایک پرانی قبر کو کھود رہا ہے اور مجھے زبردستی اس میں دفن کررہا ہے اور ساتھ کچھ تعویذ ہیں‘ کچھ میری شکل کے بنائے پتلے بھی ہیں‘ وہ ان کو بھی ساتھ دفن کررہا ہے اور غصہ کے عالم میں کہہ رہا تھا کہ تو نے مجھے مال کھانے سے روکا ہے‘ دیکھتا ہوں تو سکون چین اور راحت سے کیسے رہتا ہے‘ تیرا اور تیری نسلوں کا جینا حرام کردوں گا‘ تجھے برباد کردوں گا‘ تیرے تنکے تنکے کو ہواؤں میں اڑا دوں گا‘ تجھے ایسا بنادوں گا کہ تیرا ذرہ ذرہ کردوں گا پھر ان ذرات کو بھی ہواؤں میں اُڑا دوں گا۔ تیرے پل پل کو ویران کردوں گا‘ تجھے تیری نسلوں کو گلی کوچوں کا منگتا اور سائل کردوں گا‘ اس کے منہ سے آگ‘ آنکھوں میں حسد‘ کینہ اور بغض کے شعلے تھے۔ وہ کہے جارہا تھا‘ ساتھ مجھے میرے ہم شکل پتلے اور تعویذات کو بھی دفن کررہا تھا۔ میں پریشان حال کہ یہ میرے ساتھ کیا ہوا؟

اتنا بڑا دھوکہ اتنا بڑا فریب اور اتنا بڑا انتقام

اچانک میری آنکھ کھل گئی‘ میں پسینے میں شرابور کانپ رہا تھا خواب کی وحشت سے میری آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں کہ وہی جن مجھ پر سخت جادو کیے ہوئے ہے اور جادو کی وجہ سے میرا سب کچھ برباد کررہا ہے۔ مجھے حیرت ہوئی میرے ساتھ اتنا بڑا دھوکہ اتنا بڑا فریب اور اتنا بڑا انتقام مجھے پریشانی ہوئی خواب کے بعد اب مجھے اس کا حل چاہیے حل کہاں سے لوں‘ اور کیسے لوں؟ اور کس سے لوں؟ کوئی مجھے نہ ملا اب میں ڈھونڈتا رہا کہ یہ حل کیسے ہوجائے؟ کیونکہ میری تکالیف بڑھتی چلی جارہی تھیں میرے مسائل الجھتے چلے جارہے تھے مجھے روز کوئی نہ کوئی پریشانی‘ تکلیف آرہی تھی‘ جنات سے بہت پوچھا‘ ادھر ادھر اس کا کیا حل کیا جائے اور اس کے لیے کتنی کوشش‘ کتنی محنت کی جائے‘ آخرکار ایک جن مجھے ملے

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا‘ نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد‘ عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

اور میں نے انہیں اپنا غم سنایا' وہ ایک عامل تھے اور میرے غم سن کر وہ بھی پہلے پریشان ہوگئے اور فرمانے لگے: کوئی پریشانی کی بات نہیں' آپ صرف اتنا کریں کہ آپ میرے پاس اپنا ایک پہنا ہوا کپڑا لے آئیں' کوئی اترا ہوا پرانا جوتا لے آئیں اور جب کنگھی کریں اور جتنے بال آپ کے گریں وہ بال بھی ساتھ لے آئیں۔ بس یہ چند چیزیں آپ مجھے لاکر دے دیں اور تین دن کیلئے اپنے تمام کاموں کو چھوڑ کر میرے پاس آکر بیٹھ جائیں' میں خود کچھ عمل کروں گا' کچھ عمل آپ کو بتاؤں گا جو کہ آپ نے کرنا ہیں' پھر خود آپ کو اپنے مسائل کا حل ہوتا اپنی آنکھوں سے نظر آئے گا۔ بس میں نے ان کی بات مان لی مجھے ان کے بارے میں پتہ تھا' وہ ایک نہایت مخلص اور سچے جن ہیں' میں نے فوراً اپنا بوریا بستر باندھا اور ان کے ہاں چلا گیا' ایک پرانا لباس لے لیا اور اپنے اترے ہوئے بال لے لیے' یہ ساری چیزیں لے کر میں ان کے ہاں گیا۔ ان کا انداز میں نے انوکھا دیکھا' وہ یہ کہ انہوں نے مجھے ایک ایسی چارپائی پر سلایا جو کہ چمڑے کے بان سے بنی ہوئی تھی' کہنے لگے یہ گائے کا چمڑا ہے گائے کی کھال' گائے کا چمڑا لکڑی سے بنی ہوئی چارپائی تھی اور گائے کی کھال کا بان بنا ہوا تھا اور اس سے بنی ہوئی تھی' کہنے لگے کہ چمڑے کی چارپائی پر سونے والے کا کبھی جادو' جنات' اثرات اور کالی بندشیں کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ انہوں نے مجھے مسلسل تین دن' تین رات اس چارپائی پر لٹایا۔ مجھے کچھ کلمات دیئے' میرا اترا ہوا کپڑا میرے بال ان دونوں چیزوں کو سامنے رکھ کر اس نے دائیں بائیں آگ لگائی اور ان کو درمیان میں ایسے رکھا کہ آگ ان تک نہ پہنچ جائے' میں چارپائی پر بیٹھا تھا' اس کا حکم تھا تم نے چارپائی سے نیچے نہیں اترنا۔

بڑے سے بڑے کالے جادو کو توڑنے کا ماہر

وہ بوڑھا عامل جن جو کہ بڑے سے بڑے کالے جادو کو توڑنے کا بہت ماہر تھا' وہ کچھ پڑھ رہا تھا اور مسلسل میرے بالوں اور کپڑے پر پھونک رہا تھا تھوڑی ہی دیر ہوئی کہ میں نے محسوس کیا میرے کپڑے پر اور بالوں پر وہی میرا حصہ دار کھڑا ناچ رہا ہے اور خوشی سے سیٹیاں بجا رہا ہے' اشارے کررہا ہے اور ناز نخرے کررہا ہے کہ دیکھا تیری بربادی کی ابتدا کیسے کی اور تجھے برباد کرنے کی ترکیب کیسی سوجھی' تجھے دن رات برباد کرنا ہے تیرا کچھ نہیں بچانا' تجھے پریشان رکھنا ہے تیرے پل پل کو ویران کرنا ہے۔ میں پریشان اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ وہ جن عامل خاموش پڑھے جارہا تھا اس کی نظر ادھر ادھر نہ گئی' تھوڑی دیر میں وہ منظر غائب ہوگیا مجھے حیرت ہوئی کہ واقعی وہی جن تھا جو مجھے خواب میں ملا وہ تو خوش ہے' خوشحال ہے' عامل کے جادو کے توڑ نے اسے کوئی تکلیف پہنچائی ہے نہ اس کا جادو چھینا ہے' میں پریشانی کے عالم میں مزید دیکھتا' نامعلوم مجھے کیا ہوا' میں نے چارپائی سے نیچے اترنا چاہا شاید اس کا جادو تھا کہ وہ مجھے اس چارپائی کے کڑے سے ہٹانا چاہتا تھا' سیٹی کی آواز نے مجھے چارپائی سے نیچے نہ اترنے دیا' وہ سیٹی کی آواز اس عامل جن بابے کی تھی جس نے احساس دیا کہ چارپائی سے نیچے نہیں اترنا تھوڑی ہی دیر میں ایک دھواں اٹھا جب دھواں چھٹا تو میں نے دیکھا کہ دو کالے جن اس میرے حصہ دار کو پکڑ کر لے آئے اور اسی کپڑے اور بالوں کے اوپر اس کی پٹائی کررہے اور وہ چیخ رہا ہے' اس کا سانس پھولا ہوا' اس کا جسم لہولہان اور زخمی تھا اور وہ پریشان حال تھا۔

اب بتا اس پر کالا جادو کیوں کروایا؟

یہ مسلسل اس کی پٹائی کررہے تھے اور اس سے پوچھ رہے تھے کہ بتا اس کا قصور کیا ہے تو نے اس پر کالا جادو کیوں کروایا اس پر جناتی بندشیں کیوں لگائیں' اس کا گھر برباد کرنے کا فیصلہ کیوں کیا' اس کی صحت' دل دماغ اس کے جذبے کو کیوں جکڑا' تجھے اس سے کیا دشمنی ہے؟ تیرا اس کے ساتھ کیا معاملہ ہے؟ آخر تو اس کے پیچھے کیوں پڑا ہوا ہے؟ یہ دیانت دار تاجر ہے تو بددیانت جن ہے' اس کی نیت کھری ہے' تیری نیت میں کھوٹ ہے' وہ دونوں کالے جنات اس کو مار بھی رہے تھے پوچھ بھی رہے تھے' وہ کچھ جواب نہیں دے رہا تھا۔ سوائے چیخنے' چلّانے کے اور سوائے پریشانی کے۔ میں یہ سارا منظر دیکھ رہا تھا' میرے دل میں آیا کہ میں کالے جادو کے توڑ کے عامل بابا سے کہوں کہ اس جن کو معاف کردے' بس میں نے سوچا ہی تھا کہ ایک سیٹی کی آواز آئی اور اس سیٹی کی آواز نے مجھے اشارہ دیا کہ یہ قابل رحم جن نہیں یہ قابل ترس نہیں ہے' ان کے اوپر نہ رحم کھاؤ' نہ ترس کھاؤ اور نہ یہ وہ جنات ہیں کہ ان کی زندگی میں کوئی سکون ہو' یہ وہ ہیں جن کا فیصلہ ہے کہ جنات کو تکلیف دینی ہے' جنات کو پریشان حال میں دیکھ کر خوش ہونا ہے اور جنات کی ویرانی ان کی راحت اور سکون کا ذریعہ ہے۔ یہ وہ جنات ہیں' ان کی زندگی بس جنات کو دکھ دینے کا سامان ہے۔ آخرکار میں نے محسوس کیا کہ وہ میرا حصہ دار نیچے گر گیا' اب جنات اس کو اپنے پاؤں سے لتاڑ رہے ہیں' یہ منظر مجھ سے تھوڑی دیر کے بعد غائب ہوگیا' وہ عامل جن بابا مسلسل اپنی پڑھائی میں مصروف تھا' تھوڑی دیر کے بعد اس نے اپنے ہاتھ جھاڑے ٹھنڈی سانس لی اور میری طرف اک مخصوص نظر سے دیکھ کر کہنے لگا: جاؤ بابا تیرا کام ہوگیا' ہم نے تیرے دشمن کو جکڑ دیا' مریض بنادیا بیمار کردیا اور اس سے تمام جادو کی صلاحیتیں چھین لی ہیں' اب بتا اس کو ماردوں' میں نے فوراً انکار کیا کہ نہیں بس اس کو اتنا کردیں' مجھے تکلیف نہ دے سکے۔

جاؤ دشمن کو ان پتھروں میں جکڑ دو

اس عامل جن بابا نے ایک زوردار قہقہہ لگایا اور اپنی مٹھی سے مٹی اٹھائی اور مٹی اٹھا کر زور سے ہوا میں بکھیر دی' اس کا ایک ایک ذرہ بہت بڑا پتھر بن گیا اور پتھروں کا ایک بہت بڑا طوفان ایک طرف چل پڑا اور اس قہقہے میں سے ایک آواز آئی' جاؤ اس دشمن کو ان پتھروں میں جکڑ دو' وہ ان پتھروں میں رہے' نہ اس کو سکون' نہ چین' نہ راحت' نہ کشادہ رزق ملے جو نیک جنات کے راحت سکون' چین کو چھین کر اپنی زندگی کو پرسکون بنانا چاہتا ہے وہ جنات کا دشمن ہے اور دشمن کو اس کی دشمنی کا صلہ ملنا بہت ضروری ہے۔ میں حیرت سے بیٹھا یہ منظر دیکھ رہا تھا اور میری حیرت بڑھتی چلی جارہی تھی۔ آخر یہ کیا ہے؟ آخرکار مجھے خاموشی ملی اور میں اس خاموشی میں اور زیادہ پریشان ہوگیا' وہ عامل اٹھا اور مجھ سے کہنے لگا: مجھے تم سے کچھ نہیں چاہیے' میں بہت بڑی قیمت لیتا ہوں لیکن تمہارے روحانی راز اور تجارت نے مجھے تیرا گرویدہ بنادیا ہے جا اللہ پر بھروسہ کر' توکل رکھ اور اپنی زندگی کو آئندہ کے لیے مزید خوشیوں' خوشحالیوں اور راحتوں اور خیر کا ذریعہ بنا' میں تجھ سے راضی ہوں' اللہ تجھ سے راضی ہوجائے' تجھ سے تیرا جادو ختم ہوگیا اور مجھے پیاری نظروں سے دیکھ کر کہنے لگا میں نے یہاں تک کردیا ہے کہ کوئی بھی دشمن آج کے بعد تیرے اوپر میلی نظر نہیں ڈالے گا' اگر کوئی میلی نظر ڈالے گا بھی تو ویران پریشان اور بےکار ہوجائے گا۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 61 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

انوکھی شفاء مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز

1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کود چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کردیتا ہے۔ بڑی بات کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یونیورسٹی کی فیس کا غیبی نظام! غریب طالبعلموں کیلئے انوکھا پیکیج

صفی اللہ، ملتان

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات، فاقے، بے روزگاری، بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا، دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

کبھی عبقری مفت ملتا تھا آج مفت بانٹتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اس وقت میٹرک کا طالب علم تھا، بک سٹال پر ایک کتاب لینے گیا تو وہاں عبقری رسالہ بھی پڑا تھا، میں نے پڑھا اور پڑھتا چلا گیا، میں نے اپنے نصاب کی کتاب لی جس کے پیسے صبح اپنے والد سے لیکر نکلا تھا۔ مگر جب عبقری پڑھا تو اسے بھی خریدنے کی تمنا تھی، اس وقت غالباً عبقری 30 روپے کا تھا، میں نے پاکٹ منی سے بچائے پیسے نکالے تو وہ صرف 17 روپے نکلے، میں نے حسرت بھری نظروں سے عبقری کو دیکھا اور واپس سٹال پر رکھ دیا، دکاندار نے مجھے پیچھے سے آواز دی اور مجھے عبقری پکڑا دیا، میں نے کہا میرے پاس پیسے نہیں ہیں، اس نے کہا تم ویسے ہی لے لو بلکہ ہر ماہ مجھ سے آکر یہ شمارہ مفت لے جایا کرو، میری خوشی کی انتہا نہ رہی، وہ دن اور آج کا دن میں عبقری پڑھتا ہوں، فرق صرف یہ ہے کہ پہلے مجھے مفت ملتا تھا اب الحمدللہ میں مفت بانٹتا ہوں۔ میٹرک کیا، کالج میں بمشکل داخلہ لے سکا، گھر میں غربت انتہا کو تھی، ابو کی انکم انتہائی کم، بمشکل گھر کا دال دلیا چلتا، مگر والدین کی سب سے بڑی خواہش یہی تھی کہ ہمارا بیٹا پڑھ جائے، الحمدللہ! ہونہار تھا مگر پیسہ نہ تھا، عبقری رسالہ سے پڑھ کر میں نے یَابَاسِطُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ کو اپنا وظیفہ چن لیا اور سارا دن جب بھی وقت ملتا کھلا پڑھتا۔ کالج لائف سے نکلا تو یونیورسٹی میں میرٹ بورڈ پر میرا نام آگیا، مگر پھر وہی مسئلہ کہ فیس جمع کروانے کو گھر میں پھوٹی کوڑی نہ تھی۔

صرف رب پر توکل کیا اور بات بن گئی

ماں الگ رو رو کر ہلکان ہو رہی تھی، والد کے چہرے کی طرف دیکھتا تو منہ دوسری طرف پھیر لیتا کیونکہ ان کی آنکھ میں آنسو تو نہ تھے مگر چہرہ بتا رہا تھا کہ ان کے سینے میں کیا جنگ چل رہی ہے۔ کافی بھاگ دوڑ کی مگر کہیں سے شنوائی نہ ہوئی، وظیفہ کی تعداد میں نے بڑھا دی اور صرف رب پر توکل کیا۔ ہر روز تہجد کے وقت اٹھ کر رو رو کر رب سے مانگتا کہ اے رب مجھے میرے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنا، انہوں نے جو خواب اپنی آنکھوں میں سجائے ہیں وہ پورے کردے میری فیس کا غیب سے بندوبست فرما۔ وہ دن بھی گزر گیا۔ اب صبح یونیورسٹی کی فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ تھی، مگر ہمارے پاس دینے کو کچھ نہ تھا، اپنے کمرے میں بیٹھا وظیفہ پڑھ رہا تھا اور یقین تھا کہ اس وظیفہ کی برکت سے میرے پہلے بھی بہت کام بنے اور ان شاء اللہ یہ بھی بنے گا۔ ابھی یہ سوچ ہی رہا تھا کہ دروازہ پر دستک ہوئی، بوجھل قدموں اور نم آنکھوں کے ساتھ جا کر دروازہ کھولا تو باہر میرا دوست کھڑا تھا، وہ کسی کام سے شہر جا رہا تھا اور مجھے ساتھ لینے آیا تھا کہ دونوں مل کر چلتے ہیں۔

تمہاری فیس صبح جمع ہو جائے گی

جب میری حالت اس نے دیکھی تو وجہ پوچھی؟ میں نے اپنا تمام سینہ کھول کر اس کے سامنے رکھ دیا۔ اس نے میرے کندھے پر چپک لگائی اور ہنس کر بولا یہ بھی کوئی مسئلہ ہے۔ چل میرے ساتھ! الحمدللہ! میرے ماموں صاحب حیثیت ہیں اور وہ ایسے کام بڑے خوش ہو کر کرتے ہیں، ہم دونوں اس شخص کے پاس گئے، انہوں نے میری پوری بات سنی اور کہا تم صبح میرے پاس آجانا، دونوں اکٹھے چلیں گے اور فیس جمع کروا دیں گے۔ قارئین! یوں میری یونیورسٹی کی فیس جمع ہوئی، بس میں نے وظیفہ نہ چھوڑا اللہ ہر بار کہیں نہ کہیں سے سبب بنا دیتا اور چار سال کا ڈپلومہ مکمل کیا اور آج میں ملک کی بہترین کمپنی میں بہترین پوسٹ پر نوکری کر رہا ہوں، گھر کے حالات بدل گئے ہیں، والدین سینہ تان کر مجھ سے ملتے ہیں، ان کی آنکھوں میں خوشی دیکھتا ہوں تو دل باغ باغ ہو جاتا ہے، الحمدللہ! اب شادی شدہ ہوں اور شادی بھی علاقہ کے سب سے بڑے جاگیردار کی اکلوتی بیٹی سے ہوئی اور رشتہ بھی انہوں نے ہی بھیجا۔ آج خوش ہوں، مطمئن ہوں اور خوشحال ہوں، مگر وظیفہ آج بھی وہی پڑھتا ہوں اور عبقری پڑھتا ہوں، تقسیم کرتا ہوں اور ہر ماہ کوشش (باقی صفحہ نمبر 30 پر)

مفلسی کے خوف کو دور کیجئے

آپ کے مفلسی کے خیالات، خوف، وہم، شبہ، ارادے کی مضبوطی نہ ہونا، قوت فیصلہ کا کمزور ہونا، آپ کے پاس ان چیزوں اور سہولتوں کو نہیں آنے دیتے، جو ضروری ہیں۔ کیونکہ اس طرح آپ کا ذہنی رجحان بہترین اور اعلیٰ چیزوں کے مطابق نہیں رہ جاتا۔ آپ کا دل جن باتوں سے بھرا ہے وہی آپ کے پاس رہیں گی، یہ قدرت کا اصول ہے، اسے کوئی تبدیل نہیں کرسکتا۔ آپ اپنے دماغ میں ہمیشہ یہی سوچ سکتے ہیں کہ آپ کس طرح چیزوں کو اپنی طرف متوجہ کر رہے ہیں جن کی آپ سوچ شروع کرتے ہیں وہ ہی چیزیں آپ کی طرف چل پڑتی ہیں، اگر آپ مفلسی کا خیال کریں تو وہ ہی آپ کی طرف بڑھنے لگتی ہے اور اگر دولت کے بارے میں سوچیں تو دولت آپ کی طرف دوڑ پڑتی ہے۔ جب تک آپ کا دماغ مفلسی کے خیالات سے بھرا ہوا ہے آپ امیر نہیں ہوسکتے، دولت تو آپ کے پاس تب ہی آئے گی جب آپ اس کا خیال کریں گے۔ اس کی امید کریں گے اس کے حصول کیلئے سخت محنت کریں گے اور اس کے بغیر گزارہ کرنے کو تیار نہ ہوں گے۔ اگر دولت کے بغیر ہی دن کاٹنے کا آپ کے دل میں خیال آتا ہے تو سمجھ لیں کہ آپ نے مفلسی کے آگے ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ آپ نے غریبی کے سامنے ہار قبول کرلی ہے۔ بغیر جنگ کے، بغیر جدوجہد کے، بغیر کوشش کے وہ خود ہی غریبی کے آگے ہتھیار پھینک کر ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں تو دولت آپ کے پاس کس طرح اور کیونکر آسکتی ہے؟ یاد رکھیں! آپ جو کچھ پانا یا جو کچھ بتانا چاہتے ہیں وہ تب تک نہیں پاسکتے، جب تک کہ آپ اس کی امید نہ کریں۔ خواہش سے کام نہیں چلے گا، دل میں پوری امید بیدار کریں اپنے نشانے کا یقین دل میں مضبوط کریں۔ یقین کا ہی بیڑا پار ہے۔ دنیا میں کوئی بھی قدرتی یا دنیاوی زندگی کا اصول ایسا نہیں ہے کہ جس بات کی آپ کو خواہش ہے، اسے آپ خوف یا وہم کے ذریعے حاصل کرسکیں آپ کو جو کچھ بھی ملے گا وہ ضرور یقین محکم اور امید کے بل پر ہی ملے گا۔ انسان جیسی امید کرتا ہے ویسا ہی بن جاتا ہے، امید آپ کی تمام ذہنی قوتوں کو جمع کرکے کام پر لگا دیتی ہے اور کام کو نتیجہ سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

آخر سردیوں میں ہی وزن کیوں بڑھتا ہے؟

جس طرح سردی کے موسم میں اچھا کھانے کا دل چاہتا ہے بالکل اسی طرح ٹھنڈ کے موسم میں میٹھا کھانے کو بھی دل چاہتا ہے اور جسم کو ضرورت سے زیادہ مٹھاس ملے تو موٹاپا بہت جلدی آپ کو آگھیرتا ہے۔

اکثر افراد سردیوں کے موسم میں وزن بڑھنے کی شکایت کرتے ہیں اور اس کا ذمہ دار اپنی خوش خوراکی کو قرار دیتے ہیں لیکن زیادہ کھانا ہی موٹاپے کی وجہ نہیں درحقیقت دیگر کئی عوامل موسم سرما میں ہمارا وزن بڑھنے کی وجہ بنتے ہیں۔

سردیوں میں گھر میں زیادہ رہنا

سردی کے موسم میں زیادہ ٹھنڈ کے باعث ہر انسان کی کوشش ہوتی ہے کہ باہر جانے کے بجائے گھر میں زیادہ سے زیادہ رہے۔ گھر میں زیادہ وقت گزارنے سے انسان ورزش سے بھی دور رہتا ہے جب کہ اسے دھوپ بھی نہیں ملتی۔

لمبی راتیں

سردیوں کے دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہوتی ہیں، جس کے باعث انسان زیادہ سوتا اور آرام پسند ہوجاتا ہے جس کے باعث 'باڈی سائیکل' بھی ست روی کا شکار ہوجاتی ہے جو وزن میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

سردی میں اچھا کھانا

سردیوں کے موسم میں انسان اچھا کھانا پسند کرتا ہے۔ زیادہ موسمی پھل اور مختلف کھانے آپ کے جسم کو بہت زیادہ موٹا بنا دیتے ہیں۔

میٹابولزم کا بڑھنا

میٹابولزم کا بڑھنا صحت کے لیے اچھا عمل ہے لیکن اس عمل کا ایک دم اضافہ وزن بڑھنے کا بھی باعث بنتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق جب ہمارے جسم کی کیلوریز یکایک کم ہوتی ہیں تو ہمیں بھوک بھی بہت لگتی ہے اور ہم زیادہ کھاتے ہیں جس سے موٹاپے کا شکار ہوجاتے ہیں۔

موسمی تبدیلی

موسم میں تبدیلی انسان کی صحت کو بہت زیادہ متاثر کرتی ہے، کچھ تو اس حد تک متاثر ہوجاتے ہیں کہ ڈپریشن کا شکار ہوجاتے ہیں، خود کو موسمیاتی تبدیلیوں سے بچانے کے لیے لوگ گھروں میں قید ہوجاتے ہیں جس کے باعث وہ موٹاپے کا شکار ہوجاتے ہیں۔

سردیوں میں میٹھا کھانا

جس طرح سردی کے موسم میں اچھا کھانے کا دل چاہتا ہے بالکل اسی طرح ٹھنڈ کے موسم میں میٹھا کھانے کو بھی دل چاہتا ہے اور جسم کو ضرورت سے زیادہ مٹھاس ملے تو موٹاپا بہت جلدی آپ کو آگھیرتا ہے۔

سردیوں میں وزن بڑھنا؟ سائنس کیا کہتی ہے؟

ردیوں میں وزن کیوں بڑھتا ہے؟ اس سوال کا جواب ایک نئی تحقیق نے دیا ہے جس کے مطابق انسانوں میں لاشعوری طور پر زیادہ کھانے کی خواہش ہے جو اسے خاص طور پر موسم سرما میں زیادہ کھانے کے لیے تیار کرتی ہے۔ ماہرین حیاتیات کے مطابق انسانی ارتقاء پر ایک فوری نظر ڈالنے سے پتا چلتا ہے کہ ابتدائی انسانوں میں موٹاپا خطرات سے مقابلہ کرنے یا بقا کے لیے ضروری تھا جبکہ دوسری طرف کم وزنی ہونا کمزوری کی علامت تھی۔ تحقیق بتاتی ہے کہ ابتدائی انسانوں میں زیادہ کھانے کی خواہش تھی اور ان میں موٹاپے سے بچنے کی محدود صلاحیت تھی جبکہ خاص طور پر ان میں موسم سرما میں زیادہ کھانوں کی شدید خواہش پائی جاتی تھی۔

طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ ہمارے اندر میٹھے اور غیر صحت مند کھانوں کی لالچ پر قابو پانے اور موٹاپے سے بچنے کے لیے ایک ارتقائی میکانزم اب تک نہیں ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ فطرت نے ہمیں پیٹ بھر جانے کا احساس کرنے کی صلاحیت سے نوازا ہے لیکن مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ لوگ مصنوعی کھانوں کے لیے بہت کم مزاحمت رکھتے ہیں۔

چونکہ آج کے جدید کھانوں میں مٹھاس اور ذائقہ زیادہ ہے جو انسانوں میں کھانے کی خواہش پیدا کرتا ہے اور یہ خواہش بہت طاقتور ہوتی ہے کسی بھی کمزور ارتقائی میکانزم کے مقابلے میں جو ہمیں بتائے گا کہ اب کھانے سے ہاتھ روک لیا جائے۔ لوگ موسم گرما کے دوران کم کھاتے ہیں کیونکہ بھوک اور درجہ حرارت ریگولیشن کے درمیان ایک بائیوکیمیکل لنک ہے جو جسم کے درجہ حرارت کو مستحکم بنانے میں مدد کرتا ہے جبکہ مطالعہ یہ بھی بتاتا ہے کہ کھانے سے جسم میں مزید حدت پیدا ہوتی ہے۔

ہر قسم کا بخار چند لمحات میں ختم کرنے کا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں، عبقری میں موجود ٹوٹکے اور نسخہ جات آزماتے ہیں الحمدللہ! بہت مفید ہوتے ہیں۔ میری چچی جان کو اللہ کریم جنت الفردوس میں جگہ نصیب کرے، وہ عبقری رسالہ میں موجود ایک نسخہ آزماتی تھیں، فوراً اثر ہوتا تھا۔ آج میں قارئین عبقری کیلئے نسخہ اپنے تجربات کے ساتھ لیکر حاضر ہوئی ہوں، ہم نے جس کو جب بھی یہ نسخہ دیا اس کا بخار اتر گیا۔ جس قسم کا بھی بخار ہو سبز الائچی چند دانے ایک کپ پانی میں ابال کر جب آدھا کپ رہ جائے تو کھانے کے چار چمچ عرق گلاب مکس کر کے مریض کو پلانے سے کچھ ہی دیر بعد مریض کو بے حد پسینہ آتا ہے اور بخار ٹوٹ جاتا ہے۔ کسی مریض کی عیادت کیلئے ہسپتال گئی، واپسی پر ایک لڑکا مسلسل موٹر سائیکل سٹارٹ کرنے کی کوشش میں لگا ہوا تھا اور ٹینکی ہلا رہا تھا، ساتھ مریض بھی تھا، پٹرول پمپ بہت دور تھا، میں نے اسے تین مرتبہ سورۂ کوثر اور تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر ٹینکی میں پھونکنے کی تاکید کی، اسے پہلے تو بے اختیار ہنسی آئی، پھر مجبوراً پڑھا، کک ماری موٹر سائیکل سٹارٹ ہوگئی، مریض کو بٹھایا اور مشکور نگاہوں سے چلا گیا۔ (والدہ وسیم، کوہاٹ)

رب کریم سے اولاد نرینہ حاصل کرنے کا شاندار عمل

جس عورت کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور وہ لڑکے کی خواہشمند ہو۔ جب حمل کے آثار ظاہر ہوں تو خاوند یہ عمل خود کرے۔ یَامَتِیْنُ خاوند پڑھ کر عورت کے پیٹ پر اپنی سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے ناف کے مقام پر گول دائرہ بنائے۔ انگلی اٹھائے، دوسری دفعہ پھر یَامَتِیْنُ پڑھ کر پھر ناف کے اردگرد خاوند گول دائرہ بنائے۔ اسی طرح 70 مرتبہ یَامَتِیْنُ پڑھے ستر دائرے بنائے۔ عمل صرف ستر بار ایک ہی دن میں کرے۔ دوبارہ یہ عمل نہیں کرنا۔

نوٹ: یَامَتِیْنُ پڑھ کر مرد اپنی انگلی پر ہر دفعہ دم کر کے پورا گول دائرہ بنائے گا۔ ایک دائرہ مکمل کر کے دوسرے دائرے کیلئے انگلی اٹھا کر دوبارہ یَامَتِیْنُ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے دائرہ بنائے۔ ستر مرتبہ کرنے سے ان شاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔ یہ عمل میں نے عبقری کے ایک سابقہ شمارے میں پڑھا تھا، الحمدللہ جیسا لکھا ویسا ہی پایا ہے۔ قارئین عبقری کیلئے دوبارہ لکھ رہا ہوں شاید کسی مسلمان کی دوبارہ اشاعت کی وجہ سے دلی خواہش پوری ہوجائے۔ (ساجد، چیچہ وطنی)

فیملی شفاء
گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہوجائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

0332-7552382 عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

مولانا کلیم صدیقی صاحب دامت برکاتہم

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بَرلانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا' ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی' غلاموں کا مولیٰ
خطا رکار سے درگزر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کا زیروزبر کرنے والا
قبائل کا شیر وشکر کرنے والا
اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخہ کیمیا ساتھ لایا

تقریباً چودہ سو برس ہوئے' جب ایک خشک اور پتھریلی زمین میں' ایک ہستی ان اوصاف کے ساتھ ظاہر ہوئی تھی' چاند کی سالانہ گردش ان کی تاریخ ولادت کو ہر سال دہرا کر ہمارے قریب لاتی ہے اور گزر جاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ چودہ سو برس کے بعد امت کو اپنے امام سے کوئی مناسبت باقی رہ گئی ہے؟ سرسبز وشاداب ملکوں کے باشندوں' تعلیم یافتہ و شائستہ مسلمانوں کی زندگیوں میں اپنے سردار و پیشوا' ہادی و رہنما کی زندگی کا کوئی شائبہ بھی باقی رہ گیا ہے؟ جس پاک زندگی کے اوصاف اوپر بیان ہوئے' اس کا کوئی پرتو ہم اپنی ناپاک زندگیوں میں پاتے ہیں؟

ہماری شفقت ورحمت بھی ضرب المثل ہے؟
ہم بھی غریبوں کی خدمت کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں؟
ہم بھی غیروں کے دکھ درد میں شریک ہوتے رہتے ہیں؟
ہم بھی اپنوں اور غیروں کی غم خواری میں لگے رہتے ہیں؟
ہماری ذات بھی فقیروں اور ضعیفوں' یتیموں اور غلاموں کیلئے مرجع امید ہے؟ ہم کو بھی عفو ودرگزر کی عادت ہے؟ ہم نے بھی اپنے حسن اخلاق سے کبھی دشمن کو دوست بنایا ہے؟
ہم نے بھی کبھی کسی بدی کی بیخ کنی کی ہے؟ ہم کو بھی کبھی بچھڑے ہوئے دلوں کو ملا دینے کی توفیق ہوئی ہے؟

ہم نے بھی کبھی قوم وملت کی اصلاح وافلاح کی خاطر گوشہ نشینی اختیار کی ہے؟ ہمیں بھی قومی اور شخصی زندگی کو سدھارنے کا کوئی نسخہ ہاتھ آیا ہے؟ ہندو اور پارسی' عیسائی اور یہودی' سکھ اور جین' تمام غیر مسلم قومیں جو آج ہمارے آقا وسردار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی سے واقف ہونا چاہتی ہیں' ان میں سے کوئی قرآن کا مطالعہ نہیں کرتی' دفتر احادیث کی ورق گردانی نہیں کرتی' سیرت وشمائل نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عشاق کے قلم نے جو ضخیم مجلدات تیار کردیئے ہیں' ان کی الٹ پلٹ کی فرصت نہیں رکھتیں' وہ تو صرف ہماری زندگی کو دیکھتی ہیں' امت کی سیرت سے' رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کا' پیروؤں کے اخلاق سے' امام کے اخلاق کا اندازہ لگاتی ہیں' غیروں کی نگاہ میں اپنے محبوب آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نیک نام یا (خدانخواستہ) بدنام کرنا اس وقت ہمارے اختیار میں ہے۔ پس اے بھائیو اور بزرگو' دوستو اور عزیزو! اپنی ناپاک زندگیوں سے اس پاک زندگی میں داغ نہ لگاؤ اور کوشش کرو کہ اس پاک و صاف' روشن وبے داغ زندگی کا کچھ ہلکا سا نمونہ تو ہماری اور تمہاری زندگیوں میں بھی نظر آنے لگے۔

بھائیوں کے جھگڑے ختم! صلح' امن' پیار اور محبت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ گھریلو مسائل کا حل ہمیں عبقری کھولتے ہی اکثر مل جاتا ہے' پورا مہینہ عبقری رسالہ کا انتظار رہتا ہے۔ میں نے آپ کو اپنے گھریلو مسئلے کے لیے خط لکھا تھا میرے گھر میں 2014 سے بھائیوں میں بہت لڑائی جھگڑے تھے آپ نے مجھے جوابی لفافہ میں ایک وظیفہ یارب موسیٰ یا رب کلیم بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنے کے لیے کہا تھا اور چالیس درس سننے کے لیے کہا تھا وہ میں کر رہی ہوں' الحمدللہ اب میرے گھر کے حالات بہت بہتر ہیں۔ میرے بھائیوں کی آپس میں صلح ہے' امن ہے سب میں پیار ومحبت ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ (س،ا۔صدیقی، کراچی)

آسان ترین عمل سے اولاد نرینہ کا حصول

میرے بھائی کے پاس اولاد نرینہ نہ تھی' "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ مسجد میں کسی نے دیا' ایک عمل سورۂ قریش' باوضو پاک حالت میں سارا دن انہوں نے کھلا پڑھی' اللہ نے اولاد نرینہ سے نواز دیا۔ (علی' راولپنڈی)

گناہوں اور وساوس سے جان چھوٹی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر وقت عجیب اللہ اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بڑی بڑی ہستیوں کے متعلق انتہائی کرب میں مبتلا کردینے والے وساوس آتے' سخت پریشان تھا' عبقری میں "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا" کا کتابچہ کا پڑھا' خود بھی یاقہار کا وظیفہ شروع کیا اور ہر ماہ لے کر مخلوق خدا میں بانٹتا بھی ہوں' نجانے کس کی دعا لگی اور میرے وساوس ختم ہونا شروع ہوئے۔ (کامران' لاہور)

گھریلو جھگڑے ختم: ہمارے گھر میں ہر وقت جھگڑے رہتے' میرے امی کو کسی نے "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل کتابچہ دیا" اس میں عصر کی نماز کے بعد 11 مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھنے کا وظیفہ ملا' تمام گھر والوں نے پڑھا' الحمدللہ! گھر سے لڑائی جھگڑے ختم ہوگئے ہیں۔ الحمدللہ۔ (ماریہ' ساہیوال)

بیٹی کو نئی زندگی ملی: بیٹی کو اکثر بیٹھے بیٹھے جھٹکے لگتے تھے' بہت زیادہ علاج معالجے کروائے مگر حالت ویسی ہی رہتی' دفتر عبقری سے "آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ لیکر حسب توفیق بیٹی کی نیت کرکے تقسیم کروایا' تین ماہ کے اندر اندر میری بیٹی بالکل ٹھیک ہوگئی۔ (عبدالماجد' گجرات)

گھر کا مسئلہ حل ہوا کہ سب حیران ہیں!: ہمارے چچا میرے والد کو مکان کا حصہ نہ دے رہے تھے' کافی عرصہ سے شدید پریشانی میں مبتلا تھے' خاندان والوں نے بہت کوشش کی مگر چچا ضد پر اڑے تھے' بہن نے عبقری میں "آزمودہ وظائف" کتابچہ کے بارے میں پڑھا اور ایک ہزار کتابچہ بانٹ دیا' گھر والوں نے بھی اس میں موجود درود پاک کا وظیفہ پڑھا اور ہمارا کام بن گیا۔ میرے چچا نے خود ہی سب کو بلایا' معذرت کی اور دیرینہ مسئلہ حل کردیا۔ (شانزے' فیصل آباد)

قارئین! بلا رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر داد رسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)



سات تخم شفاء
اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈیپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی' زخموں کیلئے۔ چھائیاں' داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

مزاج چڑچڑا یا طبیعت بیزار! کمرے کا رنگ تبدیل کرا دیجئے!

اسماء اقبال، راولپنڈی

اگرچہ کمرے میں رنگ و روغن کا یہ انداز آنکھوں کو بھلا لگتا ہے لیکن اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ رنگوں کی یہ چکا چوند ہماری سوچ کے برعکس ثابت ہوتی ہے اور نامناسب رنگوں کے انتخاب سے کمرے کی لک (LOOK) متاثر ہو جاتی ہے۔

اپنے کمرے سے خاص لگاؤ، فطری بات

اپنا ذاتی کمرہ یا پرائیویٹ روم، گھر کا وہ مخصوص گوشہ ہوتا ہے جہاں ہر کام ہم اپنی مرضی اور منشاء کے مطابق انجام دیتے ہیں۔ اس کمرے سے خاص لگاوٹ ہونا فطری بات ہے کیونکہ ہر کوئی اسے بڑی چاہ کے ساتھ اپنی پسندیدہ چیزوں سے سجاتا ہے۔ دیگر آرائش کے علاوہ اس کمرے میں رنگ و روغن بھی خاص توجہ چاہتا ہے۔ اکثریت عموماً اپنے پسندیدہ رنگوں سے اس کے در و دیوار رنگنے کو ترجیح دیتی ہے۔ ضروری نہیں کہ ہر مرتبہ پسندیدگی کا یہ اظہار آنکھوں کو متاثر کن لگے۔ اس حوالے سے رنگوں کے کنٹراسٹ کو بھی خاص اہمیت دی جاتی ہے۔ اگرچہ کمرے میں رنگ و روغن کا یہ انداز آنکھوں کو بھلا لگتا ہے لیکن اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ رنگوں کی یہ چکا چوند ہماری سوچ کے برعکس ثابت ہوتی ہے اور نامناسب رنگوں کے انتخاب سے کمرے کی لک (LOOK) متاثر ہو جاتی ہے۔

رنگوں کے بارے میں دلچسپ حقائق

لہٰذا آج ہم آپ کو رنگوں کے بارے میں دلچسپ حقائق سے روشناس کروائیں گے۔ جن کو جان کر خواتین کے لیے نہ صرف اپنے کمرے بلکہ پورے گھر کے لیے کلر تھیم منتخب کرنا خاصا آسان ہو جائے گا اور ان کے منفرد جمالیاتی ذوق کی عکاسی بھی بھرپور انداز سے ہو سکے گی۔ اس ضمن میں اس بات کو جاننا اور سمجھنا ضروری ہے کہ قدرت کے پیدا کردہ بے شمار رنگ اپنے منفرد تاثر کی بدولت ہمارے مزاج اور موڈ پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یعنی ہر رنگ کی اپنی زبان ہوتی ہے۔ اس بنیاد پر رنگوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً گہرے، ہلکے اور معتدل رنگ، سرخ، نارنجی اور پیلے رنگ کا شمار گہرے رنگوں میں ہوتا ہے۔ یہ شدت، جوش، عزم و حوصلے کی عکاسی کرتے ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان رنگوں کو پسند کرنے والے فطرتاً بے چین طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں ٹھنڈے رنگ موڈ کو پرسکون رکھتے ہیں جب کہ ہلکے رنگ دیگر رنگوں کے ساتھ مل کر بہترین امتزاج کی تخلیق کا باعث سمجھے جاتے ہیں۔ کون سا رنگ اپنے اندر کیا خاص تاثر اور خصوصیات رکھتا ہے آیئے جانتے ہیں۔

سرخ رنگ کے بغیر خوشی کے لمحات ادھورے

(1) سرخ: جذبات کا اظہار ہو یا خوشی کے لمحات، سرخ رنگ کے بغیر یہ ادھورے سمجھے جاتے ہیں کیونکہ یہ رنگ اپنے اندر خاص شدت رکھتا ہے۔ اس لیے اپنے تاثر سے ماحول کو خوشگوار بنا دیتا ہے۔ اس رنگ کی خصوصیت ہے کہ یہ اعصاب کو پرسکون کر دیتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ پورے کمرے کی دیواروں پر یہی رنگ کروا دیں بلکہ کسی مخصوص حصے جیسے چھت یا وہ کونا جہاں آپ بیٹھ کر مطالعہ یا سلائی کڑھائی کرتی ہوں اس پر سرخ رنگ کروا سکتی ہیں۔ اس طرح طمانیت کا احساس اعصاب کو پرسکون رکھے گا۔

پیلے رنگ کو خوشیوں کا رنگ کیوں کہا جاتا ہے

(2) پیلا: اس کو ’’خوشیوں‘‘ کا رنگ کہا جاتا ہے، خواتین اس بات سے اتفاق کریں گی کہ شادی بیاہ خصوصاً مایوں کے موقع پر دلہن کو پیلا جوڑا اس لئے پہنایا جاتا ہے کہ یہ رنگ زندگی کی نئی شروعات میں اس کو خوشیوں کی نوید سناتا ہے۔ خاتون خانہ اگر اس رنگ کو کچن کے لئے منتخب کریں تو یہ بہترین انتخاب ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اس کے مخصوص تاثر سے باورچی خانہ خوشنما محسوس ہوتا ہے اور کام کے دوران تر و تازگی کا احساس تھکاوٹ کو پاس نہیں آنے دیتا۔ چمکتا ہوا پیلا رنگ مزاج میں اشتعال اور غصہ پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے، اس لئے دیواریں پیلے رنگ کے معتدل شیڈز سے سجائیں تاکہ مزاج پر منفی اثرات مرتب نہ ہوں۔ بچوں کے کمرے میں بھی چمکتے ہوئے پیلے رنگ کے پینٹ سے اجتناب کریں ورنہ ان کے لیے پرسکون نیند لینا دشوار ہو جائے گا۔

نارنجی! جوش اور توانائی سے بھرپور رنگ

(3) نارنجی: یہ پرجوش اور توانائی سے بھرپور رنگ ہے۔ یہ بالکل وٹامن سی کی طرح کام کرتا ہے جو جسم و جاں میں توانائی کئی گنا بڑھا دیتا ہے، چنانچہ اس رنگ کے زیر اثر رہنے سے موڈ پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور دل و دماغ خوشگوار احساسات کے احاطے میں رہتا ہے۔ لہٰذا گھر کے وہ حصے یا جگہیں جہاں آپ محسوس کرتی ہیں کہ کام زیادہ ہوتا ہے ان حصوں کے لیے یہ رنگ موزوں ترین ہے کیونکہ اس کے منفرد تاثر کی وجہ سے کام کے دوران جوش کم نہیں ہوتا بلکہ مسلسل بڑھتا ہے۔

ہرا آنکھوں کو فرحت و تسکین بخشنے والا

(4) ہرا: یہ رنگ آنکھوں کو فرحت و تسکین بخشتا ہے۔ لاؤنج کی دیواروں پر اس کا ہلکا شیڈ ماحول کو پرسکون اور خوشگوار بنانے کے ساتھ گھر کے مکینوں کے درمیان باہمی محبت کو بھی فروغ دیتا ہے جبکہ بیڈروم کے لیے بھی یہ اچھا انتخاب ثابت ہوتا ہے کیونکہ یہ رنگ دن بھر کی تھکن اور اعصابی تناؤ کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے جس سے طبیعت پرسکون ہو جاتی ہے لہٰذا پھر نیند بھی اچھی آتی ہے۔

نیلا! سکون کی علامت

(5) نیلا: بنیادی طور پر نیلے رنگ کو سکون کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ یہ آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ گھر کے در و دیوار پر یہ رنگ خاص اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے ہلکے شیڈز اپنی ٹھنڈی تاثیر سے ماحول میں طمانیت گھول دیتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں اس رنگ کی قدرتی تازگی طبیعت کو ہشاش بشاش اور تازہ دم رکھتی ہے۔

پرپل! لڑکیوں کا آئیڈیل رنگ

(6) پرپل: پرپل لڑکیوں کا آئیڈیل رنگ مانا جاتا ہے۔ عموماً ٹین ایجر لڑکیاں اپنے کمرے کے در و دیوار اسی رنگ سے سجانا پسند کرتی ہیں۔ قدرتی طور پر یہ رنگ دیگر رنگوں کی نسبت منفرد اور انوکھی خصوصیات کا حامل ہے۔ اس رنگ کے زیر اثر رہنے سے سوچ کو تقویت ملتی ہے اور اس کا دائرہ وسیع ہوتا ہے جس سے تخلیقی صلاحیتیں ابھر کر سامنے آتی ہیں۔

معتدل رنگ کون سے؟ جان لیجئے!

(7) معتدل رنگ: سفید، کالا، سرمئی، براؤن اور بیج (Beige) رنگ کا شمار معتدل رنگوں میں ہوتا ہے۔ یہ رنگ ہمیشہ اسٹائل کا حصہ رہتے ہیں لیکن ان کا استعمال سوچ سمجھ کر کرنا پڑتا ہے۔ اس بات کو آپ اس طرح سمجھ سکتی ہیں کہ بظاہر کالا رنگ اپنے اندر خاص کشش رکھتا ہے۔ لیکن اگر ہم پورے کمرے میں کالا رنگ کروا دیں تو ظاہر ہے کمرہ تاریک محسوس ہوگا جس کی وجہ سے مزاج پر پژمردگی اور بیزاری چھا جائے گی۔ لہٰذا یہ رنگ ہمیشہ دوسرے رنگوں کے باہمی امتزاج کے ساتھ اچھا تاثر پیش کرتے ہیں۔

تریاق
پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج
الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

اس بوٹی میں کینسر کا شافی علاج ہے
آنکھوں کی بیماریاں اور میرے آزمودہ ٹوٹکے
مٹی سے ہاتھ دھوئیں موہکے ختم
یہ محفل ہے درود پاک کی! مسائل حل کروالیجئے!
دیکھو سورۂ کوثر پڑھی اور کرم ہوگیا
گھر میں لڑائی جھگڑے کی وجوہات
نمک کے ٹوٹکے
تھینک یو نہیں جزاک اللہ کہیں

دیکھو سورۂ کوثر پڑھی اور کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ تقریباً 2013ء سے پڑھ رہا ہوں اور اس میں لکھے اکثر وظائف دوسرے لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ آپ بہت اچھا ورک کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عطا کرے اور ہم تمام مسلمانوں کی بخشش کرے (آمین)۔ اور میں نے آپ سے انٹرنیٹ پر بیعت بھی کررکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس کار نیک کو قبول فرمائے۔ میں نے آپ کے اس رسالہ میں سورۂ کوثر کا پڑھا کہ جب کوئی چیز نہ ملے یا آپ رکھ کر بھول جائیں تو سورۂ کوثر کو پڑھنا شروع کردیں میں نے اس معاملے میں سورۂ کوثر پڑھی اور یہ واقعی لاجواب ہے۔ مجھے چاہت ہوئی کہ اپنے مشاہدات کو قارئین عبقری اور آپ سے شیئر کروں تو لکھ بھیجا۔ آپ کے رسالے میں لکھے تمام وظائف اور عمل بہت کارآمد ہیں۔ پہلے مجھے ریڈنگ کا شوق نہیں تھا لیکن عبقری پڑھا تو لگا کہ ریڈنگ کرنی چاہیے اب میں عبقری پڑھتا ہوں۔ اب میں آتا ہوں اپنے مشاہدات کی طرف آتا ہوں' ایک مرتبہ میں اور میری مسز ایک دعوت سے واپس آئے اور اپنے کمرے میں چلے گئے جب میری مسز نے اپنا ہاتھ دیکھا تو کہنے لگی میری سونے کی انگوٹھی پتا نہیں کہاں گئی۔ ہم نے پرس وغیرہ چیک کیا مگر کہیں نہیں ملی کمرے میں ڈھونڈا پر نہیں ملی۔ آخر میں نے انہیں کہا کہ آپ سورۂ کوثر پڑھنا شروع کردیں اور میں نے بھی پڑھنا شروع کردی اور ہم بیٹھ گئے اور پڑھتے رہے کچھ دیر کے بعد میرے دل میں آیا کہ بیڈ کے دوسرے کونے پر جو تکیہ پڑا ہے اس کو ہٹا کر دیکھوں۔ میں نے جھٹ سے ہاتھ کو لمبا کرتے ہوئے تکیہ کو اٹھایا تو انگوٹھی اس کے نیچے سے نکلی جبکہ ہم جب سے کمرے میں آئے تھے ہم اس تکیہ کی طرف گئے ہی نہیں اور نہ ہی اس تکیے کو چھیڑا تھا کیونکہ مسز اس طرف گئی ہی نہیں تھی وہ کہہ رہی تھیں کہ دعوت میں' میں نے ہاتھ میں پہن رکھی تھی جب میں دعوت والی جگہ تھی تو میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ دیکھو سورۂ کوثر پڑھی اور اللہ نے کرم کیا اور انگوٹھی اس جگہ سے ملی جہاں وہم وگمان میں بھی نہیں تھا۔ پھر ہم دونوں نے اللہ کا شکرادا کیا۔ ایسے ہی دو تین اور بھی واقعات ہیں جو میں لکھنے بیٹھا تو بہت وقت لگ جائے گا۔

تھینک یو نہیں جزاک اللہ کہیں

قارئین کے لیے ایک اور نیکی کی بات بتارہا ہوں۔ کہ آپ جب بھی کسی کا شکریہ ادا کرتے ہیں تو ہم اسے تھینک یو یا شکریہ یا مہربانی جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اس سے بس ہم دوسرے کو لفظوں میں شکریہ کہتے ہیں لیکن اگر ہم ان الفاظ کی بجائے دوسروں کو جزاک اللہ خیرا کہیں تو ہم اس کو کہیں شکریہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ یہ دعا بھی دے رہے ہیں کہ اللہ آپ کو اس کی جزا دے۔ دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ (ایم ڈبلیو ایچ)

گھر میں لڑائی جھگڑے کی وجوہات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے (آمین)۔ حکیم صاحب مندرجہ ذیل تحریر قارئین عبقری کیلئے بھیج رہی ہوں۔ گھر میں لڑائی جھگڑے کی وجوہات: جس گھر میں ناشکری ہوتی ہے وہاں سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ دلوں میں دوستی اور محبت نہ ہو تو دل بنجر زمین کی مانند ہوجاتے ہیں۔ زمین کا یہ کلر اور سیم دماغ کو خشک کردیتا ہے۔ دماغ کی خشکی سے اعصاب بھی خشک ہوجاتے ہیں اور آدمی غصہ اور نفرت کا مجسمہ بن جاتا ہے۔ دلوں میں محبت کا گداز نہ ہو تو چہروں پر خشکی آجاتی ہے اور یہ خشکی خود کو اور گھر والوں کو بے چین رکھتی ہے اور اس بے چینی کی وجہ سے گھر میں بات بہ بات فساد برپا رہتا ہے۔ علاج یہ ہے کہ اللہ کے دوستوں سے محبت کیجئے اور یہ کہ دوست کا دوست بھی دوست ہوتا ہے۔ (تاج چیمہ، لاہور)

اس بوٹی میں کینسر کا شافی علاج ہے!

ہزاروں افراد پر تجربات کرنے کے بعد سرطان پر دھماسہ بوٹی کے حیرت انگیز اور کامیاب اثرات واضح ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں دھماسہ کے سبز یا خشک پودے کو پانی میں پیس کر اور اس کا رس دو ہفتے تک مریض کو پلانے سے بہترین نتائج نکلتے ہیں۔ یہ بوٹی بھارت اور پاکستان میں ہرجگہ بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وطن عزیز کے ڈاکٹرز، اطبائے کرام اور سائنسدان اس طرف توجہ دیں، میری اپیل ہے کہ اپنی تحقیق و تجربات سے سرطان جیسے موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے دھماسہ کے پودے کی صلاحیتوں کا جائزہ لیں تاکہ عوام الناس اور اطبائے کرام اس سے مستفید ہوسکیں ڈاکٹر کارنی نے انڈین میٹریا میڈیکا میں دھماسہ کو اینٹی بائیوٹک تسلیم کیا ہے اس کے علاوہ خزائن الادویہ اور دیگر طبی و آریورویدک کتب میں بھی اسے زبردست مصفی خون اور اینٹی سیپٹک کہا گیا ہے۔ لہٰذا اس سلسلے میں سرطان کے لیے دھماسہ کی شفایابی سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ دھماسہ کو پنجاب میں سچی بوٹی، دھماں بوٹی، سرحد میں انفازے، سندھ میں ادھ رامو، ڈاماہو، ہندی میں دھماسہ، دھماہا، گجراتی میں دھماسو، کہتے ہیں۔ یہ ایک عام خودرو جھاڑی قسم کا پودا ہے جس کی شاخیں لمبی اور پتے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ شاخوں پر کانٹے ہی کانٹے ہوتے ہیں اور کانٹوں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے ڈوڈے لگتے ہیں، ذائقہ کڑوا ہے اور اس کے پھول سرخی مائل، کاسنی رنگ کے ہوتے ہیں۔ خشک حالت میں ملک بھر کے پنساریوں اور دواخانوں سے بھی دستیاب ہے۔ اس کی عام مقدار خوراک تین سے پانچ گرام تک ہے۔ یہ مقوی جگر ہے، امراض معدہ اور استسقاء کے مرض میں مستعمل ہے۔ ہیپاٹائٹس میں بھی فائدہ مند ہوسکتی ہے۔ دھماسہ اور گورکھ پان ہر ایک 200 گرام کو دو کلو پانی میں جوش دے کر صاف کریں اور مصری یا چینی 750 گرام ملا کر شربت تیار کریں۔ یہ شربت 20 ملی لٹر صبح وشام ہمراہ عرق مکو جگر کی کمزوری، یرقان اور دیگر فساد خون کی بیماریوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔ (حکیم محمد خالد، لیہ)

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

آنکھوں کی بیماریاں اور میرے آزمودہ ٹوٹکے

آنکھیں اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا عظیم تحفہ ہے جن کے ذریعے انسان کو کائنات میں پھیلی ہوئی مصنوعات خداوندی کا ادراک ہوتا ہے لیکن فضا کی آلودگی ٹیلی ویژن کی Radiation، ناقص و مرغن غذاؤں اور آنکھوں کا بلا ضرورت یا زائد از ضرورت استعمال کیا جائے تو کئی تکالیف جنم لیتی ہیں جیسے آنکھوں کا دکھنا، نظر کی کمزوری، پانی آنا، گندے مادے کا اخراج اور الرجی وغیرہ۔ آشوب چشم یا آنکھوں کا دکھنا دراصل آنکھ کی بیرونی جھلی کا ورم ہوتا ہے اس میں آنکھ سرخ اور متورم (سوجن زدہ) ہوجاتی ہے۔ آنکھ سے آنسو بہنے لگتے ہیں اور روشنی سے تکلیف ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ گندا مواد بھی نکلتا ہے۔ اس کے علاوہ آنکھوں کے اور کئی امراض بھی ہوسکتے ہیں جس کی وجہ سے پپوٹے چپک جاتے ہیں۔ اس کا علاج یوں کیجئے کہ آنکھوں میں چند قطرے شہد ڈالیں اور پھر پندرہ بیس منٹ بعد اسے دھولیں یہ عمل دن میں تین مرتبہ کریں۔ شہد سے آنکھوں میں کھٹک (جلن) سی ہوتی ہے لیکن یہ بھی ذہن نشین رکھیں کہ شہد کا اصلی ہونا ضروری ہے ورنہ نتیجہ بالکل برعکس ہوجائے گا۔ مزید یہ کہ دو دو گھنٹے کے وقفے سے عرق گلاب ڈالیں۔ بورک ایسڈ ملے پانی سے آنکھوں کی دھلائی بھی آشوب چشم کیلئے بہت فائدہ مند ہے یا رات سونے سے قبل آنکھوں کے پپوٹوں پر خالص دودھ کی ملائی رکھ کر کسی کپڑے سے باندھ لیں صبح تک تکلیف میں خاطر خواہ افاقہ ہوچکا ہوگا۔ احتیاط کریں کہ ملائی کی نمی خشک کرلیں تاکہ دودھ بہہ کر چہرے پر نہ آئے ان بیان کردہ نسخوں سے آشوب چشم، آنکھوں کی جلن، سرخی اور ورم ختم ہوجاتا ہے اگر آنکھ میں دانے نکل آئیں تو ماش کی دال کا استعمال بڑھا دیں چند روز میں دانے ٹھیک ہوجائیں گے اگر ایک بار نظر کمزور ہوجائے تو عام خیال یہ ہے کہ اس کا طبعی حالت پر رہنا اکثر و بیشتر ممکن نہیں ہوتا کسی حد تک یہ بات درست ہے لیکن اگر نگاہ کی کمزوری کے ابتدائی مراحل میں مستقل مزاجی سے سونف اور مصری دونوں ہموزن کوٹ کر رات سونے سے پہلے دو چمچ ایک گلاس دودھ کے ساتھ کھالیا جائے تو چند ماہ میں نگاہ کی کمزوری کسی حد تک درست ہو جائے گی۔ نظر کی کمزوری کا ایک نسخہ یہ ہے کہ مغز بادام شیریں 21 دانے اور کشمش سبز 42 دانے رات کو پانی میں بھگو کر اوپر سے باریک کپڑے سے ڈھانپ کر اوس میں رکھ دیں صبح ان کو صاف کرکے چبا کر کھالیں۔ گاجروں کا استعمال بھی نظر کو تقویت دیتا ہے اس لیے گاجروں کے موسم میں اس نعمت سے بھی فائدہ اٹھائیں۔ (رئیس الدین بابر، بنوں)

نمک کے ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کی 2016 سے قاریہ ہوں اور خرید کر پھیلا بھی رہی ہوں۔ میں آج آپ کو نمک کے فائدے بھیج رہی ہوں پہلا فائدہ یہ ہے کہ ہمارے ایک جاننے والے ہیں وہ نمک کے پاؤڈر والی مشین پر کام کرتے تھے اور چار پانچ مہینے کام کیا اور پھر ان کے اپنے سر کے بال گر گئے تھے اس کے بعد ان کی عورتوں نے اس سے فائدہ اٹھایا غیر ضروری بالوں پر نمک استعمال کیا وہ بال گر گئے اس کے بعد ان کے غیر ضروری بال ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئے۔ دوسرا فائدہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے چہرے پر چھوٹے چھوٹے بال ہوتے ہیں تو مائیں جب کھانا کھائیں تو نمک والا ہاتھ مل دیا کرے بڑے ہونے تک ان کے چہرے پر بال بالکل بھی نہیں آتے۔

تیسرا فائدہ: جب آٹا گوندھے پہلے پانی میں نمک ملالیں' نمک میں جو کنکریاں ہونگی وہ بھی نیچے بیٹھ جائیں گئی اس سے آٹا نمکین ہوگا اور نہ ہی خراب ہوگا۔

چوتھا فائدہ: جب ہم ہانڈی بناتے ہیں تو پہلے نمک ڈال دیتے ہیں تو اس سے کوئی چیز بھی گلتی نہیں تھی اب ہم نمک آخر میں ڈالتے ہیں تو ہر چیز جلدی گھل جاتی ہے اس طرح لگتا ہے جس طرح میٹھا سوڈا ڈالا ہے۔ (عابدہ گل، حویلیاں)

یہ محفل ہے درود پاک کی! مسائل حل کروالیجئے!

ایک اور روحانی محفل جو آپ اپنے دوستوں میں، اپنے احباب گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر آسانی سے کرسکتے ہیں اگر اس کو اپنے گھر میں ایک رواج ایک اصول یا ایک طریقہ کار کے طور پر اپنالیں تو آپ اپنے گھر میں روحانی سکون دیکھیں وہ سکون جس کے لیے ہم مارے مارے پھرتے ہیں وہ محفل ہے درود شریف کی اپنے پڑھنے والوں کو اگر یہ بتانا شروع کردوں کہ اس محفل سے کیا کیا حاصل کیا جاسکتا ہے تو یقیناً ایک کتاب مرتب کی جاسکتی ہے۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ اس کو کریں اور اس سے فائدہ پانے کی صورت میں تمام قارئین کو بتائیں تاکہ اور لوگ بھی مستفید ہوسکیں۔

ترکیب اعلیٰ: درود شریف پہلے نبی کریم ﷺ کا نام مبارک "محمد" پڑھیں پھر ایک بار ﷺ کہیں اس طرح ایک تسبیح پڑھیں پھر نبی کریم ﷺ کا دوسرا نام مبارک اور پھر "ﷺ" ایک تسبیح پھر تیسرا نام مبارک اور پھر ساتھ "ﷺ" ایک تسبیح اسی طرح 99 نام پورے کرنے ہیں۔ اس طرح پڑھنے سے آپ کو نبی کریم ﷺ سے یقینی محبت پیدا ہوگی، اور یہ ورد آپ کی زندگی میں ایسی تبدیلیاں لائے گا کہ آپ حیران رہ جائیں گے آپ کسی بھی اپنی مراد کا تصور ذہن میں رکھ کر اس محفل کو کریں آخر میں دعا مانگیں گڑگڑا کر ایک منگتا بن کر ایک فقیر بن کر پھر دیکھیں، انشاء اللہ مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہوجائے گا کیونکہ یقین ہونا چاہیے کہ جو کرتا ہے اللہ جل جلالہ کرتا ہے۔ (ظ۔ح، اٹک)

مٹی سے ہاتھ دھوئیں موکے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! موہکوں کیلئے ایک آزمایا ہوا عمل یہ ہے کہ جب نئے چاند کی پہلی اتوار اور جمعرات آئے تو چاند کو دیکھتے ہوئے ایک ہاتھ کی مٹھی میں ریت یا مٹی لے کر اس جگہ (موہکوں) پر چند منٹ رگڑیں جہاں موہکے ہوں، جس طرح صابن سے ہاتھ رگڑتے ہیں۔ یہ عمل ایک ہی بار کرنے سے موہکے ختم ہوجاتے ہیں، اس سے کوئی درد یا زخم وغیرہ نہیں ہوتا موہکے ایک تہہ کی طرح اُتر جاتے ہیں۔ صرف شرط ہے کہ ریت مٹھی میں ڈال کر رگڑنا ہے۔ (زرقا عابد، انگلینڈ)۔

موہکے اور میرا مشاہدہ: یہ ٹوٹکہ میرے تجربہ اور مشاہدہ سے ثابت شدہ ہے۔ اگر ہاتھوں پر موہکے نکل آئیں تو جب چاند کی پہلی' دوسری یا تیسری رات آئے تو پاک جگہ سے مٹی اٹھا کر ہتھیلی میں رکھے اور صرف 7 بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر مٹی پر دم کرکے موہکوں پر آرام سے رگڑیں' موہکے ختم ہوجائیں گے۔ (سجاد احمد' شب قدر)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

19 اجزاء پر مشتمل مغل اعظم شاہی معالج آٹا

نسلیں رہیں تندرست' ذہین صحت مند اور خوبصورت

شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔ اعصابی کمزوری و کمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

روحانی منزل میں جنات کی عبادات کے انوکھے انکشاف

روحانی منزل پہنچا!عمل شروع کیا اور فون آگیا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک مسئلہ عرصہ چھ ماہ سے اٹکا ہوا تھا' بہت تنگ و دو کی مگر مسئلہ حل ہونے کا نام ہی نہ لے رہا تھا' میرے کاروبار کا دارومدار اسی مسئلہ پر تھا' میں ''روحانی منزل'' مری میں اپنے مسئلہ کے حل کیلئے پہنچا' عمل ابھی شروع ہی کیا تھا کہ فون آگیا کہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔(مظہر حسین، لاہور)

روحانی منزل میں روحانیت کی پھوار: مجھے روحانیت پانے کا بہت شوق ہے' یہی شوق مجھے ''روحانی منزل'' مری لے آیا' یہاں آکر عبادات میں مشغول ہوگیا' ایسی نور اور روحانیت ملی کہ لکھنے کو الفاظ نہیں' وہاں رکھے دم شدہ نمک اور پانی پر دم کیا اور تھوڑا سا نمک کھایا تو جنات کو دیکھنے کا شوق پیدا ہوا تو وہاں جاگتی آنکھوں سے نورانی سفید لباس والی مخلوق دیکھی' نماز اور ذکر میں عجب مزہ آنا شروع ہوگیا۔(قیصر' ایبٹ آباد)۔

دم شدہ نمک اور پانی کا استعمال خونی و بادی بواسیر ختم: روحانی منزل مری میں جا کر اعمال کیئے دم شدہ نمک اور پانی لیکر استعمال شروع کیا تو جہاں میرے دیگر مسائل حل ہوئے وہاں حیران کن طور پر میری خونی و بادی بواسیر ختم ہوگئی۔(ریاض خان' پشاور)۔

شوہر واپس گھر لے گئے: میرے شوہر نے مجھے گھر سے نکال دیا' چھ ماہ تک مختلف عاملین کے بتائے عمل کرتی رہی مگر ان پر کچھ اثر نہ ہوا' بات کرنا تک چھوڑ گئے' روحانی منزل میں آکر وہاں کے اعمال کیئے' صرف تین دن بعد انہوں نے رابطہ کیا اور اب اپنے گھر بیٹھ کر خط لکھ رہی ہوں۔(ج، راولپنڈی)

سرکش جنات بھاگ گئے: ہمارے گھر میں سالہا سال سے جنات نے اودھم مچا رکھا تھا' بہت عامل آئے' عمل کرتے مگر جنات نہ جاتے۔ یہی مسئلہ لیکر روحانی منزل آیا' اعمال کیئے خوب رو رو کر دعائیں مانگیں' جب روحانی منزل سے گھر گیا تو واپسی پر دم شدہ پانی اور نمک لیکر گیا' گھر جا کر پانی کے چھینٹیں گھر میں لگائے اور نمک کھانے میں استعمال کیا۔ محسوس ہوا کہ کوئی مخلوق آئی ہے' چند دنوں میں ہی گھر میں سکون ہوگیا' خواب میں کسی بتانے والے نے بتایا کہ اب آپ کو کوئی تنگ نہیں کرے گا۔(محمد شفیق' ڈسکہ)۔

روحانی منزل مری میں ہونیوالے اعمال کی تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 61 ملاحظہ فرمائیں

ریشہ' کیرا' دردیں! اعلیٰ درجہ کا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں (آمین)۔ یہ جو چند نسخے لکھنے لگا ہوں ان کے اتنے فائدے ہیں کہ بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ آزمودہ مجرب المجرب ہیں۔ ھوالشافی: سونٹھ 70 گرام، فلفل دراز 40 گرام، چھڑیلا، تیزپات، گول مرچ، کالی ہرڑ، چھوٹی الائچی، جائفل، اجوائن دیسی، انار دانہ شیریں، کلونجی، زیرہ کرمانی ہر ایک 5 گرام، مصری ½2 کلو۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر وزن کریں۔ مصری میں پانی ڈال کے ہلکی آنچ پر جوش دیں کہ قوام ہوجائے آگ سے اتار کے دواؤں کا سفوف ڈال کے خوب گھوٹیں جیسے پہلے حلوائی برفی کو گھوٹتے تھے۔ برتن یا کڑاہی لوہے کی ہو۔ ٹھنڈا ہونے پر چینی یا شیشہ کے برتن میں محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک 2 تا 3 چنے کے برابر کھانے کے بعد دودھ سے۔ خفقان، درد معدہ خاصرہ (تہی گاہ کا درد) میں فائدہ دیتی ہے' معدہ کو خاص طور پر ان کو جن کا مزاج رطوبتی ہو یا بلغمی وہ شربت بنفشہ سے استعمال کریں۔ چہرے پر موجود بُری کثافتوں کو زائل کرتی ہے' رنگت کو نکھارتی ہے' یرقان کو دور کرتی ہے، انتڑیوں کو قوت دیتی ہے، قبض دور کرتی ہے، بھوک پیدا کرتی ہے۔ جسمانی دردوں کیلئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے اور آزمائی ہوئی ہے۔ وہ لوگ جن کو کیرا، ریشہ حلق میں گرتا ہو جس کی وجہ سے ان کو سانس کا مسئلہ ہو دمہ کی شکایت پیدا ہوگئی ہو۔ سوتے وقت سانس اکھڑ جاتی ہو طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہوں۔ عمر رسیدہ اشخاص میں سینے کی جکڑن ہوگئی ہو، بے انتہا ریشہ جو کسی دواء سے نہ جاتا ہو ان کو نیم گرم پانی سے دیں بفضل اللہ تعالیٰ نافع ہوگی۔ چند دن دواء کھانے سے صحت کلی نصیب ہوگی۔ وہ لوگ جن کے بال قبل از وقت سفید ہوگئے ہوں اس دواء کو استعمال کریں فضل ربی بال جڑوں سے کالے نکلیں گے اور یہ چیز آزمودہ ہے۔

دماغ طاقتور بنائے نظر بہترین: وہ خواتین و حضرات جن کی ٹانگوں میں درد رہتا ہو۔ گنٹھیا کا درد ہو ریح کا وجع المفاصل کا ہو یا تھکاوٹ کا۔ نیم گرم دودھ میں 5 قطرے روغن زیتون کے ملا کے یا کلونجی کے تیل کے پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ شفا کلی نصیب ہوگی۔ یرقان والے مریض شربت دینار سے استعمال کریں ایک چمچ شربت دینار ½2 گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام۔ دماغ کو طاقت دیتی ہے جس سے نظر بھی ٹھیک ہوجاتی ہے۔ یہ خون کی نالیوں کو صاف کرتی ہے۔ گرم مزاج کم مقدار میں استعمال کریں۔(سعید شہزاد، بورے والا)

فقیر کو بچا ہوا کھانا دیا' جان بچ گئی!

عبداللطیف دامانی، اسلام آباد

معزز قارئین کرام! ''كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ'' ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے موت برحق ہے اور جو رات اللہ تعالیٰ نے لکھ دی ہے رات قبر میں ہی گزرانی ہے۔ اس سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا۔ جو بنا ہے وہ فنا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا ذکر ہے جس سے آپ حضرات کو صدقہ کی اہمیت معلوم ہوجائے گی ایک روز حضرت عیسیٰ کا گزر کسی گھر کے سامنے سے ہوا بہت سے لوگ جمع تھے اور شادی کی تقریب منعقد ہو رہی تھی۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا آج اس گھر میں شادی ہے ہر شخص خوش' کل یہی گھر ماتم کدہ بنا ہوگا یہ کہہ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آگے بڑھ گئے ان کی زبان مبارک کے الفاظ سن کر سب لوگ پریشان ہوگئے۔ سب لوگ کہنے لگے حضرت عیسیٰ علیہ السلام وقت کے نبی ہیں' جھوٹ تو بول نہیں سکتے۔ یہ سوچ کر تمام لوگوں کے چہرے اتر گئے۔ دوسرے دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گزر اسی گھر سے ہوا تو لوگوں نے روک کر پوچھا یا نبی اللہ! آپ علیہ السلام نے کل ارشاد فرمایا تھا کہ اس گھر میں ماتم برپا ہوگا مگر ہم لوگ تو سب خوش ہیں اور شادی کی تقریب اختتام پا چکی ہے ہم لوگ دلہن کو گھر لے آئے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: میں دلہن کے کمرہ میں جانا چاہتا ہوں۔ صاحب خانہ سے اجازت لو اور پردہ کا بندوبست کرو۔ دلہن کا کمرہ خالی کرایا گیا حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام دلہن کے کمرہ میں تشریف لے گئے اور بستر کا تکیہ اٹھایا تو اس کے نیچے سیاہ ناگ مردہ حالت میں پڑا تھا۔ دیکھنے والے حیران رہ گئے۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دلہن سے پوچھا آپ نے کل کوئی نیک کام کیا تھا۔ دلہن نے جواب دیا۔ یا نبی اللہ جب سب لوگ سو گئے تو ایک فقیر نے باہر آواز لگائی کہ میں بھوکا ہوں' ہائے کوئی اللہ کے نام پر مجھے کھانا کھلا دے۔ میں اٹھ کر باورچی خانہ میں گئی اور جو کھانا بچا ہوا تھا اس فقیر کو دے دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: یہی وجہ ہے کہ تم زندہ بچ گئی تم نے فقیر کو کھانا دیا وہ تمہاری جان کا صدقہ تھا اور صدقہ رد بلا ہے۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹنین' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا گو ہوں کہ اللہ پاک آپ کو صحت زندگی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ آپ کی حوصلہ افزائی ہمیشہ سے میرے لیے ایک نئی کرن اور نئی امید کا پیغام لے کر آتی ہے اس سے پہلے ایک تحریر پر آپ نے حوصلہ افزائی فرمائی آپ کی تحریر میرے لیے سند کا درجہ رکھتی ہے۔ اس تحریر پر نہ صرف روزانہ کی بنیاد پر عمل کرتا ہوں بلکہ یہ عمل میرے لیے کتنی اہمیت کا حامل ہے کہ میں تحریر کرنے سے قاصر ہوں۔ آپ کی نظر عنایت بھی مجھے عمل کی بدولت نظر آتی ہے۔ بہر حال تحریر کر دیا ہے شاید کوئی اور یہ عمل کر کے راہ نجات حاصل کر لے اور میری تحریر میرے لیے ذریعہ نجات بن جائے۔

سجدہ فقیری کا طریقہ سیکھ لیں! جھولیاں بھر جائیں گی

ڈاکٹر ظفر حمید ملک، اٹک

اس عمل سے کئی گھروں کے حالات بدلتے دیکھے، لوگوں کے کاروبار چلتے دیکھے، کئی بدکاری کرتے ہوئے راہ راست پر آگئے یعنی من کی وہ مرادیں بھی پوری ہوئیں کہ جن کا ہونا مشکل اور ناممکن نظر آتا تھا' کئی بیویوں کے شوہر راہ راست پر آگئے

آج میں آپ کو ایک عمل سے متعارف کروانا چاہتا ہوں جو واقعی گراں تو ہے لیکن ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات، ایک ایسا تحفہ قارئین کی نظر کر رہا ہوں جو نہ صرف مجرب ہے بلکہ مجھ فقیر کا آزمودہ بھی ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ آپ کے تمام مسائل ایسے ٹھیک ہوتے جائینگے جیسے کبھی تھے ہی نہیں خواہ وہ آپ کے جسمانی مسائل ہوں یا روحانی۔ اس عمل سے کئی گھروں کے حالات بدلتے دیکھے، لوگوں کے کاروبار چلتے دیکھے، کئی بدکاری کرتے ہوئے راہ راست پر آگئے یعنی من کی وہ مرادیں بھی پوری ہوئیں کہ جن کا ہونا مشکل اور ناممکن نظر آتا تھا، کئی بیویوں کے شوہر راہ راست پر آگئے، کئی بدزبان اور کئی بیماریوں میں مبتلا خواتین اور حضرات نہ صرف سدھرے بلکہ آج وہ نیکی کا درس بھی دیتے نظر آتے ہیں۔

کئی جسمانی بیماریوں کے لیے میں نے اپنے مریضوں کو بتایا اور اس کا بیماری سے نجات کا بھی موجب پایا، کئی ایسے امراض ٹھیک ہوئے جن کا ایک سپیفیک ٹائم میں ٹھیک ہونا ممکن نہ تھا مثال کے طور پر بھگندر، ناسور، کینسر، بواسیر، دل کا عارضہ، رسولیاں، ڈراؤنے خواب، ٹینشن، پریشانی غمگین رہنا، تنگی قلب، اولاد کا نہ ہونا، مفلسی یا مایوسی، لقوہ، جھوٹ بولنا، پینا پلانا، دائمی دردسر، صحت یابی کا عمل رک جانا اور وہ بیماریاں جن کو مکمل شفایابی کے لیے کچھ وقت درکار ہوتا ہے اور بیماری کی شدت کا اندازہ اسی کو ہوسکتا ہے جو کبھی اس تکلیف سے گزرا ہو لیکن اس عمل کے بعد خود مریض آ کر یہ بتاتے ہیں کہ شفایابی کا عمل کتنا تیز تر ہو گیا ہے۔

منگتوں اور فقیروں کا سجدہ

سجدہ فقیری: وہ سجدہ جو فقیر کرتے ہیں جو منگتوں کا کام ہے' مانگنا کس سے اللہ سے، تو رو رو کے اور گڑگڑا کر رونا، اللہ جل جلالہ سے مانگنے والا رات ایک بجے کے بعد نہیں سوتا، وہ اپنی کمر زمین پر نہیں لگاتا، ستاروں کو دیکھتا رہتا ہے فجر سے بہت پہلے ستارے ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتے ہیں جب موسم انتہائی معتدل ہو جاتا ہے، گرمیوں میں اس وقت گرمی کا احساس ختم ہو جاتا ہے اور سردیوں میں سردی کا احساس ختم ہو جاتا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ساری کائنات سمٹ گئی ہے یہی وہ وقت ہوتا ہے مجھ جیسا فقیر اللہ جل جلالہ کو صدا لگاتا ہے سوہنیاں ربا سوہنا وقت اے کرم نوازیاں کر جو دل میں آپ کے دعا ہے وہ مانگیں ہر فقیر کے مانگنے کے اپنے الفاظ ہیں اس وقت جو مانگا جاتا ہے اس کو دے دیا جاتا ہے یہی وقت قبولیت کا ہے اس وقت کا مانگا ہوا کبھی واپس نہیں لوٹایا جاتا ویسے بھی سجدے میں جو مانگا جاتا ہے قبول کر لیا جاتا ہے آپ بھی اس وقت ایک سجدہ کر کے اللہ جل جلالہٗ سے اپنی حاجت کو پورا کروا سکتے ہیں جس نے بھی اس طرح سے مانگا اس کو دیا گیا۔ لوگوں نے اس طرح سے پاکستان میں مانگا اور ان کو نتیجہ ہزاروں میل دور رہنے والوں کے لیے مل گیا' کئی مریضوں کے آپریشن ہونے تھے یہ سجدہ مرض سے نجات کا ذریعہ بن گیا کسی طرح کی بھی حاجت روئی نہ ہوئی ہو، اس ایک سجدے میں پوری ہو جائے گی اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلے جائیں اور پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى (7 مرتبہ)

(۲) اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ (سورۃ سبا، آیت ۵۰) (گیارہ مرتبہ) (۳) لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ (گیارہ بار) اور پھر سجدے میں اپنے مقصد کے دعا مانگیں۔

سجدہ فقیری کا وقت اور وجہ قبولیت

مسجد میں جتنے بجے نماز فجر کھڑی ہوتی ہے اس سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل جب راتیں چھوٹی ہوں اور دو گھنٹہ قبل جب راتیں لمبی ہوں یہ وہ وقت ہے جب میرا سوہنا رب پہلے آسمان سے اپنی مخلوق سے ہم کلام ہوتا ہے۔ حدیث کا بیان اس طرح ہے کہ "کوئی مانگنے والا" ہے کہ میں اس کو دوں، ہے کوئی بیمار کہ اس کو شفاء دوں، ہے کوئی رزق کا مارا کہ اس کو رزق دوں، ہے کوئی معافی مانگنے والا کہ اس کو معاف کر دوں، ہے کوئی پریشان حال کہ اس کی پریشانی دور کر دوں، ہے کوئی حاجت مانگنے والا کہ اس کی حاجت پوری کر دوں اور یہ اللہ جل جلالہ کی ندا کا سلسلہ فجر کی نماز سے پہلے ختم ہو جاتا ہے یقیناً جو کوئی اللہ جل جلالہ کی اس ندا میں آ جائے گا اس کی حاجت پوری ہو جائے گی فقیر اس طرح مانگنے سے غفلت نہیں کرتا بس آپ سے درخواست ہے کہ مانگیں تو فقیر بن کے مانگیں' سجدے میں مانگنے کا دوسرا راز یہ ہے کہ اللہ جل جلالہ سجدے میں بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتے ہیں تیسرا یہ کہ سجدے میں جو پڑھا گیا وہ انتہائی اعلیٰ اور قرابت کا ذریعہ ہے۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى کہہ کے تعریف کی اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ کہہ کے قرب حاصل کیا اور لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہہ کر حاضری لگوائی اور سجدے میں دعا کی اور منظوری ہوگی۔ اللہ اکبر کہہ کے بیٹھ جائیں دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں الحمد شریف بمع بسم اللہ کے پڑھ کر وہی دعا مانگیں جو سجدہ میں مانگی تھیں۔ یاد رکھیں کہ الحمد شریف کبھی بھی بغیر بسم اللہ الرحمن الرحیم کے نہ پڑھیں ویسے بھی جو شخص 41 بار روزانہ الحمد شریف پڑھتا ہے اللہ پاک اس کی ہر ضرورت کو پورا کرتے ہیں اسکی حاجت روائی ہو جاتی ہے اس کا راز یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ تو اللہ جل جلالہ فرماتا ہے اے بندے جو تو نے مانگا میں نے دے دیا یہاں نتیجہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ وہ جو کچھ دے گا بہتر ہی ہوگا۔ پڑھنے والوں سے التماس ہے کہ جب دعائیں کسی بھی طور پر قبول نہ ہو رہی ہو تو اللہ جل جلالہ کو یہی سجدہ کر کے منا لیں اور اپنی مرادیں پائیں انشاء اللہ دعائیں قبول ہونگی، ایک دل کا ایسا راز تھا جو آج عبقری کے قارئین کے حوالے کر کے بہت روحانی سکون مل رہا ہے یہ سجدہ کرنے اور اس عمل کے لیے کوئی اجازت کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ کلام الٰہی ہے۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ "کمر درد جوڑوں کا درد کورس" آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عبقری رسالہ ادویات' کتب آپ کے شہر میں

ملتان میں عبقری ادویات و رسالہ کیلئے بااعتماد ایجنسی ہولڈر

سید برادرز 0300-8632292

ملک اشفاق نیوز ایجنسی 0300-6301461

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0305-7655288
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
بھل: 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
پتوکی 0334-4062698
پھالیہ: 0324-6188707
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
ٹیکسلا 0336-1881088
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471

(ادارہ کی طرف سے دواخانہ اور کتب کی کوئی ایجنسی چھاپ سکتا' قانونی حق محفوظ ہے۔)

نام شہر اور فون نمبر

جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جگلوٹ گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
چترال: 0302-8062355
چوک اعظم: 0300-6767661
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدر آباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 068-5872626
رحیم یار خان 0313-6618147
راجن پور 0332-2566490
رجانہ: 0331-8671720
رینالہ خورد: 0331-7424506
دیر تیمر گرہ: 0348-9651523
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
دنداشاہ بلاول: 0336-5953230
دولتانہ: 0336-5167423
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈیرہ غازیخان: 0334-6781558

(ایجنسی ہولڈر بورڈ اشتہار، پیڈ، کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ کسی کو اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔)

نام شہر اور فون نمبر

ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی 0321-8207252
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کوئٹہ 0300-3806045
کلورکوٹ 0300-7780221

(ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔)

نام شہر اور فون نمبر

کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
گجرات 0302-6292132
گجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرانوالہ 0321-6424742
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759

("عبقری" نام جو رجسٹرڈ ہے کسی ایجنسی کی فیلٹ، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں ورنہ ایجنسی ختم کر کے قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔)

منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0342-6301084
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0311-6346000
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیترو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822
ژوب 0300-3904464
گھوٹکی: 0306-8240401
شنکیاری: 0346-5556265
سبی: 0332-8819650
روات: 0335-5490418
سیہنسہ: 0346-5159324
قمر مشانی: 0301-8955413
کچھی والہ: 0348-7098026
کندیاں: 0344-4253576
کامرہ: 0300-5565249
کبیر والہ: 0306-9552336
حاصل پور: 0305-2064915
ڈہاراں والہ: 0304-5560006
دریالا جالب: 0333-5869273
چنیوٹ: 0301-7070779
بچیکی: 0306-6482488
بڑا گھر: 0300-2347638
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
فیصل آباد: 0320-6719819
ملتان: 0300-2033826
فتح جنگ: 0303-8680406
ڈنگہ: 0300-6269086
نیوجرسی' یو ایس اے 01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یوکے 0044-7880-9842-16

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی' جلدی نہ کریں' ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

محمد ابراہیم بروہی' ڈیرہ اللہ یار بلوچستان۔ آرزو تصور حیات۔ ایمن ' صادق آباد۔ عمارہ ثانی۔ روزی سلیم' شاہدرہ لاہور۔ زاہدہ بی بی' نوشہرہ۔ سیدہ کنول شہزادی' کراچی۔ محمد سمیع اللہ' میلسی۔ صفدر رحمٰن ثاقب' منڈی بہاؤالدین۔ مسز فیصل' ازمیر ٹاؤن لاہور۔ پوشیدہ' گجرات۔ شمشاد انور' واپڈا ٹاؤن لاہور۔ ناہید اختر' لاہور۔ ذیشان علی' فیصل آباد۔ عامر شیخ' ملتان۔ افروز بیگم' کراچی۔ ثمرہ عدنان۔ انور بی بی۔ نزہت آرا۔ کاشف۔ محمد ندیم جمال' لانڈھی کراچی۔ ارم اختر صدیقی' کراچی۔ بشریٰ بی بی' بھلوال سرگودھا۔ ملک محمد یاسر اقبال' راولپنڈی۔ غلام سرور' بھمبر آزاد کشمیر۔ پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ صدر۔

روحانی عطر لگانے سے زخم فوراً ٹھیک! ڈاکٹرز حیران

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو آپ کی نسلوں کو سکون دے۔ اللہ پاک آپ کے اسسٹنٹ آپ کے مددگاروں اور ان کی نسلوں کو چین دے اور آپ سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آمین۔ میرا چھوٹا بیٹا گزشتہ دنوں ہسپتال پہنچ گیا۔ سائیکل پر بڑے بھائی کے ساتھ سکول سے آرہا تھا۔ سائیکل کے پہیے میں پاؤں آیا جوتے کو خراش تک نہ آئی اور پاؤں کی ایڑھی آدھی کٹ گئی۔ میو ہسپتال لاہور لے گئے رات تک وظائف اور اعمال کی برکت سے آپریشن ہوگیا۔ اس کے سرہانے بیٹھ کر سٹاف کے منع کرنے کے باوجود منزل، سورۂ رحمٰن، سورۂ تغابن، دو انمول خزانہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھ پڑھ کر دم بچے کو بھی کیا اور پانی پر بھی دم کیا۔ وہاں تقریباً دو دو ماہ سے عورتیں بیٹھی ہوئی تھیں اور ان کے بچے ٹھیک نہیں ہو پا رہے تھے' میں تیسرے دن ٹھیک بچے کو لے کر گھر آ گئی۔ ہسپتال میں بچے کی پٹی پر روزانہ بہت زیادہ روحانی عطر لگاتی' ڈاکٹر حیران ہوتے کہ یہ کیا کر رہی ہو؟ مگر میں نے ان کی بات نہ مانی' مگر جب ڈاکٹرز نے پٹی کھولی تو حیران رہ گئے کہ اتنی جلد زخم اتنا ٹھیک کیسے ہوسکتا ہے؟ میرے بچے کا پاؤں تین دن میں ہی بالکل ٹھیک ہوگیا اور انہوں نے بخوشی مجھے گھر جانے کی اجازت دے دی۔ یہ سب روحانی عطر اور اعمال کی برکت تھی۔ میں عبقری دواخانہ کے روحانی عطر کا استعمال بہت کرتی ہوں' قرآن پاک کے صفحات پر، مصلے پر، بچوں پر لگاتی، خود پر لگاتی ہوں۔ میں خود پر عطر صرف گھر میں لگاتی ہوں' گھر سے باہر کبھی بھی عطر لگا کر نہیں نکلی کیونکہ خواتین کو گھر سے باہر خوشبو لگا کر نکلنے سے منع کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق دے۔ (آمین) (تنزیلہ نوشین، لاہور)

ہیپاٹائٹس واقعی ختم ہو رہا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کافی عرصہ سے آپ کا رسالہ عبقری کی قاریہ ہوں ایک بار آپ سے ملاقات بھی ہوچکی ہے۔ آپ کی ادویات اور رسالے سے استفادہ کرتی ہوں۔ مجھے ہیپاٹائٹس سی تھا میں نے 72 انجکشن لگوائے اس سے اتنا زیادہ فرق نہ پڑا جتنا مجھے "ہیپاٹائٹس نجات سیرپ" کے 5 کورس سے پڑا۔ الحمدللہ میرا A.L.T 32 پر آگیا ہے حالانکہ اس سے پہلے 72 انجکشن لگوانے سے اتنا اثر نہیں ہوا تھا۔ (ا۔ب، راولپنڈی)

نزلہ زکام دور! صحت بھرپور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے آپ کے لیے اور عبقری کے لیے ڈھیروں دعائیں' تقریباً ڈیڑھ سال سے میں عبقری کی مستقل قاریہ ہوں' بہت بے چینی سے ہر مہینے عبقری کا انتظار رہتا ہے۔ میرے دو بچے ہیں جو کہ مستقل نزلہ زکام کا شکار رہتے تھے' تقریباً ہر پندرہ دن بعد ڈاکٹر کے پاس لے کر جانا پڑتا تھا' اکثر بدپرہیزی کر لیتے ہیں نزلہ ہوتا اور فوراً بخار شروع ہوجاتا' مسلسل اینٹی بائیوٹک دوائیاں یا پھر انجکشن لگتے' پیسہ علیحدہ برباد ہوتا' وقت ضائع ہوتا' پریشانی الگ۔ ایک دن میں نے عبقری رسالہ میں "شفاء حیرت سیرپ" کے متعلق پڑھا اور بذریعہ وی پی پارسل منگوالیا۔ اللہ کا نام لے کر بچوں کو پلانا شروع کیا۔ آپ یقین جانیں دو خوراک کے استعمال سے میرے بچے کافی حد تک بہتر ہوگئے اب ایک سال ہوگیا ہے میں نے ڈاکٹر کے پاس جانا ختم کردیا ہے "شفاء حیرت سیرپ" نے میرا بہت بڑا مسئلہ حل کردیا۔ (مسز عابد، احمد پور شرقیہ)

جن کا بار بار حمل ضائع ہوجاتا ہو ان کیلئے خاص دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو پانچ سال ہوگئے لیکن میرے گھر اولاد نہیں تھی پہلے تین بار حمل ضائع ہوا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی' ہر قسم کے ٹیسٹ ادویات' سیرپ اور نجانے کیا کیا ڈاکٹرز کے مشورہ سے استعمال کیا مگر ہر مرتبہ دوسرے مہینے ہی حمل ضائع ہوجاتا۔ عبقری رسالہ ہمارے گھر آنا شروع ہوا تو دل کو کچھ تسلی ہوئی' اپنے مرض سے متعلق مکمل تفصیلات لکھ کر بذریعہ خط (ہمراہ جوابی لفافہ) آپ کو آگاہ کیا۔ چند ہفتوں کے بعد ہی جوابی خط موصول ہوا جس میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ "پوشیدہ کورس اور اکسیر البدن" ادویات کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کا مشورہ دیا۔ میں اس وقت اپنے شوہر کو آگاہ کیا' میرے شوہر شام کو آتے ہوئے عبقری دواخانہ سے دونوں ادویات لیتے آئے۔ میں نے باقاعدگی سے یہ دونوں ادویات استعمال کیں۔ اب اللہ کا شکر ہے میرے حمل کو پانچ ماہ ہوگئے ہیں پہلے تو دوسرے ماہ میں ہی ضائع ہوجاتا تھا۔ تمام رپورٹس بالکل ٹھیک ہیں اور جس لیڈی ڈاکٹر کو چیک اپ کرواتی ہوں' وہ بھی اب مطمئن ہے کہ اللہ کا شکر ہے کہ اس بار کوئی مسئلہ نہیں زچہ بچہ دونوں بالکل صحت مند ہیں۔ اللہ تعالیٰ نیک و صالح اولاد سے نوازے (آمین)۔ (ا۔د، لاہور)

جوہر شفاء مدینہ کے استعمال سے تھکاوٹ دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری زبان ہر وقت خشک اور تھوڑا کام کرنے سے تھکاوٹ ہوجاتی تھی۔ دسمبر 2017 میں لاہور عبقری دواخانے میں آپ سے ملاقات ہوئی' آپ نے مجھے دس ڈبیاں جوہر شفائے مدینہ کی کھانے کا حکم دیا۔ میں نے ابھی چھ کھائیں تھیں کہ مجھے اس کا بہت فائدہ ہوا اب جسم میں درد اور تھکاوٹ نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ (لائبہ مسعود، گوجرانوالہ کینٹ)

عبقری کی ادویات صحت کی ضامن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی میں کھانا کھاتا تھا ایسا لگتا تھا جیسے خوراک کی نالی میں پھنس گیا ہو۔ کھانا کھانے کے بعد شدید جلن اور ڈکار' طبیعت بہت بے چین رہتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ میں آکر اسسٹنٹ حکیم صاحب کو چیک کروایا اور اپنی تمام حالت کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے مجھے "ہاضم خاص" استعمال کرنے کا مشورہ دیا' میں نے دواخانہ سے ہاضم خاص حاصل کی۔ وہ دن ہے اور آج کا دن مجھے سینے میں جلن نہیں ہوئی اور کھانے کے فوراً بعد ہاضم خاص کھا لینے سے کھانا جلد ہضم بھی ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ بازاری کھانا کھانے سے میرے پورے جسم پر الرجی ہوگئی تھی ہر طرح کی دوا سے نہیں گئی اس کے لیے اسسٹنٹ حکیم صاحب نے "خون صفاء" تجویز کی۔ اس کی ابھی دوسری ڈبی کی استعمال کر رہا تھا کہ الرجی کا پتہ ہی نہ چلا کہ کہاں گئی۔ (عدیل خالد، لاہور)

آگ شفاء جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 80 روپے)

بگڑے ٹائیفائیڈ کا آزمودہ علاج

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ٹائیفائیڈ بگڑ گیا تھا' میری صحت انتہائی خراب تھی' جگہ جگہ سے ادویات لے لے کر تنگ آچکی تھی' عبقری رسالہ سے عبقری دواخانہ کا معلوم ہوا' وہاں گئی تو معلوم ہوا کہ اسسٹنٹ صاحب سے فوری چیک اپ کروایا جاسکتا ہے' ٹوکن لیکر بیٹھ گئی' کچھ دیر بعد باری آنے پر میں اسسٹنٹ صاحب کے سامنے تھی' انہوں نے میری بات سنی' اور مجھے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''جوہر شفائے مدینہ اور ستر شفائیں'' دوا چند ہفتے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے استعمال شروع کیا جس سے میری ٹائیفائیڈ سے جان چھوٹ گئی۔ اب الحمدللہ میں صحت مند زندگی گزار رہی ہوں اور دن بدن تندرست ہورہی ہوں۔ کوئی شک نہیں عبقری واقعی سو فیصد خالص ہیں۔ (کنیز فاطمہ عارف، لاہور)

یہ دوا دویات تو ہر وقت میرے گھر میں رہتی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کی طویل اور برکت والی زندگی کے لیے دعا گو ہوں۔ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' ہم تو اپنے شہر میں موجود عبقری ایجنسی ہولڈر سے مہینے کے آخر میں ہی عبقری رسالہ کا فون کرکے پوچھنا شروع کردیتے ہیں' جب سامنے آتا ہے تو اسی دن تمام رسالہ پڑھ کر ہی دل کو سکون ملتا ہے۔ عبقری دواخانہ کی ادویات سے ہمیں بہت فائدہ ہوتا ہے' خالص چیز اندر جاکر بتاتی ہے کہ میں خالص ہوں۔ اللہ کا شکر ہے ہمارے گھر سے میڈیکل سٹور کی ادویات کا مکمل صفایا ہوگیا ہے۔ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''ستر شفائیں'' تو واقعی ہی ستر امراض کا علاج ہے' جو مسئلہ ہو بس ایک چنے کے برابر دوا منہ میں رکھیں تو فوراً شفایابی کا احساس ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ''اکسیر البدن'' تو کمال کی دوا ہے۔ رات کو سوتے ہوئے دو سے تین گولیاں دودھ کے ساتھ کھاتی ہوں' بچوں کو ایک ایک گولی دیتی ہوں' تھکاوٹ کیا ہوتی ہے اب ہمیں معلوم نہیں۔ اس دوا سے مجھے جسمانی طور پر بہت فائدہ ہوا ہے۔ یہ ادویات اب ہر وقت میرے گھر میں موجود رہتی ہیں۔ (مسز جواد کمال، ایبٹ آباد)

گھٹنے اور مہروں کا درد دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ میں نے خط کے ذریعے اپنی بیماری مہروں میں درد کا بتایا جو بائیں ٹانگ میں نیچے تک درد تھا۔ گھٹنے میں بے حد درد رہتا تھا۔ آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن، ستر شفائیں، جوہر شفائے مدینہ اور معجون شفایابی'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے نسخہ استعمال کیا اب مجھے کافی فرق ہے۔ میں نے ادویات کا استعمال جاری رکھا ہوا ہے۔ (محمد سلیمان، کراچی)

عبقری ادویات انسانیت کیلئے انمول تحفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ادویات حقیقت میں انسانیت کے لیے انمول تحفہ ہے۔ مجھے گیس، ہاضمہ کی خرابی جیسے امراض لاحق تھے میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس میں ٹھنڈی مراد کا پڑھا تو اپنے شہر میں موجود ایجنسی ہولڈر سے ''سفوف ٹھنڈی مراد'' لی اور ڈبی پر موجود ہدایات کے مطابق چند ہفتے استعمال کی۔ ٹھنڈی مراد واقعی لاثانی ہے' اتنی سستی دوا میں اتنے فوائد بھی ہوسکتے ہیں مجھے یقین نہیں آتا۔ میں تو اب ہر کسی کو عبقری رسالہ اور ادویات کا بتاتا ہوں اور رسالہ پڑھنے کی خاص تلقین کرتا ہوں کیونکہ یہی رسالہ میری شفاء یابی کا ذریعہ بنا۔ (افتخار اشرف، بہاولپور)

ماہواری میں مسائل! ایک بوتل سے شفائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ادویات کے فوائد بے شمار ہیں۔ ہم اپنے گھر میں بے دھڑک استعمال کرتے ہیں۔ آج میں چند ادویات کے فوائد لکھ رہا ہوں تاکہ قارئین بھی استفادہ حاصل کریں۔ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''مرہم سکون'' جلد کی ہر بیماری کا آخری علاج ہے اور اس کے علاوہ خون کی نالیاں جو جلد کے اندر خون کی بندش کی وجہ سے بند ہوگئی ہوں مرہم سکون کے مساج سے خون کی روانی شروع ہوجاتی ہے۔ زخم کیسا ہی خراب کیوں نہ ہو؟ مرہم سکون لگاتے ہیں' چند دن میں زخم بالکل خشک ہوجاتا ہے۔ خارش پر لگائی خارش ختم ہوگئی۔ الرجی کی وجہ سے جلد خراب ہوگئی ہو' چہرے پر دانے نکل آئے ہوں' بس یہی مرہم لگاتے ہیں فوراً شفاء ملتی ہے۔ موسم سرما چل رہا ہے عبقری دواخانہ کی ''ناک شفاء'' کا استعمال گھر میں کرتے ہیں' ہر قسم کے نزلہ' زکام' الرجی سے حفاظت رہتی ہے۔ الحمدللہ! ناک شفاء کا استعمال بار بار کیا ہر دفعہ سو فیصد رزلٹ پایا۔ میری اہلیہ نے عبقری دواخانہ کی ''خاتون شفاء'' ان خواتین کو استعمال کروائی جن کو حیض وقت پر نہیں آتا یا بہت کم آتا تھا' میری اہلیہ خود بھی حیران رہ گئیں کہ صرف ایک ہی بوتل سے ان کو فائدہ حاصل ہوا۔ عبقری دواخانہ کی ''قبض کشاء'' گولیاں تو ہر گھر کی ضرورت ہیں' جیسے ہی قبض محسوس ہوا ایک گولی کھائیں' فوراً شفاء پائیں۔ جن کو مستقل قبض رہتی ہے وہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں تو ہر قسم کی قبض چند ہفتوں میں ہی ختم ہوجاتی ہے۔ (محمد اعظم اسماعیل، لاہور)

میرے معدہ کے مسائل' چند دنوں میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی اور لمبی عمر عطا فرمائے آپ کا وجود دکھی انسانیت کے لیے ایک مرہم کی حیثیت رکھتا ہے۔ میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' میرے ساتھ چند مسائل تھے کہ مجھے ہر وقت سستی رہتی تھی' کھانا ہاضم نہیں ہوتا تھا بھوک نہیں لگتی تھی' دل کی دھڑکن ہر وقت تیز رہتی' ہاتھ پاؤں کانپتے تھے۔ میں نے اپنے ان تمام مسائل سے بذریعہ خط آپ کو آگاہ کیا۔ جوابی خط موصول ہوا' مجھے بہت خوشی ہوئی۔ جلدی سے خط کھولا تو اس میں میرے لیے آپ نے ''جوہر شفائے مدینہ اور ٹھنڈی مراد'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا تھا جو میں نے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کی۔ اب اللہ کا شکر ہے اب سستی' کاہلی ختم ہوچکی ہے' خوب بھوک لگتی ہے' خوب کھانا کھاتی ہوں اور کھانا فوراً ہضم بھی ہوجاتا ہے۔ (قرۃ العین حمیرا، جہانیاں)

چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بچوں کے اعلیٰ نصیب اور اچھے مقدر کیلئے میرا آزمودہ عمل

مدیحہ علی، گجرات

ایک دن کیبنٹ کھولا تو مٹی لگی تھی اندر کی طرف میں نے صاف کیا تو نیچے دیمک ہی دیمک تھی اور ہمارے گھر کے دروازوں پر، میرے برتنوں والے شوکیس پر، حتیٰ کہ ہر کونے پر اسکا حملہ ہو چکا تھا۔ پچھلے سال میرے ابو نے ہمیں گھر بنا کر دیا تھا میں نے تو رونا شروع کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو آپ کی ٹیم کو اور آپ کی موجودہ اور آنے والی نسلوں کو صحت و تندرستی اور کامیابیاں عطا فرمائے (آمین)

ہیپا ٹائٹس سی کنٹرول میں ہے

(1) سورۂ قریش: ہر کھانے کے بعد تین دفعہ ''سورۂ قریش'' پڑھتی ہوں۔ مجھے ہیپا ٹائٹس C ہے۔ اتنے وسائل نہیں کہ علاج کرواسکوں جب سے سورۂ قریش کا سنا ہے تب سے الحمدللہ پڑھتی ہوں اور کوئی پرہیز نہیں کرتی کھانا با آسانی ہضم ہو جاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ میں موٹر سائیکل پر بازار جارہی تھی اور سورۂ قریش پڑھ رہی تھی میرے سویٹر کی جیب سے میرا فون نیچے گر گیا۔ ایک آدمی نے فوری آواز دی کہ آپ کا فون گر گیا ہے۔ سورۂ قریش کی برکت سے مل گیا۔

اسم اعظم کی برکت والی تھیلی کا کمال

عبقری ماہنامہ عبقری سے اسم اعظم کی برکت والی تھیلی خریدی تھی الحمدللہ! میں نے رمضان شریف میں پورا عمل کیا تھا 129 بار سورۂ کوثر پڑھ کر دم بھی کرتی رہتی ہوں اس سے پیسوں میں برکت رہتی ہے اور عزت سے خرچ پورا ہوجاتا ہے۔

روحانی غسل کے کرشمات

مجھے معدے کا مسئلہ ہوگیا تھا ڈاکٹر نے دوائی دی۔ دو خوراکوں کے بعد میں نے ''روحانی غسل'' کیا اور اللہ پاک نے مجھے شفاء دی۔ ایک بار مجھے پورے جسم پر خارش ہوگئی اور میں نے روحانی غسل کیا جس سے خارش کا خاتمہ ہوگیا۔ میری بیٹی دو ماہ ریشے کی وجہ سے بیمار رہی صدقے سے اور غسل کی برکات سے اللہ کریم نے صحت عطا کی۔

وضو کے تین گھونٹ سے شفاء کیسے ملی؟

میری بیٹی آپریشن سے ہوئی تو اسکے بعد میری بائیں ٹانگ کھینچ گئی دوائی لی، دوائی کھاتی تو ٹھیک رہتی چھوڑتی تو درد دوبارہ شروع ہوجاتا۔ درد اتنا شدت سے ہوتا کہ میں سیدھی چل نہیں سکتی تھی پھر میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پینے شروع کیے تو اللہ کریم نے اپنا کرم کردیا اور اب ماشاء اللہ میں بغیر کسی دوائی کے ٹھیک چلتی ہوں۔

''یااللہ'' سے سر درد کا خاتمہ

جب کسی کو سر درد ہو تو میں گیارہ مرتبہ ''یااللہ'' شہادت کی انگلی سے ماتھے پر لکھتی ہوں تو سر درد ختم ہوجاتا ہے۔

سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی برکات

جب بھی میں گھر سے باہر نکلوں تو راستے میں گیارہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 ضرور پڑھتی ہوں اور اللہ تعالیٰ اچھا کھانا نصیب فرماتے ہیں۔

یاحفیظ یاسلام کی برکت، کبھی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا

الحمدللہ! کبھی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا میرا بیٹا جب بھی سکول جاتا ہے تو میں اسے کہتی ہوں کہ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھتے جاؤ جب وہ لیٹ بھی ہو جائے تو ٹیچر کچھ نہیں کہتی یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کی برکت سے۔

روحانی بیڈ ٹی سے جسم چاق و چوبند

صبح اٹھتے ہوئے بہت دشواری ہوتی ہے جبکہ روحانی بیڈ ٹی سے جسم چاق و چوبند رہتا ہے۔

دیمک کا شدید ترین حملہ! میری چیخیں نکل گئیں

میرے گھر میں اچانک دیمک لگ گئی اور مجھے پتہ بھی نہ چلا۔ ایک دن کیبنٹ کھولا تو اندر کی طرف مٹی لگی تھی میں نے صاف کیا تو نیچے دیمک ہی دیمک تھی اور ہمارے گھر کے دروازوں پر، میرے برتنوں والے شوکیس پر، حتیٰ کہ ہر کونے پر اسکا حملہ ہو چکا تھا۔ پچھلے سال میرے ابو نے ہمیں گھر بنا کر دیا تھا میں نے تو رونا شروع کر دیا کیونکہ حقیقت تو یہ ہے کہ میرے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ میں اس کا مقابلہ کرسکوں، آپ کے درس میں ''سورۂ ماعون'' اور سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ کا سنا تھا وہ میں نے لکھ کر ہر دروازے پر چپکا دیا اور اللہ سے رو رو کر دعائیں مانگیں اور حسب حیثیت صدقہ اور سپرے کروایا (دو مرتبہ)۔ سب کہتے تھے کہ یہ نہیں جائے گی دوبارہ ہوجائے گی پر مجھے اللہ پر یقین تھا کہ اسی کے حکم سے ختم ہوجائے گی الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے اسکا خاتمہ ہوگیا۔

بچوں کے اعلیٰ نصیب اور اچھے مقدر کیلئے

میں نے ایک بڑا باکس بنایا ہوا ہے اور روزانہ بیس روپے اس میں ڈالتی ہوں جب ہم میں سے کوئی بھی بیمار ہو تو وہ بھی صدقہ کرکے اس میں ڈالتی ہوں تمام امت کی طرف سے اپنے والدین کیلئے، ساس سسر (مرحومین) کی طرف سے اپنی موجودہ اور آئندہ آنے والی نسلوں کی طرف سے۔ اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ اللہ! میں نے کسی سے کوئی انشورنس نہیں کروائی آپ سے میری (Deal) ہوگئی ہے سب کچھ آپ کے حوالے، آپ کے سپرد۔

عزت سے گزارا ہورہا ہے

الحمدللہ! ہر فرض نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر 2 کا ورد ضرور کرتی ہوں اس کی برکت سے رب نے بہت آسانیاں کردی ہیں۔ میرے پاس اتنے پیسے نہیں بھی ہوتے لیکن عزت سے گزارا ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود ہی اسباب پیدا فرمادیتے ہیں جیسا کہ ابھی سال شروع ہونے والا ہے اور میرے والدین کی طرف سے چاولوں کا ایک توڑا میرے گھر آچکا ہے۔

عمل آزمایا! شوہر ایسے خیال رکھتے ہیں جیسے کانچ کی گڑیا

پہلے میری اور میرے خاوند کی آپس میں فضول سی باتوں پر لڑائی ہوتی تھی اور بہت شدید ہوجاتی۔ الحمدللہ! جب سے میں نے نماز میں درج ذیل آیت کو پڑھنا شروع کیا ہے تب سے ماشاء اللہ ایسے محبت قائم ہوگئی ہے کہ جیسے شادی ہوئے ابھی چند دن ہی ہوئے ہیں۔ بس ہر وقت انہیں میرا اور مجھے ان کا خیال رہتا ہے۔ آیت یہ ہے: ''رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (الفرقان ۷۴)''

خاص لمحات میں قبولیت دعا

آپ کے درس میں سنا تھا کہ جب میاں بیوی خاص لمحات کے وقت دل ہی دل میں جو دعا مانگیں وہ قبول ہوتی ہے۔ اب ہم دونوں (میاں بیوی) الحمدللہ! اس وقت دل میں دعا مانگتے ہیں اور میں نے آزمایا ہے، ہماری بیٹی بیمار تھی اور کسی بھی طرح سے ٹھیک نہیں ہورہی تھی تب ہم نے اللہ سے اسکی صحت کیلئے دعا مانگی اور اللہ نے قبول فرمائی، الحمدللہ وہ صحت یاب ہے۔

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی و زیادتی، بوجھ پڑنا، کمر میں درد، کولہے میں درد اور کھچاؤ اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

دفن ہونے کے چند گھنٹوں بعد کیا حشر ہوتا ہے؟ پڑھیے!

زاہدہ انور، فتح پور

اس کی وجہ ہے کہ انسان ہی ہے جو کہ تمام زندگی اپنے جسم کی طبعی وجسمانی خوبصورتی اور رعنائی کا اہتمام کرتا ہے اپنے جسم کو خوبصورت رکھنے اور خوبصورت نظر آنے کے لیے طرح طرح کی کریمیں، کاسمیٹکس اور خوشبوؤں سے اپنے آپ کو سجاتا اور مہکاتا ہے

طبی تحقیق کے مطابق انسانی جسم کے اندر بلکہ انتڑیوں میں اربوں بیکٹیریا ہروقت موجود ہوتے ہیں جن کی تعداد تقریباً انسانی جسم میں موجود تمام خلیات جن سے انسانی جسم بنتا ہے کے برابر ہوتی ہے جب ایک انسان کی طبعی موت واقع ہو جاتی ہے تو یہ بیکٹیریا تیزی کے ساتھ انتڑیوں سے نکل کر اس مردہ انسان کے تمام جسم کے مردہ خلیات پر حملہ آور ہوتے ہیں اور خلیات میں موجود مادوں و اجزاء مثلاً لیڈز، پروٹین اور کاربوہائیڈریٹس کی توڑ پھوڑ کر کے انہیں بدبودار مواد میں تبدیل کردیتے ہیں۔ یہ بدبودار مواد کیڑوں مکوڑوں کی اشتہا کا باعث ہوتا ہے اس لیے بہت تیزی سے کیڑے مکوڑے مردہ جسم کو اپنی خوراک بنالیتے ہیں۔ اسی لیے اگر کہیں کوئی لاش ایسی ملے جو کہ ایک دو یوم پرانی ہو تو اس میں بدبو پیدا ہوئی ہوتی ہے اور مزید پرانی ہو تو کیڑے پڑے واضح طور پر نظر آتے ہیں۔ اور اسی طرح کسی شخص کو دفنانے کے بعد چند یوم پرانی لاش قبر کشائی کرکے نکالی جائے تو اس میں شدید قسم کا تعفن اور بدبو پیدا ہوچکی ہوتی ہے۔ ہوتا تو تمام جانداروں کے ساتھ یہی ہے کہ مرنے کے بعد ان کا مردہ جسم ان کے جسم میں موجود بیکٹیریا کی وجہ سے چند گھنٹوں میں گل سڑ جاتا ہے اور بدبودار مادے میں تبدیل ہوجاتا ہے مگر انسانی جسم کی ہی بات کیوں کی جارہی ہے؟

طبعی وجسمانی خوبصورتی اور رعنائی کا اہتمام

اس کی وجہ ہے کہ انسان ہی ہے جو کہ تمام زندگی اپنے جسم کی طبعی وجسمانی خوبصورتی اور رعنائی کا اہتمام کرتا ہے اپنے جسم کو خوبصورت رکھنے اور خوبصورت نظر آنے کے لیے طرح طرح کی کریمیں، کاسمیٹکس اور خوشبوؤں سے اپنے آپ کو سجاتا اور مہکاتا ہے مگر کسی بھی لمحے اچانک موت کی زد میں آکے مرجانے کے ساتھ ہی اس کا خوبصورت سجا ہوا جسم اس کے جسم میں موجود بیکٹیریا کی زد میں آجاتا ہے جو کہ اس کو گلا سڑا کر بدبودار مادے میں تبدیل کرنے کے لیے تیزی سے کام کرنے لگتے ہیں۔ اس سائنسی تجزیے اور تحقیق کو پیش کرنے کا مقصد یہ تھا کہ میں آپ سب کے سامنے انسانی فانی جسم کی حقیقت کو پیش کروں کہ جس مادی وجود کو سجانے سنوارنے کے لیے ہم روزانہ اپنے قیمتی وقت اور قیمتی دولت کا بیشتر حصہ صرف کرتے ہیں حقیقت میں موت کے بعد چند گھنٹوں میں اس کے ساتھ کیا حشر ہوتا ہے۔

ہم لوگ مادی وجود کے لیے تو بہت کچھ کرتے ہیں مگر روحانی وجود کے لیے کچھ خاص نہیں۔ بیوٹی پارلر، سیلون اور آرائش و زیبائش کے سامان اور لوازمات ہمارے مادی جسم کے سامان ہیں ان پر تو وقت اور پیسہ سب خرچ کرتے ہیں مگر روح کی آرائش وزیبائش کے لیے خاص اہتمام نہیں کیا جاتا ارکین اسلام کی پابندی مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کا اہتمام کرنا اور سختی سے کرنا اور انسانیت سے پیار وحسن سلوک وہ روحانی میک اپ ہیں جو مرنے کے بعد مردے کو بدبودار نہیں ہونے دیتے جو قبر کی منوں مٹی تلے بھی اس کے مردہ جسم کو کیڑوں مکوڑوں کی اشتہا اور خوراک نہیں بننے دیتے اور آخرت اور ابدی زندگی میں بھی اس کے جسم کی راحت کا سامنا کرتے ہیں۔ تو میرے بہن بھائیو! آج سے پھر سوچو کہ ہمیں مادی جسم کی زیبائش کا اہتمام کرنا ہے یا روحانی جسم کی زیبائش کی زیادہ فکری کرنی ہے؟ فیصلہ یقیناً روحانی جسم کی روحانی زیبائش کے حق میں ہی ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

ہجویری محل میں 9 راتیں! مشکلات توڑ یقینی عمل! جو آیا پا کر گیا

9 دن میں رشتہ طے میری بیٹی کا رشتہ اس کے ماموں کے بیٹے کی طرف کیا' جس دن' دن طے کرنے تھے اسی دن لڑکے نے انکار کردیا' کافی ہنگامہ ہوا' اس کے گھر والوں نے اسے سمجھایا' خاندان کے بڑے گئے انہوں نے بات کی مگر لڑکا نہ مانا' ہم کافی پریشان تھے' رشتہ ٹوٹ چکا تھا' میری اہلیہ اور بچی بھی رو رو کر ہلکان تھی' تسبیح خانہ سے معلوم ہوا کہ ''ہجویری محل'' شیخوپورہ روڈ میں 9 رات کا چلہ کروایا جاتا تھا' وہاں 9 دن بتائے گئے اعمال کیے' دسویں دن جب واپس گھر پہنچا تو اہلیہ نے ایک بہترین رشتہ کے بارے بتایا' وہ خود رشتہ لیکر آئے' گھر ہمارا دیکھا ہوا تھا' ہم نے فوراً ہاں کردی آج ماشاء اللہ ہماری بچی اپنے گھر بیٹھی ہے اور بہت خوش ہے۔ (شہزاد' فیروزوالہ)

گھر میں سکھ چین آگیا: میری شادی کو آٹھ سال ہوگئے مگر ایک دن بھی سکھ چین اور سکون سے نہ پایا۔ نجانے کیا ہوتا بیوی کو سامنے دیکھتے ہی مجھے غصہ آجاتا اور یہی کیفیت میری بیوی کی بھی تھی۔ ایک دوست ہجویری محل میں ہونے والے 9 رات کے چلہ کا ذکر کیا' اگلے دن میں بھی چلا گیا' 9 راتیں وہاں گزاریں' خوب اعمال کیے۔ وہ دن اور آج کا دن دونوں میاں بیوی میں مثالی محبت قائم ہوگئی ہے۔ گھر میں سکھ چین اور سکون آگیا ہے۔ (عاشق حسین' شیخوپورہ)

قرض ادا ہوگیا: مجھ پر تقریباً پانچ لاکھ کا قرض تھا' ہجویری محل میں گیا' 9 راتیں گزاریں' بتائے گئے اعمال کیے' دو ماہ کے اندر اندر ایسا غیبی نظام چلا کہ آج مجھ پر ایک روپے کا قرض بھی نہیں اور رزق میں بھی برکت ہوگئی ہے۔ (اویس' کراچی)

سچ میں جادو ٹوٹ گیا: عرصہ 19 سال سے جادو کا شکار تھا' گھر لٹ چکا تھا' کاروبار تباہ ہوچکا تھا' بوڑھے والد نے ہجویری محل کا بتایا کہ وہاں جاؤ' 9 راتوں کا عمل کیا' ابھی عمل کرتے چھٹا دن تھا' ابو کا فون آیا کہ رات بھر گھر سے رونے' چیخنے اور سسکنے کی آوازیں آتی رہیں' دوسری رات بڑی سکون سے گزری۔ 9 راتیں مکمل کرنے کے بعد گھر گیا۔ میرے دوست عملیات کا کام کرتے ہیں ان سے حساب لگوایا تو انہوں نے کہا کہ اب آپ کے گھر پر کسی قسم کا کوئی جادو نہیں' جادو ٹوٹ گیا ہے۔ الحمدللہ! اور واقعی ہمارے حالات دن بدن بہتر ہورہے ہیں۔ (قاسم شکیل' لاہور)

روحانیت کے حیرت انگیز کرشمے: ہجویری محل میں 9 راتیں گزارنے کیلئے گیا۔ میں اکثر سفر کرتا رہتا ہوں اور مختلف جگہوں پر جاکر روحانی اعمال کرتا ہوں' مگر جو لطف' جو سکون' جو نورانیت' روحانیت میں نے ہجویری محل میں ان 9 راتوں کے دوران پائی وہ پہلے کہیں نہ دیکھی' نہ سونگھی' نہ محسوس کی اور نہ ہی پڑھی۔ اگر میں یہ لکھوں کہ ''ہجویری محل'' میں روحانی کے سمندر بہہ رہے ہیں تو غلط نہ ہوگا۔ وہ قبولیت کا انوکھا نظام ہے' جو سچے دل سے مانگو محسوس ہوتا ہے قبول ہورہا۔ (عبدالحکیم' لاہور)

ہجویری محل کے اعمال' تفصیلات صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ کیجئے!

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹرسائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دُکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دُکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکیے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹرسائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹرسائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

گھر کے باہر جنازہ پڑا ہے

میں نے دیکھا کہ پرانے گھر والا علاقہ ہے جس گلی میں ہم برسوں پہلے رہا کرتے تھے۔ اس کے سامنے والی گلی میں اندھیرا ہے، میرے مرحوم والد مجھے موٹر سائیکل پر بٹھا کر اس گلی کے سامنے والی گلی میں لے جاتے ہیں جہاں کبھی ہم ماضی میں رہا کرتے تھے، وہاں میری والدہ کی خالہ کا گھر بھی تھا۔ میری والدہ کی خالہ کے گھر کے باہر ایک جنازہ پڑا ہے۔ اس جنازے کی چارپائی پر ایک کی بجائے تین لوگ کفن پہنے لیٹے ہیں، وہ لوگ کون تھے یاد نہیں، البتہ خالہ کے مرحوم خاوند بھی ان تین لوگوں میں سے ہیں۔ ان کے جسم کا سائز چھوٹا ہے اور ان کے تمام بدن میں درد ہو رہا ہے۔ میں پاس کھڑی ہوں اور دیکھنے کی کوشش کر رہی ہوں کہ بدن کے کس حصے میں درد ہے پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (عنبرین، اسلام آباد)

تعبیر! آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ تین بڑی پریشانیاں آپ کی جلد دور ہو جائیں گی۔ آپ روزانہ استغفار کثرت سے پڑھ لیا کریں۔

کوئی شخص آپ کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے

یہ خواب میری بیٹی نے دیکھا ہے، اسی کی زبانی لکھ رہی ہوں۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ہمارے گھر کے پورچ میں دو بلیاں ہیں جب میں پورچ میں جاتی ہوں تو ایک بلی میرے پیچھے پڑ جاتی ہے اور میں بھاگتی ہوں۔ گھر کے پورچ میں ایک گڑھا سا بنا ہوا ہے۔ بلی اس کے اندر چلی جاتی ہے۔ جب باہر نکلتی ہے تو اس کی شکل بے حد خوفناک ہوتی ہے۔ وہ بلی میرے اوپر حملہ کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ میری امی اور گھر کا چوکیدار مجھے بچانے کی کوشش کرتے ہیں اور میں بہت زور زور سے خواب میں چیخیں مارتی ہوں۔ میری چیخیں سن کر میری امی اور ابو مجھے جگاتے ہیں اور میں اٹھ جاتی ہوں۔ تقریباً ایک ماہ کے بعد پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک گلی میں جا رہی ہوں ایک بلی میرے پیچھے آ رہی ہے۔ میں چھپنے کی کوشش کرتی ہوں۔ بلی رک جاتی ہے۔ جب میں پھر اسے نظر آتی ہوں تو وہ پھر میرے پیچھے آجاتی ہے یعنی جدھر میں جاتی ہوں بلی ادھر ہی آجاتی ہے۔ (ف، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کوئی شخص آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے لیکن اسے موقع نہیں مل رہا تاہم آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور 19 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر بیٹی کے لیے دعا کریں۔

زندگی کا رخ کامیابی کی طرف مڑنے والا ہے

دیکھا کہ باتھ روم میں ہوں، پھر فلش کے لیے پانی کی ایک بالٹی منگواتی ہوں، ایک آدمی ہے جو طالب علم ہے اور ساتھ دو لڑکیاں بھی ہیں، پھر میں باہر نکلتی ہوں تو وہ آدمی میرے پیچھے آتا ہے اور چھلانگ لگاتا ہے۔ پھر میں سڑک پر ہوں، اچانک کالج کا گنبد نظر آتا ہے۔ اس پر ایک مچھلی اڑتی ہے۔ غوطہ لگاتی ہے، کبھی فولڈ ہو جاتی ہے، کبھی کوئی کرتب دکھاتی ہے۔ اچانک اوپر سے ایک چھوٹی مچھلی میرے ہاتھ میں آکر گر جاتی ہے۔ اس مچھلی کا نچلا دھڑ ہاتھی جیسا یعنی کہ ہاتھی کی ٹانگوں جیسا ہوتا ہے، میں اس مچھلی کو پکڑ کر دیکھتی ہوں اور پھر لوگوں کو دکھاتی بھی ہوں، پھر ایک اور چیز اوپر سے آتی ہے جو یاد نہیں مگر مصنوعی ہوتی ہے۔ (ساجدہ، گوجرانوالہ)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ اچانک آپ کو ایسا موقع نصیب ہوگا جس سے آپ کی زندگی کا رخ کامیابی کی طرف تبدیل ہو جائے گا اور عزت، دولت وشہرت کے حصول کا بھی اشارہ ہے۔ واللہ اعلم۔

عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بہت خوبصورت گھر میں میں موجود ہوں۔ وہاں ایک آئینہ لگا ہے اور خوبصورت قالین بچھے ہیں، پھر خود کو سیاہ رنگ کا نیلے رنگوں والا سوٹ پہنے دیکھا، سر پر بڑا سا دوپٹہ ہے۔ بہت خوبصورت سوٹ ہے۔ میں کمرے میں پھر رہی ہوں۔ پھر دیکھا کہ میری پرانی کالج کی دوست لوگوں کو اطلاع دے رہی ہے کہ میرے پاس سے لوگوں کو تیل مل رہا ہے اور میں لوگوں میں تیل بانٹ رہی ہوں۔ پھر بیدار ہو جاتی ہوں۔ (س، کراچی)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ آپ کو عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی اور بزرگوں کا فیض ملے گا جس سے اور لوگ بھی فائدہ اٹھائیں گے۔ واللہ اعلم۔

پریشانیوں سے نکلنے کی سبیل

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک اونچی جگہ پر سبزہ ہے اور میرے پیچھے ایک صاف ستھرا پانی کا چشمہ ہے پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (ر۔پ، لاہور)

مشورہ: اس بات کا اشارہ ہے کہ آج کل جو پریشانیاں آپ پر آئی ہوئی ہیں ان شاء اللہ ان سے نکلنے کی جلد ہی کوئی سبیل نکل آئیگی۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ چلتے پھرتے پڑھتی رہا کریں۔

گھر والوں پر سخت قسم کی بندش ہے

خواب میں دیکھتی ہوں کہ بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہے اور میں گاڑی یا کوئی رکشہ چلا رہی ہوں۔ اچانک وہ چلتے چلتے بند ہو جاتا ہے۔ اکثر اندھیرا ہوتا ہے، میرے جوتے بھی نہیں ہوتے اور سر پر دوپٹہ بھی نہیں ہوتا۔ ایک دفعہ دیکھا کہ پہاڑوں کے درمیان میں ہوں۔ مغرب کے بعد کا وقت ہے اور میں پریشان ہو کر ننگے پیر بھاگ رہی ہوں۔ دور کہیں روشنی نظر آتی ہے، وہاں کلینک ہے۔ ایک عورت ڈاکٹر کے پاس بچہ لے کر آتی ہے۔ اکثر خواب میں سیڑھیاں چڑھنے لگتی ہوں تو آگے راستہ بند ہوتا ہے۔ تہہ خانے میں اپنے آپ کو دیکھتی ہوں۔ میں خواب میں کسی بھی چیز کو ہاتھ لگانے لگتی ہوں تو کانپنے لگتی ہوں اور میں پیچھے ہٹ جاتی ہوں۔ تنور میں آگ روشن ہے، میں آگے جاتی ہوں تو وہاں ایک گڑیا ہوتی ہے جو بولنے لگتی ہے، میں ڈر جاتی ہوں۔ (نبیلہ یاسمین، سعودیہ)

آپ کے خوابوں کے سلسلے کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ پر اور آپ کے گھر والوں پر سخت قسم کی بندش ہے جو کہ آپ کے کسی بدخواہ رشتہ دار کی طرف سے حسد کی بناء پر لگا دی گئی ہے۔ تاہم اپنا اور اپنے تمام اہل خانہ کی طرف سے حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور سورۂ انعام کی آیت 45 کا سوا لاکھ مرتبہ ختم کروائیں بعد ختم روزانہ 313 بار کسی بھی وقت پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کمر درد اور لاٹھی سے چھٹکارا! اب صحت مند ہوں!

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند کرے آپ کے بزرگوں کے درجات بلند کرے آپ کی اولاد کو اور آپ کو صحت اور تندرستی دے' آپ پر اپنا خصوصی کرم کرے اور آپ کے انسانی خدمت کے کام میں آسانیاں پیدا کرے۔ آمین! عبقری رسالہ بہت زبردست ہے' ہر ماہ اس میں سے سیکھنے کو بہت کچھ ملتا ہے' بہترین تیر بہدف وظائف' نسخہ جات اور ٹوٹکوں سے زندگی کافی آسان ہوگئی ہے۔ عبقری رسالہ کی وجہ سے ہی دکھی شفاء پا رہے ہیں۔ میری بڑی بہن کی سہیلی کے میاں کی کمر میں تکلیف تھی' دو آپریشن ہو چکے تھے تیسرے کی تیاری تھی لیکن میں نے انہیں عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر ''ستر شفائیں'' اور ''کراماتی تیل'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا ساتھ انہیں عبقری رسالہ اور عبقری دواخانہ کے متعلق بتایا کہ کیسے وہاں سے بے شمار مریض شفاء پا رہے ہیں' انہوں نے میری بات کو سنجیدگی سے لیا اور ستر شفائیں کھانا شروع کردی اور کراماتی تیل کی مالش کرنا شروع کردی۔ آپ یقین کریں چند ہفتوں میں ہی ان کی تکلیف ختم ہوگئی' آپریشن بھی نہیں کروانا پڑا اور پہلے وہ چھڑی کے سہارے چلتے تھے اس سے بھی اب نجات مل گئی ہے۔ (طاہرہ مدثر، لاہور)

سچا منجن سے دانت چمکدار اور صحت مند ہو گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانے کا سچا منجن پچھلے چار سال سے استعمال کر رہی ہوں میرے دانتوں کا کیڑا ختم ہوگیا ہے۔ گھر میں کسی کو بھی دانت میں درد ہو چٹکی بھر منجن درد والی جگہ پر رکھنے سے درد فوری ختم ہو جاتا ہے۔ (حمیرا، بہاولپور)

جوہر شفائے مدینہ کے استعمال سے پرسکون نیند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو آپ کے اہل خانہ، آپ کے ساتھیوں اور تمام نظام کو سدا اسلامت رکھے اور اللہ تعالیٰ آپ کو حیات خضرؑ عنایت فرمائے' آمین! میرے ایک دوست ہیں اس نے مجھ سے کہا کہ عرصہ 20 سال سے مجھے رات کو نیند ٹھیک طرح نہیں آتی۔ لیٹتا ہوں تو کوئی چیز جسم پر چٹکیاں کاٹتی ہے میں پھر بے چین ہو جاتا ہوں دوائیاں اور عاملین کے چکروں نے مجھے نیم پاگل کر دیا ہے۔ سوکھ کر کانٹا بن گیا ہوں۔ میں نے اسے ''جوہر شفائے مدینہ'' استعمال کرنے کو کہا۔ چند دن کے بعد اس نے بتایا کہ میں 50% ٹھیک ہوگیا ہوں اور میرا شکریہ ادا کرنے لگا۔ (محمد عرفان، لیہ)

روحانی پھکی کے کمالات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ اس دنیا میں بھی آپ کے عبقری کو آپ کی لمبی عمر کے ساتھ خوب ترین روشن کرے اور آخرت میں بھی آپ کے ''عبقری'' کو آپ کی سوچ سے بالاتر کرے' آمین! روحانی پھکی کے استعمال سے مجھے بہت فوائد حاصل ہوئے۔ معدہ، شوگر، لیکوریا، کھٹی ڈکاریں اور ناف کا درد سب کچھ کنٹرول ہوگیا پھر میں نے حسب توفیق پھکی مفت تقسیم کی۔ دل کے والو بند تھے' بہت پریشان تھے' بڑے بڑے ہسپتالوں سے مجھے ویسے ہی بہت ڈر لگتا تھا' انتہائی تکلیف میں تھی' اللہ کا نام لیکر عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کی' میں خود بھی حیران ہوں کہ میرے دل کے والو کھل گئے' ساری رپورٹس اب کلیئر ہیں' خون کی کمی دور ہوگئی' میں بالکل ہشاش بشاش ہوگئی یہاں تک کہ محلے کی خواتین' جاننے' ملنے والے حیرانگی سے بار بار پوچھتے ہیں کہ کیا واقعی ہی اس چھوٹی سی ڈبی کے استعمال سے تمہارے والو کھل گئے' اور میں فخر سے بتاتی ہوں کہ ہاں ''ستر شفائیں'' کے استعمال سے اللہ نے مجھے شفاء عطا کی اور بڑے بڑے ہسپتالوں' ٹیسٹوں اور ادویات کے جھنجھٹ سے مجھے چھٹکارا دلایا ہے۔

میرے سارے دانت تکلیف زدہ تھے سچے منجن سے ٹھیک ہوئے میں نے مشروب عبقری اور تندرستی ٹانک کو لاجواب پایا۔ (روبینہ شاہین، کھاریاں)

فالج زدہ تھا آج چل پھر اور بول سکتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حضرت آپ کی خدمت میں حاضری کا شرف عرصہ سے حاصل ہے بندہ پر تقریباً دو برس قبل فالج کا حملہ ہوا تھا۔ چلنا پھرنا اور گفتگو کرنا ناممکن ہوگیا تھا۔ اللہ کریم نے کرم فرمایا اور اللہ پاک کے فضل سے اب چل پھر سکتا ہوں اور گفتگو میں بھی آسانی ہے۔ ماشاءاللہ آپ نے شفقت فرمائی اور مجھے جو ادویات کا نسخہ دیا وہ استعمال کرنے سے میں ٹھیک ہوا کراماتی تیل، اکسیرالبدن، عبقری تندرستی ٹانک سے آج میں چل پھر اور بول سکتا ہوں۔ (حافظ طاہر رفیق، لاہور)

خاتون شفاء سے ماہواری کا مسئلہ حل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کو ماہواری کا مسئلہ تھا' ہر دس دن بعد آجاتی تھی۔ بڑی پریشانی تھی' مقامی ڈاکٹر سے دوا لاتی' چند دن ٹھیک رہتی' پھر وہی مسئلہ۔ بیٹی کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی تھی' عبقری رسالہ گھر میں آنا شروع ہوا' اس میں سے دیکھ کر عبقری دواخانہ سے ''خاتون شفاء'' دوا لائی۔ شکر ہے اللہ کا' اب ماہواری ٹھیک ہوگئی ہے۔ (والدہ عبدالرحیم، لاہور)

الرجی ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سال سے میں الرجی کی بیماری میں مبتلا تھی۔ عبقری دواخانے میں آئی اور آپ کے اسسٹنٹ نے ''خون صفاء سیرپ' روحانی پھکی اور ستر شفائیں'' تجویز کیں' اس کے استعمال سے مجھے بہت فائدہ ہوا اب مجھے الرجی نہیں ہوتی۔ (جویریہ الیاس، لاہور)

شفائے حیرت سیرپ سے کھانسی دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے کھانسی میں مبتلا تھا ڈاکٹری علاج کروایا' کھانسی پھر شروع ہوجاتی۔ پھر میں نے عبقری دواخانے کا شفاء حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ منگوایا' اس کے استعمال سے کھانسی ختم ہوگئی (علی عبداللہ، گوجرہ)

شدید دمہ! ڈاکٹروں سے مایوس! آج صحت مند!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے کلینک پر تین بار آئی جب میں پہلی بار آئی تو اس وقت مجھے دمہ بہت شدید قسم کا تھا۔ علاج کے باوجود بڑھتا جارہا تھا۔ ڈاکٹروں سے بہت مایوس ہو چکی تھی پھر میری کزن نے مجھے آپ کا بتایا اور مجھ پر اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا کہ مجھے آپ کا ٹائم مل گیا اور میں ملاقات کیلئے آپ کے پاس آئی۔ آپ کی دوائی سے مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ میری طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہوگئی۔ اب تو میں سارے گھر کے کام خود کرلیتی ہوں۔ (ج ش۔ شیخوپورہ)

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت/-350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ایک سال سے بستر پر پڑے سسر صحت یاب

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر دے۔آپ کے تندرستی ٹانک میں ایسا کیا ہے جس کے استعمال سے میرے سسر جو ایک سال سے بستر پر پڑے تھے بلڈ پریشر کی وجہ سے ہم نے ان بہت علاج کیا بس وقتی فرق ہوتا اور ٹھیک نہیں ہوتا جب سے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''تندرستی ٹانک'' استعمال کرنا شروع کیا تو ان کا بلڈ پریشر بالکل ٹھیک ہو گیا اور وہ جسم بھی چاق چوبند ہو گئے ہیں۔الحمدللہ اب وہ موٹر سائیکل پر چلاتے پھرتے ہے۔بڑی بات یہ ہے کہ میرے سسر کی عمر 85 سال ہے۔(بشریٰ علی اکبر، چارسدہ)

پیشاب کنٹرول کورس سے مسئلہ حل ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالے کا 2 سال سے قاری ہوں اس کے مطالعے سے میری زندگی بدل گئی ہے۔میری عمر 83 سال ہے اور مجھے پیشاب کا مسئلہ تھا کافی ادویات استعمال کی پتہ نہیں ادویات کا اثر کیوں نہیں ہوتا تھا پھر میں نے عبقری رسالہ میں ''پیشاب کنٹرول کورس'' بارے پڑھا اور بذریعہ ڈاک کورس منگوایا اور استعمال کرنا شروع ہو گیا جس کی بدولت میرا مسئلہ حل ہو گیا۔(بابو محمد بشیر، مری)

قبض کشا سے فائدہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 37 سال ہے۔شادی کو 17 سال ہو گئے ہیں اور میرے تین بچے ہیں۔مجھے شادی سے پہلے ہی قبض کی شکایت رہتی تھی جو آج تک ہے' کافی ادویات کا استعمال بھی کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔پھر میں نے عبقری رسالہ کا مطالعہ کیا اس میں ''قبض کشا'' گولیوں کے بارے میں پتہ چلا جو میں نے منگوائی اور استعمال شروع کیا۔پہلی دو تین خوراک سے ہی مجھے واضح فرق محسوس ہوا۔آج میں بالکل ٹھیک ہوں۔(عائشہ مسعود، کراچی)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ سے تندرست ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جسمانی طور پر بہت کمزور ہوں میرے بدن میں اکثر درد رہتا ہے اور مجھے جریان کی شکایت تھی' میں نے اپنے ٹیسٹ کروائے تو معلوم ہوا کہ مجھے ہیپاٹائٹس بی ہے اس کا تذکرہ میں نے اپنے دوست سے کیا تو اس نے مجھے عبقری کے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کی دس بوتل استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے کیں جس سے مجھے افاقہ ہوا۔اب میں روبصحت ہوں۔الحمدللہ!(مقبول احمد، لاہور)

میں سکول ٹیچر ہوں! میری رائے بھی پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے آباؤ اجداد کو اور آنے والی نسلوں کو سدا شاد و آباد رکھیں۔آمین! میں سکول ٹیچر ہوں اور ہائی سکول میں پڑھاتی ہوں' ہمارے سکول میں تقریباً سب ٹیچرز آپ کا رسالہ عبقری باقاعدگی سے پڑھتے ہیں' میں تقریباً چار سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں۔بہت مفید وظائف' نسخہ جات اور ٹوٹکے ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ادویات بہت تیر بہدف ہیں۔عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی' ہاضم خاص سفوف اور خالص شہد استعمال کر رہے ہیں' جس سے ہمیں بہت فائدہ ہوتا ہے۔(اہلیہ ظفر اقبال، گوجرخان)

تسبیح خانہ لاہور میں تین دن، تین اعمال! تمام مقاصد پورے

جو کھویا تھا سب پالیا: چند سال پہلے کاروبار عروج پر تھا' خوب گزر رہی تھی' پھر اچانک نجانے کیا ہوا' میری دکان کی سیل دن بدن ختم ہونا شروع ہو گئی اور ایک وقت ایسا بھی آیا کہ دکان کا کرایہ نکالنا مشکل ہو گیا' میں عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے پڑھ رہا تھا' اس میں ''تسبیح خانہ میں تین روزہ چلہ'' کے متعلق پڑھا اور اسی جمعرات فیصلہ کر لیا کہ تین دن تسبیح خانہ میں رہوں گا' میں اسی ہفتہ تسبیح خانہ گیا' تین دن تسبیح خانہ میں اعمال کیے۔خوب دعائیں مانگیں مجھے اسی ہفتے رزلٹ ملا اور دکان کی سیل بڑھنا شروع ہو گئی' میرے گاہک واپس آنا شروع ہوئے اور اب الحمدللہ میں مطمئن ہوں۔(خرم، شاہدرہ)

اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کا عشق ملا: تسبیح خانہ میں تین روز گزارنے اور اعمال کرنے کا موقع ملا' میں بھی اپنے بستر کے ہمراہ پہنچ گیا' تین دن انوکھے اعمال کروائے گئے' پہلی رات سویا تو انتہائی نورانی شخصیات کا دیدار ہوا' دوسرا سارا دن اعمال میں گزرا' دوسری رات سویا تو انوکھی روحانی دنیا مجھ پر کھلی' کوئی نورانی مخلوق تھی جس نے مجھے لاتعداد جگہوں کی سیر کروائی' انوکھی دنیا دکھلائی۔صبح اٹھا تو جسم انتہائی ہلکا پھلکا اور دل انتہائی مسرور تھا' دل میں اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کا عشق سمایا ہوا تھا' روحانیت کے بارے میں سنا تو بہت تھا' مگر جب روحانیت دیکھی تو معلوم ہوا یہ تو پوری کائنات ہے' گہرا سمندر ہے' انسان اس میں اترے تو ڈوبتا ہی چلا جاتا ہے۔مراقبہ' دعا میں کیفیات ملنا شروع ہو گئیں' محسوس ہوتا ہے کہ میری دعائیں' ذکر اذکار قبول ہو رہے ہیں۔(فہیم خان' بنوں)

تسبیح خانہ میں تین دن گزارے' بھائی کو ہوش آ گئی! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری میں ''تسبیح خانہ میں تین روزہ روحانی چلہ'' کا پڑھا۔میرے بڑے بھائی کا ایکسیڈنٹ ہوا' سر پر شدید چوٹیں آئیں۔ڈاکٹروں سے سنا کہ یہ کومے [illegible] ہے۔جمعرات کا دن تھا' میں نے بستر اٹھایا' چھوٹے بھائی کو ساتھ لیا اور تین دن تسبیح خانہ میں گزارنے پہنچ گئی' اعمال میں شریک ہوئی رو رو کر اللہ سے مانگا۔اگلے دن جمعہ کے خصوصی اعمال کروائے گئے' ابھی رب کریم سے مانگ ہی رہی تھی کہ ایک خدمت والی خاتون آئیں اور مجھے کہا کہ آپ کا بھائی آپ سے باہر ملنے آیا ہے' میں کانپتی ہوئی باہر گئی تو بھائی کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر مطمئن ہو گئی' بھائی نے کہا کہ بھائی جان کو ہوش آ گیا ہے اور اب وہ بالکل ٹھیک ہیں۔میں دوبارہ تسبیح خانہ کے اندر گئی اور سجدہ میں گر گئی۔(آصفہ شہریار' لاہور)

شادی کا مسئلہ حل: میری بیٹی کی شادی نہیں ہو رہی تھی' 30 سے 40 رشتے دیکھ چکے تھے۔میں اپنی بیٹی کو ساتھ لے کر تسبیح خانہ لاہور میں تین روزہ چلہ میں گئی' جو کہ ہر جمعرات سے اتوار کو ہوتا ہے۔وہاں خوب اعمال کیے۔بہت سے لوگوں نے بتایا تھا کہ آپ کی بیٹی پر بندش ہے۔الحمدللہ! ان تین دنوں میں بندش ٹوٹ گئی اور اللہ کریم نے بہت ہی اچھا رشتہ گھر بیٹھے ہی بھیج دیا۔دو ماہ کے اندر اندر منگنی بھی ہو گئی اور پھر رخصتی بھی۔میری بیٹی بہت خوش ہے۔(سویرا' گوجرانوالہ)

تسبیح خانہ کے 3 روزہ روحانی چلہ کے اعمال صفحہ نمبر 64 پر ملاحظہ فرمائیں!

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔چہرے پر دانے' داغ دھبے۔خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔غصہ' چڑچڑاپن۔ڈیپریشن' ٹینشن۔لیکوریا۔احتلام۔مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382

عبقری قارئین کیلئے خاندانی آزمودہ نسخہ جات

صبح اس کو بغیر ہاتھ لگائے کپڑے سے چھان کر مسلسل آٹھ دن تک پینے سے گردے کا درد ان شاء اللہ پھر نہیں ہوگا۔ یہ ایک بڑے حکمت والے آدمی نے بتایا جو مسافر اور مہمان بن کر آیا۔ اس نسخے کو میں نے آزمایا اور درست پایا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری رب کے حضور دعا ہے کہ رب جلیل آپ کو آپ کی آل، اولاد کو اور آپ کے تمام سٹاف کو رحمتیں، برکتیں اور دونوں جہان کی عافیت عطا فرمائے (آمین)۔ میں عبقری رسالہ کا نیا قاری ہوں تقریباً سات یا آٹھ ماہ سے پڑھ رہا ہوں۔ ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے۔ ہمارے گاؤں سے تقریباً 30 کلو میٹر دور شہر سانگھڑ میں عبقری ملتا ہے۔ میں ہر ماہ جاتا ہوں اور رسالہ خرید کر لاتا ہوں اور عرصہ 19 سال سے حکمت کی پریکٹس کررہا ہوں۔ عبقری میں جو نسخے شائع ہوتے ہیں ان کو بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور ان پر تجربے بھی کرتا ہوں۔ آپ کی کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' سے میں نے کچھ نسخے آزمائے ہیں جن سے 100 فیصد رزلٹ ملا۔ ایک نسخہ میں نے خود اپنے اوپر آزمایا جو یہ تھا، انجیر تین دانے، ½ چمچ سونف، پودینہ سبز رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر پینا ہے اس سے میرا سر درد اور چکر کی شکایت پانچ دن میں ختم ہوگئی۔ دوسرا نسخہ گوند کیکر اور گوند کتیرا والا جوڑوں کے درد کے لیے مریضوں کو دیا ان کو بھی فائدہ ہوا اور تیسرا نسخہ پھٹکڑی سفید اور کباب چینی والا آزمایا اس سے بھی فائدہ ہوا۔ حکیم صاحب میں بھی اس خیال کا آدمی ہوں علم کو قبر میں لے جانے کے بجائے اس کو انسانیت کی بھلائی کے لیے خرچ کریں تو یہ ایک عبادت ہے کسی انسان کو فائدہ پہنچانے اور اس کی تکلیف دور کرنے سے رب راضی ہوتا ہے۔ میں اپنے آزمائے ہوئے کچھ نسخے عرض کررہا ہوں میرے یہ نسخے انتہائی سستے، مختصر اور بنانے میں آسان ہیں۔ یہ نسخے میں اپنے مریضوں کو دیتا ہوں بہت سارے لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔

ڈاڑھ درد کے لیے نسخہ

کالی مرچ پانچ دانے، لونگ پانچ دانے، پھٹکڑی سفید ایک تولہ یہ تینوں چیزیں لیکر باریک پیس کر کپڑا چھان کریں اور درد والی ڈاڑھ یا دانت پر لگائیں اگر ڈاڑھ میں سوراخ ہوگیا ہو تو اس میں بھر دیں پھر منہ کھول کر بیٹھ جائیں دس سے پندرہ منٹ تک گندا پانی نکلے گا پھر کلی کرکے منہ صاف کریں اس طرح دو یا تین بار دو یا تین گھنٹے کے وقفے سے لگائیں ان شاء اللہ درد پھر نہیں ہوگا یہ نسخہ خود میں نے اپنے اوپر بھی استعمال کیا ہے۔

درد گردہ کا نسخہ

درب ایک پودا ہے جس کی جڑوں سے اکثر ادویات بنتی ہیں۔ اس کے چوٹی پر ایک قسم کا بور سنگ کی شکل میں ہوتا ہے: ایک عدد یہ بور لیکر آدھے گلاس پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں صبح اس کو پانی کو بغیر ہاتھ لگائے کپڑے میں چھان کر مسلسل آٹھ دن تک پینے سے گردے کا درد ان شاء اللہ پھر نہیں ہوگا۔ یہ ایک بڑے حکمت والے آدمی نے بتایا جو مسافر اور مہمان بن کر آیا۔ اس نسخے کو میں نے آزمایا اور درست پایا۔

مختلف بیماریوں کا علاج

ہلدی باریک پسی ہوئی 15 تولہ اور شیر مدار یعنی آک کا دودھ ایک تولہ دونوں کو ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں، اس میں بہت سی بیماریوں کا علاج ہے۔ میں اس کو قبض اور بواسیر کے مریضوں کو دیتا ہوں یہ گاڑھے بلغم کو خارج کرتا ہے جن کو بلغمی کھانسی ہوتی ہے ان کو دیتا ہوں۔ اس کی ترکیب استعمال یہ ہے کہ 2 ماشے سے 4 ماشے تک دن میں تین سے چار یا پانچ مرتبہ قہوہ سے استعمال کرنے سے گاڑھا بلغم خارج ہوکر کھانسی دور ہو جاتی ہے، بخار ختم ہوتا ہے، بواسیر اور قبض والوں کو 500 ملی گرام کے کیپسول بھر کر دیتا ہوں اور ہدایت کرتا ہوں کہ دن میں تین یا چار مرتبہ دو دو کیپسول قہوہ یا نیم گرم پانی سے کھائیں۔ اس سے بہت سے مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔

فالج کا نسخہ

ایک تولہ شنگرف رومی اور 5 تولہ کھانے والا نمک لے لیں۔ شنگرف کو باریک پیس کر پھر نمک ملا کر مسلسل 4 گھنٹے کھرل کر کے محفوظ کر کے رکھیں۔ فالج کے مریض کو اس دوا کی 2 رتی سے 4 رتی تک مریض کی طاقت کے مطابق دن میں چار سے چھ مرتبہ یا آٹھ مرتبہ تک (مریض کی حالت کے مطابق) قہوہ سے دیتے رہیں انشاء اللہ فالج کا مریض چار سے پانچ دن میں ٹھیک ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ نسخہ آزمودہ ہے۔

میں رب کریم کے حضور دعا کرتا ہوں کہ رب عزوجل اس رسالے عبقری کو تا قیامت جاری و ساری رکھے اور ترقی عطا فرمائے اور اس میں محنت اور تعاون کرنے والوں کی مغفرت فرمائے آمین۔ (حکیم علی بخش، سانگھڑ)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت، سببِ تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو، اطلاع دیں، شکر گزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا، مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے، یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق، اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے، اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 60: خوابوں کی پراسرار دنیا:** ہر خواب خواب نہیں ہوتا اور ہر خواب حقیقت بھی نہیں ہوتا، خوابوں کی دنیا ایسی انوکھی دنیا ہے جو ہر امیر و غریب پر کھلتی ہے اور اس کی سرحدیں لامحدود اور اس کا سفر ویزے پاسپورٹ سے بے نیاز ہوتا ہے۔ خوابوں کی دنیا ایسی عجیب ہے کہ زمانہ قدیم سے ہی اس کے ماہرین اس کے اسرار کھولنے کیلئے موجود رہے ہیں۔ معاشرے میں خواب کے متعلق پھیلی غلط باتیں اور ان کے اثرات کو دیکھتے ہوئے میں نے ''خوابوں کی پراسرار دنیا'' کو مخلوق عام میں عام کرنے کیلئے اس کتاب کی تالیف کی۔ اس کتاب میں اسلامی اور یورپی ماہرین فن تعبیر کے تحقیقی مضامین اور آراء جمع کی گئی ہیں جو یقیناً دلچسپ ہونے کے ساتھ فکر اور سوچ کی نئی راہیں کھولنے میں معاون ثابت ہوئی۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات اور کتب سے مواد اکٹھا کیا گیا ان کے نام درج ہیں:۔ کتب: پیش گوئیاں۔ روئے صالحہ۔ خواب اور ان کی حقیقت۔ خواب ہم کیوں دیکھتے ہیں۔ خواب اور ان کی ترجمانی۔ سچے خواب۔ خواب۔ خواب دیکھنا آپ کیلئے ضروری ہیں۔ خواب مستقبل کی پرچھائیاں۔ خوابوں سے امراض کی تشخیص۔ خواب نئی حقیقتیں نئے تجربے۔ میرے دلچسپ خواب۔ خوابوں کی عجیب دنیا۔ عالم خواب میں تصنیف و تالیف۔ خوابوں کے اسرار۔ خواب اور ان کی تعبیر۔ آؤ خواب دیکھیں۔ خوابوں کے اسرار۔ خوابوں کے مخفی راز۔ خواب کی حقیقت۔ خواب کیا کہتے ہیں۔ ہم صورت گر کچھ خوابوں کے۔ شخصیات: عرفان محمود۔ ڈاکٹر طارق محمود۔ طاہرہ باری۔ ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی۔ حبیب الرحمٰن حبیب۔ سیکنڈ لیفٹیننٹ راؤ امانت علی۔ شیخ عبدالرحیم دامن۔ حسان عارف۔ پروفیسر محمد سلیم۔ علی اسد شامل ہیں۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں، میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
یوریا، یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

سردیوں میں گاجر کی میٹھی اور تیکھی ڈشز کا لطف اٹھائیں

آٹے کا پیڑا بیل کر اس پر یہ آمیزہ پھیلاتے ہوئے ڈالیں اور لپیٹ کر رول کی طرح بنانے کے بعد کناروں کو اچھی طرح بند کرکے بیل لیں۔ گرم توے پر آئل لگاتے ہوئے پراٹھے کی طرح تل لیں اور گاجر کے پراٹھوں کا لطف اٹھائیں۔

عام طور پر لوگوں میں گوشت اور اس سے تیار کی ہوئی ڈشز مقبول عام ہیں لیکن جو افراد سبزیوں کی اہمیت سے واقف ہیں وہ ان کا بھرپور طریقہ سے استعمال کرتے ہیں انہیں نہ صرف پکی ہوئی سبزیاں مزہ دیتی ہیں بلکہ وہ کچی حالت میں کھائے جانے والی سبزیوں سے بھی لطف اٹھاتے ہیں۔ گاجر بھی ایک ایسی سبزی ہے جسے خواہ کچا کھایا جائے یا پکا کر اس کا الگ ہی مزہ ہوتا ہے اور مزے کی بات تو یہ بھی ہے کہ اس سے نہ صرف نمکین بلکہ میٹھی ڈشز بھی تیار کی جاسکتی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ گاجر میں قدرتی طور پر مٹھاس ہوتی ہے۔ گاجر کا جوس ایک قوت بخش ٹانک ہے جس کا باقاعدگی سے استعمال خون بناتا ہے بلکہ جسم کو توانائی بھی فراہم کرتا ہے تاہم کچھ لوگ پتلی پتلی سرخ گاجریں یونہی کچی چبا جاتے ہیں۔ اگر یہاں ہم گاجر کے اوصاف پر بات کریں یا اس کے خواص پر روشنی ڈالیں تو بات کافی طویل ہو جائے گی لہٰذا مختصراً بتائے دیتے ہیں کہ ان سردیوں میں جب گاجریں اپنی بہار دکھانے لگیں اور سیزن عروج پر ہو تو اس سبزی سے بھرپور انصاف کرتے ہوئے اپنی من پسند ڈشز ضرور ٹرائی کریں۔ دس تراکیب آپ کے لیے حاضر خدمت ہیں:

گاجر کا بھتہ

اجزاء: گاجر (کدوکش کی ہوئی) ایک کلو، دودھ 2 لیٹر، شکر آدھا کلو، چاول 100 گرام، بادام 50 گرام، کشمش 100 گرام، چھوہارے (لمبائی میں چار ٹکڑے کرکے) 100 گرام، کیوڑہ ایک کھانے کا چمچ، بناسپتی گھی ایک کپ۔ ترکیب: دودھ گرم کرکے اس میں گاجر، چاول، کشمش اور چھوہارے ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب دودھ کی مقدار نصف رہ جائے تو اس میں شکر اور گھی بھی ڈال دیں اور چمچہ چلاتے ہوئے ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ جب دودھ تقریباً خشک ہو جائے تو بادام و پستے کی ہوائیاں اور کیوڑہ چھڑک کر نوش فرمائیں۔

گاجر گوشت کے مزے

اجزاء: گوشت آدھا کلو، گاجر آدھا کلو، ٹماٹر تین عدد، لہسن ادرک کا پیسٹ دو چائے کے چمچ، نمک حسب ذائقہ، پسی لال مرچ دو چائے کے چمچ، سفید زیرہ ایک کھانے کا چمچ، گرم مصالحہ پاؤڈر ایک چائے کا چمچ، ثابت سرخ مرچ چار عدد، دار چینی دو ٹکڑے، کوکنگ آئل ایک کپ۔ ترکیب: کسی پتیلی میں آئل گرم کرکے سفید زیرہ اور ثابت سرخ مرچ کڑکڑا کے اس میں ادرک و لہسن کا پیسٹ اور پھر گوشت بھی ڈال دیں۔ ذرا سا بھوننے کے بعد اس میں نمک، مرچ، گرم مصالحہ اور دار چینی شامل کرکے کچھ دیر مزید بھوننے کے بعد ایک کپ پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر گلنے کے لیے چھوڑ دیں البتہ کوشش یہ رہے کہ پانی کم سے کم استعمال ہو۔ گوشت گلنے کے قریب ہو تو اس میں کتری ہوئی گاجریں اور چند لمحے کے بعد باریک کٹے ہوئے ٹماٹر ڈال کر پکنے دیں۔ گاجریں گل جائیں تو پانی خشک ہونے پر اچھی طرح سے بھون کر اتار لیں اور ہرا دھنیا چھڑک کر پیش کریں۔

گاجر کا حلوہ! ضرور بنائیے سب کو کھلائیے

اجزاء: گاجر (کدوکش کی ہوئی) ایک کلو، دودھ ڈیڑھ لیٹر، شکر دو کپ، چھوٹی الائچی 6 عدد، بادام و پستہ (چھلکا اُتار کر کترا ہوا) آدھا کپ، کشمش تین کھانے کے چمچ، اخروٹ کی گری تین کھانے کے چمچ، چاندی کے ورق حسب ضرورت، بناسپتی حسب ضرورت۔ ترکیب: کسی برتن میں دودھ اور گاجریں ڈال کر اس وقت تک ہلکی آنچ پر پکائیں جب تک دودھ خشک نہ ہو جائے۔ اب ایک دوسرے برتن میں گھی ڈال کر گرم کریں اور الائچی کڑکڑانے کے بعد گاجریں ڈال کر بھوننا شروع کردیں اور جب بھونتے ہوئے رنگت سنہری ہونے لگے تو شکر اور تمام خشک میوہ جات کی نصف مقدار بھی شامل کرلیں اور بھوننے کا عمل جاری رکھیں۔ جب گاجریں گھی چھوڑنے لگیں تو چولہا بند کرکے حلوے کو کسی ڈش میں نکالیں اور بقیہ خشک میوے چھڑک کر پیش کریں۔ اگر خواہش ہو تو حلوہ بھونتے وقت آخری مرحلے میں تازہ کھویا بھی شامل کرلیں جس سے لطف دوبالا ہو جائے گا۔

گاجر کی بھجیا اور دیسی گھی! لطف دوبالا

اجزاء: گاجر درمیانے سائز کی تین سے چار عدد، آلو چار عدد، مٹر ایک کپ، شملہ مرچ ایک عدد، نمک حسب ذائقہ، پسی سرخ مرچ ایک چائے کا چمچ، پسی ہلدی چوتھائی چائے کا چمچ، ہری مرچیں دو عدد، پیاز تین عدد، لہسن و ادرک کا پیسٹ دو چائے کے چمچ، ہرا دھنیا تھوڑا سا، کوکنگ آئل ایک کپ۔ ترکیب: پتیلی میں آئل گرم کرکے باریک کتری ہوئی پیاز ڈالیں، جب پیاز کا رنگ شفاف ہو جائے تو اس میں لہسن و ادرک پیسٹ بھی شامل کردیں۔ ذرا سا پانی ڈال کر اس میں نمک، مرچ، اور ہلدی شامل کریں اور مصالحہ بھون لیں۔ جب بھن جائے تو مٹر، آلو، گاجر اور شملہ مرچ بھی کاٹ کر ڈال دیں اور ایک کپ پانی شامل کرکے درمیانی آنچ پر پکنے کے لیے چھوڑ دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے اور سبزیاں گل جائیں تو دس منٹ کے لیے دم لگائیں اور ہرا دھنیا چھڑک کر لذیذ گاجر کی بھجیا کا مزہ لیں۔

گجریلا بنائیے' کھائیے اور طاقت بڑھائیے

اجزاء: گاجر (چھیل کر کدوکش کی ہوئی) آدھا کلو، سویاں باریک والی 100 گرام، دودھ تین لیٹر، شکر حسب پسند، کھویا 125 گرام، چھوٹی الائچی پاؤڈر 3/4 چائے کا چمچ، بادام، پستہ، کشمش اور اخروٹ کی گری پچاس پچاس گرام، زعفران 3/4 چائے کا چمچ۔ ترکیب: کسی کھلے منہ کے برتن میں دودھ ابال کر گرم حالت میں شکر بھی ڈال دیں اور ذرا سے دودھ میں زعفران گھول کر بھی شامل کردیں۔ اب گاجریں بھی دودھ میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ کسی فرائنگ پین میں ذرا سا گھی ڈال کر سویاں سنہری کرلیں اور جب گاجریں دس منٹ تک پک چکی ہوں تو ان میں سویاں بھی شامل کردیں اور پانچ منٹ مزید پکانے کے بعد خشک میوہ جات اور الائچی پاؤڈر بھی ملا کر دودھ کی مقدار نصف ہونے تک پکنے دیں۔ جب دودھ آدھا رہ جائے تو کھویا ملا کر پانچ منٹ تک پکانے کے بعد چولہے سے اتار لیں، مزیدار گجریلا تیار ہے جسے چاہیں تو گرما گرم کھائیں اور یا فریج میں رکھ کر ٹھنڈا کرنے کے بعد لطف اٹھائیں۔

گاجر کی بریانی نہ کھائی تو کیا کھایا

اجزاء: گاجر چار عدد (آلو کے چپس کی طرح لمبائی میں کاٹ لیں) آلو تین عدد، پسی لال مرچ دو چائے کے چمچ، مٹر دو کپ، چکن آدھا کلو، آلو بخارے دس عدد، ٹماٹر آدھا پاؤ، پیاز دو عدد، دہی ایک پیالی، چاول دو گلاس، نمک حسب ذائقہ، ثابت گرم مصالحہ دو چائے کے چمچ، کوکنگ آئل دو کپ۔ ترکیب: چاولوں کو صاف (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

(بقیہ: یادداشت تیز نہیں تیز ترین بنانے کے آزمودہ گر)

یوں اس کی توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت بھی بہتر ہو جاتی ہے۔(۲) دماغی تھکن دور اور یادداشت کو تیز کرنے کے لیے ایک دو پیالی کافی مفید ہو سکتی ہے۔(۳) ناکافی نینداور تھکن، حافظے کے دشمن ہوتے ہیں۔بغیر کسی دوا کے بھرپور نینداس کا بہترین علاج ہے۔خواب آور دوا سے لی جانے والی نیند سے بھول کی شکایت بڑھ جاتی ہے۔(۴) تجربات سے ثابت ہو گیا ہے کہ ورزش سے یادداشت کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔سخت ورزش سے دماغ کو درکار پروٹین کی فراہمی بڑھ جاتی ہے۔باقاعدہ ورزش کرنے والوں کی فکر صحیح رہتی ہے اور بڑھاپے میں ان کی یادداشت بہت اچھی رہتی ہے۔(۵) طب میں حافظے کی بہتری کے لیے مرکب دواؤں میں خمیرہ گاؤ زبان صدیوں کی آزمودہ دوا ہے۔(۶) برہمی بوٹی کے استعمال سے حافظے میں اضافہ ہوتا ہے۔(۷) کولیسٹرول نارمل ہو تو چہار مغز کا حریرہ حافظے کی تقویت کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(بقیہ: زیتون کے مجرب نسخہ جات! پڑھیے اور چونک جائیے)

ہونٹوں کی سیاہی کیلئے: زیتون کے تیل میں لیموں کا رس ملا کر ہونٹوں پر لگانے سے ہونٹوں کی سیاہی دور ہو جاتی ہے۔جوڑوں کے درد کیلئے: جوڑوں میں درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو۔اس کیلئے یہ عمل بہت ہی مفید ہے۔زیتون کے تیل پر 125 بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اوّل و آخر تین بار درود شریف بھی پڑھیں۔جسم کے جس بھی حصے میں درد ہو اس جگہ پر روزانہ رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں۔دن کو بھی یہ تیل استعمال کر سکتے ہیں۔انشاء اللہ چند دن مالش کرنے سے درد ختم ہو جائے گا۔یہی تیل آدھا چمچ ایک کپ نیم گرم دودھ میں مکس کر کے پی لیں۔دوگنا فائدہ حاصل ہوگا۔حضرت معاذؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ بہترین مسواک زیتون کی ہے جو کہ مبارک درخت سے اور یہ مسواک منہ کو صاف کرتی ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ میری اور مجھ سے پہلے والے انبیاء کی سنت ہے۔(بحوالہ: رواہ ابونعیمؒ فی کتاب السواک التلخیص الجبیر ص صفحہ نمبر 2 جلد نمبر 1)۔

(بقیہ: کوڑھ زدہ بچہ! ہر طرف سے لاعلاج! کتے پر رحم نے بچالیا)

صابن، نیم کے پتوں کا ابلا پانی، مکھن، زیتون کا تیل اور مہندی۔اب اس نے صبح یہ نسخہ تو خرید لیا لیکن استعمال نہ کروایا کہ اس میں تیزاب ہے بچے کا منہ کیسے دھویا جائے۔اس رات خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ سکون سے سونے والا بچہ ساری رات روتا رہا' صبح اٹھ کر دیکھا تو بچے کے ماتھے پر' کان پر سفید سفید رنگ کے بے شمار کیڑے چمٹے ہوئے تھے' معلوم یہ ہوا کہ کیڑوں کے کاٹنے کی وجہ سے بچہ روتا رہا' اب دونوں میاں بیوی نے سوچا کہ یہ نسخہ آزما کر دیکھتے ہیں' شائد بچے کی زندگی بچ جائے' تیزاب کے اندر موم کو ڈال کر چمچ سے ہلایا۔نیم کے پتوں کا ابلا پانی نیم گرم پاس رکھ لیا' جس طرح حکیم جی نے بتایا' روئی کے پھاہے تیزاب میں ڈبو کر بچے کے بازوؤں پر لگائے اوپر سے نیم کے پانی کو بہاتے ہوئے لائف بوائے صابن لگا کر دھوئیں' بعد میں مکھن لگا لیں' جب دونوں بازو دھو لیے' پھر آنکھیں بچا کر مکمل چہرہ بھی دھو لیا' سر کے بال مونڈ کر زیتون کے تیل میں مہندی گھول کر سر پر لگا دی۔اس سے پہلے جب سر پر کیڑے پیدا ہو گئے تھے تو فینائل کی گولیاں رگڑ کر تیل میں ڈال کر کیڑوں پر ڈال دی تھیں جس سے کیڑے مر چکے تھے۔پندرہ دن روزانہ یہی علاج کرتے رہے' پھوڑوں پر کھرنڈ بننا شروع ہو گئے' پندرہ دن بعد پھوڑے مکمل ختم ہو گئے' کافی عرصہ تک دھڑکا لگا رہا یہ بھی عارضی علاج نہ ہو لیکن چھ ماہ بعد بچہ بالکل تندرست ہو گیا ایسا لگتا تھا کہ اسے کبھی کوڑھ کی بیماری تھی ہی نہیں' صغریٰ نے خدا کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا' صغریٰ کے ساتھ جو تین خواتین گئی تھیں ان کو حکیم صاحب کے علاج سے کوئی فائدہ نہ ہوا اور یکے بعد دیگرے تینوں کے بچے وفات پا گئے۔اس گندی بیماری میں چھ بچے مبتلا تھے' پانچ مر گئے' صرف صغریٰ کا بچہ صحت یاب ہوا' وہ اب ماشاء اللہ اٹھارہ سال کا گھبرو جوان ہے' ہمارے سامنے چلتا پھرتا ہے' جنہوں نے بچپن میں اسے بیمار دیکھا تھا جب وہ ان کے سامنے سے گزرتا ہے تو اب بھی اکثر حیران رہ جاتے ہیں۔صغریٰ کا آج بھی یہی خیال ہے کہ کتے پر رحم کرنے کا انعام اللہ تعالیٰ نے اسے یہ دیا ہے۔

(بقیہ: حرم میں جان نکلی! جنازہ میں 5 لاکھ کا مجمع)

مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر بلا کر ہمیشہ کے لیے اپنے پاس رکھ لیا۔ 36 سال جوانی کی عمر میں باوضو حالت میں سر پر ٹوپی پہنی' عبقری سے ملا وظیفہ پڑھتے ہوئے اللہ کی راہ میں شہید ہو گیا۔حج و عمرہ کے دوران انتقال کرنے والے شہید ہوتے ہیں' **مسافر کو کھانا کھلانا! جنازہ میں پانچ لاکھ افراد لے آیا:** میں کھوج میں لگ گیا میرے بھائی نے ایسا کونسا نیک عمل کیا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے گھر خانہ کعبہ میں بلا کر ہمیشہ کے لیے اپنے پاس رکھ لیا ہے۔میرے بھائی کے جنازے میں پانچ لاکھ سے زیادہ آدمی تھے پھر میدان عرفات کے قبرستان میں دفن کیا جہاں سرور کائنات حضرت محمد ﷺ اور ایک لاکھ سے زائد صحابہ کرامؓ کے قدم مبارک پڑے ہیں یعنی میدان عرفات۔وہ کونسی نیکیاں ہیں جسکی وجہ سے بھائی طارق کو عظیم رتبہ ملا۔آپ کا وظیفہ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰی ﴿والضحیٰ۵﴾ خانہ کعبہ کے سامنے بیٹھ کر فیملی کے ساتھ مسلسل بھائی پڑھتا رہا (اور اپنی وصیت میں اس خواہش کا اظہار کیا کہ میرا جنازہ اللہ کے گھر اٹھے)۔دوسرا ہر پردیسی کو کھانا کھلاتا۔والدہ کی دن رات خدمت کرتا تھا' لاکھوں روپے مسجد میں دیئے۔غریب رشتہ داروں کی مالی امداد کرتا۔نرم مزاج تھا پانچ وقت کا نمازی تھا۔چہرہ پر ڈاڑھی مبارک تھی رزق حلال کا بندوبست کرتا تھا۔رشوت کو حرام سمجھتا تھا۔

(بقیہ: شوہر محترم کو منانے کا گر! سیدہ عائشہؓ سے سیکھئے)

کر دیکھ رہی ہیں' حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عائشہ! کیا کرتی ہو؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: دیکھ رہی ہوں کہ کونسا ہاتھ کٹے گا؟'' آپ ﷺ اس بات پر مسکرا دیئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دعا دی۔گزشتہ سطور میں حضرت عائشہؓ کے حجرے سے قیدی کے فرار ہونے اور پھر پکڑنے جانے کا تذکرہ ہوا۔اس واقعہ میں آپ نے پڑھا کہ حضور ﷺ نے سخت الفاظ میں اپنی زوجہ محترمہ سے فرمایا ''تیرا ہاتھ کٹ جائے''۔حضرت عائشہؓ نے اپنی غلطی کو تسلیم کیا۔اس پر ضد اور ہٹ دھرمی اختیار نہیں کی بلکہ حضور ﷺ کو اتنے خوبصورت انداز سے راضی کیا کہ آپ ﷺ مسکرا اٹھے۔اس واقعے کو بار بار پڑھئے اور دیکھئے کہ مثالی بیوی کس طرح ناگوار بات کو بھی خوشگوار بات میں تبدیل کر دیتی ہے۔رسول اللہ ﷺ کو ازواج مطہرات خصوصاً حضرت عائشہ صدیقہؓ رضی اللہ عنہا سے کتنی محبت تھی اس کا اندازہ گزشتہ واقعات سے ہو سکتا ہے لیکن حضرت عائشہ نے اس محبت کی وجہ سے کبھی اپنی ذمہ داریوں میں کمی نہ آنے دی۔حضور پاک ﷺ کی تمام ضروریات کا خیال رکھتیں اور نہایت مستعدی سے ان کو پورا کیا کرتیں۔ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ ایک کمبل اوڑھ کر مسجد میں تشریف لے آئے۔ایک صاحب نے عرض کیا کہ اس پر داغ دھبے ہیں۔حضور ﷺ نے اسے فوراً حضرت عائشہؓ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔حضرت عائشہؓ رضی اللہ عنہا نے کمبل کے داغ دھوئے اسے دھوپ میں خشک کیا اور اسے دوبارہ حضور ﷺ کی خدمت میں بھیج دیا۔

(بقیہ: پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

طے کر کے پانی لا رہی ہوں۔اس نے بتایا کہ وہ ایک بیوہ عورت ہے اور اس کے چھوٹے چھوٹے یتیم بچے ہیں۔ہم اسے لے کر رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں پہنچے۔آپ ﷺ کے حکم پر اونٹنی کو بٹھایا گیا۔آپ ﷺ نے مشک پر دست مبارک رکھا۔تھوڑا سا پانی لے کر اس پر کلی کی۔اس کے بعد آپ کا یہ معجزہ دیکھنے میں آیا کہ ہم چالیس افراد تھے۔ہم سب نے اس سے پانی پیا اور ہمارے پاس جو چھوٹے بڑے برتن تھے سب بھر لیے۔ایک صاحب کو غسل کی حاجت تھی انہیں اس کیلئے پانی دیا گیا۔اس کے باوجود یوں محسوس ہو رہا تھا کہ مشک اس قدر بھرے ہوئے کہ پھٹے جا رہے ہیں۔آپ نے اس عورت سے فرمایا دیکھو ہم نے تمہارا پانی کم نہیں کیا ہے پھر آپ کے حکم سے ہم لوگوں نے بچی ہوئی روٹی کے ٹکڑے اور کھجوریں اسے دیں آپ نے اس سے کہا جاؤ یہ اپنے بچوں کو کھلاؤ۔اس نے اپنے قبیلہ میں پہنچ کر پورا واقعہ سنایا تو سب لوگ اسلام لے آئے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے شام کے سفر میں ایک نصرانی عورت کے گھر سے گرم پانی لے کر وضو کیا۔امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو یوں نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک نصرانی عورت کے گھڑے سے پانی لیکر وضو کیا۔

(بقیہ: حال دل)

